گوہرِ یگانہ

مجموعہ وظائف و اعمال

حضرت امام محمد مہدی آخر الزمان
علیہ السلام

تالیف

سید آلِ محمد نقوی مہر جائسی

محفوظ بک ایجنسی
مارٹن روڈ کراچی
Tel: 4124286 - 4917823
Fax: 4312882

Scanned with CamScanner

گوہرِ یگانہ

در حالات و ارشاداتِ امامؑ زمانہ

تالیف

قدوۃ السالکین جناب سیّد آلِ محمدؐ نقوی مہر جائسی
دام مجدہٗ

مصدقہ: حضرت علامہ جزائری مدظلہٗ

ترتیب و تدوین

اے ایچ رضوی

محفوظ
MBA
محفوظ بک ایجنسی
مارٹن روڈ کراچی
Tel: 4124286- 4917823 Fax: 4312882
E-mail: anisco@cyber.net.pk

Scanned with CamScanner

جُملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

کتاب ''گوہر یگانہ'' کاپی رائٹ ایکٹ ۱۹۶۲ء، گورنمنٹ آف پاکستان کے تحت رجسٹرڈ ہے لہٰذا اس کتاب کے کسی حصّے کی طباعت و اشاعت، انداز تحریر، ترتیب و طریقے، جُز یا کل کسی سائز میں نقل کر کے بلاتحریری اجازت طابع و ناشر غیر قانونی ہوگی۔

مومنین حضرات جن کو مرحومین کے ایصال ثواب کے لیے اس کتاب کی ضرورت ہو وہ صرف ادارۂ محفوظ بک ایجنسی سے باکفایت طلب فرمائیں

تاریخ اشاعت	مارچ ۱۹۹۹ء
بار چہارم	اپریل ۲۰۰۶ء
ناشر	محفوظ بک ایجنسی مارٹن روڈ کراچی
ترتیب و تدوین	اے ایچ رضوی
طابع	ذکی پریس، کراچی
کمپیوٹر کمپوزنگ	احمد گرافکس، کراچی

اِلتماس

ہم نے اِس کتاب میں اَعراب وغیرہ کی صحت میں کافی احتیاط کی ہے۔ پھر بھی اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو قارئین سے اِلتماس ہے کہ براہ مہربانی ہم کو مُطلع کر دیں تا کہ آئندہ اشاعت میں اِس کا اِزالہ کر دیا جائے۔ (ناشر)

یاد رکھیے

اعمال و اَدعیہ کے پڑھنے کا لُطف صحیح عبارت میں ہے، جس کا اِس کتاب میں خاص لحاظ رکھا گیا ہے۔

Scanned with CamScanner

فہرست

عنوانات	صفحہ
تقریظ از علامہ جزائری	
سبب تالیف	۱
باب اوّل	
در حالات امام عصر والزمان	۵
امامؑ عصر پر اہلسنت کی شہادتیں	۷
آپؑ کا اسم مبارک و کنیت	
اور القاب	۷
حلیہ مبارک	۷
آپؑ کا نسب نامہ	۸
آپؑ کی والدہ ماجدہ	۸
آپؑ کی ولادت	۹
امام حسن عسکریؑ کی شہادت	۱۰
آپؑ کا نقش خاتم	۱۰
نواب اربعہ	۱۰
آخری توقیع	۱۲
علمائے مذہب اثنا عشری	۱۴
یعقوب کلینی	۱۴
ابن بابویہؒ	۱۴
شیخ صدوق	۱۶
شیخ طوسی	۱۶
شیخ مفید	۱۷
سید مرتضیٰ	۱۸
شریف رضی	۱۹
نصیر الدین طوسی	۲۱
علامہ حلیؒ	۲۲
شہید اوّل و شہید ثانی	۲۳
شہید ثالث	۲۴
شہید رابع	۲۶
شیخ بہائی	۲۷
مقدس اردبیلی	۲۷
علامہ مجلسی	۲۹
محدث جزائری	۳۰
غفران مآب	۳۳
مفتی محمد عباس	۳۴
جدول ولادت و وفات علمائے اعلام	۳۸

جزیرۂ خضراء میں پانچ علماء کی شہرت ہے	۴۰
علامات ظہور۔	۴۰
احوالِ ظہور۔	۴۱
امامؑ عصر کے ظہور کا تعین	۴۳
پیشین گوئی بذریعہ رویائے صادقہ	۴۴
آپ کے ظہور کے دیگر کیفیات	۴۵
امام عصر کی شہادت	۴۶
باب دوم	
در ارشادات امامؑ عصر	۴۷
خمس کے متعلق امامؑ عصر کا ارشاد	۶۲
ضروری مسائل خمس	۶۵
صحیفہ کاملہ کے متعلق امامؑ زمانہ کا ارشاد	۶۶
باب سوم	
اعمال واوراد برائے حضرتؑ حجت	۶۷
زیارت امامؑ عصر (طویل)	۶۹
زیارتِ دیگر آں حضرتؑ	۷۸
صلوات برآں حضرتؑ	۸۲
دُعائے حفظ برائے امام زماں علیہ السلام	۸۷
حضرتؑ کا شرفِ ملازمت حاصل کرنے کے لیے صلوات	۹۵
دعائے دیگر برائے حشر، با امام عصر علیہ السّلام	۹۶
دعائے عہد	۹۷
اعمال برائے قضائے حوائج	۱۰۳
نماز استغاثہ بہ امام عصر	۱۰۴
نماز استغاثہ دیگر	۱۰۵
دعائے سہم اللیل	۱۰۷
دعائے وسعتِ رزق	۱۱۱
دعائے فرج	۱۱۱
عمل کامیابی امتحان	۱۱۲
استغاثہ بہ امامؑ عصر	۱۱۴
عمل برائے قضائے حاجت	۱۲۲
عمل حاجت بہ طریق دیگر	۱۲۳
دُعائے توسّل	۱۲۵
دُعائے اعتصام	۱۳۳
درودِ طوسی	۱۳۵
دعائے استشفاع	۱۶۳
تعقیباتِ نماز	۱۶۵
دعائے عدیلہ صغریٰ	۱۶۶
دعائے عدیلہ کبریٰ	۱۶۸

Scanned with CamScanner

دعائے امام عصر	۱۷۶
دعائے دیگر آں حضرت	۱۷۸
دعائے دیگر صاحب الزمان	۱۷۹
دعائے داخلہ بہشت	۱۸۰
ادعیہ حضرت حجت جو ایک جوان کو تعلیم فرمائیں	۱۸۲
دعائے بعد ہر فریضہ	۱۸۶
دعائے ظہور مختصر	۱۸۷
طریقہ سجدۂ شکر تعلیم کردہ امام عصر	۱۸۸
تسبیح خاک شفا	۱۹۱
ادعیہ و اعمال	
برائے حفاظت ورد بلا	۱۹۲
دعائے سباسب	۱۹۳
دعائے حفاظت یومیہ	۲۱۶
دعائے فرج دیگر	۲۱۷
دعائے ردّ بلا	۲۱۸
دعائے حصار	۲۱۹
دعائے امان	۲۲۱
حرز امام زین العابدین	۲۲۵
اعمال روز پنجشنبہ و شب جمعہ	۲۲۸
عمل رویت حضرت حجت	۲۳۰
علامہ حلی کی خدمت امام عصر میں باریابی	۲۳۰
زیارت جامعہ کبیرہ	۲۳۲
رویائے صادقہ ملا اتقی مجلسی	۲۳۴
زیارت جامعہ	۲۳۶
اعمال روز جمعہ	۲۵۷
دعائے ندبہ	۲۶۰
صلوات کبیرہ	۲۸۲
دعا در غیبت امام زمان	۲۹۹
صلوات صغیرہ	۳۱۴
دعائے سمات	۳۲۳
دعا وقت شام بروز جمعہ	۳۳۷
اعمال ماہ رجب	۳۴۱
دعائے ہر روز ماہ رجب	۳۴۲
دعائے دوم ماہ رجب	۳۴۴
نماز حضرت حجت، ۲۷ رجب	۳۴۹
اعمال ماہ شعبان	۳۵۱
اعمال شب نیمۂ شعبان یعنی پندرہویں شب	۳۵۲
دعائے کمیل	۳۶۹
عرائض	۳۹۰

Scanned with CamScanner

عریضہ ٔ صاحبؑ العصر	۳۹۰
عریضہ ڈالنے کا طریقہ	۳۹۴
عریضہ ٔ بحضرت حق سُبحانہ	۳۹۵
عریضہ ٔ تیر بہدف	۳۹۸
عریضہ ٔ نادرالوجود	۳۹۹
عریضہ ٔ توسل زود اثر	۴۰۱
رفاع الاستغاثات	۴۰۳
عریضہ ٔ دیگر منقول از آں حضرتؑ	۴۰۴
عریضہ ٔ امام رضاؑ	۴۰۶
عریضہ ٔ آیات	۴۰۷
عریضہ ٔ آیات (دیگر)	۴۰۷
عریضہ ٔ رُباعی خدمت امام حسینؑ	۴۰۸
عریضہ ٔ کشمر دیہ (مختصر)	۴۱۰
عریضہ ٔ کشمر دیہ (مطول)	۴۱۳
اعمال ماہِ رمضان	۴۱۹
صلوات ہر روز ماہِ رمضان	۴۱۹
دُعائے افتتاح	۴۲۷
اعمال شبِ قدر	۴۴۰
زیارت امام حسینؑ در شب قدر	۴۴۴
وِداع ماہ رمضان	۴۵۰
اعمالِ ماہ شوال	۴۵۰
دعائے امامؑ عصر بروز عید الفطر	۴۵۱
عیدِ دَحوالارض (۲۵ ذِیقعدہ)	۴۶۱
ماہِ ذی الحجہ کے بعض تاریخی واقعات	۴۶۲
عمل غدیر	۴۶۳
اعمال محرم الحرام	۴۶۴
زیارتِ عاشورہ	۴۶۵
زیارتِ ناحیہ ٔ	۴۸۶
نمازِ شب کا طریقہ	۵۱۴
متفرقات	۵۳۱
اِستخارات	۵۳۱
دعائے وقتِ خواب	۵۳۵
کلمہ ٔ شہادت تعلیم کردہ حضرتؑ حجت	۵۳۶

Scanned with CamScanner

تقریظ

حُجۃ الاسلام والمسلمین
علامہ مفتی سید طیّب آغا الموسوی الحسینی الجزائری مجتہد العصر مدظلہ

حَامِدًا وَّمُصَلِّیًا..... مخفی نہ باشد کہ میں نے رسالہ نافعہ گوہر یگانہ مشتمل بر حالات و ارشادات و دعوات امامؑ زمانہ عجل اللہ تعالیٰ فرجہٗ کو کاملاً دیکھا اور بیساختہ اس کے مولف جناب مہر جائسی دام مجدہ، کے لیے دعائے خیر نکلی۔ کیوں کہ موصوف نے اس امامؑ کے احکام و اعمال کو اکٹھا کیا جن کی ہم فی الوقت رعایا ہیں۔ اس لیے یہ صحیفہ حرزِ جاں کی طرح ہر مومن کے گھر میں ہونا چاہیے۔ اس میں شرعی احکام بھی ہیں اور مشکلات کے لیے اوراد بھی اور امراض و آفات کے علاج بھی۔ غرض یہ کتاب کیا ہے جواہر آبدار کا ایک بے بہا خزانہ ہے۔ سب سے بڑی خوبی اس کتاب کی یہ ہے کہ اس کو ایک ایسے شخص نے مرتب کیا ہے جس کو خود امامؑ عصر نے

الحارب فی دین اللہ

یعنی دین خدا میں جہاد کرنے والا کا لقب عنایت فرمایا ہے۔ جیسا کہ اس کتاب کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے۔

میں نے اِس کتاب کا مطالعہ کیا ہے اور ضروری ترمیمیں حک و اِضافات اِس میں کر دیئے ہیں تا کہ یہ ہر دلعزیز ہوکر مومنین کے کام کی چیز بن سکے۔ خداوند کریم موصوف کو جزائے خیر اور ناظرین کو عمل خیر کی توفیق عنایت فرمائے ''امین''

مفتی سیّد طیب آغا جزائری

(یکم اکتوبر ۱۹۶۴ء)


Scanned with CamScanner

سببِ تالیف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للّٰہ کماھوا ھلہ والصلوٰۃ والسلام علیٰ خیر خلقہ محمد والہ الطاھرین سلام علیٰ اٰل یٰسین (امابعد)

ماہ رجب ۱۳۵۵ھ میں بعد واپسی سفر زیارات عتبات عالیات (عراق) میری طبیعت کا رجحان حضرت صاحب العصر والزمان ابوالقاسم م ح م د ابن الحسن القائم بامرہٖ کی معرفت حاصل کرنے کے متعلق پیدا ہوا۔ اور روز بروز اس میں ترقی ہوتی رہی۔ یہاں تک کہ ۱۲ ذیقعدہ بوقتِ فجر میں نے ایک نورانی خواب دیکھا۔ جس میں رسالہ ہذا کے ختم میں عجلت کا ایما ہوا تھا۔ خواب مذکور کا خاکہ درج ذیل ہے۔



افراد:۔ (۱) سیّد گرار حسین (۲) سیّد جعفر رضا (۳) علی رضا (۴) ایک نامعلوم شخص (۵) سیّد محمد عابد (۶) راقم الحروف (۷) سیّد محمد صادق (۸) سیّد رفعت حسین (۹) کریم حجام۔ یہ افراد اپنے نمبروں کے مطابق بیٹھے تھے جیسا کہ خاکہ سے معلوم ہوگا۔

تفصیل خواب:۔ سرِشام کا وقت، اَبر گھرا ہوا، بارانِ رحمت کے آثار تھے۔ ہم لوگ

Scanned with CamScanner

نماز سے فارغ ہوکر مسجد کے چبوترے سے اُٹھ کر داخل روضۂ اَقدس ہوئے۔ نماز میں کون کون تھا، خیال نہیں۔ میں جا کر محمد صادق صاحب کے پاس بیٹھا۔ میں اس سے قبل ایک مجلس یہیں پڑھ چکا تھا۔ جس جگہ پر کوئی مجمع نہیں۔ یہاں پر چند خدام کھڑے ہوئے فانوس روشن کر رہے تھے۔ کریم نائی کھڑا ہوا تھا۔ روشنی کی کثرت سے عالم پرنور تھا۔ میرا لباس اس وقت سر سے پاؤں تک عربی تھا۔ اور مجھ ہی کو یہ مجلس پڑھنی تھی۔ دو تعویذِ مزار چبوترے پر تھے۔ ان پر اس قدر نور تھا کہ آنکھیں خیرہ ہوتی تھیں۔ ضریح اقدس پر غلاف تھا۔ منبر پر سیاہ پوشش تھی۔ مجلس شروع ہوئی۔ نشست میں چوتھے نمبر پر جو صاحب تھے اُنھوں نے پہلے سوز پڑھا جس کے پانچویں اور چھٹے مصرعے یہ تھے۔

بے اَدب پا منہ ایں جا کہ عجب درگاہ است
سجدہ گاہ ملک و رَوضۂ شاہنشاہ است

اس کے بعد سیّد کرار حسین صاحب نے ایک قدیم بادامی رَنگ کا بانس والا کاغذ نکالا اور حسب ذیل مرثیہ شروع کیا، سب رونے لگے۔

جب ہوئی ظہر تلک قتل سپاہِ شبّرؑ

میں اس اثناء میں باہر گیا، وہاں مجلس کا تبرک تقسیم ہو رہا تھا۔ مجھے چینی کی دُو قابوں میں بہت سا حلوہ ایک پلیٹ میں برفی ملی۔ ان تینوں برتنوں پر سر پوش ڈھکے ہوئے تھے۔ یہ بھی کہا گیا کہ شیرینی معہ قاب کے دی جاتی ہے۔ میں حصہ لے کر نکلا۔ اسی اثناء میں ایک شخص میری طرف تیزی سے آئے اور کہا کہ کرارؑ صاحب سُوز ختم کر رہے ہیں چلیے اور میرے ہاتھ میں ایک بادامی مضبوط کاغذ کا لمبا لفافہ رکھ کر بولے کہ تمہاری عرضداشت پر تمہاری خواہشات کو اس لفافہ میں رکھ کر جزیرۂ خضراء سے عنایت فرمایا گیا ہے۔ لفافہ پر میں نے مجلس کے خیال کی بناء پر نیز بکمال اِشتیاق تعجیلاً نگاہ کی تو حسبِ ذیل عبارت تھی، خط کُفی تھا۔ سیاہی نہایت روشن تھی۔ حروف خوبصورتی میں متوسّط تھے۔ من.....(جگہ خالی).....الی الحارب فی دین اللّٰہ۔

آنکھ کھل گئی۔ دِل پر گہرا اثر تھا۔ آنکھ سے آنسو جاری تھے۔ اس کے بعد صلوٰۃ و اَوراد میں وقت گزرا۔

اِس سے قبل محمد صادق صاحب نے بھی ایک خواب اس سے مِلتا جُلتا دیکھا تھا۔ جس میں ناحیۂ مقدّسہ کی طرف سے ان کو "عارف باللّٰہ بِاَمرِ اللّٰہ" کا لقب ملا تھا اور جزیرۂ خضرا کی زیارت کروائی گئی تھی۔ صادق صاحب نے ان دونوں خوابوں پر غور کیا تو جملہ مذکورہ کے اصل حروف (حروف مکرّرہ کے علاوہ) آٹھ عدد نکلے اور میرے جملے کے دَس۔ اس سے یہ اِنکشاف کیا کہ موصوف چوں کہ آٹھویں امامؑ کی اَولاد میں ہیں۔ اس لیے ان کے لقب کے حروف آٹھ ہیں اور میں دسویں امامؑ کی ذرّیت میں ہوں اِس لیے میرے لقب میں دس حروف ہیں ..... خواب میں جو لِفافہ مجھ کو عطا ہوا تھا اس کی صورت اب تک مجھ کو یاد ہے اس پر یہ عبارت خطِ کوفی میں تحریر تھی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ص مالی مالحصارب فی دس باللہ

بہر حال اس رویائے صادقہ کے بعد میرے قلبِ مُضطر میں اس بات کی تحریک اُٹھی کہ ایک کتاب ایسی تالیف کرنا چاہیے جس میں امامؑ زمانہ کے حالات اور آپ کی تعلیم کردہ ادعیہ اور آپ کی طرف متوجہ ہونے اور آپ کو متوجہ کرنے کے طریقے و آداب درج ہوں۔ اس خیال کے بعد سے میں نے اس کتاب کو لکھنا شروع کیا۔ جو میری بے بضاعتی اور کم حلمی کو دیکھتے ہوئے ایک دشوار گزار رہگذر سے کم نہ تھی۔ مگر جس منظر کو پیش نظر رکھ کر یہ کام کیا وہی مشعلِ راہ بنا۔ جزیرۂ خضراء سے روشنی پائی۔ امامؑ

Scanned with CamScanner

زمانہ نے ان جواہر آبدار کی طرف رہنمائی فرمائی۔ جو اَبھی تک مجموعی صورت میں منظر عام پر نہ آئے تھے۔ لہٰذا میں نے بھی اس کا نام ''گوہر یگانہ'' درارشادات و دعواتِ امام زمانہ، رکھا۔ اب خدائے رحیم و کریم کی بارگاہ میں اِلتجا ہے کہ وہ میری اس حقیر سعی کو بار آور فرمائے اور مومنین کو اس پر عمل کی توفیق دے۔ ابتدائی مرحلہ میں میں نے اس کتاب کو تین بابوں میں مُنقسم کیا ہے۔

باب اوّل: دَرحالات امام عصرؑ۔

باب دوم: دَرارشادات امام عصرؑ۔

باب سوم: دَراَدعیہ واوراد امام عصرؑ۔

تشکّرِ جزیل

آخر کلام میں میں حجۃ الاسلام علامہ عصر مفتی سیّد طیّب آغا موسوی جزائری مجتہد العصر کا بے انتہا سپاس گزار ہوں جنہوں نے اپنا قیمتی وقت صرف کر کے اس کتاب کو من وعن ملاحظہ فرمایا ہے اور اس میں کافی رَدّو بدل کر کے اس کو عصر حاضر کے لائق بنا دیا۔ اس کے لیے میں موصوف کا شکر گزار ہوں۔ خداوند کریم آپ کو جزائے خیر عنایت فرمائے۔ ''آمین'' فقط

سیّد آل محمد النقوی المعروف بہ مہر
(جائسی)

Scanned with CamScanner

باب اوّل

(در حالات حضرت امام عصر و الزمان سلام اللہ علیہ و عجل اللہ فرجہٗ)

سرکار رسالت مآب کا متفق بین الفریقین ارشاد ہے کہ میرے بعد بارہ خلیفہ ہوں گے۔ شیعوں کی کتابوں میں سے کتب اربعہ (کافی و من لا یحضرہ، و تہذیب و استبصار) ملاحظہ ہوں اور جمہور مسلمین میں سے صحیح بخاری جلد ۴ ص ۱۵۴ کتاب الاحکام۔ صحیح مسلم جلد ۲ ص ۱۱۹، صحیح ترمذی جلد ۲ ص ۴۵، فتح الباری پارہ ۲۹ ص ۶۲۹، کنز العمال جلد ۷ ص ۱۳۹، صواعق محرقہ صفحہ ۱۱، تاریخ الخلفاء صفحہ ۷ وغیرہ ملاحظہ کریں۔

پھر یہ نظریہ بھی متفق بین الفریقین ہے کہ ہر عصر میں ایک امام ہوگا جیسا کہ تفسیر ترجمان القرآن میں بحوالہ فتح البیان، حضرت علیؑ سے مروی ہے کہ مراد آیہ وافی ہدایہ وَیَوْمَ نَدْعُوْ کُلَّ اُنَاسٍ بِاِمَامِھِمْ'' میں امام سے مراد امام عصر ہے۔ اہل ہر عصر اپنے اس امام کے ہمراہ ملائے جائیں گے جس کے امر و نہی پر چلتے تھے۔ (ترجمان القرآن ص ۱۴۱)

اس آیت اور مذکورہ تفسیر سے معلوم ہوا کہ اس زمانے میں بھی امام کی ضرورت ہے، اور وہ موجود ہے..... علامہ مودودی صاحب رقمطراز ہیں۔

''عقل چاہتی ہے، فطرت مطالبہ کرتی ہے اور دنیا کے حالات کی رفتار متقاضی ہے کہ ایسا لیڈر پیدا ہو خواہ اس دور میں پیدا ہو یا زمانہ کی ہزار گردشوں کے بعد پیدا ہو اسی کا نام ''الامام مہدیؑ'' ہے۔ جس کے بارے میں صاف پیشین گوئیاں نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کلام میں موجود ہیں۔''

Scanned with CamScanner

(تجدید و احیائے دین ص ۳۱)

معلوم نہیں مودودی صاحب نے اس نکتہ پر کیوں نہیں غور کیا۔ کہ جب ہر عصر میں امامؑ زمانہ کا وجود ضروری ہے تو پھر اس کے آئیندہ پیدا ہونے کے کیا معنیٰ؟۔ اس کے معنی تو یہی ہیں کہ اس وقت لوگ بلا امام کے ہیں تو پھر بروز قیامت ان کو کس کے ساتھ اُٹھایا جائے گا۔ یوم ندعو کل اناس بامامھم (ہم ہر شخص کو بروز قیامت اُس کے امام کے ساتھ بُلائیں گے) یہ آیت ہمارے لیے نہیں ہے؟ پھر حضرت کی یہ مسلمہ حدیث ہے کہ آپ نے فرمایا۔

لایزال الذین قائما حتی تقوم انساعة اویکون علیھم اثناء عشر خلیفه (کنز العمال جلد ٦ ص ۲۰۱)

ترجمہ: یہ دین، قیامت تک باقی رہے گا، یہاں تک کہ اس پر بارہ خلیفہ ہوں گے۔

اس قسم کی بہت سے احادیث وارد ہیں جن میں بارہ امام (خلیفہ) کی پیشین گوئی کی گئی۔ ان میں سے کسی میں نہیں ہے کہ بارہواں پیدا ہوگا بلکہ ان سے تو تسلسل مستفاد ہوتا ہے۔ کیوں کہ لفظ ''قائم'' اس بات پر روشنی ڈالتا ہے کہ دین کا قائم ہونا ان خلفاء کے قائم ہونے کی وجہ سے ہوگا۔

خود امامؑ عصر کے متعلق جو خصوصی پیشین گوئیاں ہیں ان میں بھی یہ نہیں ہے کہ وہ بعد میں پیدا ہوں گے۔ بہرحال یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ زمانہ کو ایک ایسے ہادی و رہبر کا انتظار ہے جو دُنیا کو اپنے عدل و کرم سے بھر دے جس طرح وہ ظلم و جور سے بھری ہوئی ہوگی۔ یہ تو ہوسکتا ہے کہ ایسا شخص اس وقت بھی موجود ہو لیکن کسی مصلحت سے معاملاتِ زمانہ میں کلّی طور پر دخل انداز نہ ہو۔ جیسا کہ جناب رسالت مآبؐ نے چالیس برس تک صبر و سکون سے گزارے اور اپنی آنکھوں سے ہر قسم کا ظلم و ستم دیکھتے رہے۔ مگر یہ نہیں ہوسکتا کہ خدائی زمین ایک لمحہ کے لیے اس کی حجت سے خالی ہو۔

Scanned with CamScanner

امامؑ عصر پر اہلسنّت کی شہادتیں:۔ اہلسنّت والجماعت کی حسب ذیل کتب معتبرہ میں امامؑ منتظر کے متعلق احادیث ملتی ہیں۔

(۱) صحیح بخاری جلد ۳ ص ۳۹۹ (۲) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۶۸
(۳) صحیح ترمذی ص ۲۷۰ (۴) صحیح ابوداؤد جلد ۲ ص ۲۱۰
(۵) صحیح ابن ماجہ ص ۲۰۴ و ۲۰۶ (۶) جامع صغیر ص ۱۳۴
(۷) کنوز الحقائق ص ۹۰ (۸) مستدرک حاکم ص ۴۲۲ و ۵۱۴
(۹) سبائک الذہب ص ۷۸ (۱۰) مطالب السئول ص ۲۹۳
(۱۱) صواعقِ محرقہ ص ۱۲۴ (۱۲) تذکرۂ خواص ص ۲۰۴
(۱۳) شواہد النبوۃ ص ۳۱۲ (۱۴) نور الابصار ص ۱۵۲

آپؑ کا اسم مبارک، کنیّت اور اَلقاب:۔ امام صاحب العصر و الزّمان عجّل اللہ فرجہ کا اِسم مبارک اور کنیّت، پیغمبرؐ اکرم کے نام و کنیّت پر ابوالقاسم (م ح م د) ہے۔ آنحضرتؐ نے فرمایا تھا کہ میرے خلفاء کا آخری ''مہدی'' ہوگا۔ جس کا نام میرے نام اور کنیّت میری کنیّت کے مطابق ہوگی۔ اس میں بعض مصلحت اندیش راویوں نے یہ اضافہ اور کر دیا کہ اس کے والد کا نام بھی میرے والد کے نام پر ہوگا۔ آپ کے القاب، حجّت، مہدی، صاحبِ اَمر، منتظر، خلفِ صالح، قائم، امام عصر اور صاحب الزّمان ہیں۔

حلیہ مبارک:۔ کتابؒ اکمال الدین میں شیخ صدوقؒ فرماتے ہیں کہ سرور کائناتؐ کا ارشاد ہے کہ امام مہدیؑ شکل و شباہت، صورت و سیرت، خصال و اقوال میں بالکل میرے مشابہ ہوگا۔ آپ کے حُلیہ کے متعلق علما نے لکھا ہے کہ آپ کا رنگ گندم گوں قدمیانہ، پیشانی کھلی ہوئی ابرو گھنے اور باہم پیوستہ، باریک و بلند بینی مبارک، بڑی آنکھیں، چہرہ نورانی، داہنے رُخسار پر ایک تل کا نہ کوکب دُرّی مثل ستارہ کے ضَو دیتا ہوا، سینہ چوڑا، کاندھے کھلے ہوئے، آپ کی پشت پر یوں مُہرِ امامت ثبت جس طرح سرور کائناتؐ کی مہر نبوت تھی۔ آپ کے داہنے بازو پر نورانی حرفوں میں لکھا ہوا جاء الحق

وزھق الباطل انّ الباطل کان زھوقا۔ وقت ظہور آپ کا سن مبارک چالیس سال کا معلوم ہوگا۔

آپؑ کا نسب نامہ:۔ آپ کے والد بزرگوار امام حسن عسکریؑ تھے۔ آپ کا نسب نامہ حسب ذیل درج ہے۔

محمدؐ بن امام حسن عسکریؑ بن امام علی نقیؑ بن امام محمد تقیؑ بن امام علیؑ رضا بن امام موسیٰ کاظمؑ بن امام جعفرؑ صادق بن امام محمدؐ باقر (آپ امام حسنؑ، سبط رسول الثقلین کے حقیقی نواسے تھے) بن امام زین العابدین بن امام حسینؑ شہید کربلا بن امیر المومنین حضرت علیؑ (آپ رسول خداؐ کے حقیقی چچا زاد اور خالہ زاد بھائی تھے) بن ابی طالب (جن کا نام عمران وعبد مناف تحریر ہے جو رسولؐ خدا کے پدر بزرگوار جناب عبداللہ کے ہم بطن حقیقی بھائی تھے) بن عبدالمطلب (جن کا نام شیبۃ الحمد تحریر ہے) بن ہاشم بن عبد مناف بن قصیٰ قریش مکّی العربی اَزنسل حضرت اسماعیلؑ ذبیح اللہ بن حضرت ابراہیمؑ خلیل اللہ۔


امام احمد بن حنبل کا کہنا ہے کہ اس سلسلۂ نسب کو اگر کسی مجنون پر دَم کیا جائے تو اُسے یقیناً شفا حاصل ہوگی (مسند امام رضا صفحہ ۷)

آپؑ کی والدہ ماجدہ:۔ آپ کی والدہ معظمہ علیا خاتون حضرت نرجس خاتون ہیں۔ جو یشوعا قیصر روم کی صاحبزادی تھیں۔ ایک خواب کی بناء پر آپ اسلام لائیں۔ حضرت امام علی نقیؑ نے ان معظمہ کو حضرت امام حسن عسکریؑ کے سپرد فرمایا۔ پہلے حضرت نرجس کا نام ملیکہ تھا اور مذہب حضرت عیسیٰ روح اللہ سے تھیں۔ قیصر روم ازنسل شمعون پطرس بن یوحنّا حواری حضرت عیسیٰؑ پیغمبر تھا۔ (ماخوذ از دُرِّ مقصود، فوق بلگرامی بحوالہ شیخ طوسی علیہ الرحمہ)۔

حضرت نرجس خاتون اور حضرت امام حسن عسکریؑ کا مزار سامرہ ملک عراق میں ہے۔

Scanned with CamScanner

آپؑ کی ولادت:۔ آپؑ دارالسعالیک (سامرہ) میں اپنے آبائی مکان میں بتاریخ ۱۵ شعبان المعظم ۲۵۵ھ بوقت نمازِ فجر بروز جمعہ پیدا ہوئے۔ جنابِ حکیمہ خاتون بنت امام محمد تقیؑ نے قابلہ کے فرائض انجام دیئے۔ بعض علمائے اہل سنت نے تاریخ ولادت ۸ شعبان المعظم اور بعض نے ۲۳ رمضان المبارک اور کچھ نے ۲۵۶ھ بتایا ہے اس حساب سے آپؑ کا سن ولادت کلمہ ''نور'' سے برآمد ہوتا ہے۔ علامہ قندوزی نے اپنی کتاب ینابیع المودۃ میں ۱۵ شعبان المعظم ہی بیان کی ہے۔ اور علم تقویم کے لحاظ سے نجوم کی حالت یوں لکھی ہے کہ اس وقت اُفق سامرہ پر قوس میں قرانِ اصغر تھا اور یہ قران قوس کے لحاظ سے چوتھا قرانِ اکبر ہے اور آپ کا طالع برج سرطان میں پچیس درجہ پر تھا اور آپ کا زائچہ مبارک اُفق سامرہ کے لحاظ سے حسب ذیل ہے جو بعینہ زائچہ حضرت عیسیٰؑ بھی ہے۔



آپؑ کی ولادت کے زمانے میں معتمد عباسی حکومت کر رہا تھا، چوں کہ حکومت وقت اس بارہویں ہادی کی آمد کے خلاف تھی لہٰذا آپ کی ولادت میں کمال احتیاط برتی گئی یہاں تک کہ پاس والوں پر بھی امام کو اعتماد نہ تھا ان کو بھی نہ بتلایا۔ صرف چند خادم عقید و یاسر و نسیم اس بچہ کی ولادت سے باخبر تھے۔ ایک سال حضرتؑ آغوشِ مادری میں رہے اس کے بعد اپنے پدر بزرگوار کے پاس رہنے لگے۔ آپ مکانِ نرجس میں رہتے تھے، ہر وقت پردہ پڑا رہتا تھا۔ کوئی آ جا نہ سکتا تھا۔ شب کو مقام استراحت تبدیل ہوا کرتا۔ پانچ برس میں امام حسن عسکری نے جملہ اسرارِ امامت آپ کو تفویض فرمائے۔

Scanned with CamScanner

امام حسنؑ عسکری کی شہادت:۔ ۸ ربیع الاوّل ۲۶۰ھ مطابق ۸۷۳ء کو زہر معتمد عباسی سے بمقام سامرہ امام حسن عسکریؑ نے شہادت پائی۔ معتمد نے ظاہر داری سے خون ناحق چھپانے کے لیے اظہار ملال کیا۔ سامرہ میں یومِ غم ہوا۔ ستر ہزار کا مجمع نمازِ جنازہ میں شریک ہوا۔ حکم شاہی سے جب قاضی محمود نماز پڑھانے کے لیے بڑھا تو جعفر بن امام علیؑ نقی خود نماز پڑھانے کو صف کے آگے کھڑے ہوگئے۔ نگاہ ایک کم سن بچہ نے جعفر کی عبا کا دامن پکڑ کر علیحدہ کر دیا۔ ''چچا ہٹیئے امام کی نماز امام پڑھا سکتا ہے۔'' یہ فرما کر خود نماز پڑھائی اور عصمت سرا میں فوراً چلا گیا۔ امامؑ عصر کی امامت کا یہ پہلا واقعہ ہے۔ اس وقت سے ۱۵ شعبان المعظم ۳۲۹، تک غیبتِ صغریٰ کا زمانہ ہے۔ اس کے بعد سے غیبت کبریٰ کا زمانہ اس وقت تک ہے اور تا ظہور رہے گا۔

آپؑ کا نقش خاتم:۔ آپؑ کا نقش خاتم اَنا حجّۃ اللّٰہ و خالصۃ و بقولے اَنا حجۃ اللّٰہ و خاصۃ و بقولے العلم عند اللّٰہ ہے اور حقیر مولف کو ایک عمل سے پتہ چلا ہے کہ مُہر مبارک بیضاوی ہے۔ اور اس پر ھو اللّٰہ القائم بامرہ کندہ ہے۔

نواب اربعہ:۔ غیبتِ صغریٰ کے زمانے میں وہی نظام امامت تھا جو امام علیؑ نقی و امام حسنؑ عسکری کے زمانے میں تھا۔ یعنی سفراء و نائبین کے ذریعہ روابط قائم تھے۔ حضرت حجتؑ کے زمانے میں نوابِ اربعہ پر اس نیابت و سفارت کا خاتمہ ہوگیا۔ آپ کے چار خاص نائب تھے۔

(۱) ابو عمر عثمان بن سعید عسکری اسدی عمزوی۔ آپ قبیلہ بنی اسد میں سے تھے۔ قریہ ''عسکر'' کے رہنے والے روغن فروشی کرتے تھے۔ اس لیے زیات بھی کہے جاتے تھے۔ دشمنوں کے خوف سے اموال خیریہ دنبس مشکیزۂ روغن میں رکھ کر امام تک پہنچاتے تھے۔ اپنے دادا جعفر عمزوی کے نام پر ان کو عمزوی کہتے تھے۔ ان کو بالترتیب امام علی نقیؑ، امام حسنؑ عسکری اور امام عصرؑ کی نیابت اور سفارت کا منصب حاصل ہے۔ آپ نے ۲۹۵ھ میں وفات

پائی۔ آپ کا مزارِ اقدس بغداد سوق المیدان میں (عقب جنرل پوسٹ آفس) واقع ہے۔ ۱۹۳۶ء میں جب حقیر مشرف بہ زیارت ہُوا تھا اس وقت نیا روضہ بنا تھا۔ آپ کی وفات کے بعد آپ کے صاحب زادے درجہ سفارت پر فائز ہوئے۔

(۲) ابوجعفر محمد بن عثمان بن سعید عسکری خلانی۔ آپ اپنے والد عثمان بن سعید کے بعد بحکم امامؑ عصر نائبِ خاص مقرر ہوئے۔ جمادی الاوّل ۳۰۵ھ میں وفات پائی۔ آپ بھی بغداد باب الشیخ (جس کو باب الکوفہ بھی کہتے ہیں) میں اپنے مکان میں دفن ہوئے۔

(۳) ابو القاسم حسین بن روح۔ یہ محمد بن عثمان کے مخصوصین میں سے تھے۔ ان کی وقت وفات پائین پا بیٹھے تھے اور ان کے ایک اور صحابی جعفر بن احمد بالائے سر تشریف فرما تھے۔ موخر الذکر کو عثمان بن سعید سے اتنا قرب حاصل تھا کہ لوگوں کو یہی گمان تھا کہ ان کے بعد یہی جانشین ہوں گے۔ کہ ایک مرتبہ عثمان نے جعفر کی طرف منھ پھیر کے فرمایا "مجھ کو حکم ہوا ہے کہ حسین بن روح کو اپنا وصی بناؤں اور تمام امور ان کے سپرد کر جاؤں۔ یہ سنتے ہی جعفر عثمان کے سرہانے سے اٹھے اور حسین بن روح کو اپنی جگہ لا بٹھایا..... آپ کے خصوصیات میں سے یہ ہے کہ آپ جمہور مسلمین کے ساتھ ایسا برتاؤ کرتے تھے کہ مذاہبِ اربعہ میں سے ہر ایک کو گمان تھا کہ آپ ان میں سے ہیں۔ ۳۲۶ھ میں انتقال فرمایا۔ آپ کا مزار محلّہ شورجہ بغداد میں واقع ہے جہاں اب ایک شاندار روضہ اور مسجد بنا دی گئی ہے۔ زائرین ہر وقت آتے رہتے ہیں۔ شبِ نیمہ شعبان میں وقتِ فجر آپ ہی کا نام لے کر صاحب الزمانؑ کی خدمت میں عریضہ سپردِ آب کیا جاتا ہے۔

(۴) ابوالحسن علی بن محمد سمری۔ آپ امام اخیر کے آخری نائبِ خاص ہیں۔

Scanned with CamScanner

پائی۔ آپ کا مزار اقدس بغداد سوق المیدان میں (عقب جنرل پوسٹ آفس) واقع ہے۔ ۱۹۳۶ء میں جب حقیر مشرف بہ زیارت ہوا تھا اس وقت نیا روضہ بنا تھا۔ آپ کی وفات کے بعد آپ کے صاحب زادے درجہ سفارت پر فائز ہوئے۔

(۲) ابو جعفر محمد بن عثمان بن سعید عسکری خلانی۔ آپ اپنے والد عثمان بن سعید کے بعد بحکم امام عصر نائب خاص مقرر ہوئے۔ جمادی الاول ۳۰۵ھ میں وفات پائی۔ آپ بھی بغداد باب الشیخ (جس کو باب الکوفہ بھی کہتے ہیں) میں اپنے مکان میں دفن ہوئے۔

(۳) ابو القاسم حسین بن روح۔ یہ محمد بن عثمان کے مخصوصین میں سے تھے۔ ان کی وقت وفات پائین پا بیٹھے تھے اور ان کے ایک اور صحابی جعفر بن احمد بالائے سر تشریف فرما تھے۔ موخر الذکر کو عثمان بن سعید سے اتنا قرب حاصل تھا کہ لوگوں کو یہی گمان تھا کہ ان کے بعد یہی جانشین ہوں گے۔ کہ ایک مرتبہ عثمان نے جعفر کی طرف منہ پھیر کے فرمایا "مجھ کو حکم ہوا ہے کہ حسین بن روح کو اپنا وصی بناؤں اور تمام امور ان کے سپرد کر جاؤں۔ یہ سنتے ہی جعفر عثمان کے سرہانے سے اٹھے اور حسین بن روح کو اپنی جگہ لا بٹھایا آپ کے خصوصیات میں سے یہ ہے کہ آپ جمہور مسلمین کے ساتھ ایسا برتاؤ کرتے تھے کہ مذاہب اربعہ میں سے ہر ایک کو گمان تھا کہ آپ ان میں سے ہیں۔ ۳۲۶ھ میں انتقال فرمایا۔ آپ کا مزار محلہ شورجہ بغداد میں واقع ہے جہاں اب ایک شاندار روضہ اور مسجد بنا دی گئی ہے۔ زائرین ہر وقت آتے رہتے ہیں۔ شب نیمہ شعبان میں وقت فجر آپ ہی کا نام لے کر صاحب الزمان کی خدمت میں عریضہ پیش کیا جاتا ہے۔

(۴) ابو الحسن علی بن محمد سمری۔ آپ امام اخیر کے آخری نائب خاص ہیں۔

آپ نے ۳۲۹ھ میں وفات پائی۔ انگلستان میں اس وقت شاہ اڈمنڈ اوّل اور ہندوستان میں جیپال بن سلکھن مہاراجہ حکومت کرتا تھا۔

آخری توقیع:۔ حضرت امام عصر عجل اللہ تعالیٰ فرجہ، کے قلم مبارک سے جو آخری توقیع وقیع برآمد ہوئی وہ حسب ذیل ہے:

بسم اللّٰہ الرّحمن الرّحیم۔ یا علی بن محمد السّمری اعظم اللّٰہ اجر اخوانک فیک فانک میت ما بینک و بین ستة ایام فاجمع امرک ولا توص الی احد فیقوم مقامک بعد وفاتک فقد وقعت الغیبة التامة فلاظهور الابعد اذن اللّٰہ تعالیٰ ذکرہ و ذلک بعد طول الامد وقسوة القلوب وامتلاء الارض جور اوسیاتی من شیعتی من یدعی المشاهدة قبل خروج السّفیانی والصّیحة فهو کذاب مفتر ولا حول ولاقوة الا باللّٰہ العلی العظم۔

ترجمہ: اے علی بن محمد سمری! خدا تمہارے بارے میں تمہارے بھائیوں کے اَجر کو عظیم کرے کیوں کہ تم چھ رُوز کے اندر مرنے والے ہو۔ پس اپنے معاملات کو اکٹھا کر لو اور کسی کو اپنا وصی نہ بنانا جو تمہاری وفات کے بعد تمہاری جگہ پر بیٹھے کیوں کہ اب غیبتِ کبریٰ واقع ہوگئی ہے اب اللہ کے اذن کے بعد ہی ظہور ہوگا۔ اور یہ اس وقت ہوگا جب مدت دراز گزر جائے گی۔ دِل سخت ہوجائیں گے اور زمین ظلم سے بھر جائے گی اور عنقریب میرے شیعوں سے کچھ افراد ایسے آئیں گے جو میری رویت کا ادّعا کریں گے۔ آگاہ ہوجاؤ کہ خروج سفیانی کے بعد پہلے جو شخص میری رویت کا ادّعا کرے وہ کذاب ومفتری ہے اور کوئی طاقت وقوت نہیں ہے سوائے خدائے عظیم کی طاقت وقوت کے۔

علی بن محمد سمری کی وفات ۳۲۹ھ میں واقع ہوئی۔ اس لحاظ سے غیبت صغریٰ و نیابت خاصہ کا زمانہ قریب ۷۴ سال کے ہے۔ جس میں تقریباً ۴۸ سال عثمان بن

سعید و محمد بن سعید دونوں باپ بیٹوں کی نیابت کے اور تقریباً ۶۴ سال حسین بن روح و علی بن محمد کی نیابت کے گزرے۔ اس کے بعد حضرت کی سفارت خاصہ منقطع ہوئی اور غیبت کبریٰ واقع ہوگئی۔ لہٰذا بعد ازاں جو بھی سفارت خاصہ کا دعویدار ہو وہ جھوٹا ہے جیسا کہ حضرت نے فرمایا۔ البتہ غیبت کبریٰ کے زمانے میں آپ کے نائبین و سفراء بالعموم مجتہدین کرام و فقہاء عظام ہیں۔ جیسا کہ حضرت نے اسحاق بن یعقوب کے جواب میں تحریر فرمایا کہ اَب جو واقعات پیش آئیں ان میں ہمارے اَحادیث کے راویوں کی طرف رجوع کرنا یا جیسا کہ امام محمد باقرؑ کا ارشاد گرامی ہے کہ۔

''دیکھو تم میں سے کون ایسا ہے جو ہماری حدیثوں کی روایت کرتا ہے۔ اور ہمارے حلال و حرام پر اس کی نظر ہے اور ہمارے احکام کو جانتا ہے تو میں نے اس کو تم پر حاکم قرار دیا ہے۔ لہٰذا جب بھی وہ ہمارے حکم کے ساتھ حکم کرے اور اس کی تعمیل نہ کی جائے تو ایسا ہے جیسے ہمارے فرمان کی توہین کی گئی اور ہماری رد کی گئی اور ہماری رَد کرنے والا اللہ کی رَد کرنے والا ہے اور وہ مُشرک کی تعریف میں آتا ہے۔''

اور دوسری روایت میں ہے کہ:

مَجَارِی الْاُمورِ بِیَدِ الْعُلَمَاءِ الْاُمَنَاءِ عَلٰی حَلَالِہٖ و حَرَامِہٖ۔

(ترجمہ) تمام امور کی باگ ڈور علمائے رَبّانی کے ہاتھ میں ہے جو اللہ کے حلال و حرام کے اَمین ہیں۔

چوں کہ غیبتِ کبریٰ میں کارِ نیابت حضرت حجّت اَرواح العالمین لہ' الفدا اُعلمائے اَعلام اور مجتہدین عظام کے کاندھوں پر ہے اور وہی اس عظیم ذمہ داری کو اَدا کر رہے ہیں جس سے آج تک مذہبِ حق باقی ہے اس لیے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان میں سے بعض چیدہ چیدہ ہستیوں کا ذکر کیا جائے۔

Scanned with CamScanner

علمائے مذہب اِثناء عشریہ رحمہم اللہ تعالیٰ

کُلینی رحمۃ اللہ تعالیٰ:۔ علامہ محمد بن یعقوب کلینی رحمتہ اللہ علیہ۔ وفات ۳۲۹ھ، منہتی المقال میں ہے کہ آپ نے کافی بیس برس میں تالیف کی۔ رجال علامہ طباطبائی میں ہے کہ کافی میں اتنی حدیثیں ہیں جو مجموعہ احادیث صحاح ستہ اہلسنّت سے زیادہ ہیں اور لولوۃ البحرین سے نقل کرتے ہیں کہ کل احادیثِ کافی ۱۶۱۹۹۔ ہیں، شیخ کلینیؒ نے ۶۹ برس بعدِ شہادت امام حسن عسکریؑ انتقال کیا یعنی بعض ایام امام حسن عسکریؑ اور کل زمانہ غیبتِ صغریٰ دیکھا۔ آپ کی وفات ۳۲۹ھ میں بمقام بغداد ہوئی۔ اُسی سال والد شیخ صدوقؒ یعنی علی بن الحسین بابو یہ نے و نیز جناب علی بن محمد السمریؒ نائبِ آخر امامؑ عصر نے اِنتقال فرمایا اور غیبتِ کبریٰ کا زمانہ شروع ہوا۔ کافی کے متعلق روضات الجنات میں ہے کہ امام عصرؑ نے فرمایا کہ ''کَافٍ لِشِیْعَتِنَا'' اور اسی کتاب میں ہے کہ حاکمِ بغداد نے آپ کی قبر کھدوائی تو کفن پر داغ بھی نہ لگا تھا۔ چناں چہ اس نے قبہ تعمیر کرا دیا۔ آپ کی شہرت جزیرۂ خضرا میں بھی ہے۔

ابن بابو یہ علیہ الرحمہ:۔ علامہ علی بن الحسین بن موسیٰ بن بابو یہؒ (والد شیخ صدوق) وفات ۳۲۹ھ۔ ابن بابو یہ نے قم میں منصور ابن حلاج کو دعویٰ وکالت حضرت صاحب الزمانؑ پر ذلیل وخوار کیا اور وہ قُم سے نکل گیا اور کلمہ طیبہ و رَوضات الجنات اور لولوہ میں احتجاج طبرسی سے نقل کیا ہے کہ امام حسنؑ عسکری نے نامہ لکھا۔ علی بن بابو یہ کو اور بعد حمد وصلوٰۃ کے یہ تحریر فرمایا۔

اوصیک یاشیخی و معتمدی وفقیهی ابالحسن علی بن الحسین القمّی و فّقک اللّٰه لمرضاته و جعل من صلبک اولاد اصالحین بتقوی اللّٰه۔

پھر آخر میں تحریر فرماتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

فاصبر یا شیخی و امر جمیع شیعتی بالصبر

تا آں کہ تحریر فرمایا۔

والسّلام علیک و علیٰ جمیع شیعتنا و رحمتہ اللّٰہ و برکاتہ۔

یعنی اے میرے شیخ و معتمد و فقیہہ ابوالحسن علی بن حسین قمی، خدا تم کو اپنی مرضی پر چلنے کی توفیق عطا کرے اور تمہاری صلب سے بھی نیک اولاد پیدا کرے میں تم کو اللہ سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں۔ اے میرے شیخ صبر کرو اور تمام شیعوں کو صبر کی تلقین کرو۔ تم پر سلام ہو اور ہمارے تمام شیعوں پر سلام ہو۔

منتہی المقال میں ہے کہ ابن بابویہ نے جناب حسین بن روحؒ، نائبِ سوم امامؑ عصر سے ملاقات کی اور پھر ان کو خط لکھا بدست علی بن جعفر الاسود اور اس میں لکھا کہ یہ رُقعہ میرا جناب صاحبِ اَمرؑ تک پہنچا دو اور رُقعہ میں لکھا تھا کہ آپ میرے لیے دعائے عطائے فرزند[1] فرمائیں۔ جواب ملا کہ دعا مستجاب ہوئی۔ دو پسر نیک بخت پیدا ہوں گے۔ (۱) ابوجعفر محمد شیخ صدوق (۲) ابوعبداللہ۔

ابن بابویہ نے جس سال انتقال فرمایا اس سال ستارے بہت ٹوٹے۔ کلینیؒ۔ علی بن محمد سمریؒ وکیل آخر صاحب الزمانؑ نے بھی اسی سال انتقال فرمایا۔ بعض اصحابِ شیعہ سے منقول ہے کہ ہم لوگ خدمت علی بن محمد سمریؒ میں بیٹھے تھے انہوں نے فرمایا کہ خدا رحم کرے علی بن بابویہ پر۔ کسی نے کہا وہ زندہ ہیں۔ فرمایا کہ آج وہ انتقال کر گئے۔ وہ دِن لکھ لیا گیا۔ خبر آئی تو معلوم ہوا کہ اسی تاریخ انتقال فرمایا (سن وفات

---

[1] رسالہ تبصرۃ الایمان مؤلفہ محمد مہدی بن سید طالب علی جونپوری، میں ہے کہ علی بن الحسین ابن بابویہ والد شیخ صدوقؒ کے کوئی اولاد نہ ہوتی تھی اور یہ علی بن الحسین اجلاو اعاظم اصحاب سے تھے۔ دُخترِ عم محمد بن موسیٰ بن بابویہ سے ان کی شادی ہوئی تھی۔ عریضہ حضرت حجت کی خدمت میں لکھا اور بتوسط ابوالقاسم بن روح عرض و استدعا کی کہ اَولاد ذکور سے کرامت ہو۔ جواب عریضہ بخط مبارک تحریر فرمایا۔ اس میں لکھا تھا۔ ان ک لاترزق من ھذہ وستملک جاریۃ ریلمیۃ و ترزق منھا ولدین خیرین صالحین فقیھین فاضلین۔ (ترجمہ) اس عورت سے تم صاحبِ اَولاد نہ ہو گے اور قریب ہے کہ تمہارے عقد میں کنیز دیلمیہ آئے جس سے دُو پسر صاحبِ خیر، نیکو کار، فقیہہ اور فاضل پیدا ہوں گے۔

۳۲۹ھ)۔

شیخ صدوقؒ :۔ علامہ محمد بن بابویہ یعنی شیخ صدوقؒ (مؤلفہ کتاب من لا یحضرہ الفقیہ) انوار نعمانیہ تالیف محدث شہیر سیّد نعمت اللہ جزائریؒ میں ہے۔ شیخ صدوق کا نام بھی حضرت حجت نے رکھا تھا۔ ناحیہء مقدسہ سے جو توقیع صادر ہوئی تھی اس کے الفاظ یہ تھے۔

قد قبل اللّٰہ الدّعاء وسیولد لک ولد ان فَسَمّٰہ اَحمد ھما مُحمّدًا و الاٰخر حُسینًا۔

(ترجمہ) اللہ نے دُعا سُن لی اور عنقریب تمہارے یہاں دو فرزند پیدا ہوں گے۔ ایک کا نام محمدؐ دوسرے کا حُسین رکھنا۔ یہ توقیع مقدس شیخ صدوقؒ کے پاس تھی اور وہ اس پر فخر کرتے تھے۔ شیخ نے ۳۸۱ھ میں انتقال فرمایا۔ ''رے'' میں دفن ہوئے۔ زمانہ فتح علی شاہ قاچار میں بارش کی وجہ سے ان کی قبر میں سوراخ ہوگیا۔ مرمت کے لیے قبر کھودی گئی تو آپ کا بدن صحیح و سالم تھا۔ ناخنوں پر اثر خضاب تھا۔ یہ واقعہ ۱۲۳۸ھ کا ہے۔ بادشاہ معہ اعیان سلطنت تہران سے گئے۔ روضہ مزین تعمیر کرایا۔ آپ کی شہرت جزیرۂ خضراء میں ہے۔

شیخ الطائفہ اَبو جعفر محمد بن حسن طوسیؒ :۔ (مولف) تہذیب و استبصار) ولادت ۳۸۵ھ، وفات ۴۶۰ھ، آپ کے فخر کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ مذہب شیعہ کی شہرہ آفاق کتب اربعہ میں سے دُو کے آپ مولف ہیں۔ شیخ مفیدؒ سیّد مرتضٰی سے تلمذ حاصل ہے۔ چناں چہ پانچ سال شیخ مفیدؒ کے ساتھ اور اٹھائیس سال سیید مرتضٰی علم الہدیٰ کے ساتھ گزارے۔ سیّد رحمتہ اللہ کی وفات کے بعد چوبیس سال زندہ رہے۔ خلفا کی طرف سے آپ کو کرسی ملی تھی جس پر بیٹھ کر آپ خاص و عام کے سامنے علمی مباحثے کرتے تھے۔ آپ کی تفاسیر آسمانِ علم پر چاند و سورج کی طرح درخشاں ہیں۔ تفسیر میں تبیان، حدیث میں تہذیب و استبصار۔ ''فقہ میں نہایۃ، مبسوط، خلاف کتاب الجمل

العقود۔'' اصول میں۔ عدہ، رجال میں فہرست، الاختیار، کلام میں تلخیص الشافی و مفصح فی الامامۃ اور کتاب الغیبۃ، عبادات میں مصباح متہجد اور مختصر مصباح، آخر عمر میں نجف اشرف سکونت اختیار کی چناں چہ مقابل روضہ مبارکہ شاہ نجف اپنے گھر میں دفن ہوئے۔ جہاں آج ایک عظیم الشان مسجد ''مسجد طوسی'' کے نام سے مشہور ہے۔

شیخ مفید علیہ الرحمتہ:۔ ابوعبداللہ محمد بن نعمان بغدادی معروف بہ شیخ مفید ولادت ۳۳۶ھ وفات ۴۱۳ھ۔ آپ کی ریاست پر سب کا اجماع تھا۔ آپ کا علم وفضل وفقہ و عدالت موافق مخالف سب کے نزدیک مسلّم تھی۔ حدیث وفقہ میں اپنا جواب نہیں رکھتے تھے۔ علماء اہلسنّت نے آپ کی تعریف حسبِ ذیل الفاظ میں کی ہے۔

''یہ شیعوں کے شیخ المشائخ، رئیس کلام و فقہ اور مناظرہ تھے۔ ہر مذہب و ملّت والوں سے مناظرہ کرتے تھے۔ بہت خیرات دینے والے، بہت خشوع کرنے والا اور کثیر الصلوٰۃ وصوم تھے، لباس معمولی پہنتے، بوڑھے سبزہ رنگ، لاغر اندام تھے۔ ۷۶ سال زندگی پائی۔ آپ کی تصانیف کی تعداد دو سو سے زیادہ ہے۔ آپ کے جنازے میں ستر ہزار رافضیوں نے مشایعت کی۔ اپنے وقت کے بڑے زاہدوں میں آپ کا شمار ہوتا تھا اور ہر وقت علم کی طرف متوجہ رہتے تھے۔ کہا جاتا ہے کہ کوئی شیعہ امامی ایسا نہیں جس پر ان کا احسان نہ ہو۔ شریف ابویعلی جعفری جو شیخ مفیدؒ کے داماد تھے۔ بیان کرتے ہیں کہ شیخ مفیدؒ رات کو ذرا دیر کے لیے پلک جھپکا لیتے تھے۔ اس کے بعد ساری رات نماز یا تلاوتِ قرآن شریف یا مطالعہ کتبِ دینیہ میں بسر کر دیتے تھے۔'' (انتہیٰ)۔

علامہ سیّد مرتضیٰ علم الہدیٰ نے آپ کی نماز جنازہ میدان اشنان بغداد میں ادا کی۔ شیخ طوسیؒ فرماتے ہیں کہ جس قدر تشیع اور گریہ و بکا مفیدؒ کی وفات کے روز ہوا۔ ایسا پھر کبھی نہیں دیکھا گیا۔ آپ کے جنازہ پر ہر موافق ومخالف گریہ کر رہا تھا۔ روضہ

کاظمین میں آپ کا مزار ہے۔

آپ کی وفات کے بعد آپ کی قبر مبارک پر حسب ذیل مرثیہ خود بخود لکھا ہوا پایا گیا جس کے متعلق علماء نے فرمایا ہے کہ یہ خود صاحب الزمان علیہ السّلام نے فرمایا ہے۔

لاصورت الناعی بفقدک انه
یوم علی ال الرسول عظیم
ان کنت قد غبت فی حدث الثریٰ
فالعدل و التوحید فیک مقیم
والقائمْ المهدی یفرج کلما
تلیت علیک من الد روس علوم

سیّد مرتضیٰ علم الہدیٰ:۔ ابو القاسم علی بن حسین مرتضیٰ علم الہدیٰ۔ ولادت ۳۵۵ھ وفات ۴۳۶ھ علم الہدیٰ کا لقب خود امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کا عطا کردہ[1] ہے۔ آپ کا سلسلۂ نسب صرف پانچ واسطوں سے امام موسیٰ کاظمؑ تک پہنچتا ہے۔ علم و ادب و فقہ و اصول و تفسیر تمام علوم میں استادِ زمانہ تھے۔ ہر فن میں آپ کی کتابیں آج تک شہرۂ آفاق سمجھی جاتی ہیں۔ موافق و مخالف ہر ایک کو آپ کی بزرگی و شرف و قابلیت کا معترف ہے۔ خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں آپ کی مدح کی ہے اور آپ سے اخبار نقل کی ہیں۔

''ابن خلکان'' لکھتا ہے:

''آپ طالبین کے نقیب (سردار) علم کلام و ادب و شعر میں امام

---

[1] وزیر ابو سعید بیمار ہوا۔ تو اس نے خواب میں حضرت امیر المومنینؑ کو دیکھا کہ فرماتے ہیں کہ علم الہدیٰ سے کہو کہ وہ تم پر دَم کر دیں تا کہ تم اس مرض سے نجات حاصل کرو۔ وزیر مذکور نے کہا کہ کون ''علم الہدیٰ''؟ حضرت نے ارشاد فرمایا، علی بن الحسین موسوی وزیر یہ رویائے صادقہ دیکھ کر بیدار ہوا۔ اور اس نے سید مرتضیٰ کو خط لکھا۔ مگر سید علیہ الرحمہ نے جواب دیا کہ میں اس لقب کے لائق نہیں ہوں۔ جب یہ خبر خلیفہ قادر باللہ کو معلوم ہوئی تو اس نے خط لکھا کہ یہ لقب آپ کے جد نے آپ کو عطا فرمایا ہے اس کو قبول کر لیں۔ (کنیٰ والالقاب)۔

مانے جاتے تھے۔ آپ سیّد رضی جامع نہج البلاغہ کے بھائی ہیں۔"

شیخ عزالدین احمد بن مقبل کہا کرتے تھے کہ اگر کوئی شخص یہ قسم کھائے کہ سیّد مرتضٰی عربوں سے زیادہ عربی کے عالم تھے تو وہ گنہگار نہ ہوگا۔ شیخ طوسیؒ جب بھی سیّد مرتضٰی کا نام نامی لیتے تھے۔ تو صلوات اللہ علیہ ضرور کہتے تھے۔ اور اپنے شاگردوں کی طرف متوجہ ہوکر کہتے تھے کہ مرتضٰی پر صلوات کیوں کر نہ بھیجی جائے! آپ نے اپنی وفات کے بعد اسّی ۸۰ ہزار کتابیں چھوڑیں جو یا تو آپ کی تصنیف تھی یا آپ ان کا مطالعہ کر چکے تھے۔

ایک کتاب آپ کی تصنیف ہے جس کا نام "ثمانین" یعنی اَسّی ۸۰ ہے۔ اِسی طرح ہر چیز جو آپ نے چھوڑی اس کی تعداد اَسّی ۸۰ تک پہنچتی ہے۔ عمر بھی آپ کی اَسّی ۸۰ سال چند ماہ تھی۔ اس لیے آپ کا ایک لقب ثمانینی بھی ہے۔ حکومت میں آپ اتنے محترم تھے کہ منصبِ قضا اور امارتِ حج و حرمین پر پورے ۳۰ سال فائز رہے۔ بغداد میں وفات پائی۔ روضۂ کاظمین کے پاس سونپے گئے پھر آپ کا جسدِ مبارک کربلائے معلٰی لے جاکر دفنایا گیا۔ آپ کی حسب ذیل مشہور کتابیں ہیں۔

شافی (بحثِ امامت میں) ذخیرہ۔ جمل العلم والعمل۔ ذریعہ۔ کتاب الطیف و الخیال۔ کتاب الشیب والشباب۔ کتاب الغرر والدرر۔ تنزیۃ الانبیاء۔

آپ کا ایک عظیم دیوان بھی ہے۔ جس میں بیس ۲۰ ہزار سے زیادہ شعر ہیں۔ صفحاتِ گزشتہ میں گزر چکا ہے کہ شیخ الطائفہ ابوجعفر طوسیؒ کو آپ سے شرفِ تلمذ حاصل تھا۔ (کنیٰ والالقاب)۔

شریف رضیؒ (جامعہ نہج البلاغہ):۔ ابوالحسن محمد بن حسین ملقب بہ شریفؒ۔

ولادت ۳۵۹ھ۔ وفات ۴۰۶ھ۔ برادر سیّد مرتضٰی علم الہدیٰ سابق الذکر۔ یہ دونوں بھائی آسمانِ شیعیت کے آفتاب و ماہتاب ہوکر چمکے۔ جیسا ان دونوں بھائیوں نے دنیاوی اور آخروی عروج پایا ان کے بعد کسی کو نصیب نہ ہوا۔ آپ کا لقب اشعر الطالبین

بھی ہے۔ حافظِ قرآن بھی تھے۔ مقام علمی اسی سے ظاہر و باہر ہے کہ آپ کی جمع کردہ کتاب ''نہج البلاغہ'' کے متعلق آج تک بعض علمائے اہلسنّت کو شُبہ ہے کہ یہ آپ کی تصنیف ہے۔ حالانکہ یہ شُبہ بے بنیاد ہے کیوں کہ آپ نے جو کچھ اس میں جمع کیا ہے وہ سیّد رضیؒ کی ولادت سے قبل خود اہلسنّت کی کتب میں متفرقاً موجود تھا۔

اِن دونوں بھائیوں کی جلالت قدر پر یہ واقعہ کافی ہے کہ جو ابن ابو الحدید معتزلی شارح نہج البلاغہ نے تحریر کیا ہے کہ ایک رات کو شیخ مفیدؒ نے خواب میں دیکھا کہ وہ محلّہ کرخ کی مسجد میں بیٹھے ہیں ناگاہ حضرت فاطمہ بنت رسولؐ اللہ، حسن و حسین علیہما السّلام کی انگلیاں پکڑے اندر داخل ہوئیں اور ان دونوں شہزادوں کو شیخ مفیدؒ کے سپرد فرمایا کہ ان کو فقہ کی تعلیم دو۔ یہ خواب دیکھ کر شیخ مفیدؒ چونک پڑے اور صبح تک بڑے حیران رہے۔ جس وقت صبح طالع ہوئی اور شیخ مفیدؒ مسجد درس دینے گئے تو کیا دیکھتے ہیں کہ ایک معظّمہ کنیزوں کے جھرمٹ میں داخل مسجد ہوئیں۔ دو صاحبزادے ان کی انگلیاں تھامے ہوئے تھے۔ شیخ مفیدؒ ان کو دیکھتے ہی سروقد تعظیم کے لیے کھڑے ہو گئے۔ اس خاتون نے فرمایا کہ شیخ! میں بچوں کو تمہارے پاس اس لیے لائی ہوں کہ تم ان کو فقہ کی تعلیم دو۔ یہ خاتون سیّد مرتضٰی و سیّد رضی کی والدہ فاطمہ بنت حسین تھیں۔ یہ سُن کر شیخ مفید رونے لگے اور اپنا خواب بیان کیا۔

آپ نے بغداد میں وفات پائی۔ روضۂ کاظمین کے پاس ایک خوبصورت مسجد میں آپ کا مزار زیارت گاہ خواص و عوام ہے۔ آپ کے جنازے پر سیّد مرتضٰی شدتِ غم کی وجہ سے حاضر نہ ہو سکے بلکہ ان کی وفات ہونے میں اپنے جد امام موسیٰ کاظمؑ کے روضہ پر چلے گئے اور وہاں رُوتے رہے۔ بھائی کے غم میں سیّد رضیؒ نے جو مرثیہ کہا ہے اس کے دو شعر یہاں پر نقل کیے جاتے ہیں۔

یا للرجال بفجعة جذمت یدی

ووددت لوذھبت علیٰ براسی

لله عمرک من قصیر طاهر
ولرب عمر طال بادناس

یعنی مجھ پر ایسی مصیبت پڑی جس نے میرے دونوں ہاتھ کاٹ ڈالے، کاش کہ اس کے بدلے میرا سر کٹ جاتا۔ ہائے کس کمسنی میں تجھ کو موت آ گئی۔ درآنحالیکہ تم پاک و پاکیزہ رہے اور کتنے لوگ اپنی طویل عمر برائیوں سے وابستہ کر دیتے ہیں۔

نصیر الدین طوسی :۔ نصیر الدین طوسی محمد بن محمد طوسی مشہور بہ محقق طوسی۔ ولادت ۵۹۷، وفات ۶۷۲ھ۔ فلسفہ و منطق و ہیئت جغرافیہ میں یگانہ روزگار تھے آپ کے علم و فضل کے آگے موالف و مخالف کی گردنیں خم تھیں۔ علامہ حلی جیسی فرد فرید آپ کے شاگرد تھے۔ مقام طوس میں پیدا ہوئے وہیں بڑھے پڑھے اور کمال حاصل کیا۔ آپ نے علم کلام کی مشہور کتاب تالیف فرمائی۔ جس کا نام تجرید الکلام ہے۔ جس کی ایک شرح علامہ حلی نے دوسری شرح سنی عالم قوشجی نے تحریر کی ہے اور اس میں بہ ایں الفاظ اس کتاب کی تعریف کی ہے۔

"یہ کتاب عجائب و غرائب سے بھری ہوئی ہے۔ حجم میں کم ہے علم میں زیادہ ہے آئمہ فن میں مقبول ہے آج تک علماء نے ایسی کتاب نہیں دیکھی۔ یہ کتاب دوپہر کے سورج کی طرح درخشاں ہے۔"

اس کے علاوہ حسب ذیل کتب بھی آپ کی تصنیف ہیں۔

"تذکرہ نصیریہ (ہیئت)، اخلاق ناصریہ، آداب متعلمین، اوصاف الاشراف، قواعد العقائد، حل مشکلات تحریر اصول ہندسہ، تلخیص المحصل، تحریر المجسطی اشارات ابن سینا۔"

آپ ہی اسلام میں وہ پہلے عالم ہیں جنہوں نے مراغہ میں ایک عظیم الشان رصدگاہ مطالعہ نجوم کرنے کے لیے تعمیر کی تھی۔ اس رصدگاہ میں ایک کتب خانہ تھا جس میں چار لاکھ سے زیادہ نادر اور روزگار کتابیں تھیں۔ اس رصدگاہ میں بہت سے علما آپ

Scanned with CamScanner

کے معاون تھے مثلاً قطب الدین شیرازی، موید الدین عروضی وغیرہ۔

آپ کے حلم و اخلاق کا یہ حال تھا کہ ایک شخص نے ایک دفعہ آپ کو ایک خط بھیجا جس میں آپ کو (مُعاذ اللہ) کلب بن کلب سے خطاب کیا گیا تھا۔ یہ خط دیکھ کر آپ نے بالکل برا نہ منایا۔ قلم اُٹھا کر تحریر فرمایا۔ تمہارا مجھ کو کلب بن کلب کہنا درست نہیں ہے۔ کیوں کہ کُتا ایک چوپایہ ہے، بھونکنے والا، لمبے ناخن والا، اس کے برخلاف میں راست قامت، نمایاں پوست، عریض ناخن والا، ناطق وضاحک ہوں۔ یہ تو میرے فصول ہیں۔ خواص اس کے علاوہ ہیں۔ وہ شخص یہ جواب پاکر خجل ہوا۔ بغداد میں انتقال کیا، جوار امام موسیٰ کاظمؑ اور محمد جوادؑ میں دفن ہوئے۔ رحمہ اللہ تعالیٰ۔

علامہ حلیؒ:۔ شیخ جمال الدین ابو منصور حسن بن یوسف بن علی بن مطہر حلی[1]۔

ولادت ۶۴۸ھ۔ وفات ۷۲۶ھ۔ علم و فضل کے اُس درجے پر فائز ہوئے کہ جب بھی مطلقاً علامہ کہا جائے تو اس سے علامہ حلی مراد ہوتے ہیں۔ رئیس العلماء، شیعہ اور مجدد ملت جعفریہ تھے۔ کمسنی میں درجہ علم و اجتہاد پر فائز ہوگئے۔ نصیر الدین طوسیؒ کے شاگرد تھے۔ بغداد میں شاہ خدا بندہ کے دربار میں طلب کئے گئے۔ علما اہلسنت سے زبردست مناظرہ ہوا۔ جس میں بڑی خوبصورتی سے مذہب جعفری کی اوّلیت اور مذاہب اربعہ (حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی) کا تاخر ثابت فرمایا۔ نتیجہ میں "خدا بندہ" نے مذہب حق قبول کیا۔ آپ کی تالیفات میں قواعد، تبصرہ، تذکرہ، مختلف الشیعہ، منتہی۔ تحریر (فقہ) شرح تجرید (کلام) کشف الیقین (فضائل امیرؑ المومنین) ہیں۔ ایک کتاب مسمی بہ الفین تحریر فرمائی ہے جس میں حضرت علیؑ کی خلافت بلافصل پر پوری دو ہزار دلیلیں جمع کی ہیں۔ نجف اشرف میں حضرت علیؑ کے زیر منارہ مزار شریف ہے۔

---

[1] آپ کو زیارت امام زمانہ ہوئی ہے پورا واقعہ اسی کتاب کے صفحہ نمبر ۱۶۸ پر ملاحظہ کریں ۱۲۔

شہید اوّل :۔ شمس الدین ابو عبد اللہ محمد بن جمال الدین مکی و دمشقی عاملی مولف کتاب لمعہ دمشقیہ، ولادت ۷۳۴ھ۔ وفات ۷۸۶ھ۔ مکہ و مدینہ و بغداد و دمشق میں چالیس سال تک درس و تدریس میں مشغول رہے۔ محبت اہلبیت میں قید کیے گئے۔ ایک سال تک قلعہ شام میں حبس رہے۔ قید خانہ ہی میں اپنے مشہور کتاب لمعہ دمشقیہ تالیف فرمائی۔ اس وقت آپ کے پاس مختصر النافع کے علاوہ اور کوئی کتاب نہ تھی۔ آخر میں قاضی برہان الدین مالکی و عباد بن جماعہ شافعی کے فتوے پر بعید مرو شاہ دمشق کے حکم سے آپ کو سزائے موت سنائی گئی۔ کچھ جھوٹے الزامات عائد کیے گئے اور کہا کہ اگر توبہ کرلو تو آزاد کر دیا جائے گا۔ آپ نے الزامات اور توبہ دونوں سے انکار کیا۔ آخر میں آپ کو پہلے تلوار سے قتل کیا گیا پھر لاش دار پر کھینچی گئی۔ اس کے بعد جلا دی گئی (رحمتہ اللہ علیہ) مالکی صاحب نے پہلے وضو کیا پھر دو رکعت نماز پڑھی بعد ازاں شیخ (شہید اوّل) کے قتل کا فتویٰ دیا تھا۔ فاعتبروا یا اولی الابصار (آپ کی تصانیف میں سے لمعہ دمشقیہ، ذکری، دروس، غایۃ المراد، قواعد وغیرہ ہیں۔

شہید ثانیؒ :۔ شیخ زین الدین بن نور الدین عاملی معروف بہ شہید ثانیؒ۔ ولادت ۹۱۱ھ۔ وفات ۹۶۵ھ۔ مشہور علمائے شیعہ میں سے تھے۔ فریقین کی فقہ و حدیث و تفسیر پر عبور کامل رکھتے تھے۔ شام و حجاز و مصر کے فقہاء سے استفادہ کیا۔ کمال حاصل کرنے کے بعد قسطنطنیہ آئے اور اٹھارہ ۱۸ روز میں ایک رسالہ لکھ کر قاضی شہر کی خدمت میں پیش کیا۔ یہ قاضی ایک مرد فاضل تھا۔ اس نے شیخ کی کافی قدر کی۔ اور خود بھی کئی مباحثے کر کے جب اطمینان کر لیا تو حکومت وقت سے سفارش کر دی۔ چناں چہ حکومت سے آپ کا وظیفہ معین ہو گیا اور بعلبک کا ایک مدرسہ سپرد کر دیا گیا جہاں آپ مذاہب خمسہ کی تدریس کرتے تھے۔ رفتہ رفتہ شہرت اتنی بڑھی کہ ہر فرقہ کے مفتی اعظم مانے جانے لگے۔ اس کے باوجود تواضع کی یہ کیفیت تھی کہ رات کو متعلقین کے لیے سودا سلف خرید لاتے تھے۔ صبح کو مسجد میں نماز پڑھا کر جب درس و تدریس کے لیے بیٹھتے تو

معلوم ہوتا تھا کہ علم کا سمندر ٹھاٹھیں مار رہا ہے۔ ساری عمر تقیہ میں بسر کی۔ آخر میں یہ راز فاش ہوا۔ یہ زمانہ وہ تھا کہ شرح لمعہ کی تالیف میں مشغول تھے۔ خواب میں سیّد مرتضیٰ علم الہدیٰؒ کو دیکھا کہ انہوں نے علما کی دعوت کی ہے جس میں بہت سے علما بیٹھے ہیں۔ جب شیخ وہاں پہنچے تو سیّد مرتضیٰ نے ان کی بہت تعظیم و تکریم کی اور ہاتھ پکڑ کر شہید اوّل کے پہلو میں لاکر بٹھا دیا۔ یہ خواب دیکھ کر آنکھ کھلی۔ تو اپنے ایک محرمِ راز سے بتلایا کہ شہید ثانی میں بنوں گا۔ چناں چہ ایسا ہی ہوا کہ حج کے لیے مکہ گئے ہوئے تھے۔ مسجد حرام میں نماز عصر پڑھ کر فراغت پائی تھی کہ شاہِ قسطنطنیہ کے حکم سے گرفتار کیے گئے کچھ دِنوں مکہ میں قید رہنے کے بعد قسطنطنیہ لائے گئے اور رُستم پاشا وزیر شاہ قسطنطنیہ کے حکم سے بہ جُرم تشیع، سمندر کے کنارے لے جا کر گردن ماردی گئی۔ حضرت امام حسینؑ کی تاسّی میں تین روز تک لاشہ بے گوروکفن پڑا رہا۔ ترکمانوں کی ایک جماعت نے رات کو دیکھا کہ اسی جگہ سے کچھ انوار آسمان پر آجا رہے ہیں۔ صبح کو انہوں نے اکٹھا ہو کر دفن کیا۔ وہیں ایک قبہ تعمیر کیا۔ آپ کی تالیفات میں روضہ بہیہ در شرح لمعہ دمشقیہ، منیۃ المرید فی آداب المفید و المستفید، اسرار الصلوٰۃ، رسالہ استیفا لیہ در واجبات عینیہ رسالہ در وجوب صلوٰۃ جمعہ، روض الجناں در شرح ارشاد علامہؒ۔ مسالک الافہام شرح شرائع الاسلام، مقاصد علیہ وغیرہ۔ (کنیٰ والا لقاب۔ فہرست کتب خانہ حضرت امام رضا علیہ السّلام)۔

شہیدِ ثالثؒ:۔ قاضی سیّد نور اللہ بن شریف الدین حسینی مرعشی شوستری۔ ولادت ۹۵۶ھ۔ وفات ۱۰۱۹ھ۔ شیخ علی حزیں نے اپنی کتاب ''تذکرہ'' میں آپ کی بابت لکھا ہے کہ آپ اکبر شاہِ ہندوستان کے عہد میں ایران سے آئے۔ آپ اپنے مذہب کو پوشیدہ کیے رہے۔ مذاہبِ اربعہ کی فقہ میں ماہر کامل تھے۔ جب بادشاہ آپ کی استعداد علمی اور تبحّر سے واقف ہوا۔ تو آپ کو قاضی القضاۃ کے منصب پر فائز کیا۔ سیّد نے یہ منصب بہ ایں شرط منظور کیا کہ وہ وقتِ فیصلہ وفتویٰ مذاہبِ اربعہ اہلسنّت میں سے کسی

ایک کے پابند نہیں رہیں گے بلکہ ان کو ان چاروں میں سے کسی ایک کے مطابق فتویٰ دینے کا اختیار ہوگا۔ بادشاہ نے منظور کرلیا۔ ایک عرصہ تک لاہور میں مسند قضا پر متمکن رہے۔ جب فیصلے کرنا شروع کیے تو سب ''مذہب امامیہ'' کے مطابق ہوتے تھے۔ چغل خوروں نے بادشاہ سے شکایت کی۔ بادشاہ نے جب ان سے سوال کیا تو انہوں نے ہر فیصلہ کو سُنّیوں کے مذاہب اربعہ میں سے کسی ایک کی کتاب سے نکال کر دکھلا دیا۔ اور جان بچ گئی۔ جب اکبر (شہنشاہِ ہند) کا انتقال ہوگیا۔ اور اس کی جگہ پر جہانگیر بیٹھا تو پھر لوگوں نے ان کی شکایت کی مگر جہانگیر نے بھی کان نہ دھرا۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ آپ اپنی مشہور کتاب ''مجالس المومنین'' کی تالیف میں مشغول تھے۔ آخر میں یہ حیلہ اختیار کیا گیا کہ ایک شخص آپ کے شاگردوں میں داخل ہوکر دھوکہ سے وہ کتاب خلوت خانہ سے نکال لے گیا۔ پھر یہ کتاب علما وقت نے جو قاضی صاحب کی شہرت اور عزت سے جلے ہوئے تھے۔ بادشاہ کے سامنے پیش کر دی۔ بادشاہ جہانگیر نے سزا کا اختیار انہیں علما کو دے دیا۔ اب کیا تھا سخت ترین سزا تجویز کی گئی۔ سو خار دار دُرّے۔ گدی سے زبان نکالی جائے۔ ٹکٹکی پر باندھ کو دُرّے لگائے جائیں۔ پیری کا عالم، ابھی پندرہواں کوڑا لگا تھا کہ طائرِ روح نے مقام سدرہ میں پناہ لی۔ مگر مُردہ جسم پر باقی دُرّوں کی تعداد پوری کی گئی۔ اور گدی سے زبان بھی نکال دی گئی۔ ان کا لاشہ بھی تین روز تک مزبلہ پر پڑا رہا۔ کچھ لوگوں نے جناب فاطمہؑ زہرا کو خواب میں دیکھا کہ فرماتی ہیں ''میرا فرزند بے گور وکفن مزبلہ پر پڑا ہے،؟ چناں چہ ان لوگوں نے بصد احترام جنازہ اٹھایا۔ اور نماز پڑھ کر دفن کر دیا۔ یہ واقعہ اکبر آباد معروف بہ آگرہ کا ہے۔ آج بھی آپ کا مزار وہاں مرجع خاص و عام ہے۔ نور اللہ، حقیقتاً وہ نور تھے جو قدرت نے اہل ہند کے لیے فروزاں کیا تھا۔ آج اقطار ہندو پاکستان میں جو کچھ بھی علم و ایمان کے چرچے ہیں وہ نور اللہ شوستری ہی کے انفاسِ قدسیہ اور ان کی قربانی کا ثمرہ ہیں۔ کیوں کہ انہوں نے ان دیار میں مذہب حق کی بنیاد رکھی ہے۔

Scanned with CamScanner

آپ کی تالیفات میں ''مجالس المومنین، احقاق الحق، مصائب النواصب، صوارم مہرقہ دَر جواب صواعقِ محرقہ، عقائدِ امامیہ وغیرہ ہیں۔

شہیدِ رابعؒ :۔ شیخ محمد تقی بن محمد برغانی قزوینی شہیدِ رابع ۔ وفات ۱۲۶۳ ہجری۔ فحول علما امامیہ اور بڑے مجتہد تھے۔ ایران کے ایک قریہ برغان میں پیدا ہوئے۔ اس کے بعد قزوین میں رہائش اختیار کی۔ پھر قُم و اِصفہان میں علما وقت کی مجالس درس میں حاضر ہوئے۔ جہاں فِقہ و اُصول و حکمت و کلام کی تعلیم حاصل کی۔ اِس کے بعد نجفِ اشرف چلے گئے۔ سیّد علی صاحب ریاضؔ سے تلمذ حاصل کیا۔ ۱۲۴۲ھ میں شیخ جعفر کاشف الغطا کی معیت میں جہاد میں بھی شریک ہوئے۔ پھر موصوف سے اِجازہ لے کر فتح علی شاہِ قاچار کے زمانے میں ایران واپس آ گئے۔ اَور قزوین میں مقیم ہوئے۔ جہاں مجلسِ درس قائم کی۔ تصنیف و تالیف میں مشغول رہے۔ راتوں کو عبادتِ الٰہی، دن میں دَرس و تصنیف میں بسر کرتے تھے۔

یہ وہ زمانہ تھا جب کہ اِیران میں شیخیت و بابیت نے سر اُٹھایا تھا۔ چناں چہ موصوف نے اس کے خلاف شدت سے وَعظ کرنا شروع کیا اور بابیوں کے کفر کا فتویٰ صادر کیا جو ان کی جان کی قیمت پر تمام ہوا۔ ایک رات کو اپنی مسجد میں مصروف گریہ و بُکا تھے کہ کچھ لوگ اَندر داخل ہوئے اور خنجروں سے جسم اَقدس کو چھلنی کر دیا۔ آپ فوراً مسجد کے باہر آ گئے تا کہ خون خانہ خدا میں نہ بہے۔ جوں ہی دروازہ پر پہنچے، غش کھا کر گر پڑے۔ قاتل اَپنا کام کر کے بھاگ گئے۔ دوسرے لوگ جو موقعہ پر پہنچ گئے تھے، اُٹھا کر گھر پر لائے، دو روز زندہ رہے مگر نہ کسی سے بات کر سکتے تھے نہ آب و غذا سے بہرہ ور ہو سکتے تھے کیوں کہ ایک ظالم نے مُنھ پر بھی وار کیا تھا۔ اسی عالم میں حضرت امام حسینؑ کی تشنگی کو یاد کرتے تھے اور روتے تھے یہاں تک کہ روح اقدس نے قفس عنصری سے پرواز کی۔ قزوین میں دَفن ہوئے جہاں آپ کا مزار بہت مشہور ہے۔

شہیدِ ثالثؒ سے آپ کی مشابہت علاوہ شہادت کے آپ کی کتاب مجالس

المتقین بھی ہے۔ کیوں کہ شہیدِ ثالث نے مجالس المومنین تحریر فرمائی تھی۔ مجالس المتقین کے علاوہ عیون الاصول، منہج الرشاد، شرح شرائع مکمل ۲۴ جلدوں میں ہے جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ ''صاحبِ جواہر'' نے اس سے مدد لی ہے۔

شیخ بہائی:۔ شیخ الاسلام بہاؤ الدین محمد بن حسین عاملی۔ ولادت ۹۵۳ ہجری وفات ۱۰۳۱ھ۔ شیخ عباس قمی نے آپ کو بھی مجدد مذہب جعفری لکھا ہے۔ کیوں کہ آپ گیارہویں صدی کے شروع میں ترویج دین فرما رہے تھے۔ تمام فنون وعلوم میں یدِ طولیٰ رکھتے تھے۔ شاہ عباس صفوی نے منصب ''شیخ الاسلام'' عطا کیا تھا۔ روضہ حضرت امام رضا غریب میں دفن ہوئے۔

آپ کی تالیفات میں حبل المتین، اربعین، جامع عباسی، کشکول، عروۃ الوثقیٰ، مثنوی نان وحلوہ، زبدہ، صمدیہ، خلاصۃ الحساب، تشریح الافلاک، مفتاح الفلاح در عمل یومِ دلیلہ وغیرہ ہیں۔

مقدس اردبیلی:۔ شیخ احمد بن محمد اردبیلی نجفی۔ وفات ۹۹۳ھ۔ علامہ مجلسی فرماتے ہیں کہ مقدس اردبیلی، روع وتقویٰ، زہد وفضل کی جس حد پر پہنچے ہوئے تھے۔ ان جیسی فرد نہ متقدمین میں دکھائی دیتی ہے نہ متاخرین میں۔ امام عصر عجل اللہ فرجہ، کی زیارت سے مشرف ہوئے تھے۔ امیر علام بیان کرتے ہیں کہ میں ایک رات صحن روضہ امیر المومنین علیہ السلام میں تھا۔ رات کا کافی حصہ گزر چکا تھا۔ اتنے میں میں نے ایک سایہ کو رات کی تاریکی میں روضہ اقدس کی طرف بڑھتے دیکھا۔ جب میں اس سایہ کے قریب گیا تو میں نے پہچانا کہ یہ میرے استاد تقی زکی مولانا شیخ احمد اردبیلی ہیں۔ ان کو دیکھ کر میں نے اپنے کو پوشیدہ کرلیا۔ شیخ بڑھتے بڑھتے حرم کے دروازے کے پاس آئے جو مقفول تھا۔ مگر جب وہ نزدیک پہنچے تو از خود کھل گیا۔ وہ اندر تشریف لے گئے۔ میں نے دروازے کے پاس آکر سنا تو اندر سے دو شخصیتوں کی سرگوشی کرنے کی ہلکی آواز کانوں تک آرہی تھی۔ تھوڑی دیر کے بعد شیخ روضہ سے باہر آئے اور کوفہ کی

طرف روانہ ہوئے میں بھی ان کے پیچھے پیچھے روانہ ہوا یہاں تک کہ ہم مسجد کوفہ میں داخل ہوئے۔ مقدس اردبیلی اس محراب میں آئے جہاں امیر المومنینؑ کی شہادت ہوئی تھی۔ تھوڑی دیر وہاں توقف فرمایا۔ پھر نجف کی طرف روانہ ہوئے۔ جب مسجد حنانہ کے نزدیک پہنچے تو مجھ کو کھانسی آ گئی شیخ نے پلٹ کر دیکھا اور فرمایا تم میر علام یہاں کیا کر رہے ہو؟ میں نے عرض کی میں نجف سے یہاں تک آپ کے ساتھ ہوں۔ آپ کو صاحب قرآن کی قسم دیتا ہوں کہ بیان فرمائیے یہ کیا معاملہ ہے؟ فرمایا شرط یہ ہے کہ میری زندگی میں کسی سے بیان نہ کرنا۔ میں نے کہا منظور ہے۔ مقدس اردبیلی نے فرمایا کہ میں بعض مسائل پر غور و فکر کر رہا تھا۔ جواب سمجھ میں نہیں آتا تھا۔ اتنے میں میرے ذہن میں آیا کہ حرم امیر المومنینؑ میں چل کر اس کا جواب لینا چاہیے۔ چناں چہ میں حرم میں آیا اور میرے لیے بغیر کلید کے دروازہ وا کر دیا گیا۔ حرم میں میں نے مناجات کی تو میں نے اپنے مولا و آقا کی آواز ضریح کے اندر سے سُنی کہ فرما رہے ہیں کہ مسجد کوفہ جاؤ اور قائم علیہ السلام سے اس کا جواب دریافت کرو۔ کیوں کہ امام عصر وہ ہیں۔ چناں چہ اب میں امام زمانہ سے جواب پا کر گھر کی طرف جا رہا ہوں۔

آپ کے زہد و اتقا کے بڑے قصے مشہور و معروف ہیں۔ کہتے ہیں کہ مقدس اردبیلی نے ایک کنوئیں میں پانی بھرنے کے لیے ڈول ڈالا۔ جب ڈول اُوپر کھینچا تو کیا دیکھتے ہیں کہ اُس میں جواہرات بھرے ہوئے ہیں۔ اپ نے وہ ڈول اُسی کنوئیں میں اُنڈیل دیا۔ دوبارہ ڈول اس میں ڈال کر کھینچا تو پھر جواہرات نکلے۔ آپ نے پھر اُنڈیل دیا۔ جب تیسری دفعہ بھی ڈول کھینچنے پر جواہرات ہی برآمد ہوئے تو شیخ احمد کی آنکھوں سے آنسو نکل آئے۔ سمجھ گئے کہ امتحان ہو رہا ہے۔ کہنے لگے، خدایا!۔ ''احمد آب می خواہد، جواہر نمی خواہد۔''

نجف اشرف میں وفات پائی، حضرت کے روضہ کے داہنے منارہ کے نیچے مزار شریف ہے، بائیں منارہ کے نیچے علامہ حلّی کی قبر ہے۔ آپ کی تصانیف میں آیاتِ

احکام۔ مجمع البرہان، شرح ارشاد، حدیقۃ الشیعہ مشہور کتابیں ہیں۔

علامہ مجلسیؒ :۔ ولادت شیخ الاسلام علامہ محمد باقر بن محمد تقی مجلسیؒ ۔ ولادت ۱۰۳۷ھ۔ وفات ۱۱۱۰ھ مستدرک الوسائل میں ہے کہ اسلام میں کسی کو وہ توفیقات نہیں ملیں۔ جو علامہ مجلسیؒ کو ہاتھ آئیں۔ ایک طرف سے بے پایاں تصنیفات چھوڑیں۔ دوسری طرف بلند مرتبہ شاگرد چھوڑے۔ پھر راتوں کو بے حد عبادت و ریاضت بھی کی۔ آپ کے درس سے ایک ہزار علما فضلاء برآمد ہوئے۔ آپ کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ آپ نے تمام احادیث شیعہ کو ایک مجموعہ میں جمع کر دیا جس کا نام "بحارالانوار" ہے۔ اس عظیم الشان کتاب کی ۲۶ جلدیں[1] ہیں۔

آپ کی دوسری خصوصیت یہ ہے کہ "بحارالانوار" کے علاوہ دیگر انتہائی مفید فارسی کتب تالیف فرمائیں۔

آپ کی تیسری خصوصیت یہ ہے کہ آپ اپنے عصر میں مومنین اور حکومت وقت کے درمیان رابطہ تھے اور لوگوں کے حوائج پورے ہوتے میں ان کی مدد کرتے تھے۔ خلاصہ یہ کہ آپ کے مدارج و مراتب حد سے سوا ہیں۔ علامہ نوری نقل کرتے ہیں کہ صاحب جواہر علیہ الرحمتہ نے بیان فرمایا کہ میں نے خواب میں ایک مکان دیکھا۔ جس میں بہت سے علماء جمع ہوئے ہیں۔ دروازے پر دربانوں کا پہرہ ہے۔ میں جس وقت اندر گیا تو میں نے اس جگہ کو ہر قسم کے چھوٹے بڑے عالموں سے مملو دیکھا۔ میں نے دیکھا کہ صدر مجلس میں علامہ مجلسیؒ صدر مجلس میں تشریف فرما ہیں۔ صاحب جواہر فرماتے ہیں کہ یہ دیکھ کر میں نے دربان سے پوچھا کہ ان کو یہ شرف کیسے ملا؟ اس نے جواب دیا کہ یہ آئمہ معصومینؑ کی بارگاہ میں زیادہ معروف ہیں۔ ایران کے شہر اصفہان میں وفات پائی۔ جامع کبیر کے باب قبلہ میں دفن ہیں۔

آپ کی تالیفات میں "بحارالانوار" کے علاوہ حیات القلوب، عین الحیاۃ،

[1] کتاب بحارالانوار کی اردو میں ۱۲ جلدیں شائع ہو چکی ہیں۔ کتاب کا مکمل سیٹ محفوظ بک ایجنسی میں دستیاب ہے۔

حلیۃ المتقین، مرمات العقول شرح کافی، زاد المعاد، فرائد الطریفہ، جلاء العیون، تحفۃ الزائر، ملاذ الاخیار، شرح، تہذیب الاخبار وغیرہ ہیں۔

محدّث جزائری:۔ محدث شہیر سیّد نعمت اللہ بن سیّد عبداللہ جزائری شوشتری۔ ولادت ۱۰۵۰ھ۔ وفات ۱۱۱۲ھ جزائر کے ایک قریہ صبّاغیہ میں پیدا ہوئے۔ یہ جزائر مشہور جزائر کے علاوہ ہے جو سرزمین عراق میں شہر عمارہ وسوق الشیوخ کے پاس واقع ہے۔ دجلہ وفرات نے وہاں چھوٹے چھوٹے جزیرے سے بنا دیئے ہیں۔ اس بناء پر اس کو جزائر کہتے تھے۔ سیّد نعمت اللہ جزائری انہیں جزائر کی طرف منسوب ہیں۔

کنیٰ والالقاب میں ہے:

"والجزائرھنا عبارۃ عن النّاحیۃ الکبیرۃ والقری المتصلۃ الواقعۃ علی شفیر نھر تستر بینھا وبین البصرۃ حسنۃ الرباع والا قطاع خرج منھا جمع کثیر من علماء الشیّعۃ و منھم السیّد نعمت اللّٰہ الموسوی الجزائری۔" (انتہی)

یہاں جزائر سے مُراد وہ سرسبز وشاداب وسیع وعریض رقبہ ہے جو نہر شوشتر کے کنارے شوشتر اور بصرہ کے درمیان واقع ہے۔ اس مقام (جزائر) سے بہت سے علمائے شیعہ نکلے ہیں اور ان میں سے سیّد نعمت اللہ موسوی جزائری بھی ہیں۔

(کنی والالقاب جلد ۲ ص ۳۰۴)

آپ کا سلسلۂ نسب بارہ واسطوں سے امام ہمام موسیٰ کاظمؑ تک پہنچتا ہے۔ ایران وعراق میں سادات جزائر سادات صحیح النسب کا بہت بڑا اور مشہور قبیلہ ہے جس میں اکثر علماء وفضلا ہیں۔ سیّد نعمت اللہ جزائری جن کو ہم آئندہ ان کے لقب سیّد جزائری کے ساتھ یاد کریں گے۔ اِن منفرد علمائے امامیہ میں سے ہیں جنہوں نے مذہب امامیہ کی ترویج میں بڑی زحمتیں برداشت کیں۔

ابھی آپ کی عمر چھ سال سے متجاوز نہ ہوئی تھی کہ قرآن و اَدب میں دسترس

Scanned with CamScanner

حاصل ہوگیا تھا۔ گیارہ ۱۱ سال کی عمر میں عراق سے ہجرت کر کے ایران میں شیراز آ گئے، جہاں اپنی تحصیلات مکمل کیں۔ اپنی تحصیل کے آخری دور میں اصفہان آ گئے تھے۔ جہاں علامہ مجلسیؒ سے تلمذ حاصل کیا۔ علامہ مجلسیؒ کے حلقۂ درس میں آپ ارشدِ تلامذہ شمار ہوتے تھے۔ یہاں تک کہ مجلسیؒ اپنی تالیفات میں ان سے مدد لیا کرتے تھے۔ چناں چہ امل الآمل مُستدرک الوسائل وغیرہ میں ہے کہ علامہ مجلسیؒ نے اپنی عظیم کتاب بحارالانوار کی تالیف میں نعمت اللہ جزائری سے مدد لی اور وہ ان کو خاص لُطف و عنایت اور احترام کی نظر سے دیکھتے تھے اور ان کے ہمعصروں پر ان کو فوقیت دیتی تھی۔

سیّد جزائری کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ آپ نے جس زحمت و تکلیف کے ساتھ تحصیلِ علم کی علماء میں اس کی کوئی مثال نہیں مِلتی۔ چناں چہ موصوف اَپنی بعض تالیفات میں تحریر فرماتے ہیں کہ زمانہ طالب علمی میں میرے پاس چراغ تک نہ تھا۔ چاندنی راتوں میں ایران کی کڑاکے کی سردیوں کے باوجود کوٹھے پر چاند کی روشنی میں مطالعہ کیا کرتا تھا۔ جب راتیں اندھیری ہوجاتی تھیں تو کمرے میں آجاتا تھا جہاں دیوار میں ایک شگاف تھا اس سے ہمسایہ مکان سے ناکافی روشنی آجاتی تھی۔ ایک دفعہ میں نے کتاب پر خون کے چھینٹے دیکھے تو حیران ہوا۔ بعد میں معلوم ہوا کہ رات کی سردی نے میرے ہاتھ کاٹ دیئے تھے۔ جن سے خون کے قطرے کتاب پر بہہ گئے اور مجھے خبر نہ ہوئی۔

جس زمانے میں شوشتر ایران کا پائے تخت تھا، اس زمانے میں آپ وہاں کے امام جمعہ و جماعت تھے۔ آج بھی آپ کی اولاد شوشتر واہواز، کربلا و نجف، پاکستان و ہندوستان میں موجود ہے۔ جن میں بڑی تعداد علماؤ فضلا کی ہے۔ ہندوستان میں سرکار مفتی سیّد احمد علی صاحب قبلہ مجتہد العصر اور پاکستان میں علامہ جزائری مفتی سیّد طیب آغا صاحب مجتہد العصر آپ کی ذریّت سے ہیں۔

سیّد جزائری کی تالیفات میں سب سے اہم شرح تہذیب بارہ جلدوں میں شرح

استبصار دو جلدوں میں ہے۔ افسوس کہ یہ دونوں نادر روزگار کتابیں ابھی تک زیور طبع سے آراستہ نہیں ہوئیں۔ ورنہ سیدؒ کا صحیح مقام لوگوں کے سامنے آجاتا۔ آپ کی مشہور تصانیف میں ''انوار نعمانیہ'' اور ''زہر الربیع'' دو جلدوں میں بھی ہیں۔ ''زہر الربیع'' میں زیادہ تر مطائبات جمع کیے ہیں جو اگرچہ اہل ہند کی افتاد طبع سے ہٹے ہوئے ہیں۔ مگر اہل تجربہ جانتے ہیں کہ اہل عراق اور اہل ایران بلکہ خود قرآن کے لب ولہجہ میں یہ طرز گفتگو شائع و ذائع ہے۔ سورۂ تحریم میں جناب مریم کے مقام مدح میں ارشاد ہوتا ہے: وعویم ابنت عمر ان التی آحصنت فرجہاء فنفخنا فیہ من روحنا۔ (تحریم ۶۶:) آیت نمبر ۱۱۲

اگر یہی الفاظ اردو زبان میں کسی عورت کے لیے استعمال کیے جائیں تو اس کی مذمت بن جائیں۔ علاوہ بریں زہر الربیع کے مقدمہ میں سیدؒ نے جو اس کتاب کی وجہ تالیف بیان کی ہے۔ اس سے ان کے مقصد پر روشنی پڑتی ہے چوں کہ اہل علم مطالعہ و تصنیف و تالیف سے گھرے ہوتے ہیں۔ حوادث روزگار بھی ان کو بالعموم بہت ستاتے ہیں اگر بعض اوقات دماغ کو تفریحی باتوں سے سکون نہ پہنچایا جائے تو اس کے مختل ہونے کا اندیشہ ہے۔ اسی لیے یہ حدیث وارد ہے کہ

''ان الارواح تکل کما تکل الابدان فابتغو الیہا طرائف الحکمۃ۔''

روحیں بھی اسی طرح ریاضت سے تھک جاتی ہیں جس طرح جسم تھک جاتے ہیں۔ لہٰذا اُن کے لیے تر و تازہ حکمت کی باتیں فراہم کرو۔

بہر حال غم غلط کرنے کے لیے زہر الربیع سے بہتر کوئی کتاب نہیں۔ اگر کسی کو شک ہو تو وہ اس کا مطالعہ کرے۔ مذکورہ کتب کے علاوہ آپ کی حسب ذیل تصنیفات بھی ہیں۔

قصص الانبیا، نوادر الاخبار، شرح صحیفہ کاملہ، شرح جامی، منبع الحیاۃ، غرائب الاخبار، مفتاح اللبیب در شرح تہذیب، ہدیہ، ریاض الابرار فی مناقب الائمہ الاطہار

(۳ جلد) مسکن الشجون، مقامات النجاۃ، منتہی المطلب، حواشی القرآن (۳ جلد) وغیرہ۔

سیّد جزائری کا مزار شوستر کے قریب مقام جائے دَر (پل دختر) میں زیارت گاہ خاص و عام اور وسیلۂ حل مشکلات مومنین ہے۔

حال ہی میں آپ کا روضہ امتدادِ زمانہ سے گر گیا تھا، وہاں کے ایک عالم نے خواب میں سیّدؒ کو دیکھا، فرماتے ہیں میرا روضہ بنوا دو۔ انہوں نے کہا کہ جنگل میں اینٹ، پتھر کہاں سے آئے گا۔ جواب دیا روضہ کے پاس ایک ٹیلہ ہے اس کو کھودو، اندر سے مطلوبہ سامان دَستیاب ہوجائے گا۔ عالم مذکور نے اس مقام پر آ کر کھدوایا تو اَندر سے اِینٹیں برآمد ہوئیں۔ جن سے قبّہ کی دوبارہ تعمیر عمل میں آئی۔ لُطف یہ ہے کہ نہ ایک اِینٹ کم ہوئی نہ زائد۔

علمائے عراق و اِیران کے تذکرہ کے بعد مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اَب ہم مختصر الفاظ میں بعض فحول علمائے ہند کا بھی تذکرہ کر دیں۔ جن کی روشنی علم سے آج تک ہم بہرہ اندوز ہو رہے ہیں۔ سابقاً ذِکر کیا چُکا ہے کہ ہندوستان میں علومِ اہلبیتؑ کے دَاغ بیل سیّد نور اللہ شوشتری (شہیدِ ثالث) نے ڈالی۔ آپ کے بعد جن علماء نے نورِ محمدیؐ اور چراغِ سرمدی کے فروزاں رَکھنے میں حصہ لیا ان میں عفران مآب سیّد دِلدار علی صاحب اعلی اللہ تعالیٰ مقامہ، کا نام صفِ اَوّل میں ہے۔

غفران مآب سیّد دلدار علی:۔ محی الملۃ و الدین علامہ سیّد دلدار علی غفرانمآب نقوی نصیر آبادی جائسی لکھنوی۔ ولادت ۱۱۶۶ھ۔ وفات ۱۲۳۵ھ۔ آپ کے والد بزرگوار سیّد محمد معین نصیر آبادی تھے۔

آپ کے اَجداد میں سیّد زکریا فاتح نصیر آباد اور ان کے جد بزرگوار نواب نجم الملک سیّد نجم الدین سبزواری فاتح جائنس ۴۲۰ھ خاص طور سے قابلِ ذکر ہیں۔ آپ کی ولادت بمقام قصبہ نصیر آباد روز جمعہ ۱۱۶۶ ہجری میں ہوئی۔ ۱۱۹۱ھ میں آپ کے والد بزرگوار نے انتقال فرمایا۔ ابتدائی تعلیم آپ کی مولوی سیّد فتح علی جائسی، سیّد غلام

حسین دکنی ، مولوی حیدر علی سندیلوی سے ہوئی۔ ۱۱۹۳ھ میں سفر عراق کیا۔ وہاں آقا سیّد محمد باقر بہبہانی مجتہد کربلا آقائے سید مہدی طباطبائی بحر السلام مجتہد نجف۔ آقا سید محمد مہدی شہرستانی مجتہد کربلا سے اجازت حاصل کی۔ ۱۱۹۴ھ میں مشہد مقدس پہنچے اور آقا محمد مہدی ابن ہدایت اللہ اصفہانی شہید رابع طاب ثراہ سے اجازہ حاصل فرمایا لکھنو واپس آکر نمازِ جماعت کی نیو آپ نے ڈالی اور پہلی مرتبہ زمانہ نواب آصف الدولہ بہادر نواب اودھ میں حسن رضا خاں وزیر کے قصر میں ۱۳ رجب ۱۲۰۰ھ کو نماز ظہرین پڑھائی اور ۲۷ رجب ۱۲۰۰ھ کو نماز جمعہ پڑھائی۔

آپ نے اور آپ کی اولاد نے ملک ہند میں مذہب اثناء عشری کی خوب تبلیغ کی۔ آپ نے تیس کتابیں لکھی ہیں جن میں سے ''عماد الاسلام'' بہت مشہور ہے ۱۲۲۷ھ میں امامباڑہ غفران مآب واقع لکھنو کی تعمیر ہوئی جس میں آپ اور دیگر اولاد مجتہدین و اکابر شیعہ دفن ہیں۔ آپ کے پانچ صاحبزادے عالم جید ہوئے۔ آپ کی وفات ۱۹ رجب ۱۲۳۵ھ میں بمقام لکھنو ہوئی۔ سلطان العلماء سیّد محمد آپ کے جانشین ہوئے۔

مُفتیِ اعظم سیّد محمد عبّاس : شمس العلماء اورع الناس مفتیِ اعظم سیّد محمد عبّاس شوشتری جزائری لکھنوی۔ ولادت ۱۲۲۴ ہجری۔ وفات ۱۳۰۶ ہجری آپ نابغہ دہر و علامہ عصر تھے۔ کوئی علم و فن ایسا نہ تھا جس میں آپ کی استادی و بالادستی مُسلم نہ ہو۔ آپ کا نسب سترہ واسطوں سے امام موسیٰ کاظم علیہ السّلام تک پہنچتا ہے۔ اس نسب کے تین خصوصیات ہیں۔

(۱) یہ نسب جس خانوادہ سے منسوب ہے اس کو بلادِ عجم و عرب میں ساداتِ نوریہ یا سادات جزائری کہتے ہیں اور یہ نسب نہایت معزز و محترم ہے۔

(۲) یہ نسب نہایت کم واسطوں سے امام عالی مقام تک منتہی ہوتا ہے۔ اس کو اِصطلاح علم نسب میں ''نسبِ عالی'' کہتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

(۳) اس نسب میں جتنے واسطے ہیں وہ سب تقریباً علماء و زُہادِ عصر ہیں۔ ان تمام خصوصیات کا نسب بہت کم کسی کو نصیب ہوتا ہے۔

آپ کے دادا سیّد محمد جعفر شوشتری (سیّد نعمت اللہ جزائری کے پر پوتے تھے) ایران سے ہندوستان آئے اور لکھنو کو اپنا مستقر بنایا۔ ان کے فرزند سیّد علی اکبر بھی عالمِ جلیل، صاحبِ تصانیف تھے۔ ان کو خداوند کریم نے ایک گوہر نایاب عطا فرمایا۔ جس کا نام انہوں نے اپنے بھائی کے نام پر محمد عبّاس رکھا۔ ایرانی تربیت، ماحول کی تاثیر اور توفیق الٰہی کی برکت سے جلد ہی اُفق عالم پر سورج بن کر چمکنے لگا۔ واجد علی شاہ نے دُرِّ نجف کو اپنے تاج کا آویزہ بنایا۔ حکومت اودھ کی چیف جسٹسی (قاضی القُضاۃ) کا عہدہ پیش کیا۔ جو آپ نے اس شرط پر قبول فرمایا کہ بادشاہ و وزیر کو بھی بوقت ضرورت عدالتِ شرطیہ میں پیش ہونا پڑے گا۔ یہ شرط واجد علی شاہ نے دِل و جان سے منظور کی اور مفتی صاحب قبلہ سریر قضاوت پر جلوہ اَفروز ہوئے۔ مُفتی کا لقب دربارِ عالی سے عطا ہوا۔ جو اس وقت تک ان کی اولاد میں باقی ہے۔ واجد علی شاہ کو سرکار مُفتی صاحب قبلہ سے کس حد تک عقیدت تھی۔ وہ شاہِ موصوف کے اس منظومِ خط سے ہوتی ہے۔ جو اُنہوں نے منیا برج (کلکتہ) سے نظر بندی کے زمانہ میں تحریر فرمایا ہے۔ اِس کے بعض شعر یہ ہیں۔

سر دُرۃ التاجِ روحانیاں
سُرورِ دِل و جانِ ایمانیاں
نگین سر عرش رنگیں کلام
پئے پَس رَواں مرشد و خوش اِمام
تمنائے جانِ غریب الدیار
اَنیس و رَفیق و دِل غمگسار
سر پادشا ہانِ گرد،وں وقار
ہُمائے بلندی چرخِ بَہار

حسامِ یدُ اللہ خیبر شکن
ولیِّ سُبک خوٗ۔ امامِ زمن

آخر میں لکھتے ہیں:

ترستا ہوں اِس سن میں دیدار کو
مزے کسب نوری کے اَغیار کو
پئے مُجتہد ہے عدالت ضرور
نہ یہ کہ وہ مفتی بھی ہو ذِی شعور
تباعد میں بَس حالِ دِل ہوگا کیا
اِسی واسطے مقتدا تھا بَنا
کلام اَز اَدب خالی ہو کیا عجب
بہت اَب ستاتا ہے فرطِ تعَب
بتاؤ ! کہ کب تک کرو گے کَرم؟
کہ ہونٹوں پہ پہنچا ہے فرقت سے دَم (۱)

مفتی صاحب قبلہ کے تبحّرِ علمی کے آگے تمام علمائے عصر سر نیاز جُھکاتے تھے۔ تشنگانِ علوم زانوے اَدب تہہ کرتے تھے۔ علمی حلقوں میں آپ ''اُستاد الکلّ فی الکلّ'' کے لقب سے پُکارے جاتے تھے۔ حجۃ الاسلام سیّد حامد حسین صاحب قبلہ، صاحب عبقات الانوار اَور ناصر المِلّت سیّد ناصر حسین صاحب قبلہ یہ دونوں باپ بیٹے آپ کے شاگرد رَشید، نجم المِلّت سیّد نجم الحسن صاحب قبلہ بانی مدرستہ الواعظین لکھنو و مَدرسہ ناظمیہ، آپ کے شاگرِد داَور دَاماد تھے۔ میر اَنیس تک کو آپ سے شرفِ تلمّذ حاصل تھا۔ سرکار مفتی صاحب قبلہ کی وفات کے بعد ان کے دونوں صاحبزادے مفتی سیّد محمدؒ[۲]

---

(۱) یہ پوری نظم ''تاریخ عباس'' مرتبہ عزیز لکھنوی میں درج ہے حصہ دوم صفحہ ۱۶۶۔

(۲) محقق اعصر علامہ جزائری مفتی سیّد طیب آغا مجتہد آپ کے صاحبزادے ہیں اور ایران میں مقیم ہیں۔ ۱۲۔

علی[۲] صاحب قبلہ مجتہد اور مفتی سیّد احمد علی صاحب قبلہ مجتہد آسمانِ لکھنو پر آفتاب و ماہتاب بن کر چمکے۔ موخر الذکر اس وقت لکھنو میں بقیدِ حیات ہیں اور متحدہ ہند میں مفتی اعظم مانے جاتے ہیں (اَطال اللہ بقاءہ)۔

سرکار مفتی صاحب قبلہ نے اَپنے بعد تقریباً ہر علم وفن میں گراں قدر تصانیف کا سرمایہ چھوڑا۔ جن میں سے بعض کتب یہ ہیں:

روائح القرآن (تفسیر) نزع القوس، ترصیع الجواہر، التقاط اللئالی (حدیث) شعلۂ جوالہ، شریعتِ غرا، صفحۂ الماس، روض اریض (فقہ)، اسادر عسجدیہ علی مبحث الفوریہ، نور الابصار فی مسائل الاصول والا خبار، نبراس فی حجیۃ القیاس (یعنی قیاس بالادلویہ) جلجلۃ السحاب فی حجیۃ ظواہر الکتاب (اصول) کتاب التواریخ، مقتل عثمان (تاریخ)، دلیلِ قوی، بغیۃ الطالب فی ایمان ابی طالب، جواہر عبقریہ رَدّ تحفۂ اثناء عشریہ (ذر مناظرہ)، تحفۃ الادب، رطب العرب، اجناس الجناس، یدِ بیضا، اَوراق الذہب (در اَدب)، توصیف التصریف، فوح البیر فی مسئلۃ التقید واَخیتر (نحو وصرف) تعلیقہ حسناء، حواشی مُلّا حسن شرح سلم، حواشی حمد اللہ، رسالہ فارسیہ، جواب انعکاس خاصتین (منطق) حواشی تحریر اُقلیدس (علم ہندسہ) رفع الالتباس (عروض) تحفۃ الطّب، حاشیہ شرح اسباب، شرح موجز (دَرطب) مَن وسَلویٰ، اخلاقِ حسینیہ، مواعظِ قرآنیہ (مواعظ) وغیرہ۔

غرضیکہ مفتی صاحب قبلہ کی تصانیف اگر گنوائی جائیں اَور ان پر تبصرے کیے جائیں، تو شاید یہ پوری کتاب ناکافی ہو۔

Scanned with CamScanner

جدول ولادت و وفات علمائے اعلام

نمبر شمار	اسمائے مبارک	سن ولادت	مولد	سن وفات	مدفن	عمر
۱۔	عثمان بن سعد (نائب خاص)	۰	سامرہ	۲۹۵ھ	بغداد (عراق)	۰
۲۔	محمد بن عثمان (نائب خاص)	۰	سامرہ	۳۰۵ھ	ایضاً	۰
۳۔	حسین بن روح (نائب خاص)	۰	۰	۳۲ھ	ایضاً	۰
۴۔	علی بن محمد سمری (نائب خاص)	۰	۰	۳۲۸ھ	بغداد (عراق	۰
۵۔	محمد بن یعقوب کلینی	۰	کلین (ایران)	۳۲۹ھ	ایضاً	۰
۶۔	علی بن بابویہ	۲۸۰ھ	قم ایران	۳۲۹ھ	قم	۶۹
۷۔	شیخ صدوق	۳۳۰ھ	قم ایران	۳۸۱ھ	رے (ایران)	۵۱
۸۔	شیخ الطائفہ، محمد طوسی	۳۸۵ھ	طوس (ایران)	۴۶۰ھ	نجف (عراق)	۷۵
۹۔	شیخ مفید	۳۳۶ھ	بغداد	۴۱۳ھ	کاظمین	۷۷
۱۰۔	سید مرتضیٰ علم الہدیٰ	۳۵۵ھ	بغداد	۴۳۶ھ	کربلا	۸۱
۱۱۔	سید رضی	۳۵۹ھ	بغداد	۴۰۶ھ	کاظمین	۴۷
۱۲۔	نصیر الدین طوسی	۵۹۷ھ	طوس (ایران)	۶۷۲ھ	کاظمین	۷۵
۱۳۔	علامہ حلی	۶۴۸ھ	حلہ (عراق)	۷۲۶ھ	نجف اشرف	۷۸

Scanned with CamScanner

۱۴۔	شہید اوّل	۷۳۴ھ	۰	۷۸۶ھ	۰	۵۲
۱۵۔	شہید ثانی	۹۱۱ھ	۰	۹۶۵ھ	قسطنطنیہ	۵۴
۱۶۔	شہید ثالث	۹۵۶ھ	مرعش (ایران)	۱۰۱۹ھ	آگرہ (یوپی)	۶۲
۱۷۔	شہید رابع	۹۵۶ھ	برغان (ایران)	۱۲۶۳ھ	قزوین (ایران)	۰
۱۸۔	شیخ بہائی	۹۵۳ھ	۰	۱۰۳۱ھ	مشہد	۷۸
۱۹۔	مقدس اردبیلی	۰	اردبل (ترکستان)	۹۹۳ھ	نجف اشرف	۰
۲۰۔	علامہ مجلسی	۱۰۳۷ھ	۰	۱۱۱۰ھ	اصفہان	۷۳
۲۱۔	سید نعمت اللہ جزائری	۱۰۵۰ھ	جزائر	۱۱۱۲ھ	جائے در (ایران)	۶۲
۲۲۔	غفران مآب	۱۱۶۶ھ	نصیر آباد	۱۲۳۵ھ	لکھنؤ	۶۹
۲۳۔	مفتی محمد عباس	۱۲۲۴ھ	لکھنؤ	۱۳۰۶ھ	لکھنؤ	۸۲

Scanned with CamScanner

جزیرۂ خضرا میں پانچ علماء کی شہرت ہے

زمانہ غیبت کبریٰ میں حضرت کا مقام جزیرۂ خضرا میں بتایا گیا ہے۔ چناں چہ ''صاحب مفتاح الشفاعۃ'' نے نجم ثاقب سے نقل کیا ہے کہ محدث جلیل علامہ حسین نوری فرماتے ہیں کہ جس وقت شیخ زین الدین علی بن فاضل مازندرانی جزیرۂ خضراء میں مشرف ہوئے اور انہوں نے واپس آ کر وہاں کے حالات بیان کیے تو انہوں نے کہا کہ میں نے جزیرۂ خضرا میں علما امامیہ سے صرف پانچ شخصوں کا نام لیتے ہوئے سُنا۔

(۱) سیّد مرتضیٰ علم الہدیٰ۔
(۲) شیخ ابوجعفر طوسی (شیخ الطائفہ)۔
(۳) محمد بن یعقوب کلینی۔
(۴) ابن بابویہ۔
(۵) شیخ ابوالقاسم جعفر بن اسماعیل حِلّی (یعنی محقق صاحب شرائع)۔

اس کے بعد علامہ حسین نوری لکھتے ہیں کہ پوشیدہ نہ رہے کہ محقق کا نام حَسن ہے اور یحییٰ بن سعید ہذلی حِلّی کے فرزند ہیں۔ لہٰذا یا تو اس حکایت میں کوئی تحریف معلوم ہوتی ہے یا ان کے اَجداد میں سے کوئی شخص اسماعیل نامی گزرا ہو جس کی طرف نسبت دی۔ اس حکایت کو علامہ مجلسی نے ''بحارُ الانوار'' (جلد ۱۳) میں ذکر کیا ہے۔ ان کے علاوہ دیگر کثیر علماء نے اس واقع کو اپنی کتبِ معتبرہ میں دَرج کیا ہے۔

علاماتِ ظہور:

(۱) اصفہان سے خروج دَجّال۔ (۲) دُنیا کفر و فساد سے بھر جائے گی۔
(۳) ندائے آسمانی۔ (۴) عثمان بن عنبہ اَزنسل یزید بن معاویہ شام

خروج کرے گا۔ (۵) سیاہ علموں والے لشکر کا نجدی مکہ و مدینہ آنا۔
(۶) محمد بن حسن نفس زکیہ کا درمیان رکن و مقام قتل ہونا۔
(۷) ایک حسنی سیّد کا پشت مسجد کوفہ پر قتل ہونا
(۸) ادریس کا یمن میں خروج۔
(۹) کوفہ کا آباد ہو جانا۔ (۱۰) سات سال کا قحط اور بارش کا نہ ہونا۔
(۱۱) آفتاب میں کھڑکی کا نمودار ہونا جس میں سے حضرت عیسیٰ بذریعہ للّٰہ ابر زمین پر تشریف لائیں گے۔

احوالِ ظہور صاحب العصر والزمان علیہ السّلام

(نقل از تحفۃ العوام مرتبہ مولوی باقر حسین دہلوی)
(مطبوعہ یوسفی پریس دہلی ۱۹۱۴ء ص ۳۰۰ فصل نمبر ۳)

جب حضرت صاحبؑ العصر کے ظہور کا وقت قریب ہوگا تو بہت سی علامات ظاہر ہوں گی۔
(۱) ۱۵ رمضان المبارک میں سورج گہن اور آخر ماہ میں چاند گہن ہوگا۔ جو خلاف قاعدہ منجمین ہے۔
(۲) آفتاب اوّل روز سے وسط عصر تک آسمان پر قیام کرے گا۔
(۳) جانب شرق ایک دُمدار ستارہ، چاند جیسا روشن نمودار ہوگا۔ پھر وہ ستارہ خم کھائے گا۔ یہاں تک کہ اس کے دونوں سرے مل جائیں گے۔
(۴) اطراف عالم پر سُرخی پھیل جائے گی۔
(۵) جانب مشرق طول میں آتش نمایاں ہو کر تین یا سات دن رہے گی۔
(۶) سات کاذب، دعوی پیغمبری کریں گے۔
(۷) مغلوں کے دو فرقوں میں شدید خونریزی ہوگی۔

Scanned with CamScanner

(۸) بغداد میں اوّل رُوز سیاہ آندھی اور زلزلہ آئے گا۔

(۹) اکثر شہر غرقِ زمیں ہوں گے۔

(۱۰) قتل، وَبا، مال، زراعت، میوے عراق میں بکثرت ہوں گے اَور ٹڈی آئے گی۔

(۱۱) اَولادِ اَبی طالِب میں بارہ عَلَم بہ دعوای امامت بلند ہوں گے۔

(۱۲) ایک بدعتی جماعت بندر اور سُور کی صورتوں میں مسخ ہو جائے گی۔

(۱۳) ماہِ جمادی الآخر سے رجب المرجّب کے دس روز تک اِس قدر مینھ بَرسے گا کہ خِلقت نے کبھی نہ دیکھا ہوگا۔ اور اس مینھ سے قبروں کے اَندر مومنین کے گوشت اُگیں گے۔

(۱۴) قریبِ قیامت تین چاند متواتر اُنتیس ۲۹ کے ہوا کریں گے۔

حضرت صاحب العصر علیہ السّلام کے ظہور کے پیشتر پانچ علامتیں ظاہر ہوں گی۔

(۱) ماہِ رجب المرجب میں آسمان سے ندا آوے گی۔

(۲) سُفیان نکلے گا۔

(۳) روبروئے خانہ کعبہ یا پشتِ کوفہ پر ایک پاک نفس حسینی سیّد قتل ہوگا۔

(۴) اہل یمن خروج کریں گے۔ اس وقت حضرت صاحب العصر و الزمانؑ تین سو تیرہ متقی مومنین کو ہمراہ لے کر خروج کریں گے۔ یہ ہمراہی شہر ہائے مختلف سے کچھ لوگ بستروں سے غائب ہو کر بعض اعلانیہ سفر طے کر کے صبح کے وقت بمقام مکہ خدمتِ امام علیہ السّلام میں پہنچ جائیں گے۔ احادیث معتبرہ میں وارد ہوا ہے کہ جس رُوز آپ کا ظہور ہوگا وہ منگل کا دِن اور محرم کی دسویں تاریخ ہوگی۔ پہلے حضرت جبرائیلؑ بیعت کریں گے اَور ہر ایک مومن کی قبر میں ایک فرشتہ ندا دے گا کہ تیرا امامؑ ظاہر ہو گیا ہے۔ اگر تو چاہے تو ہم تجھے ان کے پاس پہنچا دیں۔ پھر جس وقت حضرتؑ مکہ معظمہ سے باہر تشریف لائیں گے اور مومنین جمع ہو جائیں گے تو اس وقت منجاب امامؑ منادی ہوگی کہ کوئی شخص پانی اور خوراک ہمراہ نہ رکھے۔ صرف حضرت موسیٰؑ کا پتھر ایک اونٹ

پر بار کیا جائے گا۔ جس میں سے ہر منزل پر بارہ چشمے جاری ہو کر بھوکوں اور پیاسوں کو سیر و سیراب کر دیں گے۔ زمین وقت سفر کوتاہ ہوگی کہ بہت جلد نجف اشرف میں پہنچ جائیں گے وہاں قیام کریں گے تو اسی پتھر سے دودھ اور شربت کی نہریں جاری ہوں گی۔

امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ حق تعالیٰ نے کوئی وقت ظہور کا ظاہر نہیں فرمایا جو مقرر کرے اس نے علم غیب کا دعویٰ کیا اور کافر ہوا۔

آپؑ دفعتاً پشت خانہ کعبہ اس طرح ظاہر ہوں گے کہ عبائے رسول خداؐ اوڑھے ہوئے۔ زرد عمامہ فرق اقدس پر نعلین حضرت پائے مبارک میں، عصائے حضرت ہاتھ میں، چند گوسفند آگے آگے، سفید پوشاک زیب تن، دو انگشتریاں زیب انگشت، ایک امام حسینؑ کی جس پر ''انّی مستجیر بک یا امان الخائفین''۔ دوسری امام حسنؑ کی جس پر ''انّی واثق برحمتک'' کندہ ہوگا۔

سن اقدس چالیس سال کا معلوم ہوگا۔ اس طرح تنہا در خانہ کعبہ پہ پہنچیں گے۔ اہل مکہ سُو جائیں گے۔ حضرتؑ دست مُبارک روئے اقدس پر پھیریں گے اور فرمائیں گے۔ حمد و شکر اُس خدا کا جس نے ہمارے وعدے کو سچا کیا اور بہشت کو ہماری میراث کی کہ جہاں ہم چاہیں قرار کریں۔ بعد اس کے درمیان حجر اسود اور مقام ابراہیمؑ پہ آپ کھڑے ہوں گے اور ایک عمود نور زمین سے آسمان تک بلند ہوگا۔ صبح کو تین سو تیرہ مومنین خدمتِ حضرت میں حاضر ہوں گے۔ جن میں سے چھ مومنین ہندوستان سے مذکور ہیں۔ (علمدار حضرت امام عصرؑ، محمد حنفیہ ہوں گے) بموجب حدیث امام علیؑ رضا، اسیؑ ہزار ملائک محدقین قبر الحسینؑ حضرتؑ قائم کے پابہ رکاب شریک جہاد ہوں گے اور انتقام خون ناحق مظلوم کربلا لیں گے۔

امام عصرؑ کے ظہور کا تعین

اگرچہ روایات میں امام عصرؑ کے ظہور کی صرف علامات ہی بیان کی گئی ہیں اور

اس کے تعین کی نفی کی گئی ہے مگر اس سلسلہ میں ایک روائیت اور ایک خواب ہم درج کرتے ہیں۔ جس کو رویائے صادقہ کہا جاسکتا ہے۔ جس سے آپ کے وقت ظہور پر روشنی پڑتی ہے۔ وہو ہذا۔

علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے اپنے رسالہ رجعت میں تفسیر عیاشی سے ایک روایت درج کی ہے کہ آنحضرتؑ نے فرمایا کہ یقوم قائمنا عند انقضائها بالرا۔ یعنی ہمارا قائمؑ ''الرا'' کے خاتمہ پر ظہور کرے گا۔ اس حدیث کے معنی علامہ مجلسی نے یوں کیے کہ قرآن کے پانچ سورے جہاں ''الرا ء'' آیا ہے اس کو جمع کر کے اس کے عدد جوڑے ۱۱۵۵ ہجری بنا۔ جو گزر گیا اور آپ کا ظہور نہیں ہوا۔ وہ پانچ سورے یہ ہیں۔ (۱) ہود (۲) ابراہیم (۳) حجر (۴) یونس (۵) یوسف۔ حالاں کہ قرآن کریم میں ایک چھٹا سورہ رعد بھی ہے۔ جس میں ''الرا'' ہے۔ لہٰذا اب کل چھ سورے ہوئے۔ ''الرا ء'' کے عدد ۲۳۱ ہیں۔ اس کو ۶ سے ضرب دینے پر ۱۳۸۶، نکلتا ہے۔ یہ اگرچہ مجملات میں سے ہے لیکن اگر اس کا یہی مطلب ہے جو علامہ مجلسی نے سمجھا ہے۔ تو ۱۳۸۶ھ یعنی آج سے دو سال بعد آپ کا ظہور موفور السرور ہوگا۔ عجل اللہ تعالیٰ فرجہ، وسہل اللہ مخرجہ۔

پیشین گوئی بذریعہ رُویائے صادقہ:

شب نوزدہم ماہ شوال ۱۲۵۹ ہجری میں بوقت نماز صبح صحی سید محمد صادق رضوی ولد سید ابوالفضل صاحب رئیس کرولی نے ایک خواب دیکھا۔ جس کی تعبیر کے لیے موصوف حقیر سے دوسری شب میں بموجودگی سید کرار حسین و سید فدا محمد و شیخ محمد حسین صاحبان سید انوی جائسی ذکر کیا۔ میں نے تعبیر موافق دی۔ حسب مطلب کا اقتباس درج ذیل ہے۔

''ایک شخص نے آ کر کہا کہ صادقؑ تم کو حضرتؑ یاد فرماتے ہیں۔ میں روانہ ہوا

پہلے سیاہ دریا ملا، پھر سفید، پھر سبز۔ اس کے گرد گرم پانی کا دھارا تھا۔ سر سبز وادی میں داخلہ، پہاڑ، قلعہ کوہ پر عمارت، در پر خادم، درِ اقدس پر جا کر میں ٹھہرا۔ جس وقت جزیرہ میں داخل ہوا تھا ایک بزرگ ملے تھے جنہوں نے فرمایا تھا کہ میرا نام سید محمد ہے۔ میں حضرتؑ کا پَر پوتا ہوں۔ میری عمر اس وقت پونے تین سو سال ہے میں نے تم کو حسب الحکم حضرتؑ طلب کیا ہے، اور صادق! تم اپنے کو عارف باللہ مشہور کرو۔ بہر حال درِ دولت پر بوسہ دینے کے بعد بذریعہ خادم کئی مرتبہ آمد و رفت کے بعد یہ حکم ہوا کہ تم مسلح تیار رہو۔ پچاس سال کے بعد۔ صحیح وقت کا علم صرف خدا کو ہے۔ اس وقت جب کہ چالیس مومن دُنیا میں بیک وقت جمع ہو جائیں گے۔ ابھی تک چالیس مومن بیک وقت زندہ نہیں رہتے۔ گھوڑا اسی وقت ملے گا۔ اس کے بعد حکم واپسی ملا۔ خدمت سید محمد میں آیا۔ انہوں نے دُو رکعت نماز زیارت اور دُور رکعت نماز شکر پڑھائی۔ ناگاہ کھڑ کھڑاہٹ کی شدید آواز سُنائی دی۔ دیکھا تو ہزارہا آدمی سُرخ گھوڑوں پر مسلح سوار تھے۔ دریافت پر سید صاحب سے معلوم ہوا کہ یہ وہ مومنین ہیں جو تمنائے جہاد میں فوت ہو چکے۔ سب یہاں ہیں۔ آنکھ کھل گئی۔ تصدیق کرتا ہوں۔

محمد صادق

۱۹۔ شوال المکرّم ۱۳۵۹ھ

بعض احادیث سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپؑ کا ظہور پنجشنبہ یا جمعہ بروز عاشورہ سن طاق میں ہوگا۔ شیخ مفیدؒ نے تاریخ ظہور ۲۵ ذیقعدہ بتائی ہے۔

آپ کے ظہور کے دیگر کیفیات:

جس وقت حضرت امام عصر ظہور فرمائیں گے تو حضرت عیسیٰ و خضر و الیاس و ادریس علیہم السّلام خدمت امامؑ میں حاضر ہوں گے۔ اور حضرت عیسیٰؑ، امام علیہ السّلام

کے پیچھے نماز پڑھیں گے۔ مفضل نے امام جعفر صادقؑ سے روایت کی ہے کہ آپ کا پایہ تخت شہر کوفہ ہوگا۔ جس کی آبادی اس وقت بغداد سے ملحق ہوجائے گی۔ دربار مسجد کوفہ میں لگے گا۔ بیت المال مسجد سہلہ میں۔ مقامِ خلوت نجفِ اشرف، تعداد لشکر ظفر پیکر ایک لاکھ، ۳۹ میل کے رقبہ میں لشکر پڑاؤ ڈالے گا۔ آپ کے علمدار محمد حنفیہ ہوں گے۔ جو اسّی ہزار ملائکہ مجاورین قبر امام حسینؑ، آپ کے پابہ رکاب شریک جہاد ہوں گے۔ جو انتقام خونِ ناحق امام حسینؑ ظالموں سے لیں گے۔ حضرت بعد معرکہ شدید دجّال ملعون کو قتل کریں گے اور ظلم و عدوان کو روئے زمین سے حرف غلط کی طرح مٹا دیں گے اس کے بعد ۳۰۹ برس تک بادشاہی کریں گے۔

امام عصرؑ کی شہادت اور دیگر معصومینؑ کی رجعت

بعض کتب سے مستفاد ہے کہ آپ کی شہادت کا باعث ایکذنِ ریش دار ''ملیحہ'' نامی ہوگی جو دمشق میں آپ کو شہید کرے گی۔ جناب رسالت مآبؐ آپ کی نماز جنازہ پڑھائیں گے۔ کیوں کہ حضرتؑ کے ظہور کے ساتھ باقی معصومینؑ کی رجعت ہوگی اور اس وقت سب موجود ہوں گے۔ چنانچہ جناب رسالت مآبؐ آپ پر نماز پڑھیں گے۔ حضرت امام حسینؑ کفن دیں گے اور مسجد رسولؐ مدینہ منورہ میں نزدیک جائے قبر رسولؐ آپ کو دفن کریں گے۔

Scanned with CamScanner

باب دُوم

دَر ارشادات امام عصرؑ

صفحات گزشتہ میں در حالات علماء گزر چکا کہ مقدس اردبیلیؒ نے حضرت امیرؑ سے جواب مسائل طلب کیے۔ تو آپ نے ان کو مسجد کوفہ جا کر امام عصر سے پوچھنے کی ہدایت کی اور ارشاد فرمایا۔ مُلّا احمد! مسجد کوفہ چلے جاؤ اور اپنے مسائل کے جوابات قائم آل محمدؐ سے دریافت کرو۔ کیوں کہ وہ اس وقت امام زمانہ ہیں۔ حضرتؑ کے ارشاد سے واضح ہے کہ اس وقت ہم کو اپنے زمانے کے جملہ ارشادات و فرامین سے باخبر رہنا چاہئیے تا کہ ابتلاتِ عصر یہ میں ہم آپ سے حل مشکل چاہیں اور آپ کے حکم کے مطابق طریقے اختیار کریں۔ چناں چہ ہم ذیل میں حضرتؑ کے اُن ارشادات کو ذکر کرتے ہیں جو دَر زمان غیبت صغریٰ، نواب اربعہ کے ذریعے بشکل توقیع برآمد ہوئے ہیں۔ وھو ھذا۔

فتاویٰ حضرت امام العصر و الزمان علیہ السّلام

سوال ۱۔ ابو العبّاس احمد بن خضر کا بیان ہے کہ ایام غیبت صغریٰ، امام عصر کی رویت اور زیارت کی تمنا از حد بے چین تھا۔ اسی اثنا میں بغیر کسی تحریک کے ایک توقیع مبارک میرے نام برآمد ہوئی جس کا ترجمہ یہ ہے۔

جواب۔ جس شخص نے میری جستجو کی وہ حقیقتاً میری تلاش میں میرے پیچھے پڑ گیا

اور جو شخص میری تلاش میں میرے پیچھے پڑ گیا وہ ضرور تمام خلائق کو میرا نشان بتا دے گا۔ اور جس شخص نے خلائق کو میرا نشان بتلا دیا وہ میرے قتل و ہلاکت کا باعث ہوا۔ وہ مشرک بھی ہوا اور کافر بھی۔

سوال ۲۔ سائل نے نماز جناب جعفر طیار کی نسبت استفسار کیا کہ حالت قیام میں یا رکوع و سجود کی حالتوں میں ذکر تسبیح اس سے سہو ہو گیا اور نماز تمام ہونے سے پہلے ذکر سہو شدہ کا اس کو خیال آ گیا تو ایسی حالت میں وہ اپنے سہو کردہ ذکر تسبیح کا ادا کرے یا نماز کو ادا کرے۔ بعد اس کے ذکر تسبیح کو ادا کرے۔
سائل کے جواب میں توقیع مقدس نکلی۔ ترجمہ یہ ہے۔
جواب۔ جب ایسی حالتوں میں سے کسی حالت میں سہو واقع ہو اور وقت گزر جانے کے بعد وہ یاد آئے تو جو چیز کہ اس سے فوت ہوئی ہے ادا کر سکتا ہے۔

سوال ۳۔ زن و شوہر کے معاملات میں پوچھا گیا کہ آیا عورت اپنے شوہر کی مشایعت جنازہ میں شریک ہو سکتی ہے؟ جواب میں ارشاد ہوا۔
جواب۔ مشایعت جنازہ کر سکتی ہے۔

سوال ۴۔ پھر دریافت کیا گیا کہ بیوہ کو ایام عدت میں اپنے شوہر کی قبر کی زیارت جائز ہے یا نہیں؟ تحریر فرمایا گیا۔
جواب۔ شوہر کی قبر کی زیارت کر سکتی ہے مگر رات کے وقت اپنے گھر سے باہر نہ نکلے۔

سوال ۵۔ پھر استفسار کیا گیا کہ وہ اپنے کاروبار ضروری کے لیے بھی ایسی حالت

میں باہر جاسکتی ہے؟ حکم ہوا۔

جواب۔ اگر اُس کو کسی شخص غیر سے اَپنا کوئی حق لینا ہے تو وہ اس سے لے سکتی ہے اور اس کے لیے باہر جاسکتی ہے۔ مگر رات کے وقت اَپنا گھر نہیں چھوڑ سکتی۔

سوال ۶۔ وداع ماہِ رمضان المبارک کی نسبت پوچھا گیا کہ عموماً وِداع ماہِ رمضان المبارک شبِ آخر میں پڑھی جاتی ہے اور بعض یہ کہتے ہیں کہ روزِ آخر جب ہلالِ عید نمودار ہو پڑھنا چاہیے۔ ان دونوں صورتوں میں کون سی صورت اختیار کی جائے؟ جواب میں ارشاد ہوا۔

جواب۔ اَعمال ماہِ رمضان المبارک تمامتر رات کو کیے جاتے ہیں اس لیے وِداع بھی آخر شب میں کرنی چاہیے۔ اگر کمی ایام کا خیال ہے تو دونوں راتیں ۲۹، ۳۰ کو وِداع کریں۔

سوال ۷۔ نماز کے بارے میں پوچھا گیا کہ ایک شخص نماز پڑھ رہا ہے جب تشہد اوّل سے فارغ ہوا اور تیسری رَکعت کے واسطے کھڑا ہو تو اس کے لیے تکبیر کہنا واجب ہے یا نہیں؟ بعضے اس کے وجوب کے قائل نہیں۔ صرف بحول اللّٰہ تعالیٰ وقوتہ اقوم واقعد کے ذِکر کو کافی سمجھتے ہیں، اِس مسئلہ کے جواب میں اِرشاد ہوا۔

جواب۔ اِس اَمر میں دو حدیثیں وارد ہیں۔ ایک یہ ہے کہ جب مُصلّی ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہو تو اس پر تکبیر ہے۔ اور دوسری یہ ہے کہ جب سجدہ دوم سے سَر اٹھائے تو اس پر تکبیر ہے۔ پھر بیٹھ جائے پھر اُٹھے۔ پس بیٹھنے کے بعد، اُٹھنے کے لیے اسے تکبیر کہنا لازم نہیں ہے اور اسی طرح تشہد

Scanned with CamScanner

اوّل کی بھی صورت ہے اور ان دونوں صورتوں میں سے جس پر عمل کیا جائے وہ صحیح ہوگا۔

سوال ۸۔ قربانی کے متعلق سوال کیا گیا کہ ایک شخص نے اپنے دوست سے کہا کہ اس کی طرف سے اُونٹ مول لے کر اسی کی طرف سے منیٰ میں نحر کردے چناں چہ اس شخص نے اُونٹ تو خرید لیا مگر قربانی کرتے وقت اس کا نام لینا بھول گیا۔ جب ذبح کر چکا تو نام یاد آیا۔ تو آیا ایسی قربانی اس شخص کی طرف سے صحیح ہوگی یا نہیں؟

جواب: اِس میں کوئی مضائقہ نہیں اور اس کے دوست کی طرف سے جائز ہے۔

سوال ۹۔ دریافت کیا گیا کہ کتب اعمال مثل (ثواب القرآن فی الفرائض) وغیرہا میں وارد ہے کہ آپ کی خدمت سے حکم ہوا ہے کہ مجھے سخت تعجب ہوتا ہے اس شخص کی غفلت پر جو اپنی نماز میں سورۃ انا انزلناہ کی تلاوت ترک کرتا ہے میں نہیں سمجھتا کہ اس کی نماز کیسے مقبول بارگاہ احدیت ہوتی ہے۔ پھر دوسری جگہ حکم ہوا کہ وہ نماز کسی طرح بہتر نہیں کہی جاسکتی جس میں سورۂ قل ھو اللّٰہ احد کی تلاوت نہیں کی جاتی، پھر تیسری جگہ فرمایا گیا ہے کہ جو شخص اپنی نماز میں سورۂ ھُمزۃ یعنی ویل لکل ھمزۃ۔ پارہ ۳۰ میں ہے۔ کی تلاوت کرتا ہے اس کو بقدر دُنیا ثواب ملتا ہے۔ کیا ایسی حالت میں مناسب ہے کہ سورۂ ہائے انا انزلناہ اور قل ھو اللّٰہ احد کو ترک کرکے سورۂ ہُمزۃ کی تلاوت کی جائے اگرچہ یہ ظاہر ہے کہ ان دونوں سورتوں کے ترک کرنے میں اجابت و مقبولیت نماز میں تردّد واقع ہوتا ہے۔ جواب بذریعہ توقیع عطا ہوا کہ:

جواب۔ ثواب ان سورتوں کی تلاوت کا ایسا ہی ہے جیسا کہ وارد کیا گیا ہے

Scanned with CamScanner

اور اگر کوئی شخص ان سورتوں میں سے جن کا ثواب لکھا ہے ترک کر دے اور بجائے اس کے سورۂ قل ھو اللّٰہ احد اور سورۂ انا انزلناہ ان کی فضیلت کی وجہ سے پڑھے تو ثواب ان سورتوں کا جو اس نے پڑھے اور ان سوروں کا بھی جو اس نے ترک کر دیئے دونوں اس کو عطا کیے جائیں گے اور یہ بھی جائز ہے کہ ان دونوں سوروں کے سوا دوسرے سورے بھی پڑھے جائیں۔ نماز ہو جائے گی۔ لیکن اِن دُو سوروں کا ثواب اسے نہیں ملے گا۔

سوال ۱۰۔ ایک شخص کے بارے میں پوچھا گیا کہ ایک شخص کو تحصیل اموال موقوفات کا عہدہ سپرد ہے اور وہ ان اموال کو جو اس کے قبضہ میں ہیں اپنے لیے حلال جانتا ہے اور اموال موقوفات کو لے لینے سے کوئی پرہیز نہیں کرتا ایسی حالت میں مجھ کو اکثر اُن دیہات میں جانے کا اتفاق ہوا جو اس کے زیر انتظام ہیں اور اس کو میں وہاں اکثر پاتا ہوں اور مجھے اس کے پاس جانے کا بھی اتفاق ہوتا ہے اور اکثر کھانے کا بھی وقت ہو جاتا ہے۔ وہ مجھے کھانے کی تکلیف دیتا ہے۔ اگر میں اس کے کھانے سے انکار کرتا ہوں تو وہ مجھ سے سخت عداوت کرتا ہے اور اس کی موجودہ عداوت میری مختلف اقسام کی مضرت کا باعث ہوتی ہے۔ ایسی خاص حالت میں مجھے اس کا کھانا کھانا جائز ہوگا یا نہیں اور اگر میں اس کے کفارہ میں تصدق کرنا چاہوں تو اس تصدق کی کیا مقدار ہونی چاہیے اور اگر یہ وکیل موقوفات کسی شخص کے پاس کوئی شئے کھانے کی ہدیہ کے طور پر بھیجتا ہو اور اتفاقِ وقت سے میں بھی اس کے پاس موجود ہوں اور وہ مجھ سے کہے کہ اس میں سے کھالو یا اپنے گھر لے جاؤ۔ حالانکہ مجھے معلوم ہے کہ ہدیہ بھیجنے والا۔ وکیل موقوفات ان اموال موقوفات کے تصرف میں کوئی خوف نہیں کرتا ہے تو اگر وہ ہدیہ میں لے لوں یا اس میں سے کچھ اپنے گھر لے

جاؤں تو میرے اس عمل سے خاص میرے لیے کوئی حرج ہوگا یا نہیں؟ اس کا جواب ذیل کی عبارت میں مرحمت کیا گیا۔

جواب: اگر اس شخص کی کوئی جائیداد یا آمدنی سوائے اموال موقوفات کے اس کے اختیار میں ہے تو اس کا کھانا بھی کھایا جاسکتا ہے اور تحفہ بھی لیا جاسکتا ہے اور اگر دوسری معاش نہیں ہے تو جائز نہیں ہوگا۔

سوال ۱۱۔ اَرکان نماز واجب و سنّت اور سجدۂ شکر کی نسبت پوچھا گیا کہ نماز واجب میں مُصلّی قنوت کی دُعا پڑھ کر اپنے مُنھ اور سینہ کی طرف سیدھا کر لیتا ہے مطابق اس روایت کے جس میں وارد ہوا کہ حق سبحانہ وتعالیٰ اس سے کہیں زیادہ بزرگ ہے کہ وہ اپنے بندے کے ہاتھوں کو دُعا کرنے کے بعد خالی پھیر دے بلکہ وہ اپنی رحمت سے اس کے ہاتھوں کو لبریز کر دیتا ہے اور دوسری روایت کی رو سے ہاتھوں کو مُنھ پر پھیر لینا منقول ہوا ہے۔ آیا یہ عمل جائز ہے یا نہیں؟ بعض علماء سے مروی ہے کہ نماز میں دونوں صورت میں سے صرف ایک ہی پر عمل جائز ہوسکتا ہے۔ جواب میں ارشاد فرمایا گیا۔

جواب۔ نماز واجبی میں ہاتھوں کو سر اَور مُنھ پر پھیرنا جائز نہیں ہے اور جس چیز کے ساتھ نماز واجبی میں عمل کیا جاتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ جب مصلی قنوت پڑھ چکے تو وہ اَپنے ہاتھوں کو آہستگی اور سہولت کے ساتھ اپنے سینے کے مقابل لاکر اَپنے زانوؤں تک پہنچائے اور تکبیر کہے اور پھر رکوع میں جلد چلا جائے۔ مُنھ پر ہاتھ پھیر لینے کی خبر بھی صحیح ہے۔ مگر نوافل شب و روز میں۔ نہ کہ نماز ہائے واجب میں اور نوافل میں اس عمل کا بجالانا یعنی ہاتھوں کا مُنھ پر پھیر لینا اَفضل ہے۔

Scanned with CamScanner

سوال ۱۲۔ سجدہ ہائے شکر کے بارے میں پوچھا گیا کہ کرنا چاہیے یا نہیں؟ کیوں کہ بعض اس کو بدعت بتلاتے ہیں اور اگر جائز ہے تو نماز مغرب کے بعد ہے۔ یا نافلہ پڑھ کر ہے؟ اس مسئلہ کا جواب ذیل کی عبارت میں صادر ہوا۔

جواب۔ سجدۂ شکر لازم وواجب ترین سنت سے ہے اور کبھی کسی نے اس کو بدعت نہیں بتلایا مگر اس شخص نے جس نے دین خدا میں احداث و اختراع کیا ہوگا۔ اب اس امر کا جواب کہ سجدۂ شکر خصوصاً بعد از مغرب و قبل از چہار رکعت نوافل مغرب کے ساتھ لازم ہے یہ ہے کہ اُن دُعا اور تسبیحات کی فضیلت جو بعد فرائض بجالائی جائیں ان دُعاؤں پر جو نوافل کے ساتھ اَدا کی جائیں بعینہ اَیسی ہے جیسا کہ فرائض کی فضیلت نوافل پر ثابت ہے اور سجدۂ اصل میں دُعا و تسبیح ہے لہٰذا اَفضل یہی ہے۔ کہ فرائض کے بعد بجالایا جائے اَور اگر بعد نوافل بجالائیں تو بھی جائز ہوگا۔

سوال ۱۳۔ بَیع و شراء کے متعلق یہ سوال کیا گیا کہ ہمارے چند برادرانِ ایمانی ایسے ہیں جنہیں ہم پہچانتے ہے۔ ایک قطعہ زمین نو آباد قید خانہ شاہی سے ملحق ہے جس میں حاکم وقت کا بھی حصہ ہے اور قبضہ جابرانہ و غاصبانہ ہے اکثر اَوقات بعض اَہل شہر اسے بغیر اجازت جوت بو لیتے ہیں اور اسی کی وجہ سے عمال شاہی ان کو سزا بھی دیتے ہیں۔ اور حتی الامکان ملازمینِ سلطانی اس کی پیداوار پر قابض و متصرف ہونے سے اہل شہر کو باز رکھتے ہیں۔ اس لیے وہ زمین بوجہ ویران رہنے کے کچھ ایسی قیمت بھی نہیں رکھتی۔ اس لیے کہ کامل بیس برس سے محض اُفتادہ پڑی ہوئی ہے یہ مذکورہ بالا برادرانِ ایمانی اس کی خریداری سے اِنکار محض کرتے ہیں۔ اس لیے کہ ان کو معلوم ہو چکا ہے کہ یہ قطعہ زمین کسی زمانے میں کسی شخص خاص نے وقف کیا تھا جس کو سلطانِ وقت

نے جبراً لے لیا ہے، پس صورت مسطورہ میں اگر زمین مذکورہ کی بیع سلطان وقت کی طرف سے جائز ہے۔ اور اس میں کوئی حرج شرعی نہیں ہے تو اس کا خرید لینا ہمارے برادرانِ ایمانی کے لیے نہایت مفید اور نافع ثابت ہوگا اور زمین مذکورہ بھی شاداب و آباد ہوجائے گی اور وہ حصہ زمین ایسا ہے۔ کہ آسانی سے سیراب ہوسکتا ہے اور عمدہ پیداوار دے سکتا ہے اور اگر اس کی بیع سلطان وقت کی جانب سے حلال نہیں ہے۔ تو حکم امتناع جاری فرمایا جائے۔

جواب یہ آیا۔

جواب۔ سوائے مالک زمین مذکورہ کے بیع کیے ہوئے یا اس کا حکم یا اس کی رضا و استمزاج لیے ہوئے معاملہ مسطورہ صحیح و جائز نہیں ہوگا۔

سوال ۱۴۔ ۳۰۸ ہجری میں (غیبت صغریٰ) محمد بن عبداللہ حمیری نے آپ کی خدمت میں ایک بہت بڑا عریضہ لکھا اور یہ بیان کیا کہ ہماری قوم و ملت کے بعض اَرباب علم و یقین اور اکثر خواتین باتمکین آج ۲۲ برس سے ماہ رجب کے روزے رکھتی ہیں۔ اور اپنے ان روزوں کو علی التسلسل شعبان اور ماہ رمضان کے روزوں سے ملا دیتی ہیں۔ بخلاف اس سیرت کے ہمارے بعض علماء فرماتے ہیں کہ یہ روزے معصیت میں داخل ہیں اس مسئلہ کے جواب میں ذیل کی عبارت تحریر فرمائی گئی۔

جواب۔ ماہ رجب میں پندرہ روز تک تو روزہ رکھیں پھر منقطع کر دیں مگر اپنے قضا روزوں میں سے تین روزے بعد کو بھی رکھ سکتے ہیں کیوں کہ اس اَمر میں حدیث خاص وارد ہے اور اس کے الفاظ یہ ہیں کہ ماہ رجب قضا روزوں کے اَدا کرنے کے لیے سب سے اَچھا مہینہ ہے۔

Scanned with CamScanner

سوال ۱۵۔ دَریافت کیا گیا کہ ماموم اس وقت شریک جماعت ہوا جب امام ذِکر رکوع میں مشغول تھے وہ اپنے موجودہ الحاق بالجماعت اور ذِکر رکوع کو جو اس نے اِمام کے ساتھ کیا ہے۔ رکعت فوت شدہ کے برابر جانتا ہے۔ بخلاف اس کے بعض اصحاب کا خیال ہے کہ تاوقتیکہ یہ شخص اس تکبیر کی آواز کو جو امام پیش از رکوع کہتا ہے نہ سُن لے صرف ذِکر رکوع یا محض اقتدائے امامِ جماعت کو ایک رکعت فوت شدہ کی جگہ نہیں شمار کرسکتا، اِس مسئلہ کا جواب اِن لفظوں میں قلم ہُوا۔

جواب۔ اگر وہ شخص ایسی حالت میں بھی امام جماعت سے مل جائے کہ جب اس کو ذِکر رُکوع میں صرف ایک بار ''سبحان اللہ'' کہنے کو اَور رہ گیا ہوتا ہے اس کی ایک رکعت شمار میں آئے گی۔ خواہ اس نے امام جماعت کی تکبیر قبل اَز رکوع کی آواز کو سُنا ہو یا نہیں،

سوال ۱۶۔ دریافت کیا گیا کہ ایک شخص نے نمازِ ظہر کے بعد نمازِ عصر پڑھی، جب نمازِ عصر کی دو رَکعت پڑھ چکا تو اُسے خیال آیا کہ اس نے نمازِ ظہر کی کُل دو رکعتیں پڑھیں ہیں اَیسی صورت میں اُسے کیا کرنا چاہیے؟ جواب میں تحریر کیا گیا۔

جواب۔ اگر اس نے درمیان نماز کے کوئی اَیسا اَمر کیا ہے جس سے نماز باطِل ہوجاتی ہے تو اُسے دونوں نمازوں کا اعادہ کرنا چاہیے اور اگر ایسا اَمر کوئی اس سے سرزَد نہیں ہوا ہے تو ان دونوں رکعتوں کو جو اس نے نمازِ عصر کے حساب میں پڑھی ہیں نمازِ ظہر کے تتمّہ میں محسوب کرے بعد اس کے نمازِ عصر پڑھ لے۔

Scanned with CamScanner

سوال ۱۷۔ سوال ہوا کہ اہل بہشت کے لیے توالد و تناسل بھی ہے یا نہیں؟ جواب مرحمت ہوا۔

جواب۔ عورتوں کو بہشت میں ولادت، حیض، نفاس اور تمام نسائی ضرورتوں کی کوئی حاجت نہیں ہوگی (اس کے بعد جنت کی حالت تحریر فرمائی گئی ہے)۔

عورتوں کو بہشت میں حمل ہونے اور بچہ جننے وغیرہ کی ضرورت نہ ہوگی اور تمام اشیا دو ہاں ایسی ہی مخلوق ہوں گی جیسے کہ حضرت آدمؑ کو اس نے عبرت اور تنبیہ الخلائق کے لیے خاص طور پر بغیر اسباب کے لیے خلق فرمایا ہے۔

سوال ۱۸۔ پوچھا گیا کہ خاک تربتِ جناب امام حسین میت کے ساتھ قبر میں رکھنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب۔ جواب میں تحریر فرمایا گیا، جائز ہے۔

سوال ۱۹۔ استفسار کیا گیا کہ حضرت امام جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ آپ نے اپنے فرزند گرامی حضرت اسماعیلؑ کے کفن پر اپنے دستِ مبارک سے تحریر فرما دیا تھا۔ اسماعیل یشهد ان لا اله الا الله۔ آیا ہم لوگوں کے لیے بھی اپنی میت کے پارچہ ہائے کفن پر اس کا لکھا جائز ہوگا یا نہیں؟ اور آیا ہم ان فقرات کو خاکِ تربتِ حضرت امام حسین علیہ السلام سے لکھ سکتے ہیں یا نہیں؟ جواب میں تحریر ہوا۔

جواب۔ جائز ہے۔

سوال ۲۰۔ پوچھا گیا کہ خاکِ تربت حضرت امام حسینؑ سے تسبیح تیار کر کے

اُس پر سبحان ربی العظیم پڑھنا جائز ہوگا یا نہیں؟ اگر جائز ہے تو اس میں کوئی فضیلت خاص بھی ہے یا نہیں۔ جواب میں حکم ہُوا۔

جواب۔ تسبیح خاکِ شفا پر ذِکر جائز ہے، کسی دوسری شئے پر ذِکر تسبیح کو وہ فضیلت حاصل نہیں ہے جو خاکِ شفا پر ہے اور جو فضیلت مخصوصہ اس کو حاصل ہے وہ یہ کہ اگر کوئی شخص ذِکر تسبیح کو بھول جائے اور صرف اس کے دانوں کو گردش دیا کرے تو اس کو ذکر تسبیح کا پورا پورا ثواب ملے گا۔

جواب۔ جائز ہے۔

سوال ۲۲۔ سوال کیا گیا کہ انسان کے لیے جائز ہے کہ وہ نماز واجبی یا مستحبی میں تسبیح کو اَپنے ہاتھ سے گردش دے؟

جواب۔ اگر اس کو غلطی یا سہو کا خوف ہو تو جائز ہے۔

سوال ۲۳۔ پوچھا گیا کہ خاک پاک پر سجدہ صحیح ہے؟ اور اس میں بھی کوئی فضیلت خاص ہے؟ حکم ہوا۔

جواب۔ جائز ہے اَور اس میں بھی فضیلت ہے۔

سوال ۲۴۔ اِستفسار کیا گیا کہ ایک شخص زیارتِ قبور حضرات آئمہ طاہرین سلام اللہ علیہم اَجمعین کے لیے جایا کرتا تھا۔ آیا اس کو ان قبور مطہرّہ کے آگے سجدہ جائز ہے یا نہیں۔ آیا یہ بھی اس کے لیے جائز ہے کہ وہ قبر مطہرّات کے نزدیک نماز پڑھے اور اگر نماز پڑھے تو قبر مطہّرہ کی پشت پر کھڑا ہو۔ اَور مزار کو قبلہ کی طرف آگے لے لے۔ یا قبر مطہرّہ کی دائیں جانب استادہ ہو۔ یا پھر بائیں جانب کھڑے ہو کر نماز اَدا کرے۔ آیا جائز ہے کہ قبر منوّر کو اَپنی پشت پر

لے کر اُس کے آگے قبلہ کی طرف اس طرح کھڑا ہو کہ قبر مطہرؑ اس کی پس پشت واقع ہو؟ ناحیہ مقدسہ سے اس کا جواب اس عبارت میں صادر ہوا۔

جواب ۔قبور پر سجدہ کرنا کسی صورت میں عام اس سے کہ بقصد زیارت ہو یا نوافل یا فرائض جائز نہیں ہے۔ باقی رہا جس اَمر پر عمل ہوسکتا ہے وہ اتنا ہی ہے کہ سیدھے رُخسار کو قبر مطہر پر رکھے اَور نماز ہر قبر منور کے پُشت پر اس طرح اَدا کرے کہ قبر منور کو اَپنے مُنھ کے آگے رکھے اور قبر منور کے آگے کھڑے ہو کر یا بالائے سر یا پائیں پا نماز کا اَدا کرنا جائز نہیں ہے۔ کیوں کہ امامؑ کے آگے کھڑے ہونا یا اُن کے برابر کھڑے ہونا یا اُن کے یمین ویسار کھڑے ہونا جائز نہیں ہے۔

سوال ۲۵۔ استفسار کیا گیا کہ ایک شخص نے اَپنے مال میں سے کچھ نذر خدا نکالا اَور نیت کی کہ اپنے اس مال کو اَپنے کسی برادر مومن پر ایثار کردے گا۔ مگر اس نیت کے بعد وہ اَپنے عزیز و اَقارب میں سے خاص ایک شخص کو محتاج پاتا ہے تو کیا یہ ہوسکتا ہے کہ بخلاف نیت سابق وہ اپنے مال کو بجائے عام برادران ایمانی کے اپنے اس عزیز اَور قریبی برادر کے حوالہ کردے۔ ناجیہ مقدسہ سے یہ جواب عنایت کیا گیا۔

جواب۔ دونوں میں سے جو شخص اس کے مذہب سے قریب تر ہو اُس کو دینا چاہیے اور اگر اس حدیث پر نظر کی جائے کہ معصومؑ نے فرمایا۔ خدا اس شخص کے صدقہ کو قبول نہیں کرتا جس کا کوئی عزیز محتاج ہو تو اس مال کو دُونوں پر تقسیم کر دینا چاہیے۔ تاکہ دونوں فضیلتیں ہاتھ آجائیں۔

سوال ۲۶۔ پوچھا کہ مبروص و مجذوم اور مفلوج کی گواہی درست ہے؟ کیوں

کہ ان کے متعلق وارد ہوا ہے کہ یہ امامت نماز نہیں کر سکتے۔

جواب۔ اگر یہ امراض ان کو پیدائش کے بعد حادث ہوئے ہوں تو جائز ہے اور اگر خلقی ہوں تو جائز نہیں ہے۔

سوال ۲۷۔ پوچھا گیا کہ خز[1] کا لباس جس میں خرگوش کے بال مخلوط ہوں اس کے بارے میں حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام سے پوچھا گیا تھا کہ آیا اس میں نماز ہوسکتی ہے یا نہیں؟ فرمایا ہوسکتی ہے۔ پھر ایک روایت میں ہے کہ نہیں ہوسکتی۔ پس ان دونوں روایتوں میں سے کس پر عمل کیا جائے؟

جواب۔ ان کی جلد کے ساتھ نماز حرام، خالی بالوں میں جائز ہے۔

سوال ۲۸۔ دریافت کیا گیا کہ بعض اوقات انسان اندھیرے میں نماز شب پڑھتا ہے اور غلطی سے پیشانی بجائے سجدہ گاہ کے فرش پر پڑ جاتی ہے۔ جب سر اٹھایا تو سجدہ گاہ نظر آئی کیا یہ سجدہ محسوب ہوگا یا نہیں؟

جواب۔ جب تک بالکل سیدھا ہو کر نہیں بیٹھا ہے سجدہ گاہ ڈھونڈھنے کے لیے سر اٹھا سکتا ہے۔ (احتجاج طبرسی)۔

سوال ۲۹۔ وقت طلوع و غروب آفتاب نماز کے متعلق پوچھا گیا کیوں کہ روایات بہ طریق عامہ وارد ہیں کہ یہ وقت شیطان کے سینگ نکلنے کا ہوتا ہے، لہٰذا ان اوقات میں نماز نہیں پڑھنا چاہیے۔ جواب بہ الفاظ ذیل برآمد ہوا۔

جواب۔ تم نے طلوع و غروب شمس کے وقت نماز کی بابت جو دریافت کیا ہے۔

---

[1] ایک قسم کا دریائی چوپایہ جو نرمی سے ملتا ہے ہوتا ہے۔ اس کو دریائی بلا بھی کہتے ہیں اس کے سمور کی نماز درست ہے جلد میں درست نہیں ہے۔ (جزائری)

تو اس کے متعلق یہ ہے کہ اگر بالفرض وہ بات مان لی جائے۔ جو عامۃ النّاس میں مشہور ہے کہ صبح کو سورج شیطان کے دونوں سینگوں کے درمیان طلوع کرتا ہے۔ اور شام کو بھی اس کے سینگوں کے بیچ میں غروب کرتا ہے۔ تو شیطان کی ناک رگڑنے کے لیے نماز سے بہتر کون سی چیز ہوسکتی ہے۔ لہٰذا تم ان اَوقات میں نماز پڑھ کر اِبلیس کی ناک کو خوب رَگڑا کرو۔

سوال ۳۰۔ ایک ایسے بچّے کے متعلق سوال کیا گیا، جس کا ختنہ کیا گیا۔ لیکن بعد میں کھال دوبارہ بڑھ گئی۔ اس کا دُوبارہ ختنہ کیا جائے یا نہیں؟

جواب۔ اس کا ختنہ دوبارہ واجب ہے کیوں کہ اخلف (جس کا ختنہ نہ کیا گیا ہو) جب زمین پر پیشاب کرتا ہے تو چالیس روز تک زمین فریاد کرتی ہے

سوال ۳۱۔ نماز کی حالت میں سامنے آگ، مورت، چراغ کی بابت پوچھا گیا کہ ایسی حالت میں نماز درست ہے یا نہیں؟

جواب۔ جو بُت پرستوں اور آتش پرستوں کی اَولاد ہو اُس کے لیے جائز نہیں ہے۔

Scanned with CamScanner

نمازِ مغرب و صبح دِیر سے پڑھنے والا ملعون ہے

شیخ محمد بن یعقوب کلینی نے ''کافی'' میں زُہری سے روایت کی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں عرصہ سے صاحبؑ الزمان کی زیارت کا مشتاق تھا۔ اور اس مقصد کے لیے میں نے کافی پیسہ صرف کیا یہاں تک کہ میں محمد بن عثمان عمری (حضرتؑ کے دوسرے نائب خاص) کی خدمت میں شرف یاب ہوا اور ایک عرصہ تک میں ان کی خدمت کرتا رہا۔ آخر میں نے ان سے اپنا مدعا بَیان کیا، پہلے تو انہوں نے میری مطلب برآری سے پہلو تہی کی۔ جب میں نے بہت اِلحاح و زاری کی تو انہوں نے کہا کہ کل صبح سَویرے آجانا۔ چناں چہ میں دوسرے روز اُن کی خدمت میں پہنچا۔ جس وقت میں وہاں گیا تو میں نے ان کو ایک جوان سے گفتگو میں مشغول پایا۔ جس کا چہرہ بہت خوبصورت تھا اَور اس کے جسم سے خوشبو نکل رَہی تھی اور اس کی آستین میں تاجروں کی طرح سے کوئی چیز تھی۔ میں عمری کی طرف بڑھا۔ مگر انہوں نے اس شخص کی طرف اُنگلی سے اشارہ کیا۔ میں نے اس شخص سے جو سوالات کیے انہوں نے ہر بات کا جواب شافی دیا۔ بعد ازاں وہ گھر میں داخل ہونے لگے۔ عمری نے کہا اور جو پوچھنا ہو پُوچھ لو۔ کیوں کہ اس کے بعد پھر کبھی ان کو نہ دیکھ سکو گے۔ میں مزید سوالات کرنے کے لیے آگے بڑھا تو انہوں نے (صاحبؑ الزمان) اس سے زیادہ کوئی بات نہ فرمائی کہ:

ملعون ملعون من اخر العشا الی ان تشتبک النجوم۔

''ملعون ہے ملعون ہے۔ وہ شخص جو شام کی نماز (یعنی مغرب) اتنی دیر سے پڑھے کہ ستارے آسمان پر چھٹک جائیں اور صبح کی نماز اتنی دیر سے پڑھے کہ ستارے غائب ہوجائیں'' یہ کہہ کر آپ گھر میں داخل ہوگئے۔ (احتجاجی طبرسی)

Scanned with CamScanner

خمس کے متعلق امام عصرؑ کا اِرشاد

خُمس کے متعلق ہمارے اَہل ثروت حضرات بڑی سستی کرتے ہیں اور ان کو اللہ کی غفاری اور اہلبیتؑ کی رحیمی پر بھروسہ ہے کہ وہ بروز قیامت بخشوا لیں گے۔ حالاں کہ اُن کو خبر نہیں کہ یہ حقوق الناس میں سے ہے اور یہ بھی خبر نہیں کہ امام عصرؑ نے اس معاملہ میں سہل اَنگاری کرنے والے کو کن الفاظ میں یاد کیا ہے۔ اس سلسلے میں حسب ذیل احادیث ملاحظہ ہو۔

(۱) من یستحل مافی یدہ من اموالنا و یتصرف فیہ تصرفہ فی ملہ من غیر امرنا فمن فعل ذلک نھو ملعون و نحن خصماؤہ یوم القیمۃ وقد قال النبّی صلّی اللّٰہ علیہ والہ وسلّم المستحل من عترنی ماحرّم اللّٰہ ملعون علٰی لسانی و لسان کل نبی مجاب فمن ظلمنا کان فی جملۃ الظالمین لنا وکانت لعنۃ اللّٰہ علیہ لقولہ عزوجل الالعنۃ اللّٰہ علی القوم الظالمین۔

(ترجمہ) اگر کسی کے پاس ہمارا مال (سہم امام) ہو۔ اور وہ اس میں اس طرح تصرف کرے کہ جس طرح اپنے مال میں تصرف کرتا ہے۔ پس جو بھی ایسا کرے وہ ملعون ہے اور ہم بروقت قیامت اس کے دشمن ہوں گے۔ کیوں کہ نبی اکرمؐ نے فرمایا ہے۔ جو شخص میری عترت سے وہ حلال سمجھے جو اللہ نے اس کے لیے حرام قرار دیا ہے۔ وہ میری زبان سے ملعون ہے اور ہر نبی مستجاب الدعوات کی زبان سے ملعون ہے۔ لہٰذا جو بھی ہم پر ظلم کرے وہ بھی انہیں ظالموں میں سے محسوب ہوگا۔ جنہوں نے ہم اَہلبیتؑ پر ظلم کیا اور اس پر لعنتِ خدا ہوگی۔ کیوں کہ اس نے قرآن میں ظالموں پر لعنت فرمائی ہے۔

(۲) اور جو تو نے اس جائیداد کے متعلق سوال کیا ہے جو (اَربابِ خُمس) ہم سے متعلق ہے کہ کیا اس پر عمارت بنائی جاسکتی ہے اور اس کا خراج

دے کر اور مخارج اَدا کر کے جو کچھ بچ رہے وہ ہم کو بھجوا دیا جائے تو اس کا جواب یہ ہے کہ کسی کے لیے جائز نہیں کہ وہ دوسرے کے مال میں اس کے بد دن اجازت تصرف کرے۔ جب یہ عام لوگون کا قانون ہے تو ہمارے مال میں یہ کیوں کر جائز ہوسکتا ہے۔ پس جس نے بھی ہماری اجازت کے بغیر اَیسا کیا تو اُس نے فعل حرام کا اِرتکاب کیا۔

''ومن اکل من اموالنا شیئا فانما یا کل فی بطنه ناراًو سیصلی سعیرا۔''

(ترجمہ) جس نے بھی ہمارے اموال (خُمس وغیرہ) میں سے کچھ بھی کھایا اس نے اَپنے پیٹ میں آگ کو بھرا اور عنقریب وہ جہنم میں جائے گا۔

(۳) اَبوالحسن اسدی بیان کرتے ہیں کہ محمد بن عثمان عمری کے پاس حضرت امامؑ عصر کی حسبِ ذیل توقیع برآمد ہوئی۔

بسم الله الرحمن الرحیم۔ لعنة الله والملئکته و الناس اجمعین علی من استحل من اموالنا درهما۔

(ترجمہ) ''اللہ اور تمام فرشتوں اور انسانوں کی اُس شخص پر لعنت ہے جو ہمارے اموال میں سے ایک درہم کو بھی حلال سمجھے۔''

اس روایت کے راوی بیان کرتے ہیں کہ اس توقیع مبارک کو دیکھنے کے بعد میرے دِل میں یہ خیال گزرا کہ یہ عقاب اس شخص کے لیے ہے جو ناحیہ مقدسہ کے مال کو اپنے لیے حلال سمجھے وہ شخص اس میں داخل نہیں ہے جو اَپنے کو غلطی پر جانتے ہوئے اس میں تصرف کرے۔ اگر یہی اَمر ہے تو پھر اس معاملہ میں کیا خصوصیت ہے۔ ہر حرام کے حلال سمجھنے والے کے لیے یہی پاداش و عقاب ہے۔ راوی کہتا ہے بخدا! اِس کے بعد جونہی میری نظر دوبارہ توقیع پر پڑی، تو میں نے دیکھا کہ حروف بدل گئے تھے اور اَب یہ نئی عبارت مرقوم تھی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ لعنۃ اللہ والملائکۃ والناس اجمعین علی من اکل من مالنا درھما حراما۔

(ترجمہ) اللہ اور تمام فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت اُس پر جو ہمارے مال میں سے ایک درہم کھالے۔

مذکورہ بالا توقیعات کے ملاحظہ سے معلوم ہوا ہوگا کہ سادات کا حق ذیا خصوصاً امامؑ زمانہ کا حق واجب (جس کو ہم امامؑ کہتے ہیں) ادا نہ کرنا کتنا بڑا جرم ہے۔ افسوس کہ ہماری قوم کے مقتول افراد اس اہم فریضہ سے چشم پوشی کرتے ہیں۔ اور جب دُنیا ان کی آنکھوں پر چھائی ہوتی ہے۔ وہ یا تو خمس نکالتے ہی نہیں یا اگر نکالتے بھی ہیں تو غلط جگہ صرف کر دیتے ہیں۔ جو نہ نکالنے سے بھی بدتر ہے۔

ضروری مسائل خُمس

(۱) خُمس ہر اُس شخص پر نکالنا فرض ہے جس کا کوئی کاروبار یا نوکری ہو۔ آمدنی میں سے سال کا خرچ نکالنے کے بعد جو کچھ پس انداز ہو اُس پر خُمس واجب ہے۔

(۲) ایک دفعہ جس چیز پر خُمس نکال دیا جائے دُوبارہ اس پر خُمس واجب نہیں ہے۔

(۳) خُمس کا تعلق ہر چیز سے ہے۔ لہٰذا اگر ایک چھلّہ بھی بلا ضرورت پڑا ہُوا ہے تو اُس پر بھی خُمس ہے اسی طرح سال کے بعد مُٹھی بھر اَناج بچ رہے تو اُس کا بھی خُمس نکلے گا۔

(۴) اگر ایک شخص کی دُو طرح سے آمدنی ہو۔ ایک حرام، دوسری حلال، دونوں کی مقدار بھی معلوم نہ ہو تو خُمس نکالنے سے وہ پاک ہو جائے گی۔

(۵) خُمس سے مُراد پانچواں حصہ (۱/۵) جس کے دو حصے کیے جائیں گے ایک حصہ یعنی دَسواں (۱/۱۰) نماز گزار سادات کو خود دے سکتے ہیں، دوسرا حصہ مجتہد جامع الشرائط کو پہنچانا چاہیے یا اس کو دے جس کو جامع الشرائط مجتہد العصر نے اجازت دی ہو۔

''صحیفۂ کاملہ'' کے متعلق امامؑ زمانہ کا اِرشاد

علامہ محمد باقر مجلسی ابن مُلّا محمد تقی مجلسی نے ''بحار الانوار'' میں تحریر فرمایا ہے۔ اَور دار السّلام سے اِس خواب کو ''نجمِ ثاقب'' میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ صورتِ خواب یہ ہے کہ علامہ محمد تقی مجلسیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے درمیان بیداری وخواب کے دیکھا کہ حضرت صاحب الزمان علیہ السّلام مسجد جامع قدیم واقع اصفہان میں قریب دروازۂ طنابی استادہ ہیں۔ بعد دست بوسی میں نے مسائل متعلقہ نمازِ شب وغیرہ کی تصحیح کی اور حضرتؑ سے ایک کتاب دُعا کی، استدعا کی۔ فرمایا کہ مولا محمد تاج کو میں نے کتابِ دُعا دے دی ہے۔

چناں چہ میں اُسی خواب میں محلّہ دار تنج گیا اور تاج سے وہ کتاب حاصل کر کے واپس ہو رہا تھا کہ خواب سے بیدار ہُوا۔ میرے ہاتھ میں وہ کتاب نہ تھی صبح کو علامہ بہائی کے پاس جا کر تعبیر لی۔ پھر اس محلّہ میں گیا جہاں خواب میں گیا تھا وہاں مُلّا تاج سے ملاقات ہوئی۔ ان سے میں نے مدّعا بیان کیا تو اُنہوں نے ایک وقفی کتاب لا کر دی وہ کتاب صحیفۂ کاملہ تھی۔ میں اس کتاب کو لے کر شیخ بہائی کی خدمت میں آیا۔ انہوں نے اس کتاب کا اَپنے ''نسخہ'' سے تقابل کیا۔ جو اُن کے جدِ اعلیٰ نے شہید ثانیؒ کے ''نسخہ'' سے لکھا تھا اور شہیدؒ نے اَپنے نسخے کو لکھا تھا۔ عمید الرؤسا ابنِ سکون سے اس کا مقابلہ ایک واسطہ سے یا بلا وَاسطہ اِبن ادریس کے نسخے سے کیا تھا۔ جو نسخہ مجھ کو حضرت صاحب الامر کی ہدایت سے ملا تھا وہ خط شہیدؒ سے تھا اور نہائیت موافقت رکھتا تھا۔ ابن ادریس کے نسخے سے یہاں تک کہ اس کے حواشی بھی مطابق تھے۔ اس کے بعد بہت سے لوگوں نے میرے ''نسخہ'' سے مقابلہ کیا پھر وہ جمیع بلاد میں پھیل گیا۔ (ماخوذ اَز کتاب مفتاح الشّفاعۃ)

باب سوم

دَر اعمال و اوراد

برائے حضرت حجّت علیہ السّلام

خواص سورہائے قرآنی

بعض سوروں کے خواص امام عصر عجل اللہ تعالیٰ فرجہ نے بیان فرمائے ہیں۔

سورۂ توحید (اخلاص) سورۂ قل ھو اللہ احد کے متعلق حضرت حجتؑ کا ارشاد ہے کہ وہ نماز کسی طرح بہتر نہیں کہی جاسکتی جس میں سورۂ قل ھو اللہ کی تلاوت نہیں کی جاتی۔

سورۂ قدر سورۂ انا انزلناہ کے متعلق حضرتؑ نے ارشاد فرمایا کہ مجھے سخت تعجب ہے اس شخص پر جو اَپنی نماز میں سورۂ انا انزلناہ کی تلاوت کو ترک کرتا ہے۔ مجھ کو تعجب ہے کہ اس کی نماز قبولِ بارگاہ احدیت کیسے ہوتی ہے۔

بہ سند معتبر حضرتؑ حجّت سے منقول ہے کہ اگر کسی سورہ کا ثواب تم کو پہنچا ہو اور تم اس کو ترک کر کے نماز میں قل ھو اللّٰہ احد اور انّا انزلناہ پڑھو تو ان سوروں کا ثواب ملے گا جن کو ان دو۲ سوروں کی خاطر ترک کیا ہے۔

سورۂ مسبحات یعنی حدید و حشر صف و جمعہ و تغابُن کے متعلق وارد ہوا ہے کہ اگر قبل سونے کے پڑھے تو نہ مرے گا۔ جب تک امام عصرؑ کی زیارت سے شرف یاب نہ ہو۔ اور اگر مَرے گا تو بہشت میں حضرت رسالت مآبؐ کے ہمسایہ میں جگہ پائے گا۔

زیارت امامِ عصرؑ (مختصر)

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا صَاحِبَ الْعَصْرِ وَالزَّمَانِ.

سلام ہو آپ پر اے صاحب العصر و الزمان

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَلِيفَةَ الرَّحْمٰنِ. اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

سلام ہو آپ پر اے خلیفۂ رحمٰن ۔ سلام ہو آپ پر

يَا شَرِيْكَ الْقُرْاٰنِ. اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا قَاطِعَ

اے شریکِ قرآن ۔ سلام ہو آپ پر اے (اللہ کی) قطع

الْبُرْهَانِ. اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اِمَامَ الْاِنْسِ

دلیل ۔ سلام ہو آپ پر اے امام انسانوں کے

وَالْجَانِّ. عَجَّلَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَرَجَكَ. وَ

اور جنّات کے ۔ جلدی فرمائے اللہ تعالیٰ آپ کے ظہور میں اور

سَهَّلَ اللّٰهُ مَخْرَجَكَ. وَجَعَلَنَا مِنْ

آسان فرمائے اللہ آپ کے خروج کو ۔ اور قرار دے ہم لوگوں کو

اَعْوَانِكَ وَاَنْصَارِكَ. اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَ

آپ کے مددگاروں اور آپ کے نامروں میں سے ۔ سلام ہو آپ پر اور

عَلٰى اٰبَائِكَ الطَّيِّبِيْنَ وَاَجْدَادِكَ الطَّاهِرِيْنَ

آپ کے آبائے پاکیزہ پر اور اجدادِ پاک پر

وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ.

اور رحمت ہو اللہ کی اور اس کی برکتیں ہوں۔ (سب پر)

Scanned with CamScanner

زیارت امامِ عصرؑ (طویل)

سَلَامٌ عَلٰی آلِ یٰسٓ. اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا دَاعِیَ

سلام ہو آلِ یٰسٓ (آلِ محمدؐ) پر۔ سلام ہو آپ پر اے بلانے والے

اللّٰهِ وَ رَبَّانِیَّ اٰیَاتِهٖ. اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا بَابَ

اللہ کی طرف اور مظہر اس کی آیتوں کے۔ سلام ہو آپ پر اے دروازہ

اللّٰهِ وَ دَیَّانَ دِیْنِهٖ. اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا خَلِیْفَةَ

الٰہی اور محافظ اس کے دین کے۔ سلام ہو آپ پر اے خلیفہ

اللّٰهِ وَ نَاصِرَ حَقِّهٖ. اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا حُجَّةَ

الٰہی اور مددگار اس کے دین کے۔ سلام ہو آپ پر اے حجت

اللّٰهِ وَ دَلِیْلَ اِرَادَتِهٖ. اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا تَالِیَ

خدا اور دلیل اس کی مشیت کی۔ سلام ہو آپ پر اے تلاوت کرنیوالے

كِتَابِ اللّٰهِ وَ تَرْجُمَانَهٗ. اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ فِیْ

کتاب خدا کی اور اس کے ترجمان۔ سلام ہو آپ پر

اٰنَاءِ لَیْلِكَ وَ اَطْرَافِ نَهَارِكَ. اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ

ساعتوں میں آپ کی شب کی اور تمام اوقات میں آپ کے دن کے۔ سلام ہو آپ پر

یَا بَقِیَّةَ اللّٰهِ فِیْ اَرْضِهٖ. اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا

اے بقیہ خدا اس کی زمین پر۔ سلام ہو آپ پر اے

مِیْثَاقَ اللّٰهِ الَّذِیْ اَخَذَهٗ وَ وَكَّدَهٗ. اَلسَّلَامُ

وہ عہدِ خدا جو اس نے لیا ہے (اپنے بندوں سے) اور اس کی تاکید کی ہے۔ سلام ہو

Scanned with CamScanner

عَلَيْكَ يَا وَعْدَ اللهِ الَّذِیْ ضَمِنَهٗ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

آپ پر اے اللہ کے وہ وعدے جس کے پورا کرنے کا وہ خود ضامن ہے ۔ سلام ہو آپ پر

اَيُّهَا الْعَلَمُ الْمَنْصُوْبُ وَالْعِلْمُ الْمَصْبُوْبُ

اے پرچم (ہدایت) جو نصب کیے ہوئے ہیں اور علم جو نازل کیا ہوا ہے

وَالْغَوْثُ وَالرَّحْمَةُ الْوَاسِعَةُ وَعْدًا غَيْرَ

اور مددگار اور رحمت جو وسیع ہو ، وعدۂ (خدا) جو نہیں

مَكْذُوْبٍ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ حِيْنَ تَقُوْمُ

جھوٹا ہو سکتا ۔ سلام ہو آپ پر جبکہ آپ کھڑے ہوں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ حِيْنَ تَقْعُدُ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

سلام ہو آپ پر جبکہ آپ بیٹھے رہیں (غیب میں) سلام ہو آپ پر

حِيْنَ تَقْرَءُ وَتُبَيِّنُ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ حِيْنَ

جبکہ آپ قرأت کریں اور تفسیر بیان کریں ۔ سلام ہو آپ پر جبکہ

تُصَلِّیْ وَتَقْنُتُ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ حِيْنَ

نماز میں مشغول ہوں اور قنوت پڑھیں ۔ سلام ہو آپ پر جبکہ

تَرْكَعُ وَتَسْجُدُ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ حِيْنَ

آپ رکوع اور سجود میں ہوں ۔ سلام ہو آپ پر جبکہ

تُهَلِّلُ وَتُكَبِّرُ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ حِيْنَ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ اور اللہ اکبر کہیں ۔ سلام ہو آپ پر جبکہ

تَحْمَدُ وَتَسْتَغْفِرُ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ حِيْنَ

آپ حمدِ خدا اور استغفار کریں ۔ سلام ہو آپ پر جبکہ

تُصْبِحُ وَتُمْسِیْ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ فِی اللَّيْلِ

آپ پر ہر صبح اور ہر شام ۔ سلام ہو آپ پر ۔ ہر شب میں

إِذَا يَغْشٰى وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلّٰى . اَلسَّلَامُ

جب وہ تاریک ہو جائے اور دن میں جب وہ روشن ہو جائے ۔ سلام ہو

عَلَيْكَ اَيُّهَا الْاِمَامُ الْمَامُوْنُ . اَلسَّلَامُ

آپ پر اے وہ امام جو (ہر طرح) محفوظ ہوں ۔ سلام ہو

عَلَيْكَ اَيُّهَا الْمُقَدَّمُ الْمَاْمُوْلُ . اَلسَّلَامُ

آپ پر اے وہ جو خلق پر مقدم، سب کی آرزو ہیں سلام ہو

عَلَيْكَ بِجَوَامِعِ السَّلَامِ . اُشْهِدُكَ يَا

آپ پر ہر طرح کا سلام ہو ۔ میں آپ کو گواہ کرتا ہوں اے

مَوْلَايَ اَنِّيْ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

میرے آقا کہ بیشک میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں ہے کوئی خدا سوائے اللہ کے

وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ

جو یکتا ہے نہیں ہے شریک کوئی اُس کا ، اور بیشک حضرت محمدؐ اُس کے بندے

وَرَسُوْلُهٗ لَا حَبِيْبَ اِلَّا هُوَ وَاَهْلُهٗ . وَ

اور اُس کے رسول ہیں ۔ نہیں ہے کوئی محبوب (اللہ کا) سوائے آنحضرتؐ کے اور اُن کے اہلِ بیتؑ کے ۔ اور

اُشْهِدُكَ يَا مَوْلَايَ اَنَّ عَلِيًّا اَمِيْرَ

میں آپ کو گواہ کرتا ہوں اے میرے آقا (میرا یہ عقیدہ ہے) کہ بیشک حضرت علیؑ (ابنِ ابیطالبؑ) امیر ہیں

الْمُؤْمِنِيْنَ حُجَّتُهٗ . وَالْحَسَنَ حُجَّتُهٗ .

مومنوں کے (اور) اُس کی حجت ہیں ۔ اور امام حسنؑ اُس کی حجت ہیں

وَالْحُسَيْنَ حُجَّتُهٗ . وَعَلِيَّ بْنَ الْحُسَيْنِ

اور امام حسینؑ اُس کی حجت ہیں ۔ اور امام علیؑ ابن الحسینؑ

حُجَّتُهٗ . وَمُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ حُجَّتُهٗ . وَجَعْفَرَ

اُس کی حجت ہیں ۔ اور امام محمدؑ باقر ابنِ علیؑ (زین العابدین) اُسکی حجت ہیں اور امام جعفر صادقؑ

بْنَ مُحَمَّدٍ حُجَّتُهٗ . وَمُوْسَى بْنَ جَعْفَرٍ حُجَّتُهٗ

بنایا ہوتا فلاں کو اپنا دوست ۔ اے میرے معبود! پناہ دے پناہ دے

يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ

اس دن سے جب نہ فائدہ دیگا مال اور نہ بیٹے مگر جو آیا ہو اللہ کے پاس

بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ۔ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

ساتھ قلب کی سلامتی (سکون) کے ۔ تجھے واسطہ تیری رحمت کا اے سب سے زیادہ رحم والے رحم والوں میں

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَوْجُوْدُ فِيْ كُلِّ زَمَانٍ

نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے جو موجود ہے اندر ہر زمانے کے

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَعْبُوْدُ فِیْ کُلِّ مَکَانٍ

نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے جو معبود ہے اندر ہر جگہ و مکان کے

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَعْرُوْفُ بِاِحْسَانٍ۔ لَآ اِلٰهَ

نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے جو پہچانا جاتا ہے اپنے احسان کے ساتھ۔ نہیں ہے کوئی معبود

اِلَّا اللّٰهُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ۔ یَا دَآئِمَ

سوائے اللہ کے پناہ دے پناہ دے پناہ دے اے ہمیشہ سے

الْمَعْرُوْفِ یَا قَدِیْمَ الْاِحْسَانِ۔ یَا هَادِیَ

جانے پہچانے ہوئے اے ہمیشہ سے احسان کرنیوالے ۔ اے ہدایت کرنے والے

الْمُضَلِّیْنَ۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔

گمراہوں کی۔ تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔

یَا غَفُوْرُ یَا غَفَّارُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

اے مکمل بخشش ! اے بہت بخشش دینے ! تیری رحمت کا واسطہ اے سب سے زیادہ رحم والے رحم کرنیوالوں میں

صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ۔ یَا غَفَّارُ۔

درود ہو اللہ کا اوپر حضرت محمدؐ اور انکی تمام اولاد کے ۔ اے بہت معاف کرنیوالے !

حرزِ امام زین العابدینؑ

سیّد ابنِ طاؤسؒ نے اس تعویذ کو نقل کیا ہے۔ اس کو پڑھ بھی سکتے ہیں اور بازو پر بھی باندھ سکتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

بنام خدائے رحمٰن رحیم۔

یَا اَسْمَعَ السَّامِعِیْنَ۔ یَا اَبْصَرَ النَّاظِرِیْنَ۔

اے سب سے زیادہ سننے والے تمام سننے والوں میں۔ اے سب سے زیادہ دیکھنے والے، تمام دیکھنے والوں میں

Scanned with CamScanner

يَا اَسْرَعَ الْحَاسِبِيْنَ • يَا اَحْكَمَ الْحَاكِمِيْنَ •

اے سب سے جلد حساب کرنے والے ، حساب کرنیوالوں میں ۔ اے بہترین فیصلہ کرنیوالے سب فیصلہ کرنیوالوں سے

يَا خَالِقَ الْمَخْلُوْقِيْنَ • يَا رَازِقَ الْمَرْزُوْقِيْنَ •

اے پیدا کرنیوالے تمام مخلوقات کے ۔ اے رزق دینے والے تمام رزق پانے والوں کے

يَا نَاصِرَ الْمُنْصُوْرِيْنَ • يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ • يَا

اے مددگار فتحیں و مدد پانے والوں کے ۔ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے سب رحم کرنیوالوں میں ۔ اے

دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ • يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ •

رہنما گم کردہ راہوں کے ۔ اے فریادرس فریادیوں کے

اَغِثْنِيْ يَا مَلِكَ يَوْمِ الدِّيْنِ • اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ

میری فریاد کو پہنچ ، اے مالک روزِ جزا ! ۔ تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں اور

وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ • يَا صَرِيْخَ الْمَكْرُوْبِيْنَ •

اور تجھ ہی سے ہم مدد چاہتے ہیں ۔ اے فریادرس ! مصیبت زدوں کے

يَا مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ • اَنْتَ اللّٰهُ رَبُّ

اے قبول کرنیوالے دعاؤں کے پریشان حالوں کی ۔ تو ہی اللہ ہے پروردگار

الْعٰلَمِيْنَ • اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْمَلِكُ

سب عالموں کا ۔ تو ہی اللہ ہے نہیں ہے معبود سوائے تیرے جو بادشاہ

الْحَقُّ الْمُبِيْنُ الْكِبْرِيَآءُ رِدَآؤُكَ • اَللّٰهُمَّ

حقیقی ہے حقائق کو ظاہر کرنیوالا ہے ۔ بڑائی صرف تیرے لیے مخصوص ہے ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ الْمُصْطَفٰى وَعَلٰى عَلِيِّ الْمُرْتَضٰى

درود بھیج حضرت محمدؐ مصطفیٰ پر اور علی مرتضیٰ پر

وَفَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ وَخَدِيْجَةَ الْكُبْرٰى وَ

اور فاطمہ زہراؑ اور خدیجۃ الکبریٰ پر اور

الْحَسَنِ الْمُجْتَبٰی وَالْحُسَیْنِ الشَّهِیْدِ بِکَرْبَلَاءَ

حسن ؑ مجتبیٰ اور حسین ؑ شہید کربلا پر

وَعَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ زَیْنِ الْعَابِدِیْنَ ۰ وَمُحَمَّدِ

اور علی ؑ ابن الحسین ؑ زین العابدین پر اور محمد ؑ

بْنِ عَلِیِّ نِ الْبَاقِرِ ۰ وَجَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدِ نِ الصَّادِقِ ۰

ابن علی باقر و جعفر ؑ ابن محمد ؑ صادق ؑ پر

وَمُوْسَی ابْنِ جَعْفَرِ نِ الْکَاظِمِ وَعَلِیِّ بْنِ مُوْسَی

اور موسیٰ ؑ ابن جعفر ؑ کاظم ؑ و علی ابن موسیٰ ؑ

الرِّضَا وَمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِیِّ نِ التَّقِیِّ وَعَلِیِّ بْنِ

رضا ؑ پر اور محمد ؑ ابن علی ؑ تقی ؑ و علی ؑ ابن

مُحَمَّدِ نِ النَّقِیِّ وَالْحَسَنِ ابْنِ عَلِیِّ نِ الْعَسْکَرِیِّ

محمد ؑ نقی ؑ و حسن ابن علی ؑ عسکری ؑ پر

وَالْحُجَّةِ الْقَائِمِ الْمَهْدِیِّ الْاِمَامِ الْمُنْتَظَرِ ۰

اور حجت قائم مہدی ؑ امام منتظر پر

صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ ۰ اَللّٰهُمَّ وَالِ

رحمتیں نازل ہوں اللہ کی اُن سب حضرات پر ۔ یا اللہ! تو دوست رکھ

مَنْ وَّالَاهُمْ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُمْ وَانْصُرْ

اسکو جو دوست رکھے اُن کو اور دشمن رکھ اسکو جو ان سے دشمنی رکھے اور مدد فرما اسکی

مَنْ نَّصَرَهُمْ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَهُمْ وَالْعَنْ

جو اُن کی مدد کرے اور تو چھوڑ دے اسکو جو اُن کو چھوڑ دے اور لعنت کر اُن پر

مَنْ ظَلَمَهُمْ وَعَجِّلْ فَرَجَ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّانْصُرْ

جس نے اُن پر ظلم کیا اور جلدی فرما کشائش میں آلِ محمد ؐ کی اور مدد فرما

شِيعَةَ آلِ مُحَمَّدٍ وَاَهْلِكْ اَعْدَاءَ آلِ

شیعہ آلِ محمدؐ کی اور ہلاک کر دشمنانِ آلِ

مُحَمَّدٍ وَارْزُقْنِي رُؤْيَةَ قَائِمِ آلِ مُحَمَّدٍ

محمدؐ کو اور مجھے نصیب فرما دیدارِ قائم آلِ محمدؐ

وَاجْعَلْنِي مِنْ اَتْبَاعِهٖ وَاَشْيَاعِهٖ وَالرَّاضِيْنَ

اور قرار دے مجھ کو اُن کے پیروکاروں اور ان کے شیعوں اور خوش رہنے والوں میں

بِفِعْلِهٖ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

اُن حضرت کے کام پر واسطہ تجھ کو تیری رحمت کا اے نہایت رحم والے رحم والوں میں۔

اعمالِ روزِ پنجشنبہ و شبِ جمعہ

شبِ جمعہ کے اعمال بہت ہیں، ہم یہاں چند اعمال کے ذکر پر اکتفا کرتے ہیں۔

پہلا یہ کلمات بہت کہے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔

صلوات کو زیادہ پڑھا جائے، کیونکہ روایت ہے کہ جمعہ کی رات نورانی اور اس کا دن بہت زیادہ روشن ہے۔ لہٰذا یہ کلمات زیادہ پڑھے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ اور محمدؐ و آلِ محمدؐ پر صلوات زیادہ بھیجے۔ ایک روایت میں ہے کہ کم از کم صلوات اس رات سو مرتبہ پڑھی جائے اور اس سے زیادہ پڑھے تو بہتر ہے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اس رات صلوات پڑھنا ایک ہزار نیکیوں کے برابر ہے اور ہزار برائیوں کو دور کرتا ہے اور ہزار درجے بلند کرتا ہے۔ جمعرات کی شب سے لیکر جمعہ کے آخر تک زیادہ صلوات پڑھنا مستحب ہے۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے صحیح سند کے ساتھ منقول ہے کہ جب جمعرات کی عصر ہوتی ہے تو ملائکہ طلائی قلم اور نقرئی ورق لیکر زمین پر آتے ہیں

روزِ جمعرات، شبِ جمعہ اور روزِ جمعہ سوائے۔ محمدؐ و آلِ محمدؐ کے اوپر صلوات کے اور کچھ نہیں لکھتے۔ شیخ طوسیؒ نے فرمایا کہ جمعرات کے دن میں ہزار دفعہ محمدؐ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ کے اوپر صلوات پڑھنی مستحب ہے۔ اور بہتر ہے کہ اس طرح پڑھے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَھُمْ وَاَھْلِكْ عَدُوَّھُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ۔ اور اس صلوات کا جمعرات کی عصر سے لیکر جمعہ کے آخر دن تک پڑھنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَعَجِّلْ

یا اللہ! درود بھیج اوپر محمدؐ اور آلِ محمدؐ کے اور جلدی فرما

فَرَجَھُمْ وَاَھْلِكْ عَدُوَّھُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَ

اُن کی کشائش میں اور ہلاک کر ان کے دشمن کو خواہ وہ جن میں سے ہوں اور

الْاِنْسِ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ • دس دفعہ یہ کہے

خواہ وہ انسان ہوں اوّلین میں سے ہوں یا آخرین میں سے۔

یَا دَائِمَ الْفَضْلِ عَلَی الْبَرِیَّةِ یَا بَاسِطَ الْیَدَیْنِ

اے ہمیشہ فضل و کرم کرنیوالے اوپر اپنی مخلوق کے، اے دراز ہاتھوں سے

بِالْعَطِیَّةِ یَا صَاحِبَ الْمَوَاھِبِ السَّنِیَّةِ صَلِّ

بخشش کرنیوالے اے بخششیں کرنے والے بڑی بڑی، درود بھیج

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ خَیْرِ الْوَرٰی سَجِیَّةً وَاغْفِرْ

اوپر محمدؐ اور انکی آل کے، جو بہترین ہیں مخلوق میں از روئے فطرت اور بخشدے

لَنَا یَا ذَا الْعُلٰی فِیْ ھٰذِهِ الْعَشِیَّةِ •

ہمیں اے بلندی والے اسی شب میں۔ (بخشدے)

یہ ذکر شرف عیدِ فطر کی رات میں بھی پڑھا جاتا ہے۔

عمل رویت حضرت حجّت ؑ

حدیث میں وارد ہوا ہے کہ جو شخص کربلائے معلّٰی میں مشرّف ہوا اور چالیس شب جمعہ زیر قبہ حضرت امام حسین علیہ السّلام شب بیداری کرے اور مصروفِ عبادت ہو تو حضرت امام عصر و الزمان علیہ السّلام کی زیارت پر سعادت سے فائز المرام ہوتا ہے۔

علّامہ حلّی کی خدمت امامِ عصر میں باریابی

سرآمد علماء جعفریہ علّامہ حلّی طاب سراہٗ اپنی کتاب "تذکرہ" میں فرماتے ہیں۔ کہ میں نے حدیث میں دیکھا کہ جو شخص چالیس شب جمعہ تحتِ قبہ مولانا ابی عبداللہ الحسین علیہ السّلام احیاء شب و عبادت و دعا کرے اس کو حضرتِ امام عصر کی زیارت نصیب ہوتی ہے۔ چنانچہ میں ہر شب جمعہ کو مقام حلّہ سے کربلا آنے لگا۔ اور اس چلّہ میں مشغول ہوا۔ جب اُنتالیس شب جمعہ گزر گئیں اور چالیسویں شب جمعہ کیلئے حلّہ سے کربلا روانہ ہوا، خچّر پر سوار تھا، اس وقت میں اس شبہ میں گرفتار تھا کہ بکثرت احادیث اس مضمون کی وارد ہوئی ہیں کہ جو شخص غمِ حسینؑ میں روئے، اگرچہ آنسو کا ایک قطرہ بھی

اس کی آنکھ سے برآمد ہو تو اُس رونے والے کے تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں[۱]۔ یہ اَمر مجھکو تعجب خیز معلوم ہوا۔ دوسری فکر مجھ کو یہ تھی کہ آج چالیسواں روز ہے مگر ابھی تک امامِ زمانہ کی زیارت نصیب نہ ہوئی۔ مَیں اسی تحویت میں چلا جا رہا تھا کہ نعلین میرے پیر سے گر گئی ناگاہ ایک صحرائی عرب نے میرے خچر کی لگام تھام لی، اور گری ہوئی نعلین اُٹھا کر دیدی اور پوچھا کہ کس فکر میں غوطہ زن ہو اُس کے سوالات سے مجبور ہو کر مَیں نے اپنے شکوک اُس سے بتائے۔ یہ سُن کر اُس بزرگ نے فرمایا کہ اے شخص پہلے مَیں تم کو قطرۂ اشکِ عزا کے متعلق جواب دیتا ہوں۔ اب تم خیال کرو کہ مثلاً ایک سلطان ہفت اقلیم شکارگاہ میں اپنے لشکر سے چھوٹ کر جنگل میں جا نکلا، جہاں صرف ایک ضعیفہ ایک جھونپڑی میں رہتی تھی۔ بادشاہ نے اُس سے پیاس کی شکایت کی، اُس بڑھیا نے جسکے پاس مالِ دُنیا سے صرف ایک بکری تھی اُس بکری کا دودھ بادشاہ کو پلا دیا۔ پھر اُس بادشاہ کے بھوکے ہونے کی شکایت کرنے پر بکری کا کباب بنا کر کھلا دیا۔ بادشاہ واپس ہوا۔ اب اگر بڑھیا اس بادشاہ کے دربار میں جائے اور بادشاہ اُس بڑھیا کو اپنی ساری سلطنت دے دے تو بھی زیادہ نہ ہوا۔ کیونکہ بڑھیا نے اپنا سب کچھ بادشاہ کو دیدیا۔ یہی مثال حضرت امام حسینؑ اور مالکِ ارض و سما کی ہے۔ اگر وہ حسینؑ کو خدائی کا اختیار عطا فرمائے تو بڑی بات نہیں۔ قطرۂ اشک پر خیال نہ کرو بلکہ حضرت امام حسینؑ کی شہادت کی عظمت کی طرف غور کرو۔

اور دوسرا جواب یہ ہے کہ تمہارا امام اس وقت تمہارے ساتھ ہے۔ یہ سُنکر مَیں نے اپنے کو سواری سے گرا دیا۔ قدم چومے۔ حضرتؑ غائب ہو گئے۔

حسب ذیل "زیارتِ جامعہ" ہر شب جمعہ پڑھنے کی بہت تاکید ہے۔

---

[۱] حضرت امام حسینؑ پر گریہ و بکا بیشک تمام گناہوں سے بخشش کا زبردست سہارا ہے مگر شرط یہی ہے کہ اُن گناہوں سے سچی توبہ کرلے پھر انکا اعادہ نہ کرے کیونکہ سہارے کے یہ معنی نہیں ہیں کہ ہم کو حرام و حلال، خدا کی کوئی پرواہ نہ رہے۔ (ج، ز)۔

زیارتِ جامعہ کبیرہ

علامہ مجلسی علیہ الرحمہ "زیارتِ جامعہ" کے متعلق تحریر فرماتے ہیں کہ یہ بہترین زیارت ہے اور روئے متن و سند و فصاحت کے اور تمام زیارتوں سے اکمل ہے۔ ان کے والد ملا تقی مجلسیؒ جب بھی عتباتِ مقدسہ میں مشرف ہوتے تھے اس زیارت کے علاوہ کوئی دوسری زیارت نہیں پڑھتے تھے۔ صاحبِ نجم الثاقب نے اس کے متعلق ایک حکایت نقل کی ہے جس سے اسکی اہمیت پر روشنی پڑتی ہے۔

سید احمد بن سید ہاشم موسوی رشتی تاجر بیان کرتے ہیں کہ ۱۲۸۰ھ میں

حکایت :- میں حج بیت اللہ کے ارادے سے اپنے وطن مالوف رشت سے برآمد ہوا اور وہاں سے چلکر شہر تبریز میں حاجی صفر علی تبریزی کے مکان پر فروکش ہوا۔ پھر وہاں سے حاجی جبار جلودار کی سرکردگی میں مکہ معظمہ کی طرف رہ سپر ہوا۔ اس وقت میرے ساتھ قافلہ میں محمد دیگر افراد قافلہ کے حاجی ملا باقر تبریزی و حاجی سید حسین تبریزی تاجر اور حاجی علی خدمتگار بھی تھے۔ جب ہم لوگ مقام اورزنۃ الروم اور طربوزن کی ایک درمیانی منزل میں پہونچے تو حاجی جبار جلودار میرے پاس آئے اور انھوں نے کہا کہ چونکہ آگے آنے والی منزل خطرناک ہے اس لئے اپنا سامان جلدی بار کرو تاکہ قافلے سے پیچھے نہ رہ جاؤ۔ یہ بات انھوں نے اس لئے کہی کہ میں بالعموم قافلے سے فاصلہ پر چلا کرتا تھا۔ صبح ہونے میں ابھی ڈھائی یا تین گھنٹے باقی تھے کہ ہم لوگوں نے ایک ساتھ کوچ کیا۔ ابھی ہم مشکل سے ایک فرسخ بھی اپنی منزل سے دور نہ گئے ہوں گے کہ یک بیک ہوا تاریک ہوگئی اور برف پڑنے لگی۔ قافلہ والوں نے اپنے سروں سے چادریں لپیٹ لیں اور تیزی سے چلنے لگے۔ میں نے بھی بہت کوشش کی کہ ان لوگوں کے ساتھ بھاگوں مگر مجھ سے ان لوگوں کے ساتھ دوڑنا ممکن نہ ہوا یہاں تک کہ قافلہ نکل گیا اور میں تن تنہا اکیلا رہ گیا۔ آخر تھک ہار کر گھوڑے سے پیادہ ہوا۔ اور راستہ کے ایک طرف ہوکر بیٹھ گیا۔ اس وقت میں نہایت پریشان تھا کیونکہ چھ سو تومان (ایرانی سکہ

جو رُو پیہ کے برابر ہے) میرے پاس تھے بالآخر میں نے طے کیا کہ اسی جگہ صبح ہونے تک ٹھہرا رہوں۔ سورج نکلنے پر دوبارہ اسی منزل کی طرف مراجعت کروں جہاں سے قافلہ چلا تھا۔ اور پھر وہاں سے کسی راہبر کو لیکر اگلی منزل پر اپنے قافلہ سے جا ملوں، ابھی انھیں تفکرات میں غوطہ زن تھا۔ کہ میں نے پیش نظر ایک باغ دیکھا جہاں ہاتھ میں بیلچہ لئے ایک باغبان بھی تھا وہ اپنے بیلچہ سے بار بار درختوں کو جھٹکتا تھا تاکہ برف ان کے برگ و بار سے گر جائے۔ پھر وہ باغبان میرے پاس آکر کھڑا ہو گیا اور اس نے دریافت کیا تم کون ہو؟ میں نے کہا میں ایک مسافر ہوں قافلہ سے رہ گیا ہوں۔ راستہ نہ معلوم ہونے کی وجہ سے سخت حیران ہوں کہ کہاں جاؤں۔ باغبان نے زبانِ فارسی میں مجھ سے خطاب کیا۔ کہا کہ نافلہ پڑھو تاکہ راستہ مل جائے۔ یہ کلام سن کر میں نافلہ پڑھنے لگا۔ جب میں تہجد پڑھ چکا تو وہ پھر میرے پاس آیا اور پوچھا "تم نہیں گئے" میں نے کہا واللہ! میں راستہ نہیں جانتا۔ اس نے کہا جامعہ پڑھو۔ سید رشتی کہتے ہیں کہ مجھ کو "زیارتِ جامعہ" اس وقت زبانی حفظ نہ تھی۔ نہ اب زبانی حفظ ہے۔ یہ سن کر میں کھڑا ہوا اور میں نے زیارتِ جامعہ پوری کی پوری زبانی پڑھی۔ جب زیارت ختم ہو گئی تو وہ شخص جس کو میں باغبان سمجھے ہوئے تھا۔ پھر میرے سامنے آیا اور پوچھا "ابھی تک تم نہیں گئے یہاں موجود ہو!" اس وقت میں بے اختیارانہ رونے لگا۔ اور میں نے کہا کہ ہاں میں ابھی تک یہیں ہوں، راستہ نہیں جانتا۔ اس شخص نے کہا کہ "زیارتِ عاشورا" پڑھو۔ میں ابھی زیارتِ عاشورا حفظ نہ رکھتا تھا۔ مگر اس کے کہنے کے بعد کھڑا ہوا۔ اور زیارتِ عاشورا زبانی فرفر پڑھنے لگا۔ یہاں تک کہ لعن و سلام ختم کر کے میں نے "دعائے علقمہ ختم کی۔ اس کے بعد وہ شخص پھر آیا اور پوچھا "ہاں ابھی تک نہیں گئے" میں نے کہا، میں ابھی نہیں جاؤں گا، کل صبح چلا جاؤں گا۔

اس نے کہا، میں تم کو ابھی تمہارے قافلہ سے ملائے دیتا ہوں۔ یہ کہہ کر وہ چلا گیا تھوڑی دیر کے بعد ایک خچر پر سوار واپس آیا اور اپنے بیلچہ کو اپنے کاندھے پر رکھ لیا۔ مجھ سے کہا کہ میرے پیچھے اس خچر پر سوار ہو جاؤ۔ میں سوار ہو گیا اور اپنی سواری کی لگام میں نے ایک ہاتھ میں تھام لی۔ مگر میرے خچر نے چلنے سے انکار کیا۔ یہ دیکھ کر اس نے لجام میرے

ہاتھ سے لے لی۔ تب سبری سواری بڑی آسانی سے چلنے لگی۔ اُس وقت اُس نے اپنا ہاتھ میرے زانو پر رکھ کر کہا کہ تم نافلہ کیوں نہیں پڑھتے۔ پھر تین دفعہ فرمایا: نافلہ، نافلہ، نافلہ۔ پھر فرمایا تم "عاشورا" کیوں نہیں پڑھتے" پھر تین دفعہ فرمایا: عاشورا، عاشورا، عاشورا۔ پھر فرمایا تم "جامعہ" کیوں نہیں پڑھتے" پھر تین مرتبہ فرمایا: جامعہ، جامعہ، جامعہ۔ ابھی ہم تھوڑا ہی چلے تھے کہ ایک مرتبہ اُس نے پلٹ کر کہا وہ دیکھو تمہارے رُفقاءِ سفر نہر کے کنارے نمازِ صبح کے لئے وضو کر رہے ہیں۔ مَیں نے جو دیکھا تو واقعی اپنے قافلہ کو موجود پایا۔ مَیں اُس خچر سے اُتر کر اپنی سواری پر سوار ہونا چاہا۔ مگر سوار نہ ہو سکا یہ دیکھ کر اُس شخص نے اپنا بیلچہ زمین میں گاڑا۔ اور مجھ کو اپنی سواری پر سوار کر کے رُخ قافلہ کی طرف موڑ دیا۔ اُس وقت مَیں نے خیال کیا کہ یہ شخص کون ہو سکتا ہے جو اِس آسانی سے مجھ سے فارسی میں کلام کرتا ہے، حالانکہ یہ ترکستانی علاقہ ہے۔ جہاں کوئی بھی فارسی نہیں جانتا۔ اور اُس نے کیونکر مجھ کو اتنی جلدی میرے قافلہ سے مُلحق کر دیا۔ اُس کے بعد مَیں نے دوبارہ اس شخص کو پلٹ کر جو دیکھا تو اس کا کوئی نشان نہ پایا۔

رُویائے صادقہ مُلّا محمد تقی مجلسی رح

دَارُالسّلام و رَوضۃ المتّقین وغیرہ میں علّامہ محمد تقی مجلسیؒ سے منقول ہے کہ

مَیں نے نجف اشرف میں خواب و بیداری کی درمیانی حالت میں دیکھا کہ مَیں روضۂ مُبارکہ "سامرہ" میں مشرف ہوں۔ امام علی نقی و امام حسن عسکری کی ضریحوں پر حریرِ سبز جنت کی پوشش پڑی ہے۔ اور امام العصر والزّمان علیہ السّلام قبرِ اقدس پر تکیہ کئے بیٹھے ہیں۔ آپ کا رُوئے مبارک دروازے کی جانب ہے۔ میری نگاہ جونہی حضرت پر پڑی مَیں نے "زیارتِ جامعہ" پڑھنا شروع کی، جب زیارت ختم ہوئی۔ حضرت نے فرمایا کہ

لہ نافلہ شب یعنی نمازِ تہجد اور زیارتِ عاشورا کا بیان اسی کتاب کے آخر میں ملاحظہ فرمائیں۔

خوب زیارت ہے۔ میں نے عرض کی مولا یہ زیارت آپ کے جدِ امجد امام علی نقی کی ہے (یعنی انھوں نے تعلیم کی ہے) فرمایا' سچ ہے۔ کیفیت اس زیارت کی اس طرح پر ہے کہ اگر عتبات مقدسہ میں مشرف ہو تو پہلے غسل کرے پھر دروازۂ حرم پر حاضر ہو کر پہلے کہے۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ :۔

پھر اندر داخل ہو۔ جب ضریح اقدس پر نظر پڑے تو تین۳ دفعہ کہو۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ۔ پھر چھوٹے قدم اٹھاتے ہوئے سکینہ و وقار کے ساتھ آگے بڑھو۔ پھر ٹھہر کر تین۳ دفعہ کہو۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ۔ پھر قبر مطہر کے نزدیک اسی طرح سے جا کر کھڑے ہو۔ اور چالیس دفعہ کہو۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ۔ جب سو تکبیریں پوری ہو جائیں تو ذیل کی زیارت خضوع و خشوع سے پڑھو۔ اگر عتباتِ عالیہ میں مشرف نہ ہو تو قدم اٹھانے کی ضرورت نہیں ہے۔ بلکہ پورا عمل ایک ہی جگہ کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر کیا جا سکتا ہے۔ بہتر ہے کھڑے ہو کر پڑھے۔ وہ " زیارت یہ ہے۔

زیارت جامعہ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ بَيْتِ النُّبُوَّةِ وَمَوْضِعَ

سلام ہو آپ حضرات پر اے اہلِ بیتِ نبوت و موضعِ

الرِّسَالَةِ وَمُخْتَلَفَ الْمَلَائِكَةِ وَمَهْبَطَ

رسالت اور محلِّ (جگہ) نزولِ ملائکہ اور اترنے کی جگہ

الْوَحْيِ وَمَعْدِنَ الرَّحْمَةِ وَخُزَّانَ الْعِلْمِ وَ

وحی کے اور کانِ رحمت اور خزانۂ علم اور

مُنْتَهَى الْحِلْمِ وَاُصُوْلَ الْكَرَمِ وَقَادَةَ

نہایتِ حلم اور مصدرِ کرم اور رہبرانِ

الْاُمَمِ وَاَوْلِيَاءَ النِّعَمِ وَعَنَاصِرَ الْاَبْرَارِ

اُمم اور نعمتوں کے ولی اور نیکیوں کے اصول

وَدَعَائِمَ الْاَخْيَارِ وَسَاسَةَ الْعِبَادِ وَاَرْكَانَ

اور اہلِ خیر کے ستون اور بندگانِ خدا کے رہنما اور مستحکم ستون

الْبِلَادِ وَاَبْوَابَ الْاِيْمَانِ وَاُمَنَاءَ الرَّحْمٰنِ

شہروں کیلئے اور دروازہ ہائے ایمان اور امینِ خداوندی

وَسُلَالَةَ النَّبِيِّيْنَ وَصِفْوَةَ الْمُرْسَلِيْنَ

اور رسولوں کی ذرّیت (اولاد) اور اللہ کے برگزیدہ رسول

وَعِتْرَةَ خِيَرَةِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۰ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

اور عترتِ منتخبِ پروردگارِ عالمین اور رحمتِ خدا ہو

وَبَرَكَاتُهٗ ۰ اَلسَّلَامُ عَلٰٓى اَئِمَّةِ الْهُدٰى وَ

اور اسکی برکتیں ہوں۔ سلام ہو ہدایت کے اماموں پر اور

مَصَابِيْحِ الدُّجٰى وَاَعْلَامِ التُّقٰى وَذَوِى النُّهٰى

چراغوں پر اندھیرے کے اور نشانات پر تقویٰ کے اور عظیم عقلمندوں پر

وَاُولِى الْحِجٰى وَكَهْفِ الْوَرٰى وَوَرَثَةِ

اور صاحبانِ مخلوقِ کامل اور پناہ گاہِ عالم پر اور وارثانِ

الْاَنْبِيَآءِ وَالْمَثَلِ الْاَعْلٰى وَالدَّعْوَةِ الْحُسْنٰى

انبیاءؑ اور اللہ کی بہترین مثال پر اور دعوت دینے والے نیکیوں کیطرف

وَحُجَجِ اللّٰهِ عَلٰٓى اَهْلِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَ

اور حجتہائے خدا اوپر اہلِ دنیا و آخرت کے اور

الْاُوْلٰى وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ۰ اَلسَّلَامُ

دونوں کیلئے۔ اور رحمت ہو اللہ کی اور اسکی برکتیں ہوں۔ سلام ہو

عَلٰى مَحَآلِّ مَعْرِفَةِ اللّٰهِ وَمَسَاكِنِ بَرَكَةِ

اوپر مقاماتِ معرفتِ خدا کے اور مسکنوں پر برکتِ

اللّٰهِ وَمَعَادِنِ حِكْمَةِ اللّٰهِ وَحَفَظَةِ سِرِّ

خدا کے اور خزانہائے حکمتِ خدا پر اور محافظانِ رازہائے

اللّٰهِ وَحَمَلَةِ كِتَابِ اللّٰهِ وَاَوْصِيَآءِ نَبِيِّ اللّٰهِ

خدا پر اور حاملانِ کتابِ خدا پر اور نبیؐ خدا کے جانشینوں پر سلام ہو

وَذُرِّيَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَ

اور ذرّیت (اولاد) پر رسولِ خدا کی (درود ہو اللہ کا آنحضرت اور انکی آل پر) اور

رَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ ۰ اَلسَّلَامُ عَلَى الدُّعَاةِ

رحمتِ خدا ہو اور اس کی برکتیں ہوں۔ سلام ہو بلانے والوں پر

اِلَى اللهِ وَالْاَدِلَّاءِ عَلٰى مَرْضَاتِ اللهِ وَالْمُسْتَقِرِّيْنَ

اللہ کی طرف اور جو رہنمائی کرنیوالے ہیں پر خوشنودی خدا کی طرف اور جو ثابت قدم رہنے

فِيْ اَمْرِ اللهِ وَالتَّامِّيْنَ فِيْ مَحَبَّةِ اللهِ وَالْمُخْلِصِيْنَ

والے ہیں حکم خدا پر اور جو حدِ کمال تک پہنچنے والے ہیں محبتِ خدا میں اور جو بیحد خلوص رکھنے

فِيْ تَوْحِيْدِ اللهِ وَالْمُظْهِرِيْنَ لِاَمْرِ اللهِ وَنَهْيِهٖ

والے ہیں توحیدِ خدا پر اور جو ظاہر کرنیوالے ہیں اللہ کی امر و نہی کو

وَعِبَادِهِ الْمُكْرَمِيْنَ الَّذِيْنَ لَا يَسْبِقُوْنَهٗ

اور ان مکرّم بندوں پر جو ہرگز ہرگز سبقت نہیں کرتے اس

بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ وَرَحْمَةُ

کے حکم پر بلکہ وہ اُس کے حکم کے عین مطابق عمل کرتے ہیں اور رحمت نازل ہو

اللهِ وَبَرَكَاتُهُ ۰ اَلسَّلَامُ عَلَى الْاَئِمَّةِ

اللہ کی اور اسکی برکتیں ہوں۔ سلام ہو ان اماموں پر

الدُّعَاةِ وَالْقَادَةِ الْهُدَاةِ وَالسَّادَةِ الْوُلَاةِ

جو حق کی طرف بلانے والے، اور رہبر و رہنما اور سردار و ولی ہیں

وَالذَّادَةِ الْحُمَاةِ وَاَهْلِ الذِّكْرِ وَاُولِي

اور محافظِ دینِ خدا اور حامیِ دین اور ذکر کرنیوالے اور صاحبانِ

الْاَمْرِ وَبَقِيَّةِ اللهِ وَخِيَرَتِهٖ وَحِزْبِهٖ وَعَيْبَةِ

امر (حاکم) ہیں اللہ کی باقی رہنے والی نشانیاں اور اُس کے منتخب، اور اُس کے گروہ اور خزانہ

عِلْمِهٖ وَحُجَّتِهٖ وَصِرَاطِهٖ وَنُوْرِهٖ وَبُرْهَانِهٖ وَ

ہیں اسکے علم کا اور اُسکی حجت، اور اُسکا بتایا ہوا راستہ، اور اُسکا نور اور اُسکی دلیل ہیں اور

رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا

رحمت نازل ہو اللہ کی اور برکتیں ہوں ۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے

اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ كَمَا شَهِدَ اللّٰهُ

اللہ کے جو یکتا ہے اُس کا کوئی شریک نہیں جیسا کہ گواہی دی ہے اللہ نے

لِنَفْسِهٖ ۔ وَشَهِدَتْ لَهٗ مَلَآئِكَتُهٗ وَاُولُوا

خود اپنی ذات کی اور گواہی دی اس کیلئے اُس کے ملائکہ نے اور صاحبانِ

الْعِلْمِ مِنْ خَلْقِهٖ ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

علم نے اُس کی مخلوق میں سے ۔ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اُس غالب حکمت والے کے ۔

وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ الْمُنْتَجَبُ وَرَسُوْلُهُ

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک حضرت محمدؐ اُس کے بندہ برگزیدہ ہیں اور اس کے رسول

الْمُرْتَضٰى اَرْسَلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ

پسندیدہ ہیں جن کو اُس نے بھیجا ہے ہدایت اور دینِ حق کیلئے

لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ

تاکہ وہ ظاہر و غالب کر دیں اُس کو تمام ادیان پر خواہ یہ امر مشرکوں کو کتنا ہی ناگوار ہو

وَاَشْهَدُ اَنَّكُمُ الْاَئِمَّةُ الرَّاشِدُوْنَ الْمَهْدِيُّوْنَ

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً آپ حضرات امام ، رہنما ہدایت یافتہ

الْمَعْصُوْمُوْنَ الْمُكَرَّمُوْنَ الْمُقَرَّبُوْنَ الْمُتَّقُوْنَ

معصوم ، بزرگ ، مقرّب ، پرہیزگار ،

الصَّادِقُوْنَ الْمُصْطَفَوْنَ الْمُطِيْعُوْنَ لِلّٰهِ

صادق ، منتخب ، (اور) اطاعت گذار ہیں اللہ کے لیے

الْقَوَّامُوْنَ بِاَمْرِهٖ الْعَامِلُوْنَ بِاِرَادَتِهٖ الْفَائِزُوْنَ

قائم رہنے والے ہیں اس کے حکم پر ، عمل کرنیوالے ہیں اس کی منشاء پر ، فائز ہیں

بِكَرَامَتِهٖ اصْطَفَاكُمْ بِعِلْمِهٖ وَارْتَضَاكُمْ

اس کے لطف و کرم پر، منتخب کیا ہے آپ حضرات کو اپنے علم کی بنا پر، اور پسند کیا ہے

لِغَيْبِهٖ وَاخْتَارَكُمْ لِسِرِّهٖ وَاجْتَبَاكُمْ

کو اپنے علم غیب کیلئے، اور پسند کیا ہے آپ حضرات کو اپنے رازوں کیلئے، اور آپ حضرات کا انتخاب کیا ہے

بِقُدْرَتِهٖ وَاَعَزَّكُمْ بِهُدَاهُ وَخَصَّكُمْ

اپنی طاقت سے، اور آپ حضرات کو عزت بخشی اپنی ہدایت سے اور مخصوص فرمایا آپ حضرات

بِبُرْهَانِهٖ وَانْتَجَبَكُمْ لِنُوْرِهٖ وَاَيَّدَكُمْ

اپنی دلیل سے اور منتخب فرمایا آپ حضرات کو اپنے نور کیلئے اور آپ حضرات کی مدد کی

بِرُوْحِهٖ وَرَضِيَكُمْ خُلَفَآءَ فِيْ اَرْضِهٖ

اپنے روح القدس کے ذریعے سے، اور آپ حضرات کو منتخب فرمایا اپنی زمین پر خلافت کیلئے اور

حُجَجًا عَلٰى بَرِيَّتِهٖ وَاَنْصَارًا لِّدِيْنِهٖ وَحَفَظَةً

اپنی مخلوقات پر حجت کے لیے، اور اپنے دین کی نصرت کیلئے اور حفاظت کیلئے

لِّسِرِّهٖ وَخَزَنَةً لِّعِلْمِهٖ وَمُسْتَوْدَعًا لِّحِكْمَتِهٖ

اپنے راز کی، اور اپنے علم کا خازن بنانے کیلئے اور اپنی حکمت سپرد کرنے کے لیے

وَتَرَاجِمَةً لِّوَحْيِهٖ وَاَرْكَانًا لِّتَوْحِيْدِهٖ

اور اپنی وحی کی ترجمانی کے لیے اور اپنی توحید کا ستون بنانے کے لیے

وَشُهَدَآءَ عَلٰى خَلْقِهٖ وَاَعْلَامًا لِّعِبَادِهٖ وَ

اور اپنی مخلوق پر گواہی کیلئے اور اپنی نمائندگی کیلئے اپنی بندوں کیلئے اور

مَنَارًا فِيْ بِلَادِهٖ وَاَدِلَّآءَ عَلٰى صِرَاطِهٖ عَصَمَكُمُ

اپنے شہروں میں منارہ نور بنانے کیلئے، اور اپنے راستے کی رہنمائی کیلئے۔ (نیز) آپ حضرات کو بچایا

اللّٰهُ مِنَ الزَّلَلِ وَاٰمَنَكُمْ مِّنَ الْفِتَنِ وَطَهَّرَكُمْ

اللہ نے لغزشوں سے اور اپنی پناہ میں رکھا آپ حضرات کو فتنوں سے اور پاک رکھا آپ

مِنَ الدَّنَسِ وَاَذْهَبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ وَطَهَّرَكُمْ

حضرات کو نجاست سے اور دور رکھا آپ حضرات سے رجس و پلیدگی کو اور ایسا پاکیزہ

تَطْهِيرًا. فَعَظَّمْتُمْ جَلَالَهُ وَاَكْبَرْتُمْ شَاْنَهُ

رکھا جیسا پاکیزہ رکھنے کا حق ہے۔ چنانچہ آپ حضرات نے بتایا کہ اُس کی ذات عظیم و بزرگ ہے اور اُس

وَمَجَّدْتُمْ كَرَمَهُ وَاَدَمْتُمْ ذِكْرَهُ وَ

کی شان بہت بڑی ہے اور وہ بزرگی و کرامت والا ہے اور آپ حضرات نے اس کے ذکر کو دوام بخشا اور

وَكَّدْتُمْ مِيثَاقَهُ وَاَحْكَمْتُمْ عَقْدَ طَاعَتِهِ

اور اس کے عہد و میثاق کو مضبوط اور اس کے عہد و پیمان اور اطاعت کو مستحکم کیا

وَنَصَحْتُمْ لَهُ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ وَدَعَوْتُمْ

اور مخلوق کو نصیحت کی پوشیدہ اور علانیہ طور پر اور انھیں بُلایا

اِلٰى سَبِيلِهِ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ

انھیں اُسکی راہ کی طرف حکمت اور موعظۂ حسنہ کے ساتھ

وَبَذَلْتُمْ اَنْفُسَكُمْ فِي مَرْضَاتِهِ وَصَبَرْتُمْ

اور اپنی جانیں تک قربان کر دیں اُس کی رضا کی خاطر اور صبر سے کام لیا

عَلٰى مَآ اَصَابَكُمْ فِي جَنْبِهِ وَاَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ

ان مصائب پر جو آپ حضرات پر اس کی راہ میں وارد ہوئے اور آپ حضرات نے نماز قائم کی

وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاَمَرْتُمْ بِالْمَعْرُوفِ وَ

اور زکوٰۃ ادا کی اور حکم دیا نیکی کا اور

نَهَيْتُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَجَاهَدْتُمْ فِي اللّٰهِ

روکا برائی سے اور جہاد کیا اللہ کی راہ میں

حَقَّ جِهَادِهِ حَتّٰى اَعْلَنْتُمْ دَعْوَتَهُ وَبَيَّنْتُمْ

اور پورا پورا حقِ جہاد ادا کیا یہاں تک کہ لوگوں کو دعوت دی کھلم کھلا اور ظاہری طور پر

فَرَائِضَهٗ وَ اَقَمْتُمْ حُدُوْدَهٗ وَ نَشَرْتُمْ شَرَائِعَ

اس کے احکامات بیان کیے اور اس کی حدود کو قائم کیا اور نشر کیا اس کی شریعت

اَحْكَامِهٖ وَ سَنَنْتُمْ سُنَّتَهٗ وَ صِرْتُمْ فِيْ

کے احکامات کو اور جاری کیا اس کی سنت کی اور ہو گئے آپ حضرات

ذٰلِكَ مِنْهُ اِلَى الرِّضَا وَ سَلَّمْتُمْ لَهُ الْقَضَاءَ

اس سلسلے میں اس کی رضا و خوشنودی کے مستحق اور سر تسلیم خم کیا اس کے حکم کے سامنے

وَ صَدَّقْتُمْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ مَّضٰى فَالرَّاغِبُ

اور تصدیق کی آپ حضرات نے گذشتہ رسولوں کی پس جس نے منہ پھیر لیا

عَنْكُمْ مَارِقٌ وَ اللَّازِمُ لَكُمْ لَاحِقٌ وَ الْمُقَصِّرُ

آپ حضرات کی طرف سے وہ دین خدا سے خارج ہو گیا اور جو آپ سے وابستہ ہوا وہ آپ سے ملحق ہو گیا

فِيْ حَقِّكُمْ زَاهِقٌ وَ الْحَقُّ مَعَكُمْ وَ فِيْكُمْ

اور جس نے آپ کو آپ کے مرتبہ سے گھٹایا وہ خود گھٹ گیا اور حقیقتاً حق آپ کے ساتھ ہے اور آپ حضرات

وَ مِنْكُمْ وَ اِلَيْكُمْ وَ اَنْتُمْ اَهْلُهٗ وَ مَعْدِنُهٗ

میں ہے اور اس کی ابتدا آپ حضرات سے ہے اور انتہا بھی آپ حضرات پر ہے اور آپ ہی اہل حق اور اس کے خزانے ہیں

وَ مِيْرَاثُ النُّبُوَّةِ عِنْدَكُمْ وَ اِيَابُ الْخَلْقِ

اور میراث نبوت آپ حضرات کے پاس ہے اور مخلوق کی بازگشت آپ حضرات

اِلَيْكُمْ وَ حِسَابُهُمْ عَلَيْكُمْ وَ فَصْلُ الْخِطَابِ

کی طرف ہے اور ان کا حساب آپ حضرات کے ذمے ہے اور حق و باطل کا فیصلہ بھی آپ

عِنْدَكُمْ وَ اٰيَاتُ اللّٰهِ لَدَيْكُمْ وَ عَزَائِمُهٗ فِيْكُمْ

حضرات ہی کریں گے اور آیات الٰہی آپ حضرات کے پاس ہیں اور اسرار نبوت آپ کے خاندان میں ہیں

وَ نُوْرُهٗ وَ بُرْهَانُهٗ عِنْدَكُمْ وَ اَمْرُهٗ

اور اس کا نور اور اس کی برہان و دلیل آپ حضرات کے پاس ہیں اور اس کا حکم بھی آپ

اِلَیْکُمْ مَّنْ وَالَاکُمْ فَقَدْ وَالَی اللّٰہَ وَ

حضرات کیطرف آتا ہے، جس نے آپ حضرات سے دوستی رکھی پس اُس نے اللہ سے دوستی رکھی اور

مَنْ عَادَاکُمْ فَقَدْ عَادَ اللّٰہَ وَمَنْ اَحَبَّکُمْ

جس نے آپ حضرات سے دشمنی رکھی پس اُس نے اللہ سے دشمنی رکھی اور جس نے آپ حضرات سے محبت کی

فَقَدْ اَحَبَّ اللّٰہَ وَمَنْ اَبْغَضَکُمْ فَقَدْ

پس اُس نے اللہ سے محبت کی ، اور جس نے آپ حضرات سے بغض رکھا ، پس اُس نے

اَبْغَضَ اللّٰہَ وَمَنِ اعْتَصَمَ بِکُمْ فَقَدِ

اللہ سے بغض رکھا ، اور جو آپ حضرات سے وابستہ ہوگیا ، پس وہ

اعْتَصَمَ بِاللّٰہِ ۔ اَنْتُمُ الصِّرَاطُ الْاَقْوَامُ

وابستہ ہوگیا اللہ سے ۔ آپ حضرات ہی صراطِ مستقیم ہیں

وَشُھَدَآءُ دَارِ الْفَنَآءِ وَشُفَعَآءُ دَارِ الْبَقَآءِ

اور گواہ ہیں دنیائے فانی میں اور شفیع ہیں آخرت میں

وَالرَّحْمَۃُ الْمَوْصُوْلَۃُ وَالْاٰیَۃُ الْمَخْزُوْنَۃُ وَ

اور رحمتِ سرمدی وابدی ہیں اور آیاتِ ربّانی کے خزانے ہیں اور

الْاَمَانَۃُ الْمَحْفُوْظَۃُ وَالْبَابُ الْمُبْتَلٰی بِہِ

اللہ کی محفوظ امانت ہیں اور دروازہ آزمائش ہیں

النَّاسُ مَنْ اَتٰکُمْ نَجٰی وَمَنْ لَّمْ یَاْتِکُمْ

لوگوں کیلیئے جو آپ حضرات کے پاس آگیا اس نے نجات حاصل کی اور جو آپ حضرات کے پاس نہ آیا

ھَلَکَ اِلَی اللّٰہِ تَدْعُوْنَ وَعَلَیْہِ تَدُلُّوْنَ وَبِہٖ

وہ ہلاک ہوگیا ۔ اللہ کیطرف آپ حضرات بلانے والے ہیں اور اس کی ذات پر دلیل ہیں اور اُس پر

تُؤْمِنُوْنَ وَلَہٗ تُسَلِّمُوْنَ وَبِاَمْرِہٖ تَعْمَلُوْنَ وَ

مکمل ایمان رکھتے ہیں اور اس کیلیئے سرِتسلیم خم کرتے ہیں اور اس کے حکم کی تعمیل کرتے ہیں ۔ اور

إِلَى سَبِيلِهِ تُرْشِدُونَ وَبِقَوْلِهِ تَحْكُمُونَ

اُس کے راستے کی طرف ہدایت کرتے ہیں اور اس کے کلام (قرآن) سے فیصلہ کرتے ہیں

سَعِدَ مَنْ وَّالَاكُمْ وَهَلَكَ مَنْ عَادَاكُمْ وَ

خوش نصیب ہے وہ جو آپ حضرات کو دوست رکھے اور ہلاکت ہے اس کے لیے جو آپ سے دشمنی رکھے اور

خَابَ مَنْ جَحَدَكُمْ وَضَلَّ مَنْ فَارَقَكُمْ

ناکام و نامراد ہے وہ جس نے آپ حضرات کے حق سے انکار کیا اور گمراہ ہے وہ جس نے آپ حضرات کو چھوڑ دیا

وَفَازَ مَنْ تَمَسَّكَ بِكُمْ وَاَمِنَ مَنْ لَّجَاَ

اور کامیاب ہے وہ جو آپ کے دامن سے وابستہ رہا۔ اور امن پایا اُس نے جس نے آپ حضرات

إِلَيْكُمْ وَسَلِمَ مَنْ صَدَّقَكُمْ وَهُدِيَ

کے دامن میں پناہ لی اور سلامت رہا وہ جس نے آپ حضرات کی تصدیق کی اور ہدایت پائی اُس نے

مَنِ اعْتَصَمَ بِكُمْ مَنِ اتَّبَعَكُمْ فَالْجَنَّةُ

جس نے آپ حضرات کا دامن پکڑ لیا۔ جس نے آپ حضرات کی پیروی کی پس اُس نے جنت میں

مَاْوٰيهُ وَمَنْ خَالَفَكُمْ فَالنَّارُ مَثْوٰيهُ وَ

منزلت پائی اور جس نے آپ حضرات کی مخالفت کی پس جہنم ہی اُس کا ٹھکانہ ہے اور

مَنْ جَحَدَكُمْ كَافِرٌ وَمَنْ حَارَبَكُمْ مُشْرِكٌ

جس نے آپ حضرات کا انکار کیا وہ کافر ہے اور جس نے آپ حضرات سے جنگ کی وہ مشرک ہے

وَمَنْ رَّدَّ عَلَيْكُمْ فِيْ اَسْفَلِ دَرَاكٍ مِّنَ

اور جس نے آپ حضرات کے حکم کو رد کیا وہ نچلے طبقے میں جا پہنچا

الْجَحِيْمِ اَشْهَدُ اَنَّ هٰذَا سَابِقٌ لَّكُمْ فِيْمَا

جہنم کے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک آپ حضرات فائز تھے اس منزلت پر زمانہ

مَضٰى وَجَارٍ لَّكُمْ فِيْمَا بَقِيَ وَاَنَّ اَرْوَاحَكُمْ

گزشتہ میں اور آئندہ زمانے میں بھی اس پر فائز رہیں گے اور بیشک آپ حضرات کی ارواح

وَنُوْرُكُمْ وَطِيْنَتُكُمْ وَاحِدَةٌ طَابَتْ وَ

اور آپ حضرات کا نور اور آپ حضرات کی طینت ایک ہی ہے پاکیزہ ہیں آپ سب اور

طَهُرَتْ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ خَلَقَكُمُ اللّٰهُ

آپ حضرات کو خلق فرمایا اللہ نے ایک دوسرے سے پاک ہیں

اَنْوَارًا فَجَعَلَكُمْ بِعَرْشِهٖ مُحْدِقِيْنَ حَتّٰى

بشکل نور پھر قرار دیا آپ حضرات کے نور کو اپنے عرش کے چاروں طرف حتیٰ کہ

مَنَّ عَلَيْنَا بِكُمْ فَجَعَلَكُمْ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ

اس نے ہم پر احسان فرمایا آپ حضرات کے ذریعے سے یعنی پیدا کیا آپ حضرات کو ایسے گھروں میں کہ حکم دیا

اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَجَعَلَ

اللہ نے ان کو بلند کرنے کا اور جن میں اُس کا نام لیا جائے ، اور لازم کیا

صَلٰوتَنَا عَلَيْكُمْ وَمَا خَصَّنَا بِهٖ مِنْ وِّلَايَتِكُمْ

ہمارے لیے درود بھیجنا آپ کے اوپر اور ہمیں مخصوص فرمایا آپ حضرات کی ولایت سے

طِيْبًا لِّخَلْقِنَا وَطَهَارَةً لِّاَنْفُسِنَا وَتَزْكِيَةً

تاکہ پاک رہے ہماری خلقت اور طہارت ہو جائے ہمارے نفسوں کی اور تزکیہ ہو جائے

لَّنَا وَكَفَّارَةً لِّذُنُوْبِنَا فَكُنَّا عِنْدَهٗ مُسَلِّمِيْنَ

ہمارا اور کفارہ ہو جائے ہمارے گناہوں کا کیونکہ اُس کے علم میں تھا کہ ہم تسلیم کرنے والے ہوں

بِفَضْلِكُمْ وَمَعْرُوْفِيْنَ بِتَصْدِيْقِنَا اِيَّاكُمْ

گے آپ حضرات کی فضیلت کو اور آپ حضرات کے مراتب کی تصدیق کرنے والے ہوں گے ، آپ حضرات کو

فَبَلَّغَ اللّٰهُ بِكُمْ اَشْرَفَ مَحَلِّ الْمُكْرَمِيْنَ

پہنچادے اللہ سب سے زیادہ شرافت کے مقام پر اپنے مکرّم بندوں میں

وَاَعْلٰى مَنَازِلِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَاَرْفَعَ دَرَجَاتِ

اور سب سے بہترین منزلت مقرّب بندوں میں اور سب سے بلند درجے پر پہنچا

الْمُرْسَلِيْنَ ۔ حَيْثُ لَا يَلْحَقُهٗ لَاحِقٌ وَّلَا

رسولوں میں ۔ جہاں نہ کوئی اس سے ملحق ہو سکے اور نہ کوئی

يَفُوْقُهٗ فَائِقٌ وَّلَا يَسْبِقُهٗ سَابِقٌ وَّلَا يَطْمَعُ

اس سے فوقیت حاصل کر سکے اور نہ کوئی اُس پر سبقت حاصل کر سکے اور نہ کوئی طمع کرنیوالا

فِيْ اِدْرَاكِهٖ طَامِعٌ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مَلَكٌ

اس تک پہنچنے کی طمع کر سکے ۔ یہانتک کہ نہ کوئی ملک

مُقَرَّبٌ وَّلَا نَبِيٌّ مُّرْسَلٌ وَّلَا صِدِّيْقٌ وَّلَا

مقرب اور نہ کوئی نبیٔ مرسل اور نہ کوئی صدیق اور نہ کوئی

شَهِيْدٌ وَّلَا عَالِمٌ وَّلَا جَاهِلٌ وَّلَا دَنِيٌّ وَّلَا

شہید اور نہ کوئی عالم اور نہ کوئی جاہل اور نہ کوئی پست اور نہ کوئی

فَاضِلٌ وَّلَا مُؤْمِنٌ صَالِحٌ وَّلَا فَاجِرٌ طَالِحٌ

بلند اور نہ کوئی مومنِ صالح اور نہ کوئی فاجرِ شریر

وَّلَا جَبَّارٌ عَنِيْدٌ وَّلَا شَيْطَانٌ مَّرِيْدٌ وَّلَا

اور نہ کوئی ظالم سرکش اور نہ کوئی شیطانِ گمراہ و مردود اور نہیں ہے

خَلْقٌ فِيْمَا بَيْنَ ذٰلِكَ شَهِيْدٌ اِلَّا عَرَّفَهُمْ

کوئی مخلوق ایسی ان کے درمیان کہ جس کو (اللہ نے) آپ حضرات کی

جَلَالَةَ اَمْرِكُمْ وَعِظَمَ خَطَرِكُمْ وَكِبَرَ

جلالتِ قدر، عظمتِ مقام کو اور علوّ

شَانِكُمْ وَتَمَامَ نُوْرِكُمْ وَصِدْقَ

شان کو اور کمالِ نور کو اور صدق

مَقَاعِدِكُمْ وَّثَبَاتَ مَقَامِكُمْ وَّشَرَفَ

اور شرفِ

مَحَلِّكُمْ

محل کو اور ثباتِ مقام کو

مَحَلَّكُمْ وَمَنْزِلَتَكُمْ عِنْدَهٗ وَكَرَامَتَكُمْ

محل اور آپ کی منزلت کو اپنے نزدیک نہ بتا دیا ہو۔ اور یہ کہ آپ حضرات

عَلَيْهِ وَخَاصَّتَكُمْ لَدَيْهِ وَقُرْبَ مَنْزِلَتِكُمْ

اس کی نظر میں کتنے مکرّم اور کتنی خصوصیات کے حامل ہیں اور قرب منزلت کتنی ہے

مِنْهُ بِأَبِيْ أَنْتُمْ وَأُمِّيْ وَأَهْلِيْ وَمَالِيْ وَ

فداہوں میرے باپ اور میری ماں آپ پر اور میرے اہل اور میرا مال اور

أُسْرَتِيْ ۔ أُشْهِدُ اللّٰهَ وَأُشْهِدُكُمْ أَنِّيْ

میرا پورا خاندان (فداہو)۔ میں اللہ کو گواہ بناتا ہوں اور آپ حضرات کو گواہ بناتا ہوں کہ یقیناً

مُؤْمِنٌ بِكُمْ وَبِمَا آمَنْتُمْ بِهٖ ۔ كَافِرٌ بِعَدُوِّكُمْ

میرا ایمان آپ حضرات پر ہے اور اس پر بھی جس پر آپ کا ایمان ہے۔ منکر ہوں آپ کے دشمنوں کا

وَبِمَا كَفَرْتُمْ بِهٖ ۔ مُسْتَبْصِرٌ بِشَأْنِكُمْ وَ

اور اس کا بھی منکر ہوں جس کا آپ کو انکار ہے۔ میں واقف ہوں آپ حضرات کی شان سے اور

بِضَلَالَةِ مَنْ خَالَفَكُمْ ۔ مُوَالٍ لَّكُمْ وَلِأَوْلِيَائِكُمْ

آپ حضرات کے مخالفین کی ضلالت سے بھی واقف ہوں۔ دوستدار ہوں آپ حضرات کا آپ کے دوستوں کا بھی

مُبْغِضٌ لِّأَعْدَائِكُمْ وَمُعَادٍ لَّهُمْ سِلْمٌ لِّمَنْ

اور بغض رکھتا ہوں آپ حضرات کے دشمنوں سے اور اُن سے عناد رکھتا ہوں۔ میری صلح اُس سے ہے

سَالَمَكُمْ وَحَرْبٌ لِّمَنْ حَارَبَكُمْ مُحَقِّقٌ

جس کی صلح آپ حضرات سے ہے اور جنگ ہے اس سے جس سے آپ حضرات کی جنگ ہے۔ حق جانتے ہیں

لِّمَا حَقَّقْتُمْ مُّبْطِلٌ لِّمَا أَبْطَلْتُمْ مُّطِيْعٌ لَّكُمْ

جس کو آپ حضرات میں بھی حق جانتا ہوں اُسکو میں بھی باطل جانتا ہوں جسکو آپ باطل جانتے ہیں میں مطیع ہوں آپ کا

عَارِفٌ بِحَقِّكُمْ مُّقِرٌّ بِفَضْلِكُمْ مُّحْتَمِلٌ

پہچانتا ہوں آپ حضرات کے حق کو، اقرار کرتا ہوں آپ حضرات کی فضیلت کا، معتقد ہوں

لِعِلْمِكُمْ مُحْتَجِبٌ بِذِمَّتِكُمْ مُعْتَرِفٌ بِكُمْ

آپ حضرات کے علم کا حجاب میں ہوں (پناہ میں ہوں) آپ کے عہد کے ساتھ۔ آپ کا معترف ہوں

مُؤْمِنٌ بِإِيَابِكُمْ مُصَدِّقٌ بِرَجْعَتِكُمْ مُنْتَظِرٌ

ایمان رکھتا ہوں آپ حضرات کی رجعت پر۔ تصدیق کرنے والا ہوں آپ کی دنیا میں واپسی کا۔ منتظر ہوں

لِأَمْرِكُمْ مُرْتَقِبٌ لِدَوْلَتِكُمْ آخِذٌ بِقَوْلِكُمْ

آپ کی حکومت کا، امیدوار ہوں آپ کی دولت کا، لینے والا ہوں آپ کے قول کا

عَامِلٌ بِأَمْرِكُمْ مُسْتَجِيرٌ بِكُمْ زَائِرٌ لَكُمْ

عمل کرتا ہوں آپ حضرات کے حکم پر، پناہ چاہتا ہوں آپ کی، زائر ہوں آپ حضرات کا دامن

لَائِذٌ بِقُبُورِكُمْ مُسْتَشْفِعٌ إِلَى اللهِ

تھامنے والا ہوں، پناہ چاہنے والا ہوں آپ کے مرقد کے ذریعے سے، شفاعت چاہنے والا ہوں اللہ

عَزَّ وَجَلَّ بِكُمْ وَمُتَقَرِّبٌ بِكُمْ إِلَيْهِ وَمُقَدِّمُكُمْ

عزت و جلال والے کی طرف بذریعے آپ کے۔ اور تقرب کا خواہاں ہوں بذریعے آپ کے اور پیش پیش رکھتا ہوں آپ کو

أَمَامَ طَلِبَتِي وَحَوَائِجِي وَإِرَادَتِي فِي كُلِّ

اپنے مطلب، اور اپنی حاجتوں، اور اپنی مرادوں اور اپنے ہر

أَحْوَالِي وَأُمُورِي مُؤْمِنٌ بِسِرِّكُمْ وَعَلَانِيَتِكُمْ

حال میں اور تمام کاموں میں، ایمان رکھتا ہوں آپ حضرات کے پوشیدہ و ظاہر

وَشَاهِدِكُمْ وَغَائِبِكُمْ وَأَوَّلِكُمْ وَآخِرِكُمْ وَ

اور حاضر اور غائب پر اور آپ حضرات کے اوّل و آخر پر اور

مُفَوِّضٌ فِي ذٰلِكَ كُلِّهِ إِلَيْكُمْ وَمُسَلِّمٌ فِيهِ

سپرد کرتا ہوں یہ تمام امور سب کے سب آپ کی طرف اور اسمیں تسلیم کرتا ہوں آپکے حکم کو

مَعَكُمْ وَقَلْبِي لَكُمْ مُسَلِّمٌ وَرَأْيِي لَكُمْ

آپ کے ساتھ اور میرا دل آپ حضرات کو تسلیم کرتا ہے اور میری رائے آپ حضرات کی

جَمْعٌ وَّنُصْرَتِيْ لَكُمْ مُّعَدَّةٌ يُحْيِي اللّٰهُ

تابع ہے اور میں آپ حضرات کی نصرت کے لیے بالکل تیار ہوں ۔ تاکہ زندہ کردے اللہ

تَعَالٰى دِيْنَهٗ بِكُمْ وَيَرُدَّكُمْ فِيْ اَيَّامِهٖ وَ

بلند و بالا اپنے دین کو آپ حضرات کے ذریعے سے اور پھر واپس کرے آپ حضرات کو ان دنوں میں اور

يُظْهِرَكُمْ لِعَدْلِهٖ وَيُمَكِّنَكُمْ فِيْ اَرْضِهٖ

آپ حضرات کو پھر ظاہر فرمادے اپنے عدل کیلئے اور آپ حضرات کو غلبہ عطا فرمادے اپنی زمین میں

فَمَعَكُمْ مَّعَكُمْ لَا مَعَ غَيْرِكُمْ اٰمَنْتُ

پس میں آپ حضرات کے ہی ساتھ ہوں یقیناً ۔ نہیں ہوں آپ کے غیر کے ساتھ ، میں ایمان رکھتا ہوں

بِكُمْ وَتَوَلَّيْتُ اٰخِرَكُمْ بِمَا تَوَلَّيْتُ بِهٖ

آپ حضرات پر اور میں ولی (امر) مانتا ہوں آپ کے آخری کو جسطرح ولی (امر) مانتا ہے میں نے

اَوَّلَكُمْ وَبَرِئْتُ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ

آپ کے اوّل کو اور بیزاری چاہتا ہوں اللہ کی بارگاہ میں جو صاحبِ بزرگی و اجلال ہے

اَعْدَآئِكُمْ وَمِنَ الْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَ

آپ کے دشمنوں میں سے اور بُت سے اور معبودِ باطل سے اور

الشَّيَاطِيْنِ وَحِزْبِهِمُ الظَّالِمِيْنَ لَكُمْ

شیاطین اور ان کے گروہ سے ظلم کیا جنھوں نے آپ حضرات پر

الْجَاحِدِيْنَ لِحَقِّكُمْ وَالْمَارِقِيْنَ مِنْ وِّلَايَتِكُمْ

انکار کیا جنھوں نے آپ کے حق کا اور جو باہر ہو گئے آپ حضرات کی ولایت سے

وَالْغَاصِبِيْنَ لِاِرْثِكُمُ الشَّاكِّيْنَ فِيْكُمْ

اور جنھوں نے غصب کیا آپ کی وراثت کو جنھوں نے شک کیا آپ کے بارے میں

الْمُنْحَرِفِيْنَ عَنْكُمْ وَمِنْ كُلِّ وَلِيْجَةٍ دُوْنَكُمْ

جو منحرف ہو گئے آپ حضرات سے اور ہر اس بھیدی سے بیزار ہوں جو آپ کا غیر ہے

وَكُلِّ مُطَاعٍ سِوَاكُمْ وَمِنَ الْأَئِمَّةِ الَّذِينَ

اور ہر اس حاکم سے جو آپ کے سوا ہے اور ان پیشواؤں سے بھی جو

يَدْعُونَ إِلَى النَّارِ ۔ فَثَبِّتْنِي اللّٰهُ أَبَدًا مَا حَيِيتَنِي

بلاتے ہیں جہنم کی طرف ۔ پس اللہ مجھے ثابت قدم رکھے ہمیشہ جبتک میں زندہ ہوں

عَلَى مُوَالَاتِكُمْ وَمَحَبَّتِكُمْ وَدِينِكُمْ وَوَفِّقْنِي

آپ حضرات کی ولایت پر اور محبت پر اور آپ کے دین پر اور مجھے توفیق دے

لِطَاعَتِكُمْ وَرَزَقَنِي شَفَاعَتَكُمْ وَجَعَلَنِي

آپ حضرات کی اطاعت کی اور مجھے نصیب فرمائے آپ حضرات کی شفاعت اور مجھے قرار دے

مِنْ خِيَارِ مَوَالِيكُمُ التَّابِعِينَ لِمَا دَعَوْتُمْ

ان برگزیدہ دوستوں میں جنھوں نے آپ کی پیروی کی جب بھی آپ نے انھیں بلایا

إِلَيْهِ وَجَعَلَنِي مِمَّنْ يَقْتَصُّ آثَارَكُمْ وَ

اس کیطرف اور قرار دے مجھے ان لوگوں میں جو آپ حضرات کے نقش قدم پر چلنے والے ہیں اور

يَسْلُكُ سَبِيلَكُمْ وَيَهْتَدِي بِهُدَيْكُمْ وَ

گامزن ہیں آپ حضرات کی راہ پر اور ہدایت پاتے ہیں آپ حضرات کی رہبری میں ۔ اور

يُحْشَرُ فِي زُمْرَتِكُمْ وَيَكِرُّ فِي رَجْعَتِكُمْ

جو آپ حضرات کے گروہ میں محشور ہوں گے اور دوبارہ آئیں گے آپ کی رجعت کے وقت

وَيُمَلَّكُ فِي دَوْلَتِكُمْ وَيُشَرَّفُ فِي عَافِيَتِكُمْ

اور حکمراں ہوں گے آپ حضرات کے عہد حکومت میں اور مشرف ہوں گے آپ کی عافیت کے ذریعے سے

وَيُمَكَّنُ فِي أَيَّامِكُمْ وَتَقَرُّ عَيْنُهُ غَدًا

اور جن کو قدرت حاصل ہوگی آپ کی زمانۂ حکومت میں اور ٹھنڈی ہوں گی جنکی آنکھیں کل کے دن

بِرُؤْيَتِكُمْ بِأَبِي أَنْتُمْ وَأُمِّي وَنَفْسِي وَأَهْلِي

آپ حضرات کے دیدار سے ۔ فدا ہوں آپ حضرات پر میرے باپ، میری ماں، میری جان، میرے اہل و عیال

وَمَالِيْ مَنْ اَرَادَ اللّٰهَ بَدَءَ بِكُمْ وَمَنْ وَحَّدَهٗ

اور میرا مال ، جس نے بھی ارادہ کیا معرفت خدا حاصل کرنیکا اُس نے آپ حضرات کی پیروی شروع کی اور

قَبِلَ عَنْكُمْ وَمَنْ قَصَدَهٗ تَوَجَّهَ بِكُمْ مَوَالِيَّ

جس نے بھی اس کی توحید کا اقرار کیا وہ آپ حضرات کی تعلیمات کیوجہ سے اور جس نے اُس کا قصد کیا اُس نے آپ کی طرف توجہ کی ، اے میرے

لَآ اُحْصِيْ ثَنَآئَكُمْ وَلَآ اَبْلُغُ مِنَ الْمَدْحِ

آقاؤ ! میں حد مقرر نہیں کرسکتا آپ حضرات کی تعریف کی اور نہ پہنچ سکتا ہوں آپ حضرات کی مدح سے

كُنْهَكُمْ وَمِنَ الْوَصْفِ قَدْرَكُمْ وَاَنْتُمْ

آپ حضرات کی حقیقت تک اور نہ آپ کی تعریف سے آپ حضرات کے مرتبے تک اور آپ حضرات

نُوْرُ الْاَخْيَارِ وَهُدَاةُ الْاَبْرَارِ وَحُجَجُ

نور ہیں نیک لوگوں کیلئے اور ہدایت ہیں نیکو کاروں کے لیے اور حجت ہیں خدا کے

الْجَبَّارِ بِكُمْ فَتَحَ اللّٰهُ وَبِكُمْ يَخْتِمُ وَبِكُمْ

جبار کی طرف سے ، آپ ہی سے اللہ نے ابتدائے عالم کیا اور آپ ہی پر اس کو ختم کریگا اور آپ ہی کے ذریعے

يُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَبِكُمْ يُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ

سے پانی برساتا ہے (رحمت کا) اور آپ ہی کے سبب سے روکے ہوئے ہے آسمان کو

تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ وَبِكُمْ يُنَفِّسُ

زمین پر گرنے سے مگر سوائے اس کی اجازت کے اور آپ ہی کے سبب سے اللہ

الْهَمَّ وَيَكْشِفُ الضُّرَّ وَعِنْدَكُمْ مَا نَزَلَتْ

رنج و غم کو دور کر دیتا ہے اور آپ ہی کیوجہ سے مصائب کو دور کر دیتا ہے اور آپ کے پاس وہ سب

بِهٖ رُسُلُهٗ وَهَبَطَتْ بِهٖ مَلَآئِكَتُهٗ وَاِلٰى

کچھ ہے جو اُس نے اپنے رسولوں پر نازل فرمایا اور جو کچھ اس کے ملائکہ لیکر اُترے اور طرف

جَدِّكُمْ اور اگر تم زیارت امیرالمومنینؑ پڑھو تو جَدِّكُمْ کی جگہ یوں کہو :

آپ حضرات کے جد کے

وَإِلٰى أَخِيكَ بُعِثَ الرُّوحُ الْأَمِينُ أَتَاكُمْ

اور آپ کے بھائی کے پاس بھیجے گئے روح الامین ، درحقیقت عطا کیا آپ حضرات کو

اللّٰهُ مَا لَمْ يُؤْتِ أَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِينَ طَاطَا

اللہ نے وہ سب کچھ جو کسی کو بھی نہیں عطا کیا عالمین میں سے ، پست ہے

كُلُّ شَرِيفٍ لِشَرَفِكُمْ وَبَخَعَ كُلُّ مُتَكَبِّرٍ

ہر صاحب شرف آپ حضرات کے فضل و شرف کے سامنے اور زیر ہے ہر متکبر

لِطَاعَتِكُمْ وَخَضَعَ كُلُّ جَبَّارٍ لِّفَضْلِكُمْ

آپ حضرات کے سامنے اور گردن جھکائے ہوتے ہے ہر ظالم جبار آپ حضرات کی فضیلت کے سامنے

وَذَلَّ كُلُّ شَيْءٍ لَّكُمْ وَأَشْرَقَتِ الْأَرْضُ

اور ذلیل ہے ہر شے اور فرمانبردار ہے آپ کے لیے اور چمک اٹھے گی زمین

بِنُورِكُمْ وَفَازَ الْفَائِزُونَ بِوِلَايَتِكُمْ بِكُمْ

آپ ہی کے نور سے اور کامیاب ہونے والے کامیاب ہوں گے آپ ہی کی ولایت کے سبب ، آپ ہی کے

يُسْلَكُ إِلَى الرِّضْوَانِ وَعَلٰى مَنْ جَحَدَ وِلَايَتَكُمْ

ذریعے سے راہ ملے گی بہشت بریں کی اور جس نے انکار کیا آپ حضرات کی ولایت کا

غَضَبُ الرَّحْمٰنِ بِأَبِي أَنْتُمْ وَأُمِّي وَنَفْسِي

اسی پر خدائے رحمٰن کا غضب نازل ہوگا ۔ فدا ہوں آپ حضرات پر میرے باپ ، میری ماں میری جان

وَأَهْلِي وَمَالِي ذِكْرُكُمْ فِي الذَّاكِرِينَ وَ

میرے اہل و عیال اور میرا مال ، آپ ہی حضرات کا ذکر ہے ذکر کرنے والوں میں اور

أَسْمَاؤُكُمْ فِي الْأَسْمَاءِ وَأَجْسَادُكُمْ فِي

آپ حضرات کے اسماء مبارکہ تمام ناموں میں ممتاز ہیں اور آپ حضرات کے جسم محترم ہیں

الْأَجْسَادِ وَأَرْوَاحُكُمْ فِي الْأَرْوَاحِ وَأَنْفُسُكُمْ

تمام جسموں میں اور آپ حضرات کی روحیں اعلیٰ و پاکیزہ ہیں تمام روحوں میں اور آپ کے نفوس قدسیہ

فِي النُّفُوْسِ وَاٰثَارُكُمْ فِي الْاٰثَارِ وَقُبُوْرُكُمْ

ہیں تمام نفسوں میں اور آثار نمایاں ہیں آپ حضرات کے تمام آثار میں اور آپ حضرات کی قبریں محلِ

فِي الْقُبُوْرِ ۔ فَمَا اَحْلٰى اَسْمَآئَكُمْ وَاَكْرَمَ

زیارت ہیں تمام قبروں میں ۔ پس کتنے شیریں ہیں آپ حضرات کے اسماء اور کتنے بزرگ ہیں

اَنْفُسُكُمْ وَاَعْظَمَ شَاْنَكُمْ وَاَجَلَّ خَطَرَكُمْ

آپ حضرات کے نفوس اور کتنی بلند ہے آپ حضرات کی شان اور کتنی جلیل ہے آپ کی منزلت

وَاَوْفٰى عَهْدَكُمْ وَاَصْدَقَ وَعْدَكُمْ كَلَامُكُمْ

اور کتنا پورا وفا ہے آپ حضرات کا عہد اور کتنا سچا ہے آپ حضرات کا وعدہ ، آپ حضرات کا کلام

نُوْرٌ وَاَمْرُكُمْ رُشْدٌ وَوَصِيَّتُكُمُ التَّقْوٰى

سراپا نور ہے اور آپ حضرات کا حکم سراپا ہدایت ہے اور آپ حضرات کی نصیحت تقویٰ ہے

وَفِعْلُكُمُ الْخَيْرُ وَعَادَتُكُمُ الْاِحْسَانُ

اور آپ حضرات کا عمل خیر ہی خیر ہے اور آپ حضرات کی عادت لوگوں پر احسان کرنا ہے

وَسَجِيَّتُكُمُ الْكَرَمُ وَشَاْنُكُمُ الْحَقُّ وَ

اور آپ حضرات کی سیرت کرم ہی کرم ہے اور آپ حضرات کی شان حق اور

الصِّدْقُ وَالرِّفْقُ وَقَوْلُكُمْ حُكْمٌ وَحَتْمٌ

صدق اور رفق (نرمی) ہے اور آپ حضرات کا قول آخری فیصلہ ہے جو ہو کر رہے گا

وَرَاْيُكُمْ عِلْمٌ وَّحِلْمٌ وَّحَزْمٌ ۔ اِنْ ذُكِرَ

اور آپ حضرات کی رائے تعینِ علم اور مکمل حلم اور دانشمندی ہے ۔ اگر ذکر کیا جائے

الْخَيْرُ كُنْتُمْ اَوَّلَهٗ وَاَصْلَهٗ وَفَرْعَهٗ وَمَعْدِنَهٗ

خیر کا تو آپ حضرات اس کے اوّل ہوں گے اور اسکی اصل اور اسکی فرع اور اسکی کان ہو گے

وَمَاْوِيَهٗ وَمُنْتَهَاهُ بِاَبِيْ اَنْتُمْ وَاُمِّيْ وَنَفْسِيْ

اور اس کی ابتدا بھی ہیں اور اس کی انتہا بھی ہیں ۔ فدا ہوں آپ حضرات پر میرے باپ اور میری ماں اور

كَيْفَ أَصِفُ حُسْنَ ثَنَائِكُمْ وَأُحْصِيْ

میری جان، کیسے میں بیان کرسکتا ہوں آپ حضرات کی ثناء اور کس طرح احصاء کرسکوں

جَمِيْلَ بَلَائِكُمْ وَبِكُمْ أَخْرَجَنَا اللّٰهُ

ہوں آپ حضرات کے جمیل اہتمامات کا اور آپ حضرات کی وجہ سے نکالا ہمیں اللہ نے

مِنَ الذُّلِّ وَفَرَّجَ عَنَّا غَمَرَاتِ الْكُرُوْبِ

ذلت سے اور دور کردیا ہم سے شدید غم و اندوہ کو

وَأَنْقَذَنَا مِنْ شَفَا جُرُفِ الْهَلَكَاتِ وَمِنَ

اور بچالیا ہمیں گرنے سے ہلاکتوں کے گڑھے میں اور (بچالیا)

النَّارِ. بِأَبِيْ أَنْتُمْ وَأُمِّيْ وَنَفْسِيْ بِمُوَالَاتِكُمْ

جہنم سے۔ فداہوں آپ حضرات پر میرے باپ اور میری ماں اور میری جان۔ آپ کی دوستی کے

عَلَّمَنَا اللّٰهُ مَعَالِمَ دِيْنِنَا وَأَصْلَحَ مَا كَانَ

طفیل اللہ نے ہمیں علم عطا فرمایا ہمارے دین کے بارے میں اور اصلاح فرمائی جو تھی

فَسَدَ مِنْ دُنْيَانَا وَبِمُوَالَاتِكُمْ تَمَّتِ الْكَلِمَةُ

خراب یہاں ہماری دنیا کے بارے میں اور آپ ہی کی دوستی کے طفیل کلمۂ توحید مکمل ہوا

وَعَظُمَتِ النِّعْمَةُ وَائْتَلَفَتِ الْفُرْقَةُ وَ

اور بڑی و عظیم ہوئی نعمت اور الفت سے بدل گئی جدائی اور

بِمُوَالَاتِكُمْ تُقْبَلُ الطَّاعَةُ الْمُفْتَرَضَةُ وَ

آپ ہی کی محبت کیوجہ سے قبول ہوئی وہ اطاعت جو فریضہ قرار دی گئی تھی اور

لَكُمُ الْمَوَدَّةُ الْوَاجِبَةُ وَالدَّرَجَاتُ

آپ ہی کی محبت کو واجب قرار دیا گیا اور درجات

الرَّفِيْعَةُ وَالْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ وَالْمَكَانُ الْمَعْلُوْمُ

بلند ہیں اور مقام بہترین ہے اور منزلت معلوم ہے

عِنْدَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَالْجَاهُ الْعَظِيْمُ وَالشَّاْنُ

بارگاہ میں اللہ عزت وجلال والے کی اور مرتبہ عظیم ہے اور شان (آپ کی)

الْكَبِيْرُ وَالشَّفَاعَةُ الْمَقْبُوْلَةُ ۔ رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ

بزرگ اور شفاعت مقبول ہے ! اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لائے

اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِيْنَ ۔

اس چیز پر جو تو نے نازل فرمائی اور پیروی کی ہم نے رسول کی پس تو ہمیں لکھ لے گواہی دینے والوں کے ساتھ

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ

اے ہمارے پروردگار نہ ٹیڑھا ہونے دے ہمارے دلوں کو بعد اس کے کہ تو نے ہماری ہدایت فرمادی اور عطا فرما

لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۔

ہمیں اپنی بارگاہ سے رحمت بیشک تو ہی بہت عطا کرنے والا ہے

سُبْحَانَ رَبِّنَا اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا

پاک و منزہ ہے ہمارا پروردگار ہر طرح سے بیشک وعدہ ہمارے پالنے والے کا پورا ہو کر رہے گا ۔

يَا وَلِيَّ اللّٰهِ اِنَّ بَيْنِيْ وَبَيْنَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ

اے ولی خدا ! بیشک میرے درمیان اور درمیان اللہ عزت و بزرگی والے کے

ذُنُوْبًا لَّا يَاْتِيْ عَلَيْهَا اِلَّا رِضَاكُمْ فَبِحَقِّ

کچھ گناہ ایسے ہیں جنھیں وہ بغیر آپ حضرات کی رضا کے معاف نہ کرے گا ۔ پس واسطہ اسکے حق کا

مَنِ ائْتَمَنَكُمْ عَلٰى سِرِّهٖ وَاسْتَرْعَاكُمْ اَمْرَ

جس نے آپ حضرات کو امین بنایا ہے اپنے رازوں پر اور آپ حضرات کو نگراں بنایا ہے امور پر

خَلْقِهٖ وَقَرَنَ طَاعَتَكُمْ بِطَاعَتِهٖ لَمَّا اسْتَوْهَبْتُمْ

اپنی مخلوق کے اور ملا دیا ہے آپ کی اطاعت کو اپنی اطاعت کے ساتھ آپ حضرات بن جائیے

ذُنُوْبِيْ وَكُنْتُمْ شُفَعَآئِيْ فَاِنِّيْ لَكُمْ مُطِيْعٌ ۔

میرے گناہوں کی بخشش کے لیے میرے شفیع ۔ کیونکہ میں آپ حضرات کا مطیع ہوں ۔

مَنْ اَطَاعَكُمْ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ عَصَاكُمْ

جس نے آپ کی اطاعت کی اس نے اطاعت کی اللہ کی ' اور جس نے آپ کی نافرمانی کی

فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ ۔ وَمَنْ اَحَبَّكُمْ فَقَدْ اَحَبَّ

اس نے نافرمانی کی اللہ کی ۔ اور جس نے آپ حضرات سے محبت کی اس نے محبت کی

اللّٰهَ ۔ وَمَنْ اَبْغَضَكُمْ فَقَدْ اَبْغَضَ اللّٰهَ ۔

اللہ سے ۔ اور جس نے آپ حضرات سے بغض رکھا پس اس نے بغض رکھا اللہ سے ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ لَوْ وَجَدْتُ شُفَعَآءَ اَقْرَبَ اِلَيْكَ

یا اللہ ! بیشک اگر مجھے مل جاتے ایسے شفاعت کرنیوالے جو تجھ سے بہت قریب ہوتے علاوہ

مِنْ مُحَمَّدٍ وَّ اَهْلِ بَيْتِهِ الْاَخْيَارِ الْاَئِمَّةِ الْاَبْرَارِ

حضرت محمدؐ اور اُن کے صاحب خیر اہلِ بیتؑ اور نیکو کار اماموں کے

لَجَعَلْتُهُمْ شُفَعَآئِیْ فَبِحَقِّهِمُ الَّذِیْ اَوْجَبْتَ

تو میں یقیناً انھیں اپنی شفاعت کیلئے پیش کرتا ۔ لہٰذا انھیں حضرات کے حق کا واسطہ کہ واجب کرلیا

لَهُمْ عَلَيْكَ اَسْئَلُكَ اَنْ تُدْخِلَنِیْ فِیْ جُمْلَةِ

ہے تو نے جن کی بات کو ماننا اپنے اوپر ۔ تجھ سے التجا کرتا ہوں کہ تو مجھے داخل فرمالے ان لوگوں کے گروہ

الْعَارِفِيْنَ بِهِمْ وَبِحَقِّهِمْ وَفِیْ زُمْرَةِ

میں جو پہچاننے والے ہیں اِن حضرات کے حق کو اور ان لوگوں کے ساتھ شامل کرلے کہ جن پر

الْمَرْحُوْمِيْنَ بِشَفَاعَتِهِمْ اِنَّكَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ۔

رحم کیا جائے گا اِن حضرات کی شفاعت کی وجہ سے ۔ یقیناً تو رحم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ رحیم ہے

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ وَسَلَّمَ

اور اللہ رحمت نازل فرمائے حضرت محمدؐ اور اُن کی آلِ پاکیزہ پر اور سلام ہو

كَثِيْرًا وَّحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۔

بہت زیادہ ۔ اور کافی ہے اللہ ہمارے لیے اور اچھا کفایت کرنیوالا ہے ۔

اعمالِ روزِ جمعہ

زیارت صاحب الزّمان مخصوص بروز جمعہ

جمعہ کا دن حضرت صاحب الزّمان کے ساتھ مختص ہے، اسی دن آنحضرتؑ کا ظہور ہوگا آپؑ کی زیارت اس دن اس طرح پڑھے :۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ فِيْ اَرْضِهٖ اَلسَّلَامُ

سلامتی ہو آپ پر اے حجّتِ خدا اس کی زمین میں سلامتی ہو

عَلَيْكَ يَا عَيْنَ اللّٰهِ فِيْ خَلْقِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

آپ پر اے نگران اللہ کی طرف سے اسکی مخلوق میں سلامتی ہو آپ پر

يَا نُوْرَ اللّٰهِ الَّذِيْ يَهْتَدِيْ بِهِ الْمُهْتَدُوْنَ ۔

اے وہ نورِ خدا جس کے ذریعے سے ہدایت پاتے ہیں ہدایت پانے والے ۔

وَيُفَرَّجُ بِهٖ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

اور کشادگی ہوتی ہے جس کے ذریعے سے مومنوں کی سلامتی ہو آپ پر

اَيُّهَا الْمُهَذَّبُ الْخَآئِفُ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا

اے (الٰہی، تہذیب کے مالک اے صاحبِ خوفِ (الٰہی)۔ سلامتی ہو آپ پر اے

الْوَلِيُّ النَّاصِحُ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَفِيْنَةَ النَّجَاةِ

ولی (عصر) نصیحت کرنیوالے ۔ سلامتی ہو آپ پر اے کشتیٔ نجات

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَيْنَ الْحَيٰوةِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

سلامتی نازل ہو آپ پر اے سرچشمۂ حیات سلامتی ہو آپ پر

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ بَيْتِكَ الطَّيِّبِيْنَ

رحمت نازل ہو اللہ کی آپ کے اوپر اور اوپر آپ کی اولاد کے جو پاک ہیں

Scanned with CamScanner

الطَّاهِرِيْنَ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ عَجَّلَ اللّٰهُ لَكَ

پاکیزہ ہیں ، سلامتی نازل ہو آپ کے اوپر جلدی کرے اللہ آپکے بارے میں

مَا وَعَدَكَ مِنَ النَّصْرِ وَظُهُوْرِ الْاَمْرِ اَلسَّلَامُ

جو وعدہ آپ سے کیا ہے نصرت میں اور ظہور کے معاملے میں ۔ سلامتی ہو

عَلَيْكَ يَا مَوْلَايَ اَنَا مَوْلَاكَ عَارِفٌ بِاَوْلِيَائِكَ

آپ کے اوپر اے میرے آقا ! میں تو غلام ہو آپ کا پہچانتا ہوں آپکے اول کے حق کو

وَاٰخِرِيْكَ اَتَقَرَّبُ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى بِكَ وَ

رآپ کے آخر کو ۔ میں تقرب چاہتا ہوں اللہ کی طرف جو بلند و بالا ہے ، آپ کے ذریعے سے اور

بِاَلِ بَيْتِكَ وَاَنْتَظِرُ ظُهُوْرَكَ وَظُهُوْرَ الْحَقِّ

آپ کے اہل بیت کے ذریعے سے ، اور منتظر ہوں آپ کے ظاہر ہونے کا اور حق کے ظاہر ہونے کا

عَلٰى يَدَيْكَ وَاَسْئَلُ اللّٰهَ اَنْ يُّصَلِّيَ عَلٰى

آپ کے ہاتھوں پر ، اور دعا کرتا ہوں اللہ سے کہ وہ درود بھیجے اوپر

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ يَّجْعَلَنِيْ مِنَ

محمدؐ اور آلِ محمدؐ کے اور یہ کہ مجھے شامل کر دے اُن لوگوں میں

الْمُنْتَظِرِيْنَ لَكَ وَالتَّابِعِيْنَ وَالنَّاصِرِيْنَ

جو منتظر ہیں آپ کے اور پیروی کرنیوالے اور مدد و نصرت کرنیوالے ہیں

لَكَ عَلٰى اَعْدَائِكَ وَالْمُسْتَشْهِدِيْنَ بَيْنَ

آپ کی ، آپ کے دشمنوں کے خلاف اور شہادت کے خواہشمند ہیں سامنے

يَدَيْكَ فِيْ جُمْلَةِ اَوْلِيَائِكَ يَا مَوْلَايَ يَا

آپ کی موجودگی میں ، شامل کرے اللہ مجھکو آپ کے تمام دوستداروں میں ۔ اے میرے آقا ! اے

صَاحِبَ الزَّمَانِ ۔ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَ

مالکِ زمانہ ! رحمتیں نازل ہوں اللہ کی جانب سے آپ کے اوپر اور

عَلٰٓى اٰلِ بَيْتِكَ هٰذَا يَوْمُ الْجُمُعَةِ وَهُوَ

اوپر آپ کے اہلِ بیت کے یہ روزِ جمعہ ہے اور وہ

يَوْمُكَ الْمُتَوَقَّعُ فِيْهِ ظُهُوْرُكَ وَالْفَرَجُ

آپ کا دن ہے امید ہے کہ اس میں آپ کا ظہور ہوگا اور کشائش ہوگی

فِيْهِ لِلْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى يَدَيْكَ وَقَتْلُ الْكَافِرِيْنَ

اس میں مومنوں کے لیے آپ کے ہاتھوں پر اور قتل ہوں گے کفار

بِسَيْفِكَ وَاَنَا يَا مَوْلَاىَ فِيْهِ ضَيْفُكَ وَجَارُكَ

عَلَى الْعَالَمِيْنَ وَبِنُوْرِكَ الَّذِيْ قَدْ خَرَّ مِنْ فَزَعِهٖ

ذریعے سے سوال کرتا ہوں جسے تو نے تمام جہانوں پر جاری فرمایا ہے اور تجھے تیرے اس نور کا واسطہ دیکر

طُوْرُ سَيْنَآءَ وَبِعِلْمِكَ وَجَلَالِكَ وَكِبْرِيَآئِكَ

سوال کرتا ہوں جس کے ذریعے سے جلوے کی تاب نہ لاکر حضرت موسیٰ مارے خوف کے بیہوش ہو کر طورِ سینا پر

وَعِزَّتِكَ وَجَبَرُوْتِكَ الَّتِيْ لَمْ تَسْتَقِلَّهَا الْاَرْضُ

گر پڑے تھے اور تیرے اس علم و جلال و کبریائی و عزت و جبروت کے وسیلے سے سوال کرتا ہوں کہ جسکی تاب زمین

وَانْخَفَضَتْ لَهَا السَّمٰوٰتُ وَانْزَجَرَ لَهَا الْعُمْقُ

لا سکی اور جس کے سامنے زمین و آسمان جھک گئے اور عمیق اکبر باز رہا

الْاَكْبَرُ وَرَكَدَتْ لَهَا الْبِحَارُ وَالْاَنْهَارُ وَخَضَعَتْ

اور دریا و نہریں ساکن ہو گئیں اور جسکی ہیبت سے

لَهَا الْجِبَالُ وَسَكَنَتْ لَهَا الْاَرْضُ بِمَنَاكِبِهَا وَ

پہاڑ سر بسجود ہو گئے اور زمین جسکی وجہ سے اپنی جگہ قائم و ساکن ہو گئی اور تمام مخلوق

اسْتَسْلَمَتْ لَهَا الْخَلَآئِقُ كُلُّهَا وَخَفَقَتْ لَهَا

اسکی عظمت کو تسلیم کرتے ہوئے مقید ہو گئی اور ہوائیں حرکت کرتے ہوئے چلنے لگیں

الرِّيَاحُ فِيْ جَرَيَانِهَا وَخَمِدَتْ لَهَا النِّيْرَانُ

اور جسکے سامنے بھڑکتی ہوئی آگ گل ہو گئی

فِيْ اَوْطَانِهَا وَبِسُلْطَانِكَ الَّذِيْ عُرِفَتْ لَكَ

اور تجھے تیرے اُس غلبے کا واسطہ دیتا ہوں اور سوال کرتا ہوں کہ جس کیوجہ سے

بِهِ الْغَلَبَةُ دَهْرَ الدُّهُوْرِ وَحُمِدْتَّ بِهٖ فِيْ

تجھے ہمیشہ ہمیشہ زمانے پر غلبہ رہا۔ اور جسکی وجہ سے تیری حمد و تعریف

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ وَبِكَلِمَتِكَ كَلِمَةِ

کی گئی آسمانوں اور زمینوں میں اور تیرے اُس کلمۂ صدق کے ذریعے سے

الصِّدْقِ الَّتِيْ سَبَقَتْ لِاَبِيْنَا اٰدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

سوال کرتا ہوں جو ہمارے باپ حضرت آدم علیہ السلام

وَذُرِّيَّتِهٖ بِالرَّحْمَةِ وَاَسْئَلُكَ بِكَلِمَتِكَ الَّتِيْ

اور ان کی ذرّیت کے لیے باعثِ رحمت بن گیا۔ اور تیرے اسی مبارک کلمے کے ذریعے سے

غَلَبَتْ كُلَّ شَيْءٍ وَّبِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِيْ

سوال کرتا ہوں جسکی وجہ سے تو ہر شے پر غالب رہا۔ اور تیرے اس نورِ جمالِ الوہیّت کے

تَجَلَّيْتَ بِهٖ لِلْجَبَلِ فَجَعَلْتَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى

واسطے سے سوال کرتا ہوں جسکے ظہور کی تجلّی کا اظہار تو نے کوہِ طور پر فرمایا جسکی تاب نہ لاکر پہاڑ

صَعِقًا وَبِمَجْدِكَ الَّذِيْ ظَهَرَ عَلٰى طُوْرِ سَيْنَاءَ

ریزہ ریزہ ہوگیا اور حضرت موسیٰؑ بیہوش ہوکر گر پڑے، اور تیری اس بزرگی کیواسطے سے سوال کرتا ہوں

فَكَلَّمْتَ بِهٖ عَبْدَكَ وَرَسُوْلَكَ مُوْسَى ابْنَ

جسکا ظہور طورِ سینا پر ہوا اور تو اپنے بندے اور رسول حضرت موسیٰؑ بن عمران سے ہمکلام ہوا

عِمْرَانَ وَبِطَلْعَتِكَ فِيْ سَاعِيْرَ وَظُهُوْرِكَ فِيْ

اور تیرے اس نورِ جمال کیواسطے سے سوال کرتا ہوں جس کا ظہور

جَبَلِ فَارَانَ بِرَبَوَاتِ الْمُقَدَّسِيْنَ وَجُنُوْدٍ

کوہِ فاران پر ہوا حضرت موسیٰؑ کی منازلِ وحی کے قریب جو پاک و پاکیزہ تھے اور صف بستہ گروہ

الْمَلٰٓئِكَةِ الصَّآفِّيْنَ وَخُشُوْعِ الْمَلٰٓئِكَةِ

ملائکہ کے ساتھ اور تسبیح خواں فرشتوں کے ساتھ جو خشوع و خضوع

الْمُسَبِّحِيْنَ وَبِبَرَكَاتِكَ الَّتِيْ بَارَكْتَ فِيْهَا عَلٰى

کے عالم میں تھے اور تیری ان برکتوں کے وسیلے سے سوال کرتا ہوں جنکے ذریعے سے تو نے اپنے

اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِكَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ

خلیل حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اُمّتِ محمدؐ میں عزت افزائی فرمائی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَبَارَكْتَ لِاِسْحٰقَ صَفِيِّكَ

درود ہو اللہ کا آنحضرت اور انکی آل پر۔ اور اپنے برگزیدہ حضرت اسحاق کو

فِيْ اُمَّةِ عِيْسٰى عَلَيْهِمَا السَّلَامُ وَبَارَكْتَ لِيَعْقُوْبَ

اُمّتِ حضرت عیسیٰؑ میں اعزاز بخشا، ان دونوں پر سلام ہو۔ اور حضرت یعقوبؑ کو اعزاز بخشا

اِسْرَآئِيْلِكَ فِيْ اُمَّةِ مُوْسٰى عَلَيْهِمَا السَّلَامُ وَ

حضرت موسیٰؑ کی امت میں ان دونوں پر سلام ہو اور

بَارَكْتَ لِحَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

جس کے ذریعے سے تو نے اپنے حبیب حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ کو ان کی عترت اور

فِيْ عِتْرَتِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاُمَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ وَكَمَا

ذرّیت کے ذریعے سے اعزاز بخشا اور انکی امّت کے ذریعے سے بھی۔ اے اللہ جیسا کہ

غِبْنَا عَنْ ذٰلِكَ وَلَمْ نَشْهَدْهُ وَاٰمَنَّا بِهٖ وَلَمْ

ہم تیری قدرتِ کاملہ کے ان مناظر کے وقت موجود و حاضر نہ تھے حالانکہ ہم ان کی حقانیت و صداقت پر

نَرَهٗ صِدْقًا وَّعَدْلًا اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ

بغیر دیکھے ایمان رکھتے ہیں یہ کہ تو رحمتیں نازل فرما حضرت محمدؐ اور

اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تُبَارِكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

آلِ محمدؐ پر اور تو برکتیں نازل فرما حضرت محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر

وَتَرَحَّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ كَاَفْضَلِ مَا

اور تو ایسی رحمتیں نازل فرما حضرت محمدؐ و آل محمدؐ پر جو زیادہ فضیلتوں والی ہوں

صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَ

ان سے جو درود و برکتیں اور رحمتیں تو نے نازل فرمائی ہوں حضرت ابراہیمؑ اور

اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ فَعَّالٌ لِّمَا

آلِ ابراہیمؑ پر کیونکہ تو حقیقتاً صاحبِ حمد اور بزرگی والا ہے۔ تو وہی کرتا ہے

تُرِيْدُ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ●

جس کا ارادہ فرماتا اور تو ہی تو ہر شے پر قدرت رکھتا ہے۔

پھر اپنی حاجت بیان کرکے یہ پڑھے: اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذَا

اے اللہ! اس دعا کی برکت

الدُّعَآءِ وَبِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ الَّتِيْ لَا يَعْلَمُ تَفْسِيْرَهَا

کا واسطہ اور ان اسماءِ مبارکہ کے صدقے سے جن کی تفسیر اور معنی

وَلَا يَعْلَمُ بَاطِنَهَا غَيْرُكَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اور جن کے باطن کو تیرے علاوہ کوئی اور نہیں جانتا۔ درود ہو حضرت محمدؐ و آلِ محمدؐ پر

وَّافْعَلْ بِيْ مَآ اَنْتَ اَهْلُهٗ وَلَا تَفْعَلْ بِيْ مَآ اَنَا اَهْلُهٗ

اور میرے ساتھ وہی سلوک فرما جس کا تو اہل ہے نہ کہ ایسا برتاؤ جس کا میں مجاز و اہل ہوں

وَاغْفِرْ لِيْ مِنْ ذُنُوْبِيْ مَا تَقَدَّمَ مِنْهَا وَمَا تَاَخَّرَ

اور میرے گذشتہ اور آئندہ گناہ معاف فرما

وَوَسِّعْ عَلَيَّ مِنْ حَلَالِ رِزْقِكَ وَاكْفِنِيْ مُؤْنَةَ

اور مجھے اپنے رزق حلال کے ذریعے سے فراوانی عطا فرما۔ اور مجھے بچا لے محتاجی سے

اِنْسَانِ سُوْٓءٍ وَّجَارِ سُوْٓءٍ وَّقَرِيْنِ سُوْٓءٍ وَّسُلْطَانِ

برے انسانوں کی اور برے پڑوسی اور برے ساتھی اور برے حاکم

سُوْءٍ اِنَّكَ عَلٰى مَا تَشَآءُ قَدِيْرٌ وَبِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ.

کے شر سے - بیشک جو تو چاہتا ہے اس پر قدرت رکھتا ہے اور تو ہر چیز کا جاننے والا ہے

اٰمِيْنَ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ.

مجھے امان دے (اے) عالمین کے پالنے والے !

مؤلف کہتا ہے کہ بعض نسخوں میں وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ.

کے بعد یہ ہے کہ اپنی حاجت طلب کرے پھر یہ کہے : يَا اَللّٰهُ يَا حَنَّانُ

اے اللہ ! اے مہربان !

يَا مَنَّانُ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ

اے محسن ! اے آسمانوں اور زمین کے موجد ، اے صاحب بزرگی

وَالْاِكْرَامِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ

و اکرام اے تمام رحم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ رحم کرنیوالے - خداوندا ! واسطے سے

هٰذَا الدُّعَآءِ ..... تا آخر - علامہ مجلسیؒ نے مصباح سید

اس دعا کے

بن باقی سے "دُعَآءِ سَمَات" کے بعد اس دعا کا پڑھنا بھی نقل کیا ہے

اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذَا الدُّعَآءِ وَبِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ

خداوندا ! اس دعا کے صدقے سے اور ان متبرک ناموں کے صدقے سے

الَّتِیْ لَا يَعْلَمُ تَفْسِيْرَهَا وَلَا تَاْوِيْلَهَا وَلَا بَاطِنَهَا

جن کی تفسیر و تاویل و باطن

وَلَا ظَاهِرَهَا غَيْرُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ

و ظاہر کو تیرے علاوہ کوئی نہیں جانتا - یہ کہ تو درود نازل فرما حضرت محمدؐ و آلِ

مُحَمَّدٍ وَاٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً

محمد ﷺ اور یہ کہ تو دنیا و آخرت میں مجھے اپنے بہتر رزق سے نواز

پھر اپنی حاجات طلب کرے اور یہ کہے: وَافْعَلْ بِيْ مَا اَنْتَ

اور میرے ساتھ وہی برتاؤ فرما جس کا تو

اَهْلُهٗ وَلَا تَفْعَلْ بِيْ مَا اَنَا اَهْلُهٗ وَانْتَقِمْ لِيْ

اہل ہے نہ ایسا سلوک جس کا میں اہل ہوں اور میرا انتقام لے

اہل ہے نہ ایسا سلوک جس کا میں اہل ہوں

مِنْ ..... اس جگہ دشمن کا نام لے پھر یہ پڑھے

فلاں بن فلاں سے

وَاغْفِرْ لِيْ مِنْ ذُنُوْبِيْ مَا تَقَدَّمَ مِنْهَا وَمَا تَاَخَّرَ

اور میرے گذشتہ و آئندہ گناہوں سے درگذر فرماتے ہوئے معاف فرما

وَلِوَالِدَيَّ وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَ

اور اسی طرح میرے والدین اور تمام مومنین اور مومنات کے گناہوں کو

وَسِّعْ عَلَيَّ مِنْ حَلَالِ رِزْقِكَ وَاكْفِنِيْ مَؤُوْنَةَ

معاف فرما اور میرے لیے اپنے حلال رزق میں کشادگی فرما اور مجھے بچالے محتاجی سے

اِنْسَانِ سُوْءٍ وَّجَارِ سُوْءٍ وَّسُلْطَانِ سُوْءٍ وَّقَرِيْنِ

بُرے انسان اور بُرے پڑوسی اور بُرے حاکم اور بُرے ساتھی

سُوْءٍ وَّيَوْمِ سُوْءٍ وَّسَاعَةِ سُوْءٍ وَّانْتَقِمْ لِيْ مِمَّنْ

اور بُرے دن اور بُری گھڑی سے اور انتقام لے اس سے جو مجھے

يَّكِيْدُنِيْ وَمِمَّنْ يَّبْغِيْ عَلَيَّ وَيُرِيْدُنِيْ وَبِاَهْلِيْ

دھوکا دے اور جو مجھ سے بغاوت کرتا ہے اور جو ارادہ کرتا ہے میرے اور میرے اہل

وَاَوْلَادِيْ وَاِخْوَانِيْ وَجِيْرَانِيْ وَقَرَابَاتِيْ مِنَ

اور میری اولاد اور میرے بھائیوں اور میرے پڑوسیوں اور میرے قرابتداروں کے ساتھ

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ظُلْمًا اِنَّكَ عَلٰى مَا تَشَآءُ

جو مومنین و مومنات پر ہوں ظلم کرنے کا۔ بے شک تو جو چاہے کرے

قَدِيْرٌ وَّبِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ اٰمِيْنَ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ

اس پر قدرت رکھتا ہے اور ہر چیز کا علم رکھتا ہے حفاظت فرما اے عالمین کے پالنے والے!

پھر یہ پڑھے: اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذَا الدُّعَآءِ تَفَضَّلْ

خداوندا! اس مبارک دعا کے طفیل سے اپنا فضل وکرم فرما

عَلٰى فُقَرَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالْغِنٰى

نادار مومنین اور مومنات کے اوپر تونگری

وَالثَّرْوَةِ وَعَلٰى مَرْضَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

اور فراوانی مال کے ساتھ اور بیمار مومنین و مومنات کو

بِالشِّفَآءِ وَالصِّحَّةِ وَعَلٰى اَحْيَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ

صحت وتندرستی عطا فرما اور زندہ وباحیات مومنین اور

الْمُؤْمِنَاتِ بِاللُّطْفِ وَالْكَرَامَةِ وَعَلٰى اَمْوَاتِ

مومنات پر اپنے لطف وکرم کے ساتھ مہربانی فرما اور مرے ہوئے (مردہ)

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالْمَغْفِرَةِ وَالرَّحْمَةِ

مومنین و مومنات کے ساتھ اپنی مغفرت اور رحمت سے پیش آ

وَعَلٰى مُسَافِرِى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالرَّدِّ

اور مسافر مومنین و مومنات کو عافیت کے ساتھ واپس فرما

اِلٰى اَوْطَانِهِمْ سَالِمِيْنَ غَانِمِيْنَ بِرَحْمَتِكَ

ان کے وطنوں کی طرف اس حالت میں کہ وہ لدے پھندے ہوں (مال سے) اپنی رحمت کے ساتھ

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا

اے سب سے زیادہ رحم کرنیوالے تمام رحم کرنیوالوں میں اور اللہ کی رحمت نازل ہو ہمارے آقا و مولا

مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَعِتْرَتِهِ الطَّاهِرِيْنَ

حضرت محمدؐ پر جو کہ آخری نبی ہیں اور آنحضرتؐ کی عترتِ پاکیزہ پر

وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا ۔

اور بہت زیادہ سلامتی ہو ان پر جیسا کہ حقِ سلامتی ہے

شیخ ابنِ فہدؒ نے ذکر کیا ہے کہ دعاءِ سمات کے بعد یہ پڑھنا مستحب ہے :

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

اے اللہ! میں

اَسْئَلُكَ بِحُرْمَةِ هٰذَا الدُّعَاءِ وَبِمَا فَاتَ مِنْهُ

تجھ سے سوال کرتا ہوں اس مبارک دعا کی حرمت کی بدولت اور ان مبارک اسماء کے وسیلے

مِنَ الْاَسْمَاءِ وَبِمَا يَشْتَمِلُ عَلَيْهِ مِنَ التَّفْسِيْرِ

سے شاید جن کا ذکر اس دعاء میں رہ گیا ہو اور اسمیں شامل ہو ان کی تفسیر

وَالتَّدْبِيْرِ الَّذِیْ لَا يُحِيْطُ بِهٖ اِلَّا اَنْتَ اَنْ

اور تدبیر کا احاطہ تیری ذات کے علاوہ کوئی نہیں کر سکتا یہ کہ تو

تَفْعَلَ بِیْ ..... یہاں اپنی حاجات بیان کرے

میری یہ حاجت پوری فرما ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Scanned with CamScanner

دُعاء وقتِ شام بروز جمعہ

یہ دُعاء ساعتِ دوازدہم (۱۲) اس وقت پڑھنی چاہیے جب جمعہ کے روز غروب آفتاب سے سورج کی چمک مدھم ہوجائے۔ یہ ساعت حضرت صاحب العصر ؑ سے منسوب ہے۔ خصوصاً بروز جمعہ:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ يَا خَالِقَ السَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ وَالْمِهَادِ

یا اللہ! اے پیدا کرنیوالے اس چھت (آسمان) کے جو بلند ہے اور کہوالے

الْمَوْضُوْعِ وَالرَّازِقَ الْعَاصِيَ وَالْمُطِيْعَ الَّذِيْ

(زمین) بچھے جو پست ہے اور روزی دینے والے ہر نافرمان اور فرمانبردار کو وہ کہ

لَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ اَسْئَلُكَ

نہیں ہے کوئی اس کے سوائے مالک اور شفاعت کرنیوالا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

بِاَسْمَائِكَ الَّتِيْ اِذَا سُمِّيْتَ عَلٰى طَوَارِقِ

تیرے ان اسماء کا واسطہ دے کر، کہ اگر ان اسماء کو پڑھ دیا جائے وارد ہونے والی

الْعُسْرِ عَادَتْ يُسْرًا وَّاِذَا وُضِعَتْ عَلَى

سختیوں پر تو وہ بھی بدل جائیں آسانیوں میں اور اگر انکو رکھ دیا جائے اوپر

الْجِبَالِ كَانَتْ هَبَاءً مَّنْثُوْرًا وَّاِذَا رُفِعَتْ

پہاڑوں کے تو وہ بھی ہوجائیں ریزہ ریزہ بکھر کر، اور اگر انکو بلند کردیا جائے

اِلَى السَّمَآءِ تَفَتَّحَتْ لَهَا الْمَغَالِقُ وَاِذَا هَبَطَتْ

آسمان کی طرف تو اس کے بند دروازے کھل جائیں اور اگر انکو اتارا جائے

إِلَى ظُلُمَاتِ الْأَرْضِ اتَّسَعَتْ لَهَا الْمَضَائِقُ

تاریکیوں کی طرف زمین کی تو وسعت پیدا ہو جائے اسکی تنگیوں کیلئے

وَإِذَا دُعِيَتْ بِهَا الْمَوْتَى انْتَشَرَتْ مِنَ

اور اگر انھیں پڑھ کر دم کر دیا جائے مردوں پر تو وہ بھی اٹھ کھڑے ہوں

اللُّحُودِ وَإِذَا نُودِيَتْ بِهَا الْمَعْدُومَاتُ

قبروں سے اور اگر آواز دی جائے ان کے ذریعے سے ناپید و معدوم چیزوں کو

خَرَجَتْ إِلَى الْوُجُودِ وَإِذَا ذُكِرَتْ عَلَى

تو وہ بھی نکل آئیں وجود کی طرف اور اگر انکو پڑھ دیا جائے اوپر

الْقُلُوبِ وَجِلَتْ خُشُوعًا وَإِذَا قُرِعَتِ

قلوب کے تو وہ لرزنے لگیں خوف سے اور اگر انکو پڑھ کر دم کر دیا جائے

الْأَسْمَاعُ فَاضَتِ الْعُيُونُ دُمُوعًا أَسْئَلُكَ

کانوں کے اوپر تو جاری ہو جائیں آنکھوں سے آنسو - میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

بِمُحَمَّدٍ رَسُولِكَ الْمُؤَيَّدِ بِالْمُعْجِزَاتِ

واسطے سے حضرت محمدؐ کے جو تیرے رسول ہیں صاحب معجزات ہیں

الْمَبْعُوثِ بِمُحْكَمِ الْآيَاتِ وَبِأَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ

بھیجے گئے ہیں محکم آیات کے ساتھ اور واسطے سے امیر المومنین

عَلِيِّ ابْنِ أَبِي طَالِبٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ الَّذِي اخْتَرْتَهُ

حضرت علیؑ ابن ابی طالبؑ کے (ان حضرت پر سلام ہو) جنکو تو نے منتخب فرمایا

لِمُوَاخَاتِهِ وَوَصِيَّتِهِ وَاصْطَفَيْتَهُ لِمُضَافَاتِهِ

اپنے رسولؐ کا بھائی بنانے اور انکا جانشین بنانے اور تو نے چن لیا انکو باوجود تنگ حالی کے

وَمُصَاهَرَاتِهِ وَبِصَاحِبِ الزَّمَانِ الْمَهْدِيِّ

انکی داماد کیلئے اور واسطہ حضرت صاحب الزمان امام مہدی

الَّذِیْ تَجْمَعُ عَلٰی طَاعَتِهِ الْاٰرَآءُ الْمُتَفَرِّقَةُ

کہ تو، جمع کردیگا جنکی اطاعت کے اوپر تمام مکاتب فکر لوگوں کو

وَتُؤَلِّفُ بِهٖ بَیْنَ الْاَهْوَآءِ الْمُخْتَلِفَةِ

اور ہم آہنگی پیدا کردیگا ان کے ذریعے سے تمام مختلف خیالات والوں کو

وَتَسْتَخْلِصُهٗ بِهٖ حُقُوْقَ اَوْلِیَآئِكَ وَتَنْتَقِمُ

اور تو، واپس لے لیگا انکے ذریعے سے اپنے دوستوں کے تمام حقوق کو اور انتقام لیگا تو،

بِهٖ مِنْ شِرَارِ اَعْدَآئِكَ وَتَمْلَؤُ بِهِ الْاَرْضَ

ان کے ذریعے سے اپنے شر پسند دشمنوں سے اور تو بھر دیگا ان کے سبب زمین کو

عَدْلًا وَّ اِحْسَانًا وَّتُوَسِّعُ عَلَی الْعِبَادِ بِظُهُوْرِهٖ

عدل اور احسان سے اور تو وسعت پیدا کردیگا اپنے بندوں کی روزی میں انکے ظہور سے

فَضْلًا وَّ امْتِنَانًا وَّتُعِیْدُ الْحَقَّ اِلٰی مَكَانِهٖ

فضل و کرم کے ساتھ، اور تو پلٹا دیگا حق کو اس کے اصلی مقام کی طرف

عَزِیْزًا حَمِیْدًا وَّتُرْجِعُ الدِّیْنَ عَلٰی یَدَیْهِ

باعزت اور قابلِ تعریف طور سے، اور رائج کردیگا تو، دین کو ان کے ہاتھوں (سبب) سے

غَضًّا جَدِیْدًا ط اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ

صحیح و نئے طور سے ۔ یہ کہ تو، درود بھیج اوپر حضرت محمدؐ و آلِ

مُحَمَّدٍ ۰ فَقَدِ اسْتَشْفَعْتُ بِهِمْ اِلَیْكَ وَ

محمدؐ کے ۔ بس اب میں شفاعت کا خواہشمند ہوں ان حضرات کے سبب تیری طرف اور

قَدَّمْتُهُمْ اَمَامِیْ وَبَیْنَ یَدَیْ حَوَآئِجِیْ وَ

پیش پیش رکھتا ہوں ان حضرات کو اپنے اور اپنی تمام حاجتوں کے بارے میں اور

اَنْ تُوْزِعَنِیْ شُكْرَ نِعْمَتِكَ فِی التَّوْفِیْقِ

یہ کہ تو، مجھے توفیق دے شکر ادا کرنے کی اپنی اس نعمت کیلئے، کہ تو نے مجھے توفیق دی

لِمَعْرِفَتِهٖ وَالْهِدَايَةِ اِلٰى طَاعَتِهٖ

آنجناب کی معرفت کی اور رہنمائی فرمائی ان جناب کی اطاعت کی طرف

وَتَزِيْدَنِيْ قُوَّةً فِي التَّمَسُّكِ بِعِصْمَتِهٖ

اور اضافہ فرما میری اس قوت میں کہ جس سے میں ان کے دامن سے وابستہ ہوں

وَالْاِقْتِدَآءِ بِسُنَّتِهٖ وَالْكَوْنِ فِيْ زُمْرَتِهٖ

اور پیروی کرتا رہوں ان کے طریقے (سنت) کی اور ان کے زمرے میں شامل رہوں

اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ

بیشک تو سننے والا ہے دعا کا، تجھے واسطہ تیری رحمت کا اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

الرَّاحِمِيْنَ ۝

تمام رحم کرنے والوں میں

اعمالِ ماہِ رجب

"زادُ المعاد" مؤلفہ علامہ مجلسیؒ میں ہے کہ فرمایا حضرت رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ رجب خدا کا مہینہ ہے، شعبان میرا مہینہ ہے، اور میری اُمّت کا مہینہ رمضان ہے۔ جو شخص ماہِ رجب میں ایک روزہ بھی رکھے تو وہ خدا کی خوشنودی کا مستوجب ہوگا، اور غضبِ الٰہی کو اپنے سے دُور کرے گا، اور جہنّم کے دروں میں سے ایک در اپنے اُوپر بند کرے گا۔ نیز امام موسیٰ کاظم علیہ السّلام سے بسندِ معتبر مروی ہے کہ جو شخص ماہِ رجب میں ایک روزہ رکھے، آتشِ جہنّم اس سے ایک سال کی مسافت پر دُور ہو جاتی ہے۔ اور جو شخص تین روز روزہ رکھے اُس پر بہشت واجب ہو جاتی ہے۔

نیز حضرتؑ نے فرمایا کہ رجب جنّت میں ایک نہر کا نام ہے جس کا پانی دُودھ سے زیادہ سفید، شہد سے زیادہ شیریں ہے۔ جو شخص ماہِ رجب میں ایک روزہ رکھے اس نہر سے سیراب ہونے کا حق رکھتا ہے۔ ابنِ بابویہؒ نے بسندِ معتبر سالم سے روایت کی ہے، وہ کہتے ہیں کہ ماہ رجب کی آخری تاریخوں میں جب کہ مہینہ ختم ہونے میں کچھ دِن باقی تھے، صادقِ آلِ محمدؐ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ جب حضرتؑ کی نگاہ مجھ پر پڑی، آپ نے پوچھا کہ آیا تو نے اس ماہ میں روزہ رکھا ہے؟ مَیں نے عرض کیا، نہیں۔ حضرتؑ نے فرمایا کہ تجھ سے اس قدر ثواب فوت ہو گیا جس کا اندازہ سوائے خدا کے کوئی نہیں کر سکتا۔

معلوم ہونا چاہیے کہ اِس ماہِ مبارک کے بہت سے اعمال "کتبِ اعمال" میں لکھے ہیں۔ ہم یہاں پر صرف اُن اعمال کا ذِکر کرتے ہیں جن کا تعلّق امامِ زمانہؑ سے ہے۔

دُعائے دیگر ماہِ رجب ہر روز

شیخؒ نے روایت کی ہے کہ ناحیہ مقدسہ سے شیخ ابوالقاسم رضی اللہ عنہ کے توسط سے ماہِ رجب کے دنوں کے لیے یہ دعا آئی ہے:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِالْمَوْلُوْدَيْنِ فِیْ رَجَبٍ

یا اللہ! بیشک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں واسطہ دیکر ان دونوں مولودوں کا جو ماہِ رجب میں

مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ الثَّانِیْ وَابْنِهٖ عَلِیِّ بْنِ مُحَمَّدٍ

پیدا ہوئے، ایک محمدؑ ابنِ علیؑ ثانی اور دوسرا انکے فرزند علیؑ ابنِ محمدؑ

نِ الْمُنْتَجَبِ وَاَتَقَرَّبُ بِهِمَا اِلَيْكَ خَيْرَ

جو تیرے منتخب ہیں اور میں وہ تقرب چاہتا ہوں ان دونوں کے واسطے سے تیری طرف، جو عمدہ

الْقُرَبِ يَا مَنْ اِلَيْهِ الْمَعْرُوْفُ طُلِبَ وَ

تقرب ہو، اے وہ ذات کہ جس سے بھلائی طلب کی جاتی ہے اور

فِيْمَا لَدَيْهِ رُغِبَ اَسْئَلُكَ سُؤَالَ

جو کچھ اسکے خزانۂ غیب میں ہے اسکی رغبت کی جاتی ہے۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس شخص کے جیسا

مُقْتَرِفٍ مُذْنِبٍ قَدْ اَوْبَقَتْهُ ذُنُوْبُهٗ

سوال جو غرق ہو گناہوں میں (اور) اس کو پہنچا دیا ہو ہلاکت تک اسکے گناہوں نے

وَاَوْثَقَتْهُ عُيُوْبُهٗ فَطَالَ عَلَى الْخَطَايَا

اور جکڑا ہوا ہو طرح طرح کے عیوب میں طویل عرصے سے وہ گناہوں کا

دُؤُبُهٗ وَمِنَ الرَّزَايَا خُطُوْبُهٗ يَسْئَلُكَ

عادی ہو اور اس کی زندگی بسر ہو رہی ہو رنج و غم میں وہ خواہشمند ہو تجھ سے

التَّوْبَةَ وَحُسْنَ الْاَوْبَةِ وَ النُّزُوْعَ عَنِ

توبہ کا اور قبولیت کا خواہاں ہو اور نکلنا چاہتا ہو

الْحَوْبَةِ وَمِنَ النَّارِ فَكَاكَ رَقَبَتِهٖ

گناہوں سے اور جہنم سے چھٹکارا چاہتا ہو اسکی گردن پر جو

وَالْعَفْوَ عَمَّا فِيْ رِبْقَتِهٖ فَاَنْتَ مَوْلَايَ

ماپر گناہ ہے اسکی معافی چاہتا ہو پس تو ہی ہے اے میرا آقا

اَعْظَمُ اَمَلِهٖ وَ ثِقَتِهٖ اَللّٰهُمَّ وَاَسْئَلُكَ

اسکی سب سے بڑی امید اور بھروسہ یا اللہ! اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

بِمَسَائِلِكَ الشَّرِيْفَةِ وَوَسَائِلِكَ الْمُنِيْفَةِ

تیرے مسائل شریفہ کا اور تیرے وسائل عالیہ کا

اَنْ تَتَغَمَّدَنِيْ فِيْ هٰذَا الشَّهْرِ بِرَحْمَةٍ

یہ کہ تو مجھے ڈھانپ لے اس مہینے کے اندر رحمت سے

مِّنْكَ وَاسِعَةٍ وَّنِعْمَةٍ وَّازِعَةٍ وَّنَفْسٍ

اپنی وسیع کردے میرے لیے نعمتوں کو اور ایسا نفس دے

بِمَا رَزَقْتَهَا قَانِعَةٍ اِلٰى نُزُوْلِ الْحَافِرَةِ

کہ جو تیرے عطا کردہ رزق پر قناعت کرنیوالا ہو، جبتک کہ یہاں سے واپسی ہو

وَمَحَلِّ الْاٰخِرَةِ وَمَا هِيَ اِلَيْهِ صَائِرَةٌ ۝

اور منزلِ آخرت تک اور جہاں پہنچنے کیلئے سب بھاگ دوڑ کر رہے ہیں

دُعائے ہر روز ماہِ رجب

یہ وہ جلیل القدر دعا ہے کہ جو بروایت شیخ طوسیؒ حضرت امام العصرؑ نے بذریعۂ توقیع (خط) اپنے شیخ کبیر وکیل ابوجعفر محمد بن سعید بن عثمان رح کو تعلیم فرمائی تھی۔ کہ اس دعا کو ماہِ رجب میں ہر روز پڑھا کرو :۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ •

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِمَعَانِیْ جَمِيْعِ مَا يَدْعُوْكَ

یا اللہ ! بیشک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ان تمام معانی و مفاہیم جس کیلئے دعا کرتے تھے تجھ سے

بِهٖ وُلَاةُ اَمْرِكَ الْمَاْمُوْنُوْنَ عَلٰى سِرِّكَ

تیرے والیانِ امر جو سب امین تھے اوپر تیرے رازوں کے

الْمُسْتَبْشِرُوْنَ بِاَمْرِكَ الْوَاصِفُوْنَ لِقُدْرَتِكَ

بشارت یافتہ تیرے حکم کے تعریف کرنیوالے تیری قدرت کے

الْمُهَلِّلُوْنَ لِعَظَمَتِكَ اَسْئَلُكَ بِمَا نَطَقَ فِيْهِمْ

اعلان کرنیوالے تیری عظمت کے۔ میں دعا کرتا ہوں تجھ سے، واسطے سے جو ان حضرات کے

مِنْ مَّشِيَّتِكَ فَجَعَلْتَهُمْ مَّعَادِنَ لِكَلِمَاتِكَ

بارے میں تیری مشیت گویا ہوئی۔ اور تو نے قرار دیا ان حضرات کو معدن اپنے کلمات کا

وَاَرْكَانًا لِّتَوْحِيْدِكَ وَاٰيَاتِكَ وَمَقَامَاتِكَ

اور ارکان اپنی وحدت کیلئے اور اپنی آیات کیلئے اور اپنے ایسے مقامات

الَّتِيْ لَا تَعْطِيْلَ لَهَا فِيْ كُلِّ مَكَانٍ يَعْرِفُكَ

جنہیں کبھی کوئی تعطل و بیکاری نہیں ہوتی۔ جس جگہ بھی تجھے کوئی پہچانتا ہے

بِهَا مَنْ عَرَفَكَ لَا فَرْقَ بَيْنَكَ وَبَيْنَهَا

ان ہی حضرات کے سبب سے، کوئی فرق نہیں ہے تیرے اور ان کے درمیان

اِلَّآ اَنَّهُمْ عِبَادُكَ وَخَلْقُكَ فَتْقُهَا وَرَتْقُهَا

مگر یہ کہ یہ تیرے بندے ہیں اور تیری مخلوق ہیں ان حضرات کی ہر طرح کی درستی

بِيَدِكَ بَدْؤُهَا مِنْكَ وَعَوْدُهَا اِلَيْكَ

تیرے ہاتھ سے ہوئی ہے، ان کی ابتدا بھی تجھ سے اور واپسی و انتہا بھی تیری طرف ہے

اَعْضَادٌ وَّاَشْهَادٌ وَّمُنَاةٌ وَّاَذْوَادٌ وَّحَفَظَةٌ

یہ سب حضرات تیرے دین کے دست و بازو، گواہ، سپر، نگہبان، محافظ

وَّرُوَّادٌ فَبِهِمْ مَلَأْتَ سَمَآئَكَ وَاَرْضَكَ

اور مبلغ ہیں تو نے ان حضرات کے ذریعے سے پُر کر دیا اپنے آسمان اور اپنی زمین کو

حَتّٰى ظَهَرَ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ فَبِذٰلِكَ

یہاں تک کہ ظاہر ہو گیا کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے تیرے، اسی کے واسطے سے

أَسْئَلُكَ وَبِمَوَاقِعِ الْعِزِّ مِنْ سَرَحْمَتِكَ

میں سوال کرتا ہوں اور مواقع سے عزت و جلال کے تیری رحمت کے

وَبِمَقَامَاتِكَ وَعَلَامَاتِكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَىٰ

اور تیرے مقامات کے اور تیری نشانیوں کے واسطے سے یہ کہ تو درود بھیج اوپر

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَأَنْ تَزِيْدَنِيْ إِيْمَانًا وَّتَثْبِيْتًا

حضرت محمدؐ اور انکی آلؑ کے اور یہ کہ اضافہ فرما میرے ایمان کی مزید پائیداری میں

يَا بَاطِنًا فِيْ ظُهُوْرِهٖ وَظَاهِرًا فِيْ بُطُوْنِهٖ

اے وہ ذات جو پوشیدگی کے باوجود ظاہر ہے اور ظاہر ہوتے ہوئے بھی پوشیدہ ہے

وَمَكْنُوْنِهٖ يَا مُفَرِّقًا بَيْنَ النُّوْرِ وَالدَّيْجُوْرِ

اور چھپا ہوا اپنی پوشیدگی میں۔ اے فرق پیدا کرنے والے (نور) روشنی اور اندھیرے کے درمیان

يَا مَوْصُوْفًا بِغَيْرِ كُنْهٍ وَمَعْرُوْفًا بِغَيْرِ شِبْهٍ

اے وہ جو موصوف ہے بغیر کسی ماہیت کے اور پہچانا جاتا ہے بغیر کسی شبیہ و مثال کے

حَادَّ كُلِّ مَحْدُوْدٍ وَّشَاهِدَ كُلِّ مَشْهُوْدٍ

اے ہر محدود کو محدود کرنیوالے اور گواہ ہر گواہی دیے گئے کے اوپر

وَّمُوْجِدَ كُلِّ مَوْجُوْدٍ وَّمُحْصِيَ كُلِّ مَعْدُوْدٍ

اور اے وجود بخشنے والے ہر موجود کو اور شمار کرنیوالے ہر شمار کیجانیوالی شے کو

وَّفَاقِدَ كُلِّ مَفْقُوْدٍ لَيْسَ دُوْنَكَ مِنْ

اور اے گم کردینے والے ہر گم شدہ شے کو نہیں ہے تیرے علاوہ کوئی

مَّعْبُوْدٍ أَهْلَ الْكِبْرِيَاءِ وَالْجُوْدِ يَا مَنْ لَّا

معبود جو صاحبِ بڑائی و بزرگی اور بخشش ہے اے وہ جسکی نہیں ہے

يُكَيَّفُ بِكَيْفٍ وَّلَا يُؤَيَّنُ بِأَيْنٍ يَا مُحْتَجِبًا

کوئی کیفیت (وہ کیسا ہے) اور نہ کوئی مکان ہے (وہ کہاں ہے) اے وہ جو پوشیدہ ہے

عَنْ كُلِّ عَيْنٍ يَا دَيْمُومُ يَا قَيُّومُ وَعَالِمَ

ہر آنکھ سے اے ہمیشہ سے دائم اے ہمیشہ سے قائم اور اے عالم

كُلِّ مَعْلُومٍ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَعَلٰى

ہر معلوم شے کے درود بھیج حضرت محمدؐ اور آپکی آل پر اور اور

عِبَادِكَ الْمُنْتَجَبِيْنَ وَبَشَرِكَ الْمُحْتَجَبِيْنَ

اپنے ان بندوں کے جو تیرے منتخب ہیں اور تیرے وہ بشر ہیں جو پردوں میں ہیں

وَمَلَآئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَاَلْبُهْمِ الصَّآفِّيْنَ

اور اپنے فرشتوں کے اوپر جو تیرے مقرب ہیں اور خاموش صف بستہ

الْحَآفِّيْنَ وَبَارِكْ لَنَا فِيْ شَهْرِنَا هٰذَا الْمُرَجَّبِ

اور تیار ہیں تیری اطاعت کیلئے اور تو ہمیں اپنی برکت عطا فرما اس مہینہ رجب میں

الْمُكَرَّمِ وَمَا بَعْدَهٗ مِنَ الْاَشْهُرِ الْحُرُمِ

جو قابل تکریم ہے اور اس ماہ کے بعد بھی آنے والے محترم مہینوں میں

وَاَسْبِغْ عَلَيْنَا فِيْهِ النِّعَمَ وَاَجْزِلْ لَنَا

اور کرامت فرما ہمیں اس میں نعمت کثیر اور زیادہ کر ہمارے لیے

فِيْهِ الْقِسَمَ وَاَبْرِرْ لَنَا فِيْهِ الْقَسَمَ

اس میں ہمارے نصیب و قسمت کو اور اچھا کر ہماری قسمت کو اس مہینے میں

بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ الْاَعْظَمِ الْاَجَلِّ الْاَكْرَمِ

تجھے واسطہ تیرے اس بڑے سے بڑے اسم اعظم کا جو بزرگ و مکرم ہے

الَّذِيْ وَضَعْتَهٗ عَلَى النَّهَارِ فَاَضَآءَ وَعَلَى

جسکو تو نے رکھا اوپر دن کے تو وہ روشن ہو گیا اور اوپر

اللَّيْلِ فَاَظْلَمَ وَاغْفِرْ لَنَا مَا تَعْلَمُ مِنَّا وَ

رات کے رکھا تو وہ تاریک ہو گئی اور بخشش دے ہمارے گناہوں کو جنکا تجھ کو علم ہے اور

مَا لَا نَعْلَمُ وَاعْصِمْنَا مِنَ الذُّنُوْبِ خَيْرَ

جن کا ہمیں علم نہیں ہے اور بچا لے ہمیں گناہوں سے اچھی طرح

الْعِصَمِ وَاكْفِنَا كَوَافِي قَدَرِكَ وَامْنُنْ

سے بچا لے اور کافی کر دے ہمارے لیے اپنی قدرت ہی کو اور احسان فرما

عَلَيْنَا بِحُسْنِ نَظَرِكَ وَلَا تَكِلْنَا اِلٰى غَيْرِكَ

ہم پر اپنی اچھی نظر کے ساتھ اور ہمیں حوالے نہ کر اپنے علاوہ کسی اور کے

وَلَا تَمْنَعْنَا مِنْ خَيْرِكَ وَبَارِكْ لَنَا فِيْمَا

اور نہ روک ہمارے لیے اپنے خیر کو اور برکت عطا فرما ہمیں اس مہینے میں

كَتَبْتَهٗ لَنَا مِنْ اَعْمَارِنَا وَاَصْلِحْ لَنَا

جو لکھ دی ہے ہماری عمروں کے اندر اور اصلاح فرما ہمارے

خَبِيْئَةَ اَسْرَارِنَا وَاَعْطِنَا مِنْكَ الْاَمَانَ

پوشیدہ رازوں کی اور عطا فرما ہمارے لیے اپنی طرف سے امان

وَاسْتَعْمِلْنَا بِحُسْنِ الْاِيْمَانِ وَبَلِّغْنَا شَهْرَ

اور ہمیں مشغول رکھ اچھے ایمان کے ساتھ اور ہمیں پہنچا دے ماہِ

الصِّيَامِ وَمَا بَعْدَهٗ مِنَ الْاَيَّامِ وَالْاَعْوَامِ

صیام تک اور اس کے بعد آنے والے دنوں اور سالوں تک

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۔

(اے صاحب جلالت و بزرگی! (یہی کر))

نماز حضرت حجّتؑ ۲۷ رجب

۲۷ رجب روزِ بعثت حضرت سرورِ کائنات ہے ۔ یہ اعیادِ عظیمہ میں ہے ہر اس تاریخ کا روزہ مستحب روزوں کے برابر ہے ۔ آج کی تاریخ غسل مستحب ہے ۔

ذخیرۂ نجات میں بسند معتبر حضرت صاحب الامرؑ سے منقول ہے کہ اس روز بارہ رکعت نماز دو دو رکعت کر کے بجا لائے ۔ اور ہر رکعت میں بعد سورۂ حمد کے جو سورہ چاہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّ لَمْ

تمام تعریفیں اس اللہ کیلئے ہیں جو نہ تو کوئی فرزند رکھتا ہے اور نہ

یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَ لَمْ یَكُنْ

کوئی اس کا شریک ہے اسکی سلطنت وحکومت میں اور نہ کوئی ہے

لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَ كَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا یَا عُدَّتِیْ

اس کا مددگار جو اسکی عزت میں اضافہ کرے ۔ اور اسکی بڑائی کی بڑائی کہو اے میری قوت

فِیْ شِدَّتِیْ یَا صَاحِبِیْ فِیْ شِدَّتِیْ یَا وَلِیِّیْ فِیْ

میری سختیوں میں اے میرے ساتھی میرے شدائد میں اے میرے مالک

نِعْمَتِیْ یَا غِیَاثِیْ فِیْ رَغْبَتِیْ یَا نَجَاحِیْ فِیْ

میری نعمتوں میں اے میرے فریادرس میری آرزوؤں میں اے پورا کرنے والے

حَاجَتِیْ یَا حَافِظِیْ فِیْ غُیْبَتِیْ یَا كَافِیَ فِیْ

میری حاجتوں کو اے میرے محافظ میری غیبت میں اے میرے کافی ووافی

وَحْدَتِیْ یَا اُنْسِیْ فِیْ وَحْشَتِیْ اَنْتَ السَّاتِرُ

میری تنہائی میں اے میرا دل بہلانے والے میری گھبراہٹ میں، تو ہی چھپانے والا ہے

عَوْرَتِیْ فَلَكَ الْحَمْدُ وَاَنْتَ الْمُقِیْلُ عَثْرَتِیْ

میری برہنگی کو، پس تیرے ہی لیے ہیں تمام تعریفیں اور تو ہی درگذر کرنیوالا ہے میری لغزشوں کو

فَلَكَ الْحَمْدُ وَاَنْتَ الْمُنْعِشُ صَرْعَتِیْ فَلَكَ

پس تیرے ہی لیے ہر طرح کی تعریفیں ہیں اور تو ہی مجھے اٹھانے والا ہے میرے پچھڑنے کے وقت۔ پس تیرے ہی لیے

الْحَمْدُ. صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاسْتُرْ

تمام تعریفیں ہیں۔ درود بھیج حضرت محمدؐ اور اولادِ حضرت محمدؐ پر اور چھپالے

عَوْرَتِیْ وَاٰمِنْ رَوْعَتِیْ وَاَقِلْنِیْ عَثْرَتِیْ وَ

میری برہنگی کو اور میری حفاظت فرما اور لغزشوں کو درگذر فرما اور

اصْفَحْ عَنْ جُرْمِیْ وَتَجَاوَزْ عَنْ سَیِّئَاتِیْ

معاف فرما میرے جرم کو اور درگذر فرما میرے گناہوں سے

فِیْ اَصْحَابِ الْجَنَّةِ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِیْ

اہلِ جنت سے وعدہ سچا ہے جو

كَانُوْا یُوْعَدُوْنَ.

ان سے کیا گیا ہے

اور جب تمام نمازوں اور مذکورہ دعاء سے فارغ ہو جائے تو ان میں سے ہر سورے کو سات سات دفعہ پڑھے: سورۃ الحمد، سورۃ قل ھو اللہ سورۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ، سورۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، سورۃ قُلْ یَا اَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ، سورۃ اِنَّا اَنْزَلْنَاهُ اور اٰیۃ الکرسی۔

پھر ان کے بعد سات دفعہ یہ کہے: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ اس کے بعد سات دفعہ یہ کہے: اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّیْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَیْئًا۔ اس کے بعد اپنی حاجتیں طلب کرے: یا دعائیں پڑھے:

اعمال ماہِ شعبان

نقل از زاد المعاد علامہ مجلسی، جاننا چاہیئے کہ ماہِ شعبان کی فضیلت ماہِ رجب سے بھی زیادہ ہے۔ صادقِ آلِ محمد سے منقول ہے کہ جب حضرت رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شعبان کا چاند دیکھتے تھے منادی سے فرماتے تھے کہ اہلِ مدینہ کو میرا یہ پیغام پہنچا دے کہ میں تمہاری طرف خدا کا رسول ہوں۔ شعبان میرا مہینہ ہے۔ لہٰذا میرے مہینے میں عملِ خیر کر کے میری مدد کرو۔ امیر المومنینؑ فرماتے ہیں کہ جس روز سے میں نے اس منادی کو سنا، روزہ ماہِ شعبان کو کبھی ترک نہ کیا اور جب تک زندہ رہوں گا ترک نہ کروں گا۔ جناب رسالتمآب سال میں کبھی مسلسل روزے نہ رکھتے تھے بجز ماہِ شعبان کے کہ اس کو ماہِ رمضان سے وصل فرما دیتے تھے۔ نیز آنحضرتؐ سے روایت ہے کہ ماہِ شعبان میرا مہینہ ہے اور رمضان خدا کا مہینہ ہے۔ لہٰذا جو شخص میرے مہینے میں ایک روزہ بھی رکھے، میں بروز قیامت اس کا شفیع بنوں گا۔ یہ بھی مروی ہے کہ جو شخص ماہِ شعبان میں ستر مرتبہ استغفار کرے بروز قیامت زمرۂ محمدؐ و آلِ محمدؐ میں محشور ہوگا۔ اور جو شخص ماہِ شعبان کے آخری تین روزے رکھ کر ماہِ رمضان سے ملا دے اس کو دو ماہ مسلسل روزوں کا ثواب ملے گا۔

جاننا چاہیئے کہ ماہِ شعبان کے اعمال بھی بہت وارد ہیں ان میں سے ہم صرف ان اعمال پر اکتفا کرتے ہیں جن کو حضرت حجتؑ علیہ السلام سے مناسبت خاص ہے۔

پہلے غسل کرنا اس رات میں گناہوں میں تخفیف کا موجب ہوتا ہے دوسرے اس رات میں نماز اور دعا اور استغفار کے ساتھ بیدار رہنا، جیسا امام زین العابدینؑ اس رات بیدار رہتے تھے۔ روایت میں ہے کہ جو شخص اس رات بیدار رہے تو اس کا دل اس دن نہیں مرے گا جبکہ دل مردہ ہوں گے۔ تیسرے، امام حسینؑ کی زیارت پڑھنا جو

اِس رات کے سب اَعمال سے اَفضل ہے اور گناہوں کے بخشے جانے کا باعث ہے جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کے ساتھ سارے اَنبیاء و مُرسلین کی اَرواحِ طیبہ مصافحہ کریں، تو وہ اِس رات بہ خشوع و خضوع حضرت امام حسین علیہ السّلام کی "زیارت" کوٹھے پر چڑھ کر دائیں بائیں نگاہ کر کے اپنے سر کو آسمان کی اُٹھا کر اِن اَلفاظ میں پڑھے۔

اعمالِ شبِ نیمۂ شعبان

(پندرہویں شب)

یہ بہت مبارک رات ہے حضرت امام محمد باقر علیہ السّلام نے ارشاد فرمایا ہے کہ "یہ شب، شبِ قدر کے بعد تمام راتوں میں اَفضل ہے۔ کیونکہ یہ وہ رات ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے شب بیدار بندوں کو اپنے فضل و کرم سے نوازتا ہے، دعائیں قبول فرماتا ہے اور ہمارے لیئے اُس نے اِس طرح قرار دیا ہے جیسا کہ شبِ قدر کو جناب رسولِ خدا ص کے لیے قرار دیا ہے۔ پس تمھیں اس شب میں اللہ سے دعا، اور اس کی تعریف و توصیف کی کوشش کرنی چاہیے۔"

نیز اس شب میں امام عصر عج کی ولادت باسعادت ہوئی ہے جس نے اس رات کی شرافت میں اور اضافہ کر دیا۔ اس شب کے کئی ایک عمل ہیں۔

پہلے، غسل کرنا اس شب میں گناہوں میں تخفیف کا موجب ہے۔ دوسرے اس رات میں نماز اور دعاء اور استغفار کے ساتھ بیدار رہنا، جیسا کہ امام علی ابن الحسین ع اس رات بیدار رہتے تھے۔ روایت میں ہے کہ جو شخص اس شب بیدار رہے تو اس کا دل روزِ قیامت نہ مرے گا جبکہ اکثر قلوب اُس دن مردہ ہوں گے۔ تیسرے۔ حضرت امام حسین علیہ السّلام کی زیارت پڑھنا۔ جو اِس رات کے اعمال میں سب سے افضل ہے

اور گناہوں کے بخشے جانے کا باعث ہے۔ اگر کوئی چاہے کہ اس کے ساتھ تمام انبیاء و مرسلین کی ارواحِ طیبہ مصافحہ کریں تو وہ اس رات بخشوع و خضوع حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کو اٹھے پر چڑھ کر دائیں بائیں نگاہ کرکے اپنے سر کو آسمان کی طرف بلند کرکے اِن الفاظ میں پڑھے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ

سلامتی نازل ہو آپ کے اوپر اے ابو عبد اللہ (الحسین) سلامتی نازل ہو

عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ۔

آپ کے اوپر اور رحمتِ خدا اور اسکی برکتیں

ہر شخص جہاں بھی ہو اور جب بھی چاہے آپ کی یہ زیارت پڑھ لے۔ تو اُمید ہے کہ اُس کے لیے حج و عمرہ کا ثواب لکھا جائے گا۔ چوتھے۔ اِس دعاء کو پڑھنا کہ جیسے شیخ اور سید نے نقل فرمایا ہے اور یہ دعا امامِ زمان صلوات اللہ علیہ کی زیارت کے قائم مقام ہے۔ (اور وہ دعاء یہ ہے)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔

اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ لَيْلَتِنَا وَمَوْلُوْدِهَا وَحُجَّتِكَ

یا اللہ! واسطہ ہماری اس رات کے حق کا اور اس رات کے مولود کا اور تیری حجت کا

وَمَوْعُوْدِهَا الَّتِيْ قَرَنْتَ اِلٰى فَضْلِهَا فَضْلًا

اور جس کا وعدہ کیا گیا ہے جسکو تو نے عطا فرمائی فضیلت بالائے فضیلت (اس کی)

فَتَمَّتْ كَلِمَتُكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا لَّا مُبَدِّلَ

پس جس پر تمام ہوا تیرا کلمہ صدق و سچائی اور عدل کے ساتھ، نہیں ہے کوئی بدلنے والا

لِكَلِمٰتِكَ وَلَا مُعَقِّبَ لِاٰيَاتِكَ نُوْرُكَ

تیرے کلمات کو اور کوئی نہیں ہے، جو پس و پیش کر سکے، تیری آیتوں کے نور

الْمُتَاَلِّقُ وَضِيَآؤُكَ الْمُشْرِقُ وَالْعَلَمُ النُّوْرُ

روشن کو اور تیری چمکتی ہوئی ضیاء، روشنی کو اور پرچم نور کو جو

فِيْ طَخْيَآءِ الدَّيْجُوْرِ الْغَآئِبُ الْمَسْتُوْرُ جَلَّ

اندر کے گھٹا ٹوپ (گہرے) اندھیرے کے غائب اور پردے میں ہے، بزرگ ہے

مَوْلِدُهٗ وَكَرُمَ مَحْتِدُهٗ وَالْمَلَآئِكَةُ

جس کی جائے پیدائش اور مکرّم ہے جس کا مقامِ ظہور اور فرشتے

شُهَّدُهٗ وَاللّٰهُ نَاصِرُهٗ وَمُؤَيِّدُهٗ اِذَا اٰنَ

اس کے گواہ ہیں اور اللہ اس کا مددگار اور تائید کرنے والا ہے۔ جب آئے گا وقت

مِيْعَادُهٗ وَالْمَلَآئِكَةُ اَمْدَادُهٗ سَيْفُ اللّٰهِ

اس کے وعدۂ ظہور کے پورا ہونے کا، تو فرشتے اس کی مدد کریں گے۔ یہ وہ اللہ کی تلوار ہے

الَّذِيْ لَا يَنْبُوْ وَنُوْرُهُ الَّذِيْ لَا يَخْبُوْ وَ

جو کبھی کُند نہ ہوگی اور وہ نور ہے جو کبھی بجھ نہیں سکتا اور

ذُو الْحِلْمِ الَّذِيْ لَا يَصْبُوْ مَدَارُ الدَّهْرِ

یہ وہ بُردبار ہے جس کے ہاتھ سے دامنِ تحمّل نہیں چھوٹ سکتا۔ اس پر دار و مدار ہے زمانے کا

وَنَوَامِيْسُ الْعَصْرِ وَوُلَاةُ الْاَمْرِ وَالْمُنَزَّلُ

اور محافظ ہے زمانے کا اور والیانِ حکومت ہیں یہ حضرات، اور نازل ہوتا ہے

عَلَيْهِمْ مَا يَتَنَزَّلُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَاَصْحٰبُ

ان حضرات کے اوپر وہ جو نازل ہوتا ہے شبِ قدر کے اندر اور یہ حضرات ملکِ

الْحَشْرِ وَالنَّشْرِ تَرَاجِمَةُ وَحْيِهٖ وَوُلَاةُ

حشر و نشر ہیں بیان کرنے والے ہیں اسکی وحی کے اور حاکم ہیں

اَمْرِهٖ وَنَهْيِهٖ اَللّٰهُمَّ فَصَلِّ عَلٰى خَاتِمِهِمْ

اس کے امر و نہی کے یا اللہ! درود نازل فرما اوپر ان کے خاتم ؑ کے جو

وَقَائِمِهِمُ الْمُسْتَوْدَعِ عَنْ عَوَالِمِهِمْ اَللّٰهُمَّ

اور ان کے قائم ؑ کے جو پردۂ غیبت میں ہیں انکے عوالم سے یا اللہ!

وَاَدْرِكْ بِنَا اَيَّامَهٗ وَظُهُوْرَهٗ وَقِيَامَهٗ

اور نصیب فرما ہمیں اُن کا زمانہ ظہور اور قیام حکومت انکی

وَاجْعَلْنَا مِنْ اَنْصَارِهٖ وَاقْرِنْ ثَارَنَا بِثَارِهٖ

اور ہمیں قرار دے ان کے انصار میں سے اور ہمیں انتقام کے وقت انکے ساتھ کر دے

وَاكْتُبْنَا فِيْ اَعْوَانِهٖ وَخُلَصَائِهٖ وَاَحْيِنَا

اور لکھ لے ہمیں اُن کے مددگاروں اور مخلصوں میں اور ہمیں زندہ رکھ

فِيْ دَوْلَتِهٖ نَاعِمِيْنَ وَبِصُحْبَتِهٖ غَانِمِيْنَ

ان کے عہدِ حکومت میں خوشی و مسرت کے ساتھ اور انکی صحبت سے فیض حاصل کرنیکا موقع دے

وَبِحَقِّهٖ قَائِمِيْنَ وَمِنَ السُّوْٓءِ سَالِمِيْنَ

اور ان کے حق کے ساتھ قائم رہنے کا اور برائیوں سے محفوظ رہنے کی توفیق عطا فرما

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

اے سب سے زیادہ رحم کرنیوالے رحم کرنیوالوں میں اور تمام تعریفیں اللہ پروردگار

الْعٰلَمِيْنَ وَصَلَوَاتُهٗ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ

عالمین کیلئے ہیں اور اسکا درود ہو اوپر ہمارے سردار حضرت محمدؐ کے جو خاتم

النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰٓى اَهْلِ بَيْتِهِ

ہیں انبیاء اور رسولوں اور ان کے اہلِ بیت ؑ کے اوپر درود ہو جو

الصَّادِقِيْنَ وَعِتْرَتِهِ النَّاطِقِيْنَ ۝ وَالْعَنْ

صادقین (سچے) ہیں اور انکی اولاد ہیں جو حق بولنے والے ہیں۔ اور لعنت کر

جَمِيعَ الظَّالِمِينَ وَاحْكُمْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ

تمام ظالموں پر اور فیصلہ فرما ہمارے اور ان ظالموں کے درمیان

يَا أَحْكَمَ الْحَاكِمِينَ ۔

اے بہترین فیصلہ کرنیوالے تمام فیصلہ کرنیوالوں میں !

* پانچویں : اسمٰعیل بن فضل ہاشمی سے شیخ نے روایت کی ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ مجھے امام جعفر صادق علیہ السلام نے یہ دُعا پندرہویں شعبان کی رات میں پڑھنے کے لیے تعلیم فرمائی :

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ

یا اللہ ! تو ہی زندہ پائندہ بلند مرتبہ پر عظمت

الْخَالِقُ الرَّازِقُ الْمُحْيِيُ الْمُمِيْتُ الْبَدِيءُ

خالق رازق زندہ کرنیوالا موت دینے والا ایجاد کرنیوالا ہے

الْبَدِيْعُ لَكَ الْجَلَالُ وَلَكَ الْفَضْلُ وَ

از سرِ نو تیرے ہی لیے بزرگی مخصوص ہے اور تیرے ہی لیے فضل و کرم اور

لَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الْمَنُّ وَلَكَ الْجُوْدُ وَ

تیرے ہی لیے تمام تر تعریفیں اور تیرے ہی لیے احسان اور تیرے ہی لیے بخشش اور

الْكَرَمُ وَلَكَ الْاَمْرُ وَلَكَ الْمَجْدُ وَلَكَ

کرم ہے اور تیرے ہی لیے حکومت اور تیری ہی لیے بزرگی اور تیرے ہی لیے

الشُّكْرُ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ يَا وَاحِدُ

شکر ہے تو اکیلا ہے ۔ نہیں ہے کوئی شریک تیرا اے اکیلے !

يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا مَنْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ

اے تنہا ! اے بے نیاز ! اے وہ کہ نہ جسکا کوئی فرزند ہے اور نہ وہ کسی کا فرزند ہے

Scanned with CamScanner

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ صَلِّ عَلٰى

اور نہ اس کا ہمسر (برابر والا) ہے کوئی (بھی)۔ درود نازل فرما اوپر

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَ

حضرت محمدؐ و آل محمدؐ کے اور مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور

اكْفِنِيْ مَآ اَهَمَّنِيْ وَاقْضِ دَيْنِيْ وَوَسِّعْ

میری مدد فرما میرے مشکل اُمور میں اور ادا فرما میرے قرض کو اور کشادہ فرما

عَلَيَّ فِيْ رِزْقِيْ فَاِنَّكَ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ كُلَّ

میرے اوپر میرے رزق کو اس لیے کہ تو اس شب میں تمام

اَمْرٍ حَكِيْمٍ تَفْرُقُ وَمَنْ تَشَآءُ مِنْ خَلْقِكَ

امور کو حکمت سے تقسیم کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے اپنی مخلوق میں سے

تَرْزُقُ فَارْزُقْنِيْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ

روزی دیتا ہے، پس تو مجھے بھی روزی دے اور تو ہی تو بہترین ہے روزی دینے والوں میں

فَاِنَّكَ قُلْتَ وَاَنْتَ خَيْرُ الْقَآئِلِيْنَ النَّاطِقِيْنَ ۝

کیونکہ خود تو نے ہی فرمایا ہے اور تو بہترین ہے کہنے والوں میں اور بولنے والوں میں

وَاسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ فَمِنْ فَضْلِكَ

کہ تم سوال کرو (مانگو) اللہ سے اس کے فضل میں سے پس تیرے فضل ہی میں سے

اَسْئَلُ وَاِيَّاكَ قَصَدْتُّ وَابْنَ نَبِيِّكَ

میں مانگتا ہوں اور تیری ہی بارگاہ کا میں قصد رکھتا ہوں اور تیرے نبیؐ کے فرزند پر

اعْتَمَدْتُّ وَلَكَ رَجَوْتُ فَارْحَمْنِيْ يَآ اَرْحَمَ

میں بھروسہ کرتا ہوں اور تجھ ہی سے اُمید رکھتا ہوں پس مجھ پر رحم فرما اے سب سے زیادہ رحم والے

الرَّاحِمِيْنَ ۝

تمام رحم کرنے والوں میں

• چھٹے : اس دعاء کو پڑھے کہ جس کو رسولِ خدا پندرہویں شعبان کی رات کو پڑھتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا يَحُوْلُ

یا اللہ! تو نصیب فرما ہمیں اپنا خوف جو حائل ہو جائے

بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعْصِيَتِكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا

ہمارے اور تیری معصیت کے درمیان اور اپنی وہ اطاعت جو

تُبَلِّغُنَا بِهٖ رِضْوَانَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا يُهَوِّنُ

ہمیں پہنچا دے تیری خوشنودی تک اور وہ یقین نصیب فرما جو آسان کر دے

عَلَيْنَا بِهٖ مُصِيْبَاتُ الدُّنْيَا. اَللّٰهُمَّ اَمْتِعْنَا

ہمارے لیے مصائبِ دنیا کو برداشت کرنا۔ یا اللہ! تو ہمیں مزہ فرما

بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهُ

ہمارے لیے کان اور آنکھیں اور قوت جبتک کہ تو ہمیں زندہ رکھے اور قرار دے

الْوَارِثَ مِنَّا وَاجْعَلْ ثَارَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا

یہی چیز ہمارے وارثوں کو اور ہمارا انتقام لے اُن سے جنھوں نے ہم پر ظلم کیا

وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا

اور مدد فرما ہماری ہمارے دشمنوں کے مقابلے میں اور نہ مبتلا کر ہمیں کسی مصیبت میں

فِيْ دِيْنِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا

ہمارے دین کے بارے میں اور نہ قرار دے دنیا کو ہمارا سب سے بڑا مقصد اور نہ

مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَا يَرْحَمُنَا

ہمارے مبلغ علم کا اور نہ مسلط کر ہم پر کسی ایسے کو جو ہم پر رحم نہ کرے

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ •

واسطہ تیری رحمت کا اے سب سے زیادہ رحم کرنیوالے رحم کرنیوالوں میں۔

یہ دعائے کامل ہے جس کا پڑھنا دوسری آفتوں میں بھی غنیمت ہے اور "غوالی اللئالی" سے منقول ہے کہ اسے جناب رسولِ خدا ہمیشہ پڑھتے تھے:

* ساتویں: ہر دن کی صلوات کو کہ جسے زوال کے وقت پڑھے:
* آٹھویں: دُعائے کمیل کو پڑھے کیونکہ یہ دعا اسی رات وارد ہوئی ہے
* نویں: اِن تسبیحات کو سو دفعہ پڑھے، تاکہ خداوندِ عالم گذشتہ گناہ بخش دے اور دنیا و آخرت کی حاجتوں کو پورا کرے:

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ اللّٰہُ اَکْبَرُ وَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔

* دسویں: شیخ نے ابو یحییٰ سے مصباح میں پندرہویں شعبان کی رات کے لیے ایک خبر نقل کی ہے، کہ انھوں نے کہا کہ، میں نے اپنے مولا حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ آج رات کے لیے سب سے بہتر دعا کونسی ہے؟ تو آپؑ نے فرمایا کہ جب عشاء کی نماز سے فارغ ہو جائے تو اس وقت دو رکعت نماز پڑھے، جس کی پہلی رکعت میں سورۂ اَلْحَمْدُ کے بعد سورۂ قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ اور دوسری رکعت میں سورۃ اَلْحَمْدُ کے بعد سورۂ "قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ" پڑھے اور سلام کے بعد سُبْحَانَ اللّٰہِ ۳۳ مرتبہ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۳ مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۳۴ مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد یہ دعا پڑھے:

یَا مَنْ اِلَیْہِ مَلْجَأُ الْعِبَادِ فِی الْمُھِمَّاتِ

اے وہ ذات جس سے التجا کرتے سارے بندے اپنے دشوار امور میں

وَ اِلَیْہِ یَفْزَعُ الْخَلْقُ فِی الْمُلِمَّاتِ یَا

اور اسی سے آہ و زاری کرتی ہے تمام مخلوق مصیبت کے موقعوں پر اے

عَالِمَ الْجَهْرِ وَالْخَفِيَّاتِ يَا مَنْ لَّا تَخْفٰى

جاننے والے ہر آشکار و پوشیدہ کے اے وہ کہ نہیں ہیں پوشیدہ

عَلَيْهِ خَوَاطِرُ الْاَوْهَامِ وَتَصَرُّفُ الْخَطَرَاتِ

جس پر دلوں کے اندیشے اور ان میں آنے جانے والے خیالات و افکار

يَا رَبَّ الْخَلَائِقِ وَالْبَرِيَّاتِ يَا مَنْ بِيَدِهٖ

اے پالنے والے تمام خلائق اور مخلوقات کے اے وہ کہ جس کے دست قدرت

مَلَكُوْتُ الْاَرَضِيْنَ وَالسَّمٰوٰتِ اَنْتَ

میں ہے اقتدار تمام زمینوں اور آسمانوں کا - تو ہی ہے

اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَمُتُّ اِلَيْكَ بِلَا

اللہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے تیرے میں تیری طرف متوجہ ہو کر کہتا ہوں کہ نہیں ہے

اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ فَيَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اجْعَلْنِيْ

کوئی معبود سوائے تیرے پس اے وہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے مجھے قرار دے

فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ مِمَّنْ نَظَرْتَ اِلَيْهِ فَرَحِمْتَهٗ

اس شب کے اندر ان لوگوں میں سے کہ جن پر تو نے نظر کرم فرمائی ہے، رحم فرمایا ہے

وَسَمِعْتَ دُعَآءَهٗ فَاَجَبْتَهٗ وَعَلِمْتَ اسْتِقَالَتَهٗ

اور تو نے ان کی دعائیں بھی سنی ہیں اور انھیں قبول فرمایا ہے حالانکہ تو واقف ہے انکی

فَاَقَلْتَهٗ وَتَجَاوَزْتَ عَنْ سَالِفِ خَطِيْٓئَتِهٖ وَ

برائیوں سے اور تو نے درگذر فرمایا ہے انکی گذشتہ خطاؤں کو اور

عَظِيْمِ جَرِيْرَتِهٖ فَقَدِ اسْتَجَرْتُ بِكَ مِنْ

بڑے بڑے گناہوں کو - پس میں بھی پناہ چاہتا ہوں تجھ سے اپنے

ذُنُوْبِيْ وَلَجَاْتُ اِلَيْكَ فِيْ سَتْرِ عُيُوْبِيْ اَللّٰهُمَّ

گناہوں سے اور التجا کرتا ہوں تجھ سے اپنے عیوب کی پردہ پوشی کیلئے ، یا اللہ !

Scanned with CamScanner

فَجُدْ عَلَيَّ بِكَرَمِكَ وَفَضْلِكَ وَاحْطُطْ

پس تو احسان کر مجھ پر، تجھے واسطہ تیرے کرم و فضل کا اور دور کر دے

خَطَايَايَ بِحِلْمِكَ وَعَفْوِكَ وَتَغَمَّدْنِي فِيْ

میری خطاؤں کو تجھے واسطہ تیرے حلم و عفو و درگذر کا اور مجھے ڈھانپ لے اندر

هٰذِهِ اللَّيْلَةِ بِسَابِغِ كَرَامَتِكَ وَاجْعَلْنِي فِيهَا

اس شب کے اپنے دامانِ کرم کے اور مجھے قرار دے اس شب میں

مِنْ أَوْلِيَائِكَ الَّذِيْنَ اجْتَبَيْتَهُمْ لِطَاعَتِكَ وَ

اپنے ان دوستداروں میں سے جنھیں تو نے منتخب فرمایا ہے اپنی اطاعت کیلئے اور

اخْتَرْتَهُمْ لِعِبَادَتِكَ وَجَعَلْتَهُمْ خَاصَّتَكَ

جنھیں تو نے چن لیا ہے اپنی عبادت کیلئے اور جنھیں تو نے قرار دیا ہے اپنے مخلص

وَصِفْوَتِكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِمَّنْ سَعَدَ

اور اپنے برگزیدہ لوگوں میں۔ یا اللہ! مجھے قرار دے ان لوگوں میں سے جنھیں سعادت نصیب ہوئی

جَدُّهُ وَتَوَفَّرَ مِنَ الْخَيْرَاتِ حَظُّهُ وَاجْعَلْنِيْ

اپنی کوشش سے اور کثیر و وافر حصہ ملا نیکیوں میں سے ان کا حصہ ملا۔ اور مجھے قرار دے

مِمَّنْ سَلِمَ فَنَعِمَ وَفَازَ فَغَنِمَ وَاكْفِنِيْ شَرَّ

ان لوگوں میں سے جو سلامت رہے، نعمتیں حاصل کیں اور کامیاب رہے، اور بچالے مجھے گناہوں کے شر

مَا اَسْلَفْتُ وَاعْصِمْنِيْ مِنَ الْاِزْدِيَادِ فِيْ

(اور سزا سے) جو میں نے پہلے کیے ہیں اور محفوظ رکھ مجھے آئندہ کی زیادتی سے

مَعْصِيَتِكَ وَحَبِّبْ اِلَيَّ طَاعَتَكَ وَمَا يُقَرِّبُنِيْ

اپنی معصیت کی اور شوق پیدا کر مجھ کو اپنی اطاعت کا اور جو مجھ کو قریب کر دے

مِنْكَ وَيُزْلِفُنِيْ عِنْدَكَ سَيِّدِيْ اِلَيْكَ

تجھ سے اور جو مجھ کو پسندیدہ بنا دے تیرے نزدیک میرے مالک تیری ہی طرف

يَلْجَأُ الْهَارِبُ وَمِنْكَ يَلْتَمِسُ الطَّالِبُ

پناہ کیلئے آتا ہے بھاگنے والا اور تجھ ہی سے درخواست کرتا ہے طلب کرنیوالا

وَعَلٰى كَرَمِكَ يُعَوِّلُ الْمُسْتَقِيْلُ التَّآئِبُ

اور تیرے کرم کے اوپر ان لوگوں کو بھروسہ ہوتا ہے جو گناہوں سے باز آتے اور توبہ کرتے ہیں

اَدَّبْتَ عِبَادَكَ بِالتَّكَرُّمِ وَاَنْتَ اَكْرَمُ

تو نے حکم دیا ہے اپنے بندوں کو کرم کرنے کا اور تو تو سب سے زیادہ کرم کرنیوالا ہے

الْاَكْرَمِيْنَ وَاَمَرْتَ بِالْعَفْوِ عِبَادَكَ وَ

تمام کرنیوالوں میں اور تو نے حکم دیا ہے معاف کرنے کا اپنے بندوں کو اور

اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ. اَللّٰهُمَّ فَلَا تَحْرِمْنِيْ

تو تو ہے ہی بہت معاف کرنیوالا رحم کرنیوالا . یا اللہ! نہ کر مجھے محروم

مَا رَجَوْتُ مِنْ كَرَمِكَ وَلَا تُؤْيِسْنِيْ مِنْ

اپنے اس کرم سے جس کی مجھے تجھ سے اُمید ہے اور نہ مایوس فرما مجھے

سَابِغِ نِعَمِكَ وَلَا تُخَيِّبْنِيْ مِنْ جَزِيْلِ قِسَمِكَ

اپنی وسیع و کثیر نعمتوں سے اور نہ محروم کرنا مجھے اپنی کثیر تقسیم سے

فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ لِاَهْلِ طَاعَتِكَ وَاجْعَلْنِيْ

اندر اس شب کے اپنے اطاعت گذاروں کو عطا کرے گا اور مجھے رکھ

فِيْ جُنَّةٍ مِّنْ شَرَائِرِ بَرِيَّتِكَ رَبِّ اِنْ لَّمْ

شریر لوگوں سے اپنی مخلوق کے ، پروردگارا! اگر چہ نہیں

اَكُنْ مِّنْ اَهْلِ ذٰلِكَ فَاَنْتَ اَهْلُ الْكَرَمِ

اندر اپنی پناہ کے

ہوں میں اہل اس کا مگر تو تو کرم کرنے والا ہے

وَالْعَفْوِ وَالْمَغْفِرَةِ وَجُدْ عَلَيَّ بِمَا اَنْتَ

اور درگذر کرنیوالا اور معاف کرنیوالا ہے لہٰذا احسان کر مجھ پر ایسا جس کا تو ہی

أَهْلُهُ لَا بِمَا أَسْتَحِقُّهُ فَقَدْ حَسُنَ ظَنِّي بِكَ

اہل ہے نہیں ہوں میں جسکا مستحق پس مجھے حسن ظن ہے تیری ذات سے

وَتَحَقَّقَ رَجَائِي لَكَ وَعَلِقَتْ نَفْسِي بِكَرَمِكَ

اور تو ہی میری بڑی امید ہے اور وابستہ ہے میری جان تیرے کرم سے

فَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ وَأَكْرَمُ الْأَكْرَمِينَ ۝

کیونکہ تو سب سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے رحم کرنیوالوں میں اور زیادہ کرم کرنیوالا کرم کرنیوالوں میں

اَللّٰهُمَّ وَاخْصُصْنِي مِنْ كَرَمِكَ بِجَزِيلِ

یا اللہ! اور مخصوص فرما دے میرے لیے اپنے کثیر کرم کا حصہ

قِسْمِكَ وَأَعُوذُ بِعَفْوِكَ مِنْ عُقُوبَتِكَ وَ

یہی تقسیم سے اور میں پناہ چاہتا ہوں تیرے عفو کی تیری سزا سے بچنے کے لیے اور

اغْفِرْ لِيَ الذَّنْبَ الَّذِي يَحْبِسُ عَلَيَّ الرِّزْقَ

بخش دے میرے وہ گناہ جو روکے ہوئے ہیں مجھ پر مخلوق کو

وَيُضَيِّقُ عَلَيَّ الرِّزْقَ حَتَّى أَقُومَ بِصَالِحِ رِضَاكَ

اور تنگ کیے ہوئے ہیں مجھ پر رزق کو تاکہ میں تیار ہو جاؤں تیری مصلحت خوشنودی کیلئے

وَأَنْعِمْ بِجَزِيلِ عَطَائِكَ وَأَسْعِدْ بِسَابِغِ

اور تو مجھے اپنی کثیر نعمتیں عطا فرما اور خوش بخت بنا دے کثیر

نَعْمَائِكَ فَقَدْ لُذْتُ بِحَرَمِكَ وَتَعَرَّضْتُ

اپنی نعمتوں سے پس میں نے پناہ لی ہے تیرے حرم قدس کی اور طالب ہوں

لِكَرَمِكَ وَاسْتَعَذْتُ بِعَفْوِكَ مِنْ عُقُوبَتِكَ

تیرے کرم کا اور پناہ چاہتا ہوں تیرے عفو کے سبب تیری سزا سے

وَبِحِلْمِكَ مِنْ غَضَبِكَ فَجُدْ بِمَا سَأَلْتُكَ

اور تیرے حلم کی پناہ چاہتا ہوں تیرے غضب سے بچنے کیلئے پس مجھے وہ عطا فرما جس کا میں نے تجھ سے سوال کیا ہے

وَ اَنِلْ مَا لْتَمَسْتُ مِنْكَ اَسْئَلُكَ بِكَ

اور مجھے عنایت فرما جس کا میں تجھ سے التماس کیا ہے سوال کرتا ہوں تیرے واسطے سے

لَا بِشَیْءٍ هُوَ اَعْظَمُ مِنْكَ۔

(اس لیے کہ نہیں ہے کوئی بھی شے جو تجھ سے زیادہ با عظمت ہو۔)

پھر سجدے میں جاکر یَا رَبُّ بیس مرتبہ، یَا اَللّٰہُ سات مرتبہ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ سات دفعہ، مَا شَاءَ اللّٰہُ دس مرتبہ، لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ دس مرتبہ کہے اس کے بعد صلوات پڑھے اور خداوندِ عالم سے اپنی حاجات طلب کرے۔ قسم ہے خدا کی، کہ اگر اس عمل کے سبب سے بارش کے قطروں کے برابر بھی حاجتیں طلب کرے گا تو اللہ تعالیٰ جل اپنے فضلِ کثیر اور کرمِ عمیم سے اُن کو پورا فرمائے گا۔

* گیارہویں: شیخ طوسی رح و کفعمی رح نے فرمایا ہے کہ اس دعا کو آج رات پڑھے:۔

اِلٰهِی تَعَرَّضَ لَكَ فِی هٰذَا اللَّیْلِ الْمُتَعَرِّضُوْنَ

اے میرے معبود! عرض کر رہے ہیں تجھ اس شب کے اندر عرض کرنے والے

وَقَصَدَكَ الْقَاصِدُوْنَ وَ اَمَّلَ فَضْلَكَ وَ

اور تیری بارگاہ میں قصد کر رہے ہیں قصد کرنے والے اور امیدوار ہیں تیرے فضل کے اور

مَعْرُوْفَكَ الطَّالِبُوْنَ وَ لَكَ فِی هٰذَا اللَّیْلِ

تیری نیکیوں اور احسان کے طلب گار ہیں اور تیرے پاس اس شب کے اندر

نَفَحَاتٌ وَجَوَائِزُ وَعَطَایَا وَمَوَاهِبُ تَمُنُّ

لطف و کرم اور جائزے اور انعام ہیں اور بخشش ہے کہ تو احسان فرمائے

بِهَا عَلٰى مَنْ تَشَآءُ مِنْ عِبَادِكَ وَتَمْنَعُهَا

اس کے سبب سے اوپر اس کے جسکو تو چاہے اپنے بندوں میں سے اور محروم رکھے اسکو

مَنْ لَّمْ تَسْبِقْ لَهُ الْعِنَايَةُ مِنْكَ وَهَآ

جس پر پہلے نہیں ہوئی تیری عنایت اور یہ

اَنَا ذَا عُبَيْدُكَ الْفَقِيْرُ اِلَيْكَ الْمُؤَمِّلُ

میں ہوں ایک بندہ فقیر تیرے در کا امیدوار ہوں

فَضْلَكَ وَمَعْرُوْفَكَ فَاِنْ كُنْتَ يَا مَوْلَايَ

تیرے فضل و احسان کا ۔ پس اگر تو نے کیا ہے اے میرے آقا!

تَفَضَّلْتَ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْ

اپنا فضل اس رات کے اندر کسی ایک کے اوپر

خَلْقِكَ وَعُدْتَ عَلَيْهِ بِعَآئِدَةٍ مِّنْ عَطْفِكَ

اپنی مخلوق میں سے اور کسی کے اوپر تو نے اپنی لوازش کی ہے

فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ نِ الطَّيِّبِيْنَ

تو تو درود بھیج اوپر حضرت محمدؐ اور آل محمدؐ کے جو پاک ہیں

الطَّاهِرِيْنَ الْخَيِّرِيْنَ الْفَاضِلِيْنَ وَجُدْ عَلَيَّ

پاکیزہ ہیں صاحبانِ خیر ہیں فضیلت والے ہیں اور مجھ پر بخشش فرما

بِطَوْلِكَ وَمَعْرُوْفِكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ وَ

اپنے احسانات اور نیکیوں سے اے پروردگار عالمین کے اور

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَاٰلِهِ

درود ہو اللہ کا اوپر حضرت محمدؐ کے جو خاتم ہیں انبیاء کے ، اور انکی اولاد

الطَّاهِرِيْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا اِنَّ اللّٰهَ حَمِيْدٌ

پاکیزہ کے اور سلامتی ہی سلامتی ہو بیشک اللہ قابلِ تعریف ہے

مَجِيدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَدْعُوْكَ كَمَا اَمَرْتَ

بزرگی والا ہے۔ یا اللہ! بیشک میں نے تجھ کو پکارا ہے جیسا کہ تو نے حکم دیا

فَاسْتَجِبْ لِيْ كَمَا وَعَدْتَّ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ

پس تو قبول فرما میری دعا کو جیسا کہ تیرا وعدہ ہے بیشک تو نہیں خلاف کرتا

الْمِيْعَادَ ۝

(اپنے وعدے کے۔)

* بارہویں: تہجد کی نماز کی ہر دوسری رکعت کے بعد اور نمازِ شفع اور وتر کے بعد وہ دعا پڑھے کہ جسے شیخؒ اور سیدؒ نے نقل کیا ہے۔

* تیرہویں: ان سجدوں اور دعاؤں کو پڑھے کہ جو جناب رسولِ خداؐ سے روایت کی گئی ہیں۔ ان روایتوں میں سے ایک وہ روایت ہے کہ جسے شیخؒ نے حمّاد بن عیسےٰ سے اور انھوں نے ابان بن تغلب سے روایت کی ہے اور انھوں نے کہا کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جب پندرہویں شعبان کی رات آئی تو جناب رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم اس رات حضرت عائشہ کے پاس تھے جونہی آدھی رات ہوئی تو آنحضرتؐ اپنے بستر سے عبادت کے لیے اُٹھ کر چلے گئے۔ جب حضرت عائشہ بیدار ہوئیں تو اُنھوں نے دیکھا کہ آنحضرتؐ ان کے بستر سے اُٹھ کر چلے گئے ہیں تو اُن کے دل میں وہ غیرت داخل ہوگئی جو عورتوں کو عارض ہوتی ہے اور اُنھوں نے گمان کیا کہ آنحضرتؐ اپنی بیویوں میں سے کسی ایک کے پاس چلے گئے ہیں تو وہ وہاں سے اُٹھ کر اپنی چادر لپیٹ کر آنحضرتؐ کی تلاش میں دوسری بیویوں کے ہر ایک حجرے میں گئیں، اچانک ان کی نظر اس طرف گئی جہاں فرشِ زمین پر آنحضرتؐ مثل کپڑے کے لپٹے ہوئے سجدے میں پڑے ہیں۔ جب اُنھوں نے کان

لگا کر سُنا تو آنحضرتؐ سجدے میں یہ دعاء پڑھ رہے ہیں:

سَجَدَ لَكَ سَوَادِیْ وَخَیَالِیْ وَاٰمَنَ بِكَ

تیرے لیے سجدے میں ہے میرا سراپا وجود، اور میرے افکار اور ایمان لایا تجھ پر

مِّنْكَ تُجَلِّلُنَاهَا وَعَافِيَةٍ مِّنْكَ تُلْبِسُنَاهَا

ہمیں ڈھانپ لے اور اپنی طرف ہمیں عافیت کا لباس عطا فرما

بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

اپنی رحمت کے ساتھ ، اے سب سے زیادہ رحم کرنیوالے تمام رحم کرنیوالوں میں ۔

اعمالِ شبِ قدر

اُنّیسویں، اکّیسویں اور تیئسویں شبہائے کے اعمال مندرجہ ذیل ہیں۔
کتاب اقبال اور زاد المعاد وغیرہ میں جناب رسولِ خدا ؐ سے منقول ہے کہ شبِ قدر میں دو رکعت نماز بجالائے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ اَلْحَمْدُ سات مرتبہ سورۃ الاخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) پڑھے اور بعد فراغتِ نماز ستّر مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ کہے۔ اپنی جگہ سے نہ اُٹھے گا کہ حق تعالیٰ اُس کو اور اُس کے والدین کو بخش دے گا۔ اور غُسل ان شبوں میں سنّتِ موکّدہ ہے قریبِ غروبِ آفتاب غسل کرنا سنّت ہے۔ اور اسی غسل سے نمازِ عشا پڑھے۔ نخبۃ الدّعوات میں کتاب اقبال سے نقل کیا ہے۔ حضرت امام محمد باقرؑ سے مروی ہے کہ قرآن مجید کھول کر اپنے مُنھ کے سامنے ہاتھوں پر لے اور یہ دُعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِكِتَابِكَ الْمُنْزَلِ وَمَا فِيْهِ

یا اللہ! میں تجھ سے دُعا کرتا ہوں واسطے سے تیری نازل کی ہوئی کتاب کے اور جو کچھ اس میں ہے

وَفِيهِ اسْمُكَ الْاَكْبَرُ وَاَسْمَآؤُكَ الْحُسْنٰى

اور اس میں تو تیرا اسم اکبر ہے اور تیرے اسمائے حسنیٰ (عمدہ نام) ہیں

وَمَا يُخَافُ وَيُرْجٰى اَنْ تَجْعَلَنِيْ مِنْ عُتَقَآئِكَ

اور وہ چیزیں ہیں جن سے ڈرا جاتا ہے اور امید بندھتی ہے کہ تو مجھے ان لوگوں میں قرار دے جو تیرے آزاد کردہ ہیں

مِنَ النَّارِ ۔

(جہنم سے)

اس کے بعد اپنی حاجات طلب کرے۔ پھر قرآن مجید کو سر پر رکھے اور یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذَا الْقُرْاٰنِ وَبِحَقِّ مَنْ اَرْسَلْتَهٗ

خدایا! تجھے واسطہ حق کا اس قرآن کے اور واسطہ اس ذات کے حق جسکو تو نے بھیجا ہے

بِهٖ وَبِحَقِّ كُلِّ مُؤْمِنٍ مَّدَحْتَهٗ فِيْهِ وَبِحَقِّكَ

اس قرآن کے ساتھ۔ اور واسطہ ہر اس مومن کے حق کا جسکی مدح کی ہے تو نے اس قرآن میں اور واسطہ تیرے اس حق

عَلَيْهِمْ فَاِنَّ اَحَدًا اَعْرَفُ بِحَقِّكَ مِنْكَ ۔

کا جو انکے اوپر عائد ہوتا ہے۔ اس لیے کہ کوئی شخص تجھ سے زیادہ نہیں پہچانتا تیرے حق کو تجھ سے زیادہ

پس دس مرتبہ کہے: بِكَ يَا اَللّٰهُ ۔

(تجھ کو واسطہ تیرے ہی حق کا اے اللہ!)

دس مرتبہ کہے: بِمُحَمَّدٍ ۔ (تجھے واسطہ حضرت محمدؐ کا)

دس مرتبہ کہے: بِعَلِيٍّ ۔ (تجھے واسطہ حضرت علیؑ کا)

دس مرتبہ کہے: بِفَاطِمَةَ ۔ (تجھے واسطہ جناب فاطمہؑ کا)

دس مرتبہ کہے: بِالْحَسَنِ (تجھے واسطہ امام حسنؑ کا)

دس مرتبہ کہے: بِالْحُسَيْنِ ۔ (تجھے واسطہ امام حسینؑ کا)

دس مرتبہ کہے: بِعَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ ۔ (تجھے واسطہ حضرت علیؑ ابن الحسینؑ کا)

Scanned with CamScanner

پھر دس مرتبہ کہے: بِمُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ ۴ (واسطہ محمدؑ ابنِ علی کا) دس مرتبہ کہے: بِجَعْفَرِ بْنِ ۴ (واسطہ جعفر ابنِ)

مُحَمَّدٍ ۴ (محمدؑ کا) دس مرتبہ کہے: بِمُوْسَی بْنِ جَعْفَرٍ ۴ (واسطہ حضرت موسیٰ ابنِ جعفر کا)

دس مرتبہ کہے: بِعَلِیِّ بْنِ مُوْسَی ۴ (واسطہ حضرت علی ابنِ موسیٰ کا) دس مرتبہ کہے: بِمُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ ۴ (واسطہ حضرت محمدؑ ابنِ علی کا)

دس مرتبہ کہے: بِعَلِیِّ بْنِ مُحَمَّدٍ ۴ (واسطہ حضرت علی ابنِ محمدؑ کا) دس مرتبہ کہے: بِالْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ ۴ (واسطہ حضرت حسن ابنِ علی کا)

پھر دس مرتبہ کہے: بِالْحُجَّةِ ۴ بْنِ الْحَسَنِ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ ۴ (عجّل اللہ فرجہٗ) (ان سب حضرات پر سلام ہو۔ (اللہ انکے ظہور میں تعجیل فرمائے) پروردگارا! تجھے واسطہ حضرت حجۃ ابنِ حسن کا)

(۱۹، ۲۱، ۲۳)

پس جو حاجت ہو طلب کرے اور زیارت امام حسین علیہ السلام ان تینوں شبوں میں پڑھنا سنّتِ موکّدہ ہے۔ تیئیسویں ۲۳ شبِ قدر کے مخصوص اعمال یہ ہیں سب سے پہلے مذکورہ بالا تمام اعمال بجالائے۔ بعدہٗ بسندِ معتبر حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص سورۂ عنکبوت (پارہ ۲۰)، سورۂ روم (پارہ ۲۱) اور سورۂ دخان (پارہ ۲۵)، اس شب میں پڑھے وہ اہلِ بہشت سے ہے۔

اور ہزار مرتبہ سورہ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ پڑھنے کا ثواب عظیم ہے۔ اِس شب میں دو ۲ غسل سنّت ہیں، ایک تو اوّل شب میں۔ اور دوسرا غسل شب کے آخری حصّے میں اور سو ۱۰۰ رکعت نماز دو دو رکعت کرکے پڑھنا بھی سنّت ہے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ اَلْحَمْدُ کے جو سورہ چاہے پڑھے۔ ان سو رکعت نمازوں کے بارے میں حدیثیں بکثرت

وارد ہوئی ہیں۔ اور چاہیے کہ یہ سو رکعت نمازیں نافلۂ شب کے علاوہ ہوں البتہ اگر کسی کی نمازیں قضا ہوں تو اپنی چھ دن کی قضا نمازیں پڑھ کر یہ سو رکعت پوری کرے۔ قضا نمازیں چھ دن سے زیادہ بھی پڑھی جا سکتی ہیں۔ اور بہترین اعمال اس شب میں یہ بھی ہیں کہ اپنے والدین، برادران اور مومنین و مومنات کے لیے کثرت سے دعاء مانگے۔ (زندہ ہوں یا مُردہ سب کے لیے) اور اپنے مطالبِ دنیا اور آخرت کے لیے دعاء مانگے۔ اِس شب میں اِس دعاء کے پڑھنے کا ثواب عظیم ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَللّٰهُمَّ امْدُدْ لِيْ فِيْ عُمُرِيْ وَاَوْسِعْ لِيْ فِيْ

خدایا! تو، میری عمر دراز فرما، اور وسعت عطا فرما میرے

رِزْقِيْ وَاَصِحَّ لِيْ جِسْمِيْ وَبَلِّغْنِيْ اَمَلِيْ وَاِنْ

رزق میں اور میرے جسم کو صحتمند رکھ اور میری آرزوؤں کو پورا فرما، اور اگر

كُنْتُ مِنَ الْاَشْقِيَاءِ فَامْحُنِيْ مِنَ الْاَشْقِيَاءِ

میں بدبخت لوگوں میں سے ہوں تو نکال دے اور مٹا دے میرے نام کو بدبختوں کی فہرست سے

وَاكْتُبْنِيْ مِنَ السُّعَدَاءِ فَاِنَّكَ قُلْتَ فِيْ

اور لکھ دے میرے نام کو نیک بختوں کی فہرست میں، اس لیے کہ خود تو نے ہی فرمایا ہے

كِتَابِكَ الْمُنْزَلِ عَلٰى نَبِيِّكَ الْمُرْسَلِ صَلَوَاتُكَ

اپنی اس کتاب میں جو تو نے نازل فرمائی ہے اپنے نبیٔ مرسل کے اوپر، (درود ہو تیرا

عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ "يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ وَ

آنحضرت اور انکی آل پر) کہ "مٹا دیتا ہے اللہ جسے چاہتا ہے اور ثبت کر دیتا ہے (جو چاہتا ہے)

عِنْدَهٗ اُمُّ الْكِتَابِ" ۝

(اور اس کے پاس تو کتاب کی ماں (اصل کتاب) ہے۔)

زیارت حضرت امام حسینؑ (شبِ قدر)

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

سلام ہو آپ کے اوپر اے ابو عبد اللہ (الحسین) سلام ہو آپ کے اوپر

يَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ. اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ

اے فرزند رسولؐ خدا سلام ہو آپ کے اوپر اور رحمت نازل ہو

اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ.

اللہ کی اور اس کی برکتیں ہوں

زیارت مبسوطہ (وارثہ)

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اٰدَمَ صِفْوَةِ اللّٰهِ.

سلام ہو آپ کے اوپر اے وارثِ حضرت آدمؑ برگزیدۂ خدا کے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ نُوْحٍ نَبِيِّ اللّٰهِ.

سلام ہو آپ کے اوپر اے وارث حضرت نوحؑ نبیٔ خدا کے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللّٰهِ.

سلام ہو آپ کے اوپر اے وارث حضرت ابراہیمؑ خلیلِ خدا کے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُوْسٰى كَلِيْمِ اللّٰهِ.

سلام ہو آپ کے اوپر اے وارث حضرت موسیٰؑ کلیم اللہ کے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عِيْسٰى رُوْحِ اللّٰهِ.

سلام ہو آپ کے اوپر اے وارث حضرت عیسیٰؑ روح اللہ کے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُحَمَّدٍ حَبِيْبِ اللّٰهِ.

سلام ہو آپ کے اوپر اے وارث حضرت محمدؐ محبوبِ خدا کے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيِّ اللّٰهِ

سلام ہو آپ کے اوپر اے وارث حضرت امیر المومنین ولی خدا کے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ مُحَمَّدِ نِ الْمُصْطَفٰى اَلسَّلَامُ

سلام ہو آپ کے اوپر اے فرزند حضرت محمدؐ مصطفیٰ کے سلام ہو

عَلَيْكَ يَا ابْنَ عَلِيِّ نِ الْمُرْتَضٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

آپ کے اوپر اے فرزند حضرت علیؑ مرتضیٰ کے سلام ہو آپ کے اوپر

يَا ابْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ

اے فرزند جناب فاطمہ زہرا کے سلام ہو آپ کے اوپر اے فرزند حضرت

خَدِيْجَةَ الْكُبْرٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ثَارَ اللّٰهِ

خدیجۃ الکبریٰ کے سلام ہو آپ کے اوپر اے وہ شہید جس کے خونبہا کا طالب

وَابْنَ ثَارِهٖ وَالْوِتْرَ الْمَوْتُوْرَ اَشْهَدُ اَنَّكَ

اللہ ہے اور اس کے فرزند جس شہید کے خونبہا کا طالب اللہ ہے اور اے وہ قتیل جس کے مقتولین کا بدلہ نہ لیا گیا میں گواہی

قَدْ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتَ الزَّكٰوةَ وَاَمَرْتَ

دیتا ہوں کہ یقیناً آپ نے نماز قائم کی اور زکوٰۃ ادا کی اور حکم دیا آپ نے

بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاَطَعْتَ اللّٰهَ

نیکیوں کے بجالانے کا اور منع کیا آپ نے برائیوں کے ارتکاب سے اور آپ نے اللہ کی اطاعت کی

وَرَسُوْلَهٗ حَتّٰى اَتَاكَ الْيَقِيْنُ ۔ فَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً

اور اس کے رسولؐ کی بھی اطاعت کی یہانتک کہ آپکو موت آگئی (درجۂ شہادت حاصل کیا) پس خدا لعنت کرے اس

قَتَلَتْكَ وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً ظَلَمَتْكَ وَلَعَنَ اللّٰهُ

گروہ پر جس نے آپکو قتل کیا اور خدا لعنت کرے اس گروہ پر جس نے آپ پر ظلم کیا اور خدا لعنت کرے

اُمَّةً سَمِعَتْ بِذٰلِكَ فَرَضِيَتْ بِهٖ يَا مَوْلَايَ

اس گروہ پر جس نے سنا آپ کے قتل اور ظلم و ستم کو اور وہ اس پر خوش ہوا۔ اے میرے آقا!

يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ أَشْهَدُ أَنَّكَ كُنْتَ نُوراً فِي

اے ابوعبداللہ (الحسین) میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک آپ نور تھے اندر

الْأَصْلَابِ الشَّامِخَةِ وَالْأَرْحَامِ الْمُطَهَّرَةِ لَمْ تُنَجِّسْكَ

اصلاب بزرگ و محترم میں اور پاکیزہ ارحام میں اور نہ چھو سکیں آپ کو

الْجَاهِلِيَّةُ بِأَنْجَاسِهَا وَلَمْ تُلْبِسْكَ مِنْ مُدْلَهِمَّاتِ

جہالت کی ناپاک رسمیں اور نہ اس کا ناپاک دامن آپ کے اوپر

ثِيَابِهَا وَأَشْهَدُ أَنَّكَ مِنْ دَعَائِمِ الدِّينِ وَأَرْكَانِ

سایہ ڈال سکا اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک آپ ستونِ دین ہیں اور ارکان

الْمُؤْمِنِينَ وَأَشْهَدُ أَنَّكَ الْإِمَامُ الْبَرُّ التَّقِيُّ

مومنین ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً آپ امامِ مقدس صاحبِ تقویٰ

الرَّضِيُّ الزَّكِيُّ الْهَادِي الْمَهْدِيُّ وَأَشْهَدُ

منتخب روزگار پاکیزہ ہدایت کرنیوالے ہدایت یافتہ ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ

أَنَّ الْأَئِمَّةَ مِنْ وُلْدِكَ كَلِمَةُ التَّقْوَىٰ وَأَعْلَامُ

بیشک وہ ائمہ جو آپ کی اولاد میں سے ہیں روحِ تقویٰ ہیں اور نشان

الْهُدَىٰ وَالْعُرْوَةُ الْوُثْقَىٰ وَالْحُجَّةُ عَلَىٰ أَهْلِ

ہدایت اور دین کی مضبوط رسّی اور خدا کی حجت ہیں اوپر اہلِ

الدُّنْيَا وَأُشْهِدُ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ وَأَنْبِيَاءَهُ

دنیا کے اور میں گواہ کرتا ہوں اللہ اور فرشتوں اور اس کے انبیاء

وَرُسُلَهُ أَنِّي بِكُمْ مُؤْمِنٌ وَبِإِيَابِكُمْ مُوقِنٌ

اور اس کے رسولوں کو کہ میں آپ حضرات کے اوپر اور آپ کی رجعت پر ایمان رکھتا ہوں یقین رکھتا ہوں

بِشَرَائِعِ دِينِي وَخَوَاتِيمِ عَمَلِي وَقَلْبِي لِقَلْبِكُمْ

اپنے دین کے احکام اور اپنے اعمال کے انجام کا اور میرا دل آپ کے قلب

سے

سِلْمٌ وَاَمْرِیْ لِاَمْرِکُمْ مُتَّبِعٌ صَلَوَاتُ اللّٰہِ

میل رکھنے والا ہے اور میرا ہر کام آپ کے حکم کا تابع ہے رحمتیں ہوں اللہ کی

عَلَیْکُمْ وَعَلٰٓی اَرْوَاحِکُمْ وَعَلٰٓی اَجْسَادِکُمْ وَ

آپ حضرات کے اوپر اور آپ حضرات کی روحوں اور آپ حضرات کے جسدوں اور

عَلٰٓی اَجْسَامِکُمْ وَعَلٰی شَاھِدِکُمْ وَعَلٰی غَائِبِکُمْ وَ

آپ حضرات کے جسموں کے اوپر۔ اور آپ حضرات کے حاضر اور آپ حضرات کے غائب اور

عَلٰی ظَاھِرِکُمْ وَعَلٰی بَاطِنِکُمْ۔

آپ حضرات کے ظاہر اور آپ حضرات کے باطن کے اوپر

زیارت حضرت علی اکبر علیہ السلام

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

سلام ہو آپ کے اوپر اے فرزند رسولِ خدا ؐ۔ سلام ہو آپ کے اوپر

یَا بْنَ نَبِیِّ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا بْنَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ

اے فرزند نبیؐ خدا ؐ۔ سلام ہو آپ کے اوپر اے فرزند امیر المومنین ؑ

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا بْنَ فَاطِمَۃَ الزَّھْرَآءِ سَیِّدَۃِ

سلام ہو آپ کے اوپر اے فرزند فاطمہؑ زہرا سردار

نِسَآءِ الْعٰلَمِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا بْنَ الْحُسَیْنِ

عالمین کی عورتوں کی سلام ہو آپ کے اوپر اے فرزند امام حسینؑ

الشَّھِیْدِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا الشَّھِیْدُ وَابْنُ

شہید سلام ہو آپ کے اوپر اے شہید اور فرزند

الشَّھِیْدِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا الْمَظْلُوْمُ وَابْنُ

شہید کے سلام ہو آپ کے اوپر اے مظلوم اور فرزند

الْمَظْلُوْمِ لَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً قَتَلَتْكَ وَلَعَنَ اللّٰهُ

مظلوم کے لعنت کرے خدا اس گروہ پر جس نے آپکو قتل کیا اور لعنت کرے خدا

اُمَّةً ظَلَمَتْكَ وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً سَمِعَتْ

اس گروہ پر جس نے آپ کے اوپر ظلم کیا اور لعنت کرے خدا اس گروہ پر جس نے سنا آپ کے قتل کو

بِذٰلِكَ فَرَضِيَتْ بِهٖ ۝

(اور ظلم کو اور وہ راضی رہا اس قتل و ظلم سے۔)

زیارت سائر شہداء علیہم السلام

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ وَاَحِبَّآئَهٗ اَلسَّلَامُ

سلام ہو آپ حضرات کے اوپر اے خدا کے دوستو! اور اس کے محبوب لوگو! سلام ہو

عَلَيْكُمْ يَا اَصْفِيَآءَ اللّٰهِ وَاَوِدَّآئَهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ

آپ حضرات کے اوپر اے برگزیدگانِ خدا اور اس کے دوستو! سلام ہو آپ کے اوپر

يَا اَنْصَارَ دِيْنِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَنْصَارَ

اے ناصرانِ دینِ خدا سلام ہو آپ حضرات کے اوپر اے ناصرانِ

رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَنْصَارَ اَمِيْرِ

رسولِ خدا سلام ہو آپ حضرات کے اوپر اے ناصرانِ امیر

الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَنْصَارَ فَاطِمَةَ

المومنینؑ سلام ہو آپ حضرات کے اوپر اے ناصرانِ جناب فاطمہؑ

الزَّهْرَآءِ سَيِّدَةِ نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ

زہرا (خوشنما) عالمین کی عورتوں کی سردار سلام ہو آپ کے اوپر

يَا اَنْصَارَ اَبِيْ مُحَمَّدِنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّنِ الزَّكِيِّ

اے مددگارانِ ابو محمدؑ جو حسنؑ ابنِ علیؑ ہیں جو پاک طینت ہیں

النَّاصِحِ الْاَمِیْنِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَنْصَارَ

ناصح ہیں امانتدار ہیں سلام ہو آپ حضرات کے اوپر اے مددگاران

اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ بِاَبِیْ اَنْتُمْ وَاُمِّیْ طِبْتُمْ وَ

حضرت ابوعبداللہ الحسین ؑ فدا ہوں میرے باپ آپ سب کے اوپر اور میری ماں بھی، آپ پاکیزہ ہوئے اور

طَابَتِ الْاَرْضُ الَّتِیْ فِیْهَا دُفِنْتُمْ وَفُزْتُمْ

اور پاکیزہ ہو گئی وہ زمین بھی جس کے اندر آپ حضرات کو دفن کیا اور آپ کامیاب ہوئے

فَوْزًا عَظِیْمًا فَیَا لَیْتَنِیْ کُنْتُ مَعَکُمْ

بہت عظیم کامیابی کے ساتھ کاش کہ میں آپ حضرات کے ساتھ (کر دیا جاتا) ہوتا

فَاَفُوْزَ مَعَکُمْ ۔

میں بھی کامیابی حاصل کرتا آپ کے ساتھ

نیز اس شبِ قدر میں زیارت امامِ عصرؑ بھی پڑھے۔ اس شب کا ہر عملِ خیر ثوابِ عظیم کا سبب ہے جہانتک ممکن ہو تمام شب اعمال و تلاوتِ قرآن مجید اور بکثرت دعائیں مانگے کیونکہ خداوندِ عالم دعائیں مانگنے والے سے خوش ہوتا ہے۔

دُعائے سباسب

اِس دعاء کو شبِ قدر کی آخری ساعت میں (صبح صادق سے قبل) پڑھے۔ یہ دعاء اپنے اثر کے اعتبار سے نہایت مجرّب، عظیم المرتبت، دشمنوں سے حفاظت اُن کی بربادی و رسوائی اور سحر کے باطل کرنے میں زود اثر ہے۔ علاوہ ازیں اپنے دیگر دینی و دنیاوی مقاصد کے لیے بھی نہایت مجرب ہے۔ شبہائے قدر کے علاوہ عام راتوں کی آخری ساعت میں پڑھنا مستحب ہے۔ (یہ دعاء اس کتاب میں مرقوم ہے)

دعائے وداع ماہِ رمضان

امامِ عصر علیہ السلام نے اپنی ایک توقیعِ وقیع میں ارشاد فرمایا کہ اعمالِ ماہ رمضان تقریباً ہر شب میں کیے جاتے ہیں۔ اس لیے وداع بھی آخر شب کرنا چاہیے۔ اگر چاند کی تحقیق نہ ہو سکے تو شبِ اُنتیس ۲۹ اور تیس ۳۰ دونوں میں دعائے وداع مختصر اس طرح پڑھے

اَللّٰھُمَّ لَا تَجْعَلْہُ اٰخِرَ الْعَھْدِ مِنْ صِیَامِیْ

خدایا! نہ قرار دے تو میری عمر کے آخری روزے اس

لِشَھْرِ رَمَضَانَ وَاَعُوْذُ بِکَ اَنْ یَّطْلُعَ فَجْرُ

ماہِ رمضان کے اور تیری ہی پناہ چاہتا ہوں اس سے صبح طالع ہو

ھٰذِہِ اللَّیْلَۃِ اِلَّا وَقَدْ غَفَرْتَ لِیْ ۝

اس شب کی اور یہ کہ تو میری مغفرت نہ فرمائے۔

اعمال ماہِ شوّال

روایت میں ہے کہ امیر المومنین حضرت علی ابنِ ابی طالب علیہ السلام شبِ عید سوتے نہیں تھے بلکہ ساری رات عبادتِ الٰہی میں بسر کرتے تھے۔ "زاد المعاد" میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ آپ فرماتے ہیں کہ "میرے والد ماجد حضرت علیؑ ابن الحسین زین العابدین علیہ السلام اس رات کو شب بیداری سے اَحیا (زندہ) کرتے تھے اور صبح تک مسجد ہی میں رہتے تھے اور مجھ سے فرماتے "اے فرزند! آج کی شب بھی شبِ قدر سے کم نہیں ہے۔ اس شب میں غسل کرنا سنّت ہے روزِ اوّل ماہِ شوّال کا خوشی کا دن ہے اور احباب کی زیارات کا روز ہے۔

کتاب تاریخ میں شیخ مفید رح فرماتے ہیں کہ یکم شوال ۴۱ھ میں عمرو ابنِ عاص لعین وزیرِ معاویہ کی موت کا دن ہے، بروایتے ۱۰ شوال۔ نیز حضرت امامِ عصر عج کی غیبتِ صغریٰ کا دن ہے۔ لہٰذا اس روز زیارت امامِ عصر عج پڑھنا چاہیے، اور دعائے ندبہ بھی پڑھی جائے جو اس کتاب میں مرقوم ہیں۔

دُعائے امامِ عصر عج روزِ عید الفطر

"زاد المعاد" میں ہے کہ حدیثِ معتبر میں امامِ عصر علیہ السلام سے منقول ہے کہ روزِ عید الفطر بعد نمازِ فجر اس دُعا کو پڑھے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ تَوَجَّهْتُ اِلَيْكَ بِمُحَمَّدٍ اَمَامِیْ

خدایا! بیشک میں نے تجھ سے لَو لگائی ہے اس طرح کہ محمد ص میرے آگے ہیں

وَعَلِیٍّ مِّنْ خَلْفِیْ وَعَنْ يَّمِيْنِیْ وَاَئِمَّتِیْ عَنْ

اور علی ع میری پشت پناہی میں ہیں اور میرے داہنے طرف میرے امام ہیں اور

يَّسَارِیْ اِسْتَتِرُ بِهِمْ مِّنْ عَذَابِكَ وَاَتَقَرَّبُ

میرے بائیں بھی۔ میں نے خود کو ان حضرات کے درمیان چھپا لیا ہے تیرے عذاب سے اور کچھ نزدیکی چاہتا

اِلَيْكَ زُلْفٰی لَا اَحَدًا اَقْرَبَ اِلَيْكَ مِنْهُمْ فَهُمْ

ہوں تیری بارگاہ میں ان حضرات کے مدد سے کیونکہ، تیرے سب سے زیادہ قریب ان کے علاوہ کوئی نہیں ہے، اور یہی حضرات

اَئِمَّتِیْ فَامْنُنْ بِهِمْ مِّنْ عِقَابِكَ وَسَخَطِكَ

میرے امام ہیں پس مجھے محفوظ رکھ ان حضرات کے سبب سے اپنی سزا سے اور اپنی ناراضگی سے

وَاَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فِیْ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ

اور مجھے داخل فرما لے اپنی مہربانی سے اپنے اُن بندوں میں جو نیکوکار و صالح ہیں

أَصْبَحْتُ بِاللّٰهِ مُؤْمِنًا مُخْلِصًا عَلٰى دِيْنِ مُحَمَّدٍ

میں نے صبح کی اللہ پر ایمان خالص کے ساتھ، دین محمدؐ پر ہوں

وَسُنَّتِهٖ وَعَلٰى دِيْنِ عَلِيٍّ وَسُنَّتِهٖ وَعَلٰى دِيْنِ

اور انکی سنت پر عمل کرتا ہوں اور علیؑ کے دین اور انکی سنت پر ہوں اور دین پر ہوں

الْاَوْصِيَاءِ وَسُنَّتِهِمْ اٰمَنْتُ بِسِرِّهِمْ وَعَلَانِيَتِهِمْ

اوصیاء کرام کے اور ان حضرات کی سنت پر ہوں، میں ایمان لایا ہوں ان کے امور مخفی و ظاہری پر

وَاَرْغَبُ اِلَى اللّٰهِ فِيْمَا رَغِبَ فِيْهِ اِلَيْهِ مُحَمَّدٌ

اور رضا چاہتا ہوں اللہ کی ان تمام امور میں جنمیں رضا و رغبت چاہتے تھے حضرت محمدؐ

وَعَلِيٌّ وَالْاَوْصِيَاءُ. وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا

و علیؑ اور دیگر اوصیاء اور نہیں ہے کوئی طاقت اور نہ کوئی قوت ہے سوائے

بِاللّٰهِ وَلَا عِزَّةَ وَلَا مَنْعَةَ وَلَا سُلْطَانَ اِلَّا

اللہ کی مدد کے اور نہیں ہے کوئی غلبہ اور نہ کوئی دفاع اور نہ کوئی اقتدار مگر صرف اس

بِاللّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ الْعَزِيْزِ الْجَبَّارِ وَتَوَكَّلْتُ

اللہ کیطرف سے جو یکتا ہے قہار ہے، صاحب عزت و طاقت والا ہے۔ اور میں نے بھروسہ کیا

عَلَى اللّٰهِ. وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ.

ہے اللہ کے اوپر۔ اور جو بھروسہ کرتا ہے اللہ کے اوپر پس وہ اس کے لیے کافی ہوتا ہے

اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُرِيْدُكَ

بیشک اللہ اپنے تمام امور کو پورا کرنیوالا ہے۔ خدایا! میں نے تیری طرف رخ کیا ہے

فَاَرِدْنِيْ وَاطْلُبْ مَا عِنْدَكَ فَيَسِّرْهُ لِيْ وَاقْضِ

پس تو میری طرف رخ کر اور میں ان چیزوں کا طالب ہوں جو تیرے پاس ہیں پس ان کا حصول میرے لیے آسان کر دے

لِيْ حَوَائِجِيْ فَاِنَّكَ قُلْتَ فِيْ كِتَابِكَ وَقَوْلُكَ

اور میری حاجتوں کو پورا کر اسی لیے کہ تو نے خود اپنی کتاب میں ارشاد فرمایا ہے اور تیرا قول تو

الْحَقُّ ۔ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ

سچا ہے ہی ۔ کہ" ماہِ رمضان جس میں نازل کیا گیا ہے قرآن

هُدًی لِّلنَّاسِ وَبَیِّنَاتٍ مِّنَ الْهُدٰی وَالْفُرْقَانِ

ہدایت ہے لوگوں کے لیے اور بیّنات (کھلی ہوئی نشانیاں) ہدایت و فرقان کی ۔"

فَعَظَّمْتَ حُرْمَةَ شَهْرِ رَمَضَانَ بِمَا اَنْزَلْتَ

اس لیے تو نے بڑی عظمت دی حرمت ماہِ رمضان کو (سارے مہینوں میں) نازل کر کے

فِیْهِ مِنَ الْقُرْاٰنِ وَخَصَّصْتَهٗ وَعَظَّمْتَهٗ

اس میں قرآن کو اور خصوصیت بخشی اور اس کو عظمت عطا کی

بِتَضْیِیْرِكَ فِیْهِ لَیْلَةَ الْقَدْرِ فَقُلْتَ لَیْلَةُ

پھر تو نے تخصیص فرمائی اس ماہ میں شبِ قدر کی اور فرمایا تو نے کہ" شب

الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۔ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ

قدر بہتر ہے ہزار مہینوں سے ، نازل ہوتے ہیں فرشتے

وَالرُّوْحُ فِیْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ

اور روح اس میں اجازت سے اپنے رب کی ہر امر کے لیے

سَلَامٌ ۔ هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۔ اَللّٰهُمَّ وَ

اور وہ سلامتی کی شب ہے طلوع صبح تک ۔" خدایا ! اور

هٰذِهٖ اَیَّامُ شَهْرِ رَمَضَانَ قَدِ انْقَضَتْ

یہ ایام ماہِ رمضان کے گذر گئے ہیں

وَلَیَالِیْهِ قَدْ تَصَرَّمَتْ وَقَدْ صِرْتَ مِنْهُ

اور اس مہینے کو جس طرح میں نے بسر کیا ہے

اِلٰهِیْ اِلٰی مَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ وَاَحْصٰی لِعَدَدِهٖ

اور ان کی وہ راتیں بھی ختم ہو گئیں

میرے معبود اس کا تجھے زیادہ علم ہے اور اس کا تو بہتر شمار کرنے والا ہے

مِنْ عَدَدِیْ ۔ فَاَسْئَلُكَ یَا اِلٰهِیْ بِمَا سَئَلَكَ

میرے شمار کرنے سے پس میں تجھ سے دعا کرتا ہوں اے میرے معبود! جس کی دعا کی تجھ سے

بِهٖ عِبَادُكَ الصّٰلِحُوْنَ ۔ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ

تیرے بندگانِ نیکوکاروں نے ، یہ کہ تو درود بھیجے حضرت محمدؐ

وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَهْلِبَیْتِهٖ وَاَنْ تَتَقَبَّلَ مِنِّیْ مَا

اور اولادِ محمدؐ کے اوپر اور انکے اہلِ بیت کے اوپر اور یہ کہ تو قبول فرما مجھ سے وہ عمل

تَقَرَّبْتُ بِهٖ اِلَیْكَ وَتَتَفَضَّلَ عَلَیَّ بِتَضْعِیْفِ

جس سے تیرا تقرب حاصل ہو ، اور کرم فرما مجھ پر کثرت کے ساتھ

عَمَلِیْ وَقَبُوْلِیْ وَتَقَرُّبِیْ وَقُرْبَاتِیْ وَاِسْتِجَابَةِ

میرے عمل اور میری قبولیت اور میرے تقرب اور میری قربت اور قبولیت سے

دُعَائِیْ وَهَبْ لِیْ مِنْكَ عِتْقَ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ

میری دعاؤں کی اور مجھے عطا فرما اپنی طرف پروانۂ آزادی جہنم کے عذاب سے

وَمُنَّ عَلَیَّ بِالْفَوْزِ بِالْجَنَّةِ وَالْاَمْنِ یَوْمَ الْخَوْفِ

اور احسان فرما مجھ پر حصولِ جنت میں کامیابی دیگر اور خوف کے دن ہر خوف

مِنْ كُلِّ فَزَعٍ وَّمِنْ كُلِّ هَوْلٍ اَعْدَدْتَهٗ

سے اور ہر دہشت سے امن دیگر جس کو تو نے فراہم کر رکھا ہے

لِیَوْمِ الْقِیٰمَةِ ۔ اَعُوْذُ بِحُرْمَةِ وَجْهِكَ الْكَرِیْمِ

روزِ قیامت کیلئے ۔ میں تیری ہی پناہ چاہتا ہوں تیرے کریم چہرے کی حرمت کے سبب سے

وَحُرْمَةِ نَبِیِّكَ وَحُرْمَةِ الصّٰلِحِیْنَ اَنْ تَنْصَرِمَ

اور تیرے نبیؐ کی حرمت کے سبب سے اور تیرے صالح بندوں کی حرمت کے سبب سے کہ تو ختم کر دے

هٰذَا الْیَوْمُ وَلَكَ قِبَلِیْ تَبِعَةٌ تُرِیْدُ اَنْ تُؤَاخِذَنِیْ

آج کے دن تمام میری کوتاہیوں کو جو میں نے اس سے قبل کی ہیں تو چاہتا ہے کہ مجھ سے مواخذہ کرے

بِهَا أَوْ ذَنْبٍ تُرِيدُ أَنْ تُقَايِسَنِي بِهِ وَتُشْقِيَنِي

اور ان گناہوں کو جن کی تو مجھ سزا دینا چاہتا ہے ، مجھ شقاوت میں مبتلا کرنا

وَتَفْضَحَنِي بِهِ أَوْ خَطِيئَةٍ تُرِيدُ أَنْ تُقَايِسَنِي

چاہتا ہے اور مجھے رسوا کرنا چاہتا ہے اور ان تمام خطاؤں کو جن کی تو مجھے سزا دینا چاہتا ہے

بِهَا وَتَفْتَضَّهَا مِنِّي لَمْ تَغْفِرْهَا لِي وَأَسْئَلُكَ

اور اس امر کی مقتضی ہیں کہ تو مجھے نہ معاف فرما ، اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

بِحُرْمَةِ وَجْهِكَ الْكَرِيمِ الْفَعَّالِ لِمَا يُرِيدُ

تیرے چہرے کی بزرگی کے واسطے سے تو کرتا ہے جس کا ارادہ کرلیتا ہے

الَّذِي تَقُولُ لِشَيْءٍ كُنْ فَيَكُونُ ۔ لَا إِلٰهَ إِلَّا

کہ ادھر تو نے کسی شے کے ہونے کو کہا کہ ہوجا وہ ہوجاتی ہے ۔ نہیں کوئی معبود لیکن صرف

هُوَ ۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْئَلُكَ بِلَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

وہ ہے ۔ خدایا ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں واسطے سے لا الہ الا انت کے

إِنْ كُنْتَ رَضِيتَ عَنِّي فِي هٰذَا الشَّهْرِ أَنْ

کہ اگر تو راضی ہوگیا ہے مجھ سے اس مہینے کے اندر تو یہ کہ

تَزِيدَ فِيمَا بَقِيَ مِنْ عُمْرِي رِضًا وَإِنْ كُنْتَ

تو مزید اضافہ فرما میری بقیہ عمر میں اپنی رضا کے ساتھ اور اگر تو

لَمْ تَرْضَ عَنِّي فِي هٰذَا الشَّهْرِ فَمُنَّ الْآنَ

نہیں راضی ہوا ہے مجھ سے اس مہینے کے اندر تو اس وقت

فَارْضَ عَنِّي السَّاعَةَ وَاجْعَلْنِي فِي هٰذِهِ

راضی ہوجا مجھ سے اسی ساعت میں اور قرار دے مجھ کو اندر اس

السَّاعَةِ وَفِي هٰذَا الْمَجْلِسِ مِنْ عُتَقَائِكَ

ساعت کے اور اندر اس بیٹھک و مجلس کے اپنے آزاد کردہ ان لوگوں میں سے

مِنَ النَّارِ وَطُلَقَآئِكَ مِنْ جَهَنَّمَ وَسُعَدَآءَ

جن کو آتشِ جہنم سے اور جہنم کے عذاب سے آزاد کر دیا ہے اور جو نیک ہیں

خَلْقِكَ بِمَغْفِرَتِكَ وَرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ

تیری مخلوق میں، واسطہ تجھ کو اپنی مغفرت اور رحمت کا اے سب سے زیادہ رحم کرنیوالے

الرَّاحِمِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحُرْمَةِ وَجْهِكَ

رحم کرنیوالوں میں۔ یا اللہ! بیشک میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں حرمت کا تیرے چہرہ

الْكَرِيْمِ اَنْ تَجْعَلَ شَهْرِيْ هٰذَا خَيْرَ شَهْرٍ

کریم کی کہ تو قرار دے میرے اس مہینے کو بہتر، اُن ماہ

رَمَضَانَ عَبَدْتُكَ فِيْهِ وَصُمْتُهٗ لَكَ وَتَقَرَّبْتُ

رمضان سے کہ جس میں میں نے تیری عبادت کی ہے جس میں میں نے روزہ رکھا تیرے لیے اور تقرب چاہا

بِهٖ اِلَيْكَ اَسْكَنْتَنِيْ فِيْهِ اَعْظَمَ اَجْرًا وَ

اس کے سبب تیری طرف جس میں تو نے مجھے سکون دیا ہے، جس کا عظیم اجر ہے اور

اَتَمَّهٗ نِعْمَةً وَاَعَمَّهٗ مَغْفِرَةً وَّاَكْمَلَهٗ رِضْوَانًا

جسکو تو نے اپنی نعمتوں سے پُر کر دیا ہے، اور جس میں اپنی مغفرت کو تو نے عام کیا ہے اور رضا کو کامل کیا ہے

وَّاَقْرَبَهٗ اِلٰى مَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى ۝ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْهُ

اور جس سے تو راضی اور خوشنود ہوتا ہے وہ اس سے بہت قریب ہے۔ خدایا! نہ قرار دے اس کو

اٰخِرَ شَهْرِ رَمَضَانَ صُمْتُهٗ لَكَ وَارْزُقْنِي الْعَوْدَ

میرے لیے آخری ماہِ رمضان جس میں، میں نے تیرے لیے روزہ رکھا اور مجھے موقع دینا پلٹ کر آنے کا

فِيْهِ ثُمَّ الْعَوْدَ حَتّٰى تَرْضٰى وَبَعْدَ الرِّضَا وَ

اس میں بار بار واپسی کا یہانتک کہ تو راضی ہوتا رہے بار بار اور

حَتّٰى تُخْرِجَنِيْ مِنَ الدُّنْيَا سَالِمًا وَاَنْتَ عَنِّيْ

یہانتک کہ تو مجھے اٹھا لے دنیا سے سلامتی کے ساتھ درآنحالیکہ تو مجھ سے

رَاضٍ وَّ اَنَا لَكَ مَرْضِيٌّ ۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْمَا

راضی ہو اور میں خواہشمند ہوں تیری مرضی کا ۔ خدایا ! قرار دے مجھے

تَقْضِيْ وَتُقَدِّرُ مِنَ الْاَمْرِ الْمَحْتُوْمِ الَّذِيْ

ان امور میں کہ جن کا تو، نے فیصلہ کرلیا حتمی طور پر کہ جن میں کوئی

لَا يُرَدُّ وَلَا يُبَدَّلُ اَنْ تَكْتُبَنِيْ مِنْ حُجَّاجِ

ترمیم و تبدیلی نہ ہو گی ، یہ کہ میرا نام لکھ لے ان حاجیوں کی فہرست میں

بَيْتِكَ الْحَرَامِ فِيْ هٰذَا الْعَامِ وَفِيْ كُلِّ عَامٍ

جو تیرے محترم گھر (خانہ کعبہ) کا حج کرنیوالے ہیں اس سال میں اور بلکہ ہر سال میں

الْمَبْرُوْرِ حَجُّهُمُ الْمَشْكُوْرِ سَعْيُهُمُ الْمَغْفُوْرِ

جن کا حج مقبول ہوگا جن کی کوشش قابلِ تشکر ہوگی جن کے گناہ بخش

ذُنُوْبُهُمُ الْمُتَقَبَّلِ مَنَاسِكُهُمُ الْمُعَافِيْنَ عَلٰى آ

دیے جائیں گے جن کے مناسک و عبادتیں مقبول ہوں گی جو عافیت سے رہیں گے

اِسْفَارِهِمُ الْمُقْبِلِيْنَ عَلٰى نُسُكِهِمُ الْمَحْفُوْظِيْنَ

اپنے سفروں میں اور قبول ہوں گی ان کی ساری عبادتیں جو محفوظ رہیں گے

فِيْ اَنْفُسِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ وَذَرَارِيْهِمْ وَكُلِّ

اپنی جانوں اور اپنے اموال اور اولادوں اور ہر قسم کی

مَا اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَيْهِمْ ۔ اَللّٰهُمَّ اَقْبِلْنِيْ

نعمتوں سے جو تو، نے انھیں عطا فرمائی ہیں ۔ یا اللہ ! تو، مجھے بنا دے

مِنْ مَّجْلِسِيْ هٰذَا فِيْ شَهْرِيْ هٰذَا فِيْ يَوْمِيْ

اسی مجلس میں اور اسی مہینے میں اور میرے آج کے دن

هٰذَا فِيْ سَاعَتِيْ هٰذِهٖ مُفْلِحًا مُّنْجِحًا مُّسْتَجَابًا

(اسی دن) (اور) اسی ساعت میں، نجات و فلاح یافتہ کامیاب مستجاب

لِيْ مَغْفُوْرًا اِذْ نَبِّئْنِيْ مُعَافًا مِّنَ النَّارِ وَمُعْتَقًا مِّنْهَا

میرے لیے مغفرت میرے گناہوں سے، جہنم سے معافی پاتے ہوئے اور اس سے اس طرح

عِتْقًا لَّا رِقَّ بَعْدَهٗ اَبَدًا وَّلَا رَهْبَةَ يَا رَبِّ

کہ پھر تا ابد اس میں گرفتار نہ ہوں اور نہ اس کا خوف ہو۔ اے پروردگار!

الْاَرْبَابِ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ فِيْمَا

پالنے والوں کے یا اللہ! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ تو، مجھے شامل کر ان میں

شِئْتَ وَاَرَدْتَّ وَقَضَيْتَ وَقَدَّرْتَ وَحَتَمْتَ

کہ (آج کی رات) جو باتیں تو نے چاہی ہیں، اور وہ امور کہ جنکا تو نے ارادہ کیا ہے، اور وہ فیصلے جو تو نے کیے

وَاَنْفَذْتَ اَنْ تُطِيْلَ عُمْرِيْ وَتُنْسِيَ فِيْ اَجَلِيْ

ہیں، اور مقدرات جو تو نے طے کیے ہیں اور وہ حتمی احکام جو تو نے جاری کیے ہیں انمیں شامل کر لے میری طویل عمری کو

وَاَنْ تُقَوِّيَ ضَعْفِيْ وَاَنْ تُغْنِيَ فَقْرِيْ وَاَنْ

اور اجل کو بھلا دینے کے اور میری کمزوری کو قوت سے بدلنے کو اور میری فقیری کو دولتمندی سے بدلنے کو اور یہ کہ

تَجْبُرَ فَاقَتِيْ وَاَنْ تَرْحَمَ مَسْكَنَتِيْ وَاَنْ تُعِزَّ

تو مجھے فاقہ کشی سے محفوظ رکھے گا اور یہ کہ تو، رحم فرمائے گا میری مسکینی پر اور یہ کہ تو، عزت دیگا

ذُلِّيْ وَاَنْ تَرْفَعَ ضَعَتِيْ وَاَنْ تُغْنِيَ عَائِلَتِيْ

ذلت سے اور یہ کہ تو بلندی دیگا میری پستی سے، اور یہ کہ تو، مجھے غنی کریگا میری تنگدستی سے

وَاَنْ تُؤْنِسَ وَحْشَتِيْ وَاَنْ تُكْثِرَ قِلَّتِيْ وَ

اور یہ کہ تو، میرا مونس ہوگا میری وحشت میں، اور یہ کہ تو، کثرت عطا کریگا میری قلت میں اور

اَنْ تُدِرَّ رِزْقِيْ فِيْ عَافِيَةٍ وَّيُسْرٍ وَّخَفْضٍ

یہ کہ تو، فراوانی عطا کریگا میرے رزق میں، عافیت سے اور آسانی اور نرمی سے

وَّاَنْ تَكْفِيَنِيْ مَآ اَهَمَّنِيْ مِنْ اَمْرِ الدُّنْيَا وَ

اور یہ کہ تو، میری مدد فرمائے گا میرے سخت و دشوار کاموں میں دنیا اور

اٰخِرَتِیْ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ فَاَعْجَزَ عَنْهَا

میری آخرت میں اور تو نہ ڈالے گا کوئی ایسی ذمے داری جسکو پورا کرنے سے میں عاجز رہوں

وَلَا اِلَی النَّاسِ فَیَرْفُضُوْنِیْ وَاَنْ تُعَافِیَنِیْ

اور نہ میرا کوئی کام لوگوں سے ایسا ڈالے گا جسے وہ رد کر دیں اور یہ کہ تو مجھے عافیت عطا کرے گا

فِیْ دِیْنِیْ وَبَدَنِیْ وَجَسَدِیْ وَرُوْحِیْ وَوُلْدِیْ

میرے دین میں اور میرے بدن میں اور میرے جسد و جسم میں اور میری روح میں اور میری اولاد میں

وَاَهْلِیْ وَاَهْلِ مَوَدَّتِیْ وَاِخْوَانِیْ وَجِیْرَانِیْ

اور میرے اہل و عیال میں اور میرے احباب میں اور میرے بھائیوں میں اور پڑوسیوں میں سے

مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ

جو مومنین ہوں اور مومنات ہوں اور مسلمان ہوں

وَالْمُسْلِمَاتِ اَلْاَحْیَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ وَ

اور مسلمات ہوں خواہ وہ زندہ ہوں یا وہ مُردہ ہوں اور

اَنْ تَمُنَّ عَلَیَّ بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ مَآ اَبْقَیْتَنِیْ

یہ کہ تو مجھے امن و امان دے گا اور ایمان کے ساتھ باقی رکھے گا جبتک میں زندہ ہوں

فَاِنَّكَ وَلِیِّیْ وَمَوْلَایَ وَثِقَتِیْ وَرَجَآئِیْ وَمَعْدِنُ

اس لیے تو ہی میرا سرپرست اور مالک ہے اور میرا بھروسہ اور میری اُمید اور مرکز ہے

مَسْئَلَتِیْ وَمَوْضَعُ شَکْوٰیَ وَمُنْتَهٰی رَغْبَتِیْ فَلَا

میری دعاؤں کا اور میری ہر شکایت تجھ سے وابستہ ہے اور میری انتہائی خواہش ہے پس نہ

تُخَیِّبَنِیْ فِیْ رَجَآئِیْ یَا سَیِّدِیْ وَمَوْلَایَ وَلَا

مایوس کرنا مجھے میری آرزوؤں میں اے میرے آقا اور اے میرے مالک اور نہ

تُبْطِلْ طَمَعِیْ وَرَجَآئِیْ فَقَدْ تَوَجَّهْتُ اِلَیْكَ

باطل کرنا میرے خواہشات اور اُمیدوں کو ، پس میں حاضر ہوا ہوں تیری بارگاہ میں

بِمُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِ

واسطے سے محمدؐ اور انکی آل کے (رحمتیں نازل ہوں اللہ کی اور سلامتی ہو ان کے اوپر)

وَاٰلِهٖ وَقَدَّمْتُهُمْ اِلَيْكَ اَمَامِيْ وَاَمَامَ حَاجَتِيْ

اور انکی آل کے اوپر۔ اور میں نے ان حضرات کو تیری بارگاہ میں پیش پیش رکھا ہے اپنے اور اپنی حاجتوں کے

وَطِلْبَتِيْ وَتَضَرُّعِيْ وَمَسْئَلَتِيْ فَاجْعَلْنِيْ بِهِمْ

اور اپنی دعاؤں اور التجاؤں اور گزارشوں کے پس تو مجھے قرار دے ان کے صدقے میں

وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ

بزرگی و وجاہت کے ساتھ دنیا اور آخرت میں اور مقربین بندوں میں سے قرار دے۔

فَاِنَّكَ مَنَنْتَ عَلَيَّ بِهِمْ فَاخْتِمْ لِيْ بِالسَّعَادَةِ

اس لیے کہ تو نے احسان فرمایا ہے مجھ پر ان ہی حضرات کے صدقے میں پس میرا خاتمہ بالخیر ہو

وَالسَّلَامَةِ وَالْاَمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالْمَغْفِرَةِ

اور سلامتی سے ہو اور امن اور ایمان سے ہو اور مغفرت

وَالرِّضْوَانِ وَالسَّعَادَةِ وَالْحِفْظِ يَا اَللّٰهُ اَنْتَ

اور خوشنودی سے ہو اور خوش بختی اور حفاظت سے ہو، اے اللہ! تو ہی

لِكُلِّ حَاجَةٍ لَنَا فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَ

ہر ایک میری حاجت کو پورا کرتا ہے پس تو درود بھیج محمدؐ اور انکی آل کے اوپر اور

عَافِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ لَا

ہمیں عافیت عطا فرما اور نہ مسلط کر دیا ہم پر کسی کو بھی اپنی مخلوق میں سے ایسا کہ

طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاكْفِنَا كُلَّ اَمْرٍ مِّنْ اَمْرِ الدُّنْيَا

نہ رکھتے ہوں ہم جسکو برداشت کرنے کی طاقت اور مدد فرما ہماری ہر امر دنیا میں

وَالْاٰخِرَةِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ صَلِّ عَلٰى

اور امر آخرت میں اے صاحب جلالت اور بزرگی والے، درود بھیج اوپر

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ

محمدؐ اور آلِ محمدؐ کے اور سلامتی نازل فرما محمدؐ اور آلِ محمدؐ

مُحَمَّدٍ کَاَفْضَلِ مَا صَلَّیْتَ وَبَارَکْتَ وَتَرَحَّمْتَ

محمدؐ کے اوپر اُس سے بھی بہتر کہ جو دُرود تو نے بھیجا ہے اور جو برکت اور رحمت نازل کی

وَتَحَنَّنْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَاٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ

اور جو مہربانی تو نے کی ہے اوپر ابراہیمؑ اور آلِ ابراہیمؑ کے۔ بیشک تو ہی

حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

قابلِ تعریف بزرگی والا ہے

عیدِ دَحوَ الْاَرض ۲۵ ذیقعدہ

شیخ مفید علیہ الرحمۃ نے کتاب "تاریخ" میں لکھا ہے۔ نیز کتاب "ہادی التواریخ" میں ہے کہ اس تاریخ میں زمین بچھائی گئی، کعبہ بھی اسی تاریخ میں نصب کیا گیا، اوّل روزِ نزولِ رحمتِ الٰہی ہے۔ نیز اِس تاریخ کی رات کو حضرت ابراہیمؑ خلیل اللہ اور حضرت عیسیٰؑ روح اللہ تولّد ہوئے۔ اسی تاریخ میں کشتیٔ نوحؑ نے کوہِ جودی پر قرار کیا۔ روایات میں ہے کہ اسی تاریخ میں حضرت حجّتؑ عجّ ظہور فرمائیں گے۔ لہٰذا مناسب ہے کہ اس تاریخ میں بھی آپکی زیارت پڑھی جائے۔ (جو اس کتاب میں مرقوم ہے)۔ روایت میں ہے کہ اس تاریخ کا روزہ ستّر برس کے روزوں کے برابر ہے۔ لہٰذا اس تاریخ میں دو رکعت نماز قُربت کی نیّت سے اس طرح بجالائے کہ ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد پانچ مرتبہ سورۂ والشمس پڑھے۔ اور بعد سلام یہ دعا پڑھے:

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

نہیں ہے کوئی طاقت اور نہ کوئی قوت سوائے اللہ کی مدد کے جو بلند و عظیم ہے

يَا مُقِيلَ الْعَثَرَاتِ اَقِلْنِي عَثْرَتِي يَا مُجِيبَ

اے دور کرنیوالے لغزشوں کے، دور فرما میری لغزشوں کو، اے قبول کرنے والے

الدَّعَوَاتِ اَجِبْ دَعْوَتِي يَا سَامِعَ الْاَصْوَاتِ

دعاؤں کے قبول فرما میری دعاء کو، اے سننے والے تمام آوازوں کے

اِسْمَعْ صَوْتِي وَارْحَمْنِي وَتَجَاوَزْ عَنْ سَيِّئَاتِي

سن لے میری بھی آواز کو، اور مجھ پر رحم فرما اور درگذر فرما میرے گناہوں سے

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔

اے صاحب بزرگی اور کرامت والے۔!

ماہِ ذی الحجّہ کے بعض تاریخی اہم واقعات

یکم ذی الحجّہ: بقولے ولادت حضرت ابراہیمؑ۔ آپکو خلعتِ خُلّت بھی اسی روز ملا۔

ساتویں ذی الحجّہ: شہادت حضرت امام محمّد باقرؑ؛ اِسی تاریخ میں حضرت امام موسیٰ کاظمؑ بصرہ کے قید خانے میں مقیّد ہوئے۔

آٹھویں ذی الحجّہ: اس تاریخ میں حکمِ خدا و رسولؐ سے مسجدِ نبوی میں سوائے حضرت علیؑ کے سب کے گھروں کے دروازے بند کیے گئے۔ اِسی تاریخ میں شہادت جناب ہانی ابنِ عروہ ابنِ زیاد کے حکم سے سرزمینِ کوفہ پر واقع ہوئی۔ یہ روزِ توبہ اور عبادت کا دن ہے۔ نیز روزِ ترویہ ہے۔

نویں ذی الحجّہ: روزِ عرفہ ہے، روزِ شہادت حضرت مسلمؑ ابنِ عقیل، روانگیٔ امام عالیمقام حسینؑ ابنِ علیؑ ابنِ ابی طالب از مکّہ معظّمہ۔

دسویں ذالحجّہ: روزِ عید الاضحیٰ ہے۔

پندرھویں ذالحجّہ: ولادت حضرت امام علی نقیؑ

اٹھارھویں ذی الحجہ : روزِ عیدِ غدیر ہے۔ تاجپوشیٔ ولایتِ علیؑ ولی "

اکیسویں ذی الحجہ : روز بساط ہے۔ (زمین بچھائی گئی)

بائیسویں ذی الحجہ : روزِ قتل ابنِ زیاد ہے۔

چوبیسویں ذی الحجہ : روزِ عیدِ مباہلہ ہے۔

پچیسویں ذی الحجہ : نزولِ سورۂ ھَلْ اَتیٰ (سورۃ الدھر) کی تاریخ ہے اور اسی تاریخ میں اہلِ بیتِ محمدؐ پر خوانِ جنت نازل ہوا۔

چھبیسویں ذی الحجہ : (بتحقیق فرقۂ اہلسنت) اس تاریخ میں عمر ابنِ خطاب کے سرِ مفرق پر ڈنڈۂ ابولؤلؤ یا خنجرِ ابولؤلؤ لگا۔

تیسویں ذی الحجہ : روزِ وفات عمر ابن الخطاب۔

اعمالِ عیدِ غدیر

کتاب مفاتیح الجنان میں ہے کہ روزِ غدیر "عید اللہ اکبر" ہے۔ آلِ محمدؐ اور انکے محبّوں کی عید کا دن ہے، جو بزرگ ترین عیدوں میں سے ہے، اللہ نے کسی پیغمبر کو مبعوث نہیں کیا مگر یہ کہ اُس نے اِس روز عید منائی۔ صادقِ آلِ محمدؐ سے کسی نے پوچھا کہ آیا، مسلمانوں کے لیے جمعہ، فطر، اضحیٰ کے علاوہ کوئی اور عید بھی ہے؟ حضرت نے فرمایا: ہاں، ایک اور عید بھی ہے جس کی حُرمت سب سے زیادہ ہے۔ راوی نے پوچھا، وہ کونسی عید ہے؟۔ آپؑ نے فرمایا وہ عید وہ ہے جس میں آنحضرتؐ نے امیر المومنین حضرت علی علیہ السّلام کو بحکمِ خدا خلافت (و ولایت) کے لیے لوگوں کے سامنے اپنے دستہائے مبارک پر بلند فرما کر نمایاں کیا۔ راوی نے پوچھا، اس روز کیا عمل کرنا چاہیئے۔؟

حضرت نے جواب میں ارشاد فرمایا کہ اس دن روزہ رکھنا چاہیے اور عبادت کرنی چاہیے، نیز محمدؐ و آلِ محمدؐ پر صلوات بھیجنی چاہیے۔ (انتہیٰ)

روایت میں ہے کہ آج کے دن کا روزہ ساٹھ سال کے گناہوں کا کفارہ ہے۔ یہ بھی روایت میں آیا ہے کہ آج کا روزہ عمرِ دنیا کے روزوں کے برابر ہے۔ روزِ غدیر کے اعمال بکثرت وارد ہیں۔ ان میں سے حضرت حجت علیہ السلام سے جو متعلق ہے وہ دعائے ندبہ کا پڑھنا ہے۔ جو اس کتاب میں مرقوم ہے

اعمالِ محرّم الحرام

یکم[1] محرّم : روزِ قبولیتِ دعا، برائے حضرت زکریاؑ، خواستگاریٔ اولاد (یعنی حضرت یحییٰؑ کی ولادت) کے لیے۔ نیز، روزِ نزولِ کہیعٓصٓ۔ اسی تاریخ میں حضرت ادریسؑ داخلِ بہشت ہوئے۔

دوّم[2] محرّم : ورودِ حضرت امام حسین علیہ السلام سرزمینِ کربلا میں۔

سوّم[3] محرّم : عمر ابنِ سعد ملعون قتلِ امام حسینؑ کیلئے کربلا میں آیا۔

ششم[6] محرّم : شمر ابنِ ذی الجوشن ملعون قاتل امام حسینؑ کربلا میں آیا

ہفتم[7] محرّم : حضرت امام حسینؑ اور اُنکے اہل وعیال پر پانی بند کیا گیا۔

نہم[9] محرّم : حضرت امام حسینؑ پر لشکرِ اعدا کا ہجوم اور مکمل حصار۔

دہم[10] محرّم : حضرت امام حسینؑ کی شہادت کا دن۔

بست و پنجم[25] محرّم : حضرت امام علی ابن الحسین زین العابدین علیہ السلام کی شہادت کا دن ہے۔

زیارتِ عاشورہ

یہ جلیل القدر زیارت حلِ مشکلات کے لیے بہت مجرّب ہے۔ اِس کو چالیس روز تک ایک ہی وقت پر پڑھے تو انشاء اللہ مراد پوری ہوگی۔ اِسی کتاب میں قبل ازیں گذر چکا ہے کہ امامِ زمانہؑ نے عام دنوں میں بھی اِس کے پڑھنے کی تاکید فرمائی ہے لیکن درحقیقت یہ روزِ عاشورہ کے لیے مخصوص ہے۔ قبل از زوالِ آفتاب با طہارت صحنِ خانہ میں یا مکان کی چھت کے اوپر یا صحرا میں جاکر قبرِ مطہّر حضرت امام حسین علیہ السّلام کی طرف اشارہ کرکے پڑھیں۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

سلام ہو آپ پر اے ابو عبد اللہ! سلام ہو آپ پر

يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ

اے فرزندِ رسولِ خدا! سلام ہو آپ پر اے فرزندِ

اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَابْنَ سَيِّدِ الْوَصِيِّيْنَ ۔

امیر المومنینؑ! اور فرزند سیّد الاوصیاء کے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ سَيِّدَةِ

سلام ہو آپ پر اے فرزندِ فاطمہؑ زہرا! جو سردار ہیں

نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ثَارَ اللّٰهِ

تمام عورتِ عالمین کی سلام ہو آپ پر اے وہ شہید جسکے خونہا کا طالب اللہ ہے

وَابْنَ ثَارِهٖ وَالْوِتْرَ الْمَوْتُوْرَ ۔ اَلسَّلَامُ

اور فرزند اُس شہید کے جسکے خونہا کا وہ (اللہ) طالب ہے، اور وہ مقتول جسکے اعزا و اصحاب کے قتل کا بدلہ نہ لیا جاسکا۔ سلام ہو

عَلَيْكَ وَعَلَى الْاَرْوَاحِ الَّتِيْ حَلَّتْ بِفِنَائِكَ

آپ پر اور ان ارواح پر جو حاضر ہیں آپ کی بارگاہ میں (بعد شہادت بھی)

عَلَيْكُمْ مِنِّيْ جَمِيْعًا سَلَامُ اللّٰهِ اَبَدًا مَّا بَقِيْتُ

آپ سب حضرات پر میری طرف سے سلام ہو اللہ کا ہمیشہ جبتک کہ میں زندہ ہوں

وَبَقِيَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ لَقَدْ

اور باقی ہیں شب و روز ، اے ابو عبد اللہ (الحسینؑ) یقیناً

عَظُمَتِ الرَّزِيَّةُ وَجَلَّتْ وَعَظُمَتِ الْمُصِيْبَةُ

نہایت سخت و دشوار مصیبت ہے اور بہت بڑا صدمہ ہے

بِكَ عَلَيْنَا وَعَلٰى جَمِيْعِ اَهْلِ الْاِسْلَامِ وَجَلَّتْ

آپ کا ہم پر اور اوپر تمام مسلمانوں کے اور بہت بڑی

وَعَظُمَتْ مُصِيْبَتُكَ فِي السَّمٰوٰتِ عَلٰى جَمِيْعِ

اور عظیم مصیبت ہے آپکی مصیبت آسمانوں میں اور اوپر تمام

اَهْلِ السَّمٰوٰتِ فَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً اَسَّسَتْ

آسمان والوں کے ، پس خدا لعنت کرے اس گروہ پر کہ جس نے رکھی ہے

اَسَاسَ الظُّلْمِ وَالْجَوْرِ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ

بنیاد ظلم و جور و ستم کی آپ حضرات اہل بیت (رسولؐ) پر

وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً دَفَعَتْكُمْ عَنْ مَّقَامِكُمْ

اور خدا لعنت کرے اس گروہ پر جس نے ہٹایا آپ حضرات کو آپکے مرتبے و مقام سے

وَاَزَالَتْكُمْ عَنْ مَّرَاتِبِكُمُ الَّتِيْ رَتَّبَكُمْ

اور آپ حضرات کو ان مراتب سے ہٹا دیا جو مقام و مرتبہ آپ کا تھا

اللّٰهُ فِيْهَا وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً قَتَلَتْكُمْ وَلَعَنَ

اللہ کی طرف سے اور لعنت کرے خدا اس گروہ پر ، جس نے آپ حضرات کو قتل کیا اور لعنت کرے

اللّٰهُ الْمُمَهِّدِيْنَ لَهُمْ بِالتَّمْكِيْنِ مِنْ قِتَالِكُمْ

خدا کی اُن لوگوں پر جنھوں نے آپ سے مقابلہ کیا اور قاتلوں کو سامان مہیا کیا آپکے قتل کیلئے

بَرِئْتُ اِلَى اللّٰهِ وَاِلَيْكُمْ مِنْهُمْ وَمِنْ اَشْيَاعِهِمْ

بری ہوں میں ان دشمنوں سے اللہ اور آپ کی خوشنودی کیلئے اور میں بری ہوں انکے ساتھیوں

وَاَتْبَاعِهِمْ وَاَوْلِيَآئِهِمْ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اِنِّيْ

سے اور ان کی پیروی کرنیوالوں سے اور ان کے دوستوں سے اے ابو عبداللہ (الحسین) بیشک میں

سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمَكُمْ وَحَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَكُمْ

موافق ہوں اس کا جو آپ حضرات کا موافق ہو اور مخالف ہوں اس کا جو آپ کا مخالف ہو

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۔ وَلَعَنَ اللّٰهُ اٰلَ زِيَادٍ وَّ

(اور رہوں گا) قیامت تک ۔ اور لعنت کرے خدا اولاد زیاد پر اور

اٰلَ مَرْوَانَ وَلَعَنَ اللّٰهُ بَنِيْ اُمَيَّةَ قَاطِبَةً

اولاد مروان پر اور لعنت کرے خدا خاندان اُمیہ کے ایک ایک فرد پر

وَّلَعَنَ اللّٰهُ ابْنَ مَرْجَانَةَ وَلَعَنَ اللّٰهُ عُمَرَ

اور لعنت کرے خدا مرجانہ کے بیٹے پر اور لعنت کرے خدا عمر

بْنَ سَعْدٍ وَّلَعَنَ اللّٰهُ شِمْرًا وَّلَعَنَ اللّٰهُ

ابن سعد پر اور لعنت کرے خدا شمر پر اور لعنت کرے خدا

اُمَّةً اَسْرَجَتْ وَاَلْجَمَتْ وَتَنَقَّبَتْ لِقِتَالِكَ

اس گروہ پر جو اپنے گھوڑوں کو زین لگا کر (لجام) لگا کر اور چہروں پر نقاب ڈال کر

بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ لَقَدْ عَظُمَ مُصَابِيْ بِكَ

آپکے ساتھ جنگ پر آمادہ ہوئے ۔ فدا ہوں میں آپ پر باپ اور ماں آپ پر یقیناً آپکی مصیبت سے بڑا صدمہ

فَاَسْئَلُ اللّٰهَ الَّذِيْ اَكْرَمَ مَقَامَكَ وَاَكْرَمَنِيْ

پہنچا ہے مجھ پر ۔ پس میں دعا کرتا ہوں اس اللہ سے جس نے آپکے مرتبہ کو بلند فرمایا اور مجھے بھی عزت بخشی

بِكَ اَنْ يَّرْزُقَنِيْ طَلَبَ ثَارِكَ مَعَ اِمَامٍ مَّنْصُوْرٍ

یہ کہ مجھے نصیب ہو آپ کے خون کا بدلہ لینا امام مہدیؑ کے ساتھ جو منصور من اللہ ہیں

مِّنْ اَهْلِ بَيْتِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

جو اہلِ بیتِ حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی اولاد سے ہیں

اٰلِهٖ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ عِنْدَكَ وَجِيْهًا

یا اللہ ! مجھے عطا فرما اپنی بارگاہ سے عزت و وجاہت

بِالْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

صدقے میں امام حسین علیہ السلام کے دنیا اور آخرت میں

يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اِنِّيْ اَتَقَرَّبُ اِلَى اللّٰهِ وَ

اے ابو عبد اللہ (الحسین) ! میں یقیناً نزدیکی چاہتا ہوں اللہ سے اور

اِلٰى رَسُوْلِهٖ وَاِلٰى اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِلٰى

اس کے رسولؐ سے اور امیر المومنینؑ سے اور

فَاطِمَةَ وَاِلَى الْحَسَنِ وَاِلَيْكَ بِمُوَالَاتِكَ

جناب فاطمہؑ سے اور امام حسنؑ سے اور آپ سے بھی آپکی محبت کے وسیلے سے

وَبِالْبَرَآءَةِ مِمَّنْ اَسَّسَ اَسَاسَ ذٰلِكَ وَ

اور دشمنی و بیزاری رکھتے ہوئے ان لوگوں سے جنھوں نے آپ پر ظلم و ستم کی بنیاد ڈالی

بَنٰى عَلَيْهِ بُنْيَانَهٗ وَجَرٰى فِيْ ظُلْمِهٖ وَ

اور علیحدگی اختیار کرنے سے ان لوگوں سے جنھوں نے بنا رکھی اور جاری رکھا اس ظلم اور

جَوْرِهٖ عَلَيْكُمْ وَعَلٰى اَشْيَاعِكُمْ بَرِئْتُ

جور کو آپ حضرات پر ، اور آپ کے ساتھیوں پر ۔ میں بیزار ہوں ان سے

اِلَى اللّٰهِ وَاِلَيْكُمْ مِنْهُمْ وَاَتَقَرَّبُ اِلَى

اللہ اور آپ حضرات کی خوشنودی چاہتے ہوئے ، اور میں قربت چاہتا ہوں بارگاہِ

اللّٰهِ ثُمَّ اِلَيْكُمْ بِمُوَالَاتِكُمْ وَمُوَالَاةِ

خدا میں پھر آپ حضرات کی محبت کے وسیلے سے اور محبت سے

وَلِيِّكُمْ وَبِالْبَرَآءَةِ مِنْ اَعْدَآئِكُمْ وَ

آپ حضرات کے دوستوں کی۔ اور بیزاری کے ذریعے سے آپ حضرات کے دشمنوں اور

النَّاصِبِيْنَ لَكُمُ الْحَرْبَ وَبِالْبَرَآءَةِ مِنْ

آپ حضرات کے مخالفوں کی جنھوں نے آپ سے جنگ کی اور بیزاری رکھتے ہوئے

اَشْيَاعِهِمْ وَاَتْبَاعِهِمْ اِنِّيْ سِلْمٌ لِّمَنْ

اُن کے ساتھیوں اور اُن کے پیروکاروں سے۔ یقیناً میں موافق ہوں اُن کے جو

سَالَمَكُمْ وَحَرْبٌ لِّمَنْ حَارَبَكُمْ وَوَلِيٌّ

آپ حضرات کے موافق ہیں اور مخالف ہوں اُن کا جو آپ حضرات کے مخالف ہیں۔ دوست ہوں

لِّمَنْ وَالَاكُمْ وَعَدُوٌّ لِّمَنْ عَادَاكُمْ

اُن کا جن سے آپ کی دوستی ہے اور دشمن ہوں اُن کا جو آپ حضرات کے دشمن ہیں

فَاَسْئَلُ اللّٰهَ الَّذِيْ اَكْرَمَنِيْ بِمَعْرِفَتِكُمْ

پس میں سوال کرتا ہوں اُس اللہ سے کہ جس نے مجھے عزت بخشی معرفت کی آپ حضرات کی

وَمَعْرِفَةِ اَوْلِيَآئِكُمْ وَرَزَقَنِي الْبَرَآءَةَ

اور آپ حضرات کے دوستوں کی معرفت کی اور مجھے عطا فرمائی بیزاری دافعات

مِنْ اَعْدَآئِكُمْ اَنْ يَّجْعَلَنِيْ مَعَكُمْ فِي

آپ حضرات کے دشمنوں سے، تاکہ وہ میرا شمار آپ حضرات کے رفقا میں کرے

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَنْ يُّثَبِّتَ لِيْ عِنْدَكُمْ

دنیا اور آخرت میں اور تاکہ مجھے ثابت قدم رکھے آپ حضرات کی محبت

قَدَمَ صِدْقٍ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَسْئَلُهٗ

میں صدقِ دلی سے دنیا اور آخرت میں اور میں اُس ہی سے سوال کرتا ہوں

آنْ يُّبَلِّغَنِي الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ لَكُمْ عِنْدَ

اِس کا کہ وہ مجھے پہنچا دے اس عمدہ مقام پر جو آپ کے لیے ہے بارگاہِ

اللّٰهِ وَ اَنْ يَّرْزُقَنِيْ طَلَبَ ثَارِيْ مَعَ اِمَامٍ

خدا میں اور یہ کہ مجھے میسّر ہو آپ کے خون کا بدلہ لینا ہمراہی میں امام

هُدًى ظَاهِرٍ نَّاطِقٍ بِالْحَقِّ مِنْكُمْ وَ اَسْئَلُ

مہدیؑ کی، بوقتِ ظہور کلامِ حق کے ساتھ آپ ہی میں سے ہوں گے اور سوال کرتا ہوں

اللّٰهَ بِحَقِّكُمْ وَ بِالشَّاْنِ الَّذِيْ لَكُمْ عِنْدَهٗ

اللہ سے آپ حضرات کے اس حق اور شان کے واسطے سے جو آپ حضرات کی اس کی بارگاہ میں

اَنْ يُّعْطِيَنِيْ بِمُصَابِيْ بِكُمْ اَفْضَلَ مَا

ہے، وہ یہ کہ وہ مجھے ایسی جزا عطا فرمائے آپکی مصیبت کی دردمندی کے باعث جو بہترین ہو

يُعْطِيْ مُصَابًا بِمُصِيْبَتِهٖ مُصِيْبَةً مَّا اَعْظَمَهَا

ہر مصیبت زدہ کی مصیبت سے، کیونکہ آپ کی مصیبت سب سے زیادہ

وَ اَعْظَمَ رَزِيَّتَهَا فِي الْاِسْلَامِ وَ فِيْ جَمِيْعِ

اور عظیم ترین تمام مصائب سے اور اسلام کی بڑی مصیبت ہے اور اندر تمام

السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۰ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ فِيْ

آسمانوں اور زمین کے۔ یا اللہ! مجھے قرار دے اندر

مَقَامِيْ هٰذَا مِمَّنْ تَنَالُهٗ مِنْكَ صَلَوَاتٌ

اس ہی مقام کے اُن لوگوں میں سے جن کو تیری جانب سے درود

وَّ رَحْمَةٌ وَّ مَغْفِرَةٌ ۰ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ مَحْيَايَ

اور رحمت اور بخشش نصیب ہوئیں۔ یا اللہ! قرار دے میری حیات کو

مَحْيَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ مَمَاتِيْ مَمَاتَ

حیاتِ محمدؐ اور آلِ محمدؐ کے ساتھ اور میری موت کو وابستہ کر موت کے ساتھ

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا يَوْمٌ تَبَرَّكَتْ

محمدؐ و آلِ محمدؐ کا ۔ یا اللہ ! یقیناً یہ آج کا دن مبارک قرار دیا

بِهٖ بَنُوْ اُمَيَّةَ وَابْنُ اٰكِلَةِ الْاَكْبَادِ اللَّعِيْنُ

ہے خاندانِ امیہ اور ہندہ جگر چبانے والی کے بیٹے نے جو لعین

بْنُ اللَّعِيْنِ عَلٰى لِسَانِكَ وَلِسَانِ نَبِيِّكَ صَلَّى

ابنِ لعین ہے تیرے اور تیرے نبیؐ کے قول کے مطابق (درود ہو

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ فِيْ كُلِّ مَوْطِنٍ وَّمَوْقِفٍ

اللہ کا آنحضرتؐ اور انکی آل پر) ہر جگہ اور ہر محل پر لعنت کی

وَقَفَ فِيْهِ نَبِيُّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ ۔

اس معاملے میں تیرے نبیؐ نے (درود ہو اللہ کا آنحضرتؐ اور انکی آل پر) ۔

اَللّٰهُمَّ الْعَنْ اَبَا سُفْيَانَ وَمُعَاوِيَةَ وَيَزِيْدَ

یا اللہ ! لعنت کر ابو سفیان اور معاویہ اور یزید

بْنَ مُعَاوِيَةَ عَلَيْهِمْ مِّنْكَ اللَّعْنَةُ اَبَدَ

ابنِ معاویہ ان سب کے اوپر تیری لعنت ہوتی رہے ہمیشہ

الْاٰبِدِيْنَ وَهٰذَا يَوْمٌ فَرِحَتْ بِهٖ اٰلُ زِيَادٍ

ہمیشہ کے لیے اور آج کا دن وہ ہے کہ خوشی منائی ہے اولادِ زیاد نے

وَّاٰلُ مَرْوَانَ بِقَتْلِهِمُ الْحُسَيْنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ

اور اولادِ مروان نے قتل کر کے حضرت امام حسینؑ کو (رحمتیں ہوں اللہ کی

عَلَيْهِ ۔ اَللّٰهُمَّ فَضَاعِفْ عَلَيْهِمُ اللَّعْنَ

ان حضرتؑ پر) یا اللہ ! تو اضافہ فرما ان لوگوں کے اوپر لعنت میں

مِنْكَ وَالْعَذَابَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَتَقَرَّبُ

اپنی طرف سے اور عذاب سخت ترین کر دے ۔ یا اللہ ! بیشک قربت کا طالب ہوں

اِلَيْكَ فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَفِيْ مَوْقِفِيْ هٰذَا

تیری بارگاہ میں آج کے دن اور اسی جگہ پر

وَاَيَّامِ حَيٰوتِيْ بِالْبَرَآئَةِ مِنْهُمْ وَاللَّعْنَةِ

اور میں اپنی زندگی میں ان دشمنوں سے بیزار ہو کر اور لعنت کر کے

عَلَيْهِمْ وَبِالْمُوَالَاتِ لِنَبِيِّكَ وَاٰلِ نَبِيِّكَ

ان دشمنوں کے اوپر، اور دوستدار ہو کر تیرے نبیؐ کا اور تیرے نبیؐ کی اولاد کا

عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ • پھر سو مرتبہ یہ کہے:

آنحضرت اور ان سب حضرات پر سلامتی ہو۔

• اَللّٰهُمَّ الْعَنْ اَوَّلَ ظَالِمٍ ظَلَمَ حَقَّ

یا اللہ! تو لعنت کر اُس پر جس نے ابتدا کی ظلم کے ساتھ

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاٰخِرَ تَابِعٍ لَّهٗ عَلٰى

محمدؐ و آل محمدؐ کے حق کے بارے میں اور آخری پر بھی لعنت کر جس نے اوّل کی

ذٰلِكَ اَللّٰهُمَّ الْعَنِ الْعِصَابَةَ الَّتِيْ جَهَدَتْ

پیروی کی اے اللہ! لعنت کر اس جماعت پر جس نے لڑائی کی (جنگ کی)

الْحُسَيْنَ وَشَايَعَتْ وَبَايَعَتْ وَتَابَعَتْ

امام حسینؑ سے اور ان پر بھی لعنت کر جنھوں نے حسینؑ سے جنگ کرنے والوں کا ساتھ دیا

عَلٰى قَتْلِهٖ اَللّٰهُمَّ الْعَنْهُمْ جَمِيْعًا •

اور انکی بیعت کی اور پیروی کی۔ یا اللہ! ان سب ہی کے اوپر لعنت کر۔

• پھر سو مرتبہ یہ کہے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا

سلام ہو آپ کے اوپر اے

اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ وَعَلَى الْاَرْوَاحِ الَّتِيْ حَلَّتْ

ابو عبداللہ (الحسینؑ) اور اُن کی ارواح پر بھی سلام ہو جو آپ کی بارگاہ میں حاضر ہیں

بِفِنَآئِكَ عَلَيْكَ مِنِّيْ سَلَامُ اللّٰهِ اَبَدًا مَّا

آپ کے اوپر میری طرف سے سلام ہو خدا کا ہمیشہ کیلئے جبتک کہ

بَقِيْتُ وَبَقِيَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَلَا جَعَلَهُ

میں زندہ ہوں اور شب و روز باقی ہیں ۔ اور نہ قرار دے اس کو

اللّٰهُ اٰخِرَ الْعَهْدِ مِنِّيْ لِزِيَارَتِكُمْ اَلسَّلَامُ

اللہ میری زندگی کی آخری زیارت آپ حضرات کی ، سلام ہو

عَلَى الْحُسَيْنِ وَعَلٰى عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ وَعَلٰى

امام حسینؑ پر اور علیؑ ابنِ حسینؑ پر اور

اَوْلَادِ الْحُسَيْنِ وَعَلٰى اَصْحَابِ الْحُسَيْنِ ۔

اولادِ حسینؑ پر اور اصحابِ حسینؑ پر

اِس کے بعد یہ پڑھے : اَللّٰهُمَّ خُصَّ اَنْتَ اَوَّلَ

یا اللہ ! تو، مخصوص کر پہلے

ظَالِمٍ بِاللَّعْنِ مِنِّيْ وَابْدَاْ بِهٖ اَوَّلًا ثُمَّ

ظالم کو لعنت سے ، میری جانب سے اور ابتداء کر لعنت کی پہلے سے ، پھر

الثَّانِيَ وَالثَّالِثَ وَالرَّابِعَ اَللّٰهُمَّ الْعَنْ

دوسرے پر اور تیسرے پر اور چوتھے پر ۔ یا اللہ ! لعنت کر

يَزِيْدَ خَامِسًا وَالْعَنْ عُبَيْدَ اللّٰهِ ابْنَ زِيَادٍ

یزید پانچویں پر اور لعنت کر عبیداللہ ابنِ زیاد پر

وَابْنَ مَرْجَانَةَ وَعُمَرَ بْنَ سَعْدٍ وَّشِمْرًا وَّ

اور مرجانہ کے بیٹے پر اور عمر ابنِ سعد پر اور شمر پر اور

اٰلَ اَبِيْ سُفْيَانَ وَاٰلَ زِيَادٍ وَّاٰلَ مَرْوَانَ

اولادِ ابی سفیان پر اور اولادِ زیاد پر اور اولادِ مروان پر

إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ • اس کے بعد سجدے میں جاکر یہ پڑھے:

(قیامت کے دن تک (سب پر لعنت کرتا رہ)

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدَ الشَّاكِرِيْنَ لَكَ عَلٰى

یا اللہ! تیرا وہ شکر ادا کرتا ہوں جو شکر کرنے والے تیرا شکر

مُصَابِهِمْ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى عَظِيْمِ عَزِيَّتِيْ

مصیبت کے وقت ادا کرتے ہیں۔ اللہ کا شکر و حمد ہے عظیم مصیبت پر

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ شَفَاعَةَ الْحُسَيْنِ يَوْمَ الْوُرُوْدِ

یا اللہ! مجھے نصیب ہو شفاعت امام حسین ؑ قیامت کے روز

وَثَبِّتْ لِيْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَكَ مَعَ الْحُسَيْنِ

اور مجھے ثابت قدم رکھ اپنے نزدیک محبت میں حسین کے ساتھ

وَاَصْحَابِ الْحُسَيْنِ الَّذِيْنَ بَذَلُوْا مُهَجَهُمْ

اور اصحاب حسین کے ساتھ کہ جنھوں نے اپنی جانیں قربان

دُوْنَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ • اس کے بعد

کردیں امام حسین علیہ السّلام کے سامنے (انکی نصرت میں)

دو رکعت نماز پڑھے۔ پھر یہ دعا پڑھے جو دعائے صفوان کے نام سے مشہور ہے اس دعا کو دعائے علقمہ بھی کہتے ہیں:۔

• يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ • يَا مُجِيْبَ

اے اللہ! اے اللہ! اے اللہ! اے قبول کرنیوالے!

دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ • يَا كَاشِفَ كُرَبِ

دعا کے عاجزوں کی۔ اے دور کرنے والے دردوں کے

الْمَكْرُوبِيْنَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ يَا

دردمندوں کے اے فریادرس! فریاد کرنیوالوں کے اے

صَرِيْخَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ وَيَا مَنْ هُوَ اَقْرَبُ

دادخواہ کے دادرس اور اے وہ ذات جو ہم سے زیادہ قریب ہے

اِلَيَّ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ وَيَا مَنْ يَّحُوْلُ بَيْنَ

ہماری شہ رگ گردن سے اور اے وہ ذات جو بدل دیتا ہے

الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ ۞ وَيَا مَنْ هُوَ بِالْمَنْظَرِ الْاَعْلٰى

آدمی اور اس کے قلب کی نیت کو۔ اور اے وہ ذات جو نگاہ سے بہت بلند ہے

وَبِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ۞ وَيَا مَنْ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

اور پھر ظاہر و روشن ہے اور اے وہ ذات جو رحمٰن ہے رحیم ہے

عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ۞ وَيَا مَنْ يَّعْلَمُ خَائِنَةَ

اس کا غلبہ عرش پر بھی ہے اور اے وہ ذات جو جانتا ہے اشاروں کو

الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ۞ وَيَا مَنْ لَّا

آنکھوں کے اور جس سے سینوں کے راز پوشیدہ نہیں ہیں۔ اور اے وہ ذات جس سے نہیں

يَخْفٰى عَلَيْهِ خَافِيَةٌ ۞ يَا مَنْ لَّا تَشْتَبِهُ عَلَيْهِ

ہے کوئی پوشیدہ بات جو چھپی ہوئی ہو۔ اے وہ ذات جسکو شبہ نہیں ہوتا مشتبہ

الْاَصْوَاتُ ۞ وَيَا مَنْ لَّا تُغَلِّطُهُ الْحَاجَاتُ ۞

آوازوں کی شناخت میں، اور اے وہ ذات جس کو مغالطہ نہیں ہوتا حاجتوں کے پورا کرنے میں

وَيَا مَنْ لَّا يُبْرِمُهُ اِلْحَاحُ الْمُلِحِّيْنَ يَا مُدْرِكَ

اور اے وہ ذات جس کو حاجتمندوں کا اصرار ناگوار نہیں ہوتا۔ اور اے پانے والے

كُلِّ فَوْتٍ وَّيَا جَامِعَ كُلِّ شَمْلٍ وَّيَا بَارِئَ

ہر فوت شدہ شے کے اور اے جمع کرنے والے ہر متفرق کے اور اے پیدا کرنے والے

النُّفُوْسِ بَعْدَ الْمَوْتِ ۔ يَا مَنْ هُوَ كُلَّ يَوْمٍ

لوگوں کے ان کی موت کے بعد اے وہ ذات جس کا کوئی دن خالی

فِيْ شَأْنٍ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ ۔ يَا مُنَفِّسَ

نہیں ہے مخلوق کی تدبیر سے ۔ اے حاجتوں کے پورا کرنے والے ۔ اے دور کرنے والے

الْكُرُبَاتِ يَا مُعْطِيَ السُّؤُلَاتِ يَا وَلِيَّ الرَّغَبَاتِ

سختیوں کے اے عطا کرنے والے سوالات کے ، اے خواہشات پورا کرنے والے مالک

يَا كَافِيَ الْمُهِمَّاتِ يَا مَنْ يَكْفِيْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ

اے کفایت کرنے والے سخت کاموں میں اے وہ ذات جو سب کی کفایت کرتا ہے

وَّلَا يَكْفِيْ مِنْهُ شَيْءٌ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ

اور کوئی شے اس کو کفایت نہیں کر سکتی خواہ وہ آسمانوں میں ہو اور یا زمین میں

أَسْئَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَعَلِيٍّ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں واسطے سے محمدؐ کے حق کے جو خاتم الانبیاء ہیں اور علیؑ

أَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَبِحَقِّ فَاطِمَةَ بِنْتِ نَبِيِّكَ

امیر المومنین کے اور حقِ فاطمہؑ سے تیرے نبیؐ کی دختر کے

وَبِحَقِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ فَإِنِّيْ بِهِمْ أَتَوَجَّهُ

اور حقِ امام حسنؑ و حسینؑ کے واسطے سے ۔ پس میں ان ہی حضرات کے سبب سے متوجہ ہوں

إِلَيْكَ فِيْ مَقَامِيْ هٰذَا وَبِهِمْ أَتَوَسَّلُ وَبِهِمْ

تیری بارگاہ میں اسی مقام میں اور ان حضرات ہی کے وسیلے پہنچا ہوں اور ان حضرات

أَتَشَفَّعُ إِلَيْكَ وَبِحَقِّهِمْ أَسْئَلُكَ وَأُقْسِمُ وَ

ہی کی شفاعت لایا ہوں تیری بارگاہ میں اور ان حضرات ہی کے حق کی بحقہ قسم دیکر تجھ سے سوال کرتا ہوں اور

أَعْزِمُ عَلَيْكَ وَبِالشَّأْنِ الَّذِيْ لَهُمْ عِنْدَكَ

ان حضرت کی اس شان و عزت کا واسطہ جو ان کی عزت و شرف تیرے نزدیک ہے

وَبِالْقَدْرِ الَّذِیْ لَهُمْ عِنْدَكَ وَبِالَّذِیْ فَضَّلْتَهُمْ

اور واسطہ اس قدر و مرتبے کا جو ان حضرات کا تیرے نزدیک ہے اور جس کے ذریعے سے تو نے ان

عَلَى الْعَالَمِیْنَ وَبِاسْمِكَ الَّذِیْ جَعَلْتَهُ

حضرات کو تمام عالمین پر فضیلت دی، اور واسطہ تیرے اس اسم کا جو تو نے محفوظ کیا

عِنْدَهُمْ وَبِهٖ خَصَصْتَهُمْ دُوْنَ الْعَالَمِیْنَ وَ

ان حضرات کے پاس اور مخصوص کیا تو نے ان حضرات کو تمام عالمین سے اور

بِهٖ اَبَنْتَهُمْ وَاَبَنْتَ فَضْلَهُمْ مِنْ فَضْلِ

اسی کی وجہ سے تو نے ان کو اور ان حضرات کے فضل کو ممتاز فرمایا، فضل سے

الْعَالَمِیْنَ حَتّٰى فَاقَ فَضْلُهُمْ فَضْلَ الْعٰلَمِیْنَ

تمام عالمین کے یہانتک کہ فائق و برتر ہو گئی ان کی فضیلت تمام عالمین کی فضیلت

جَمِیْعًا ۞ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ

سے ۔ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ تو درود بھیج اوپر محمدؐ اور

اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَكْشِفَ عَنِّیْ غَمِّیْ وَهَمِّیْ

آلِ محمدؐ کے اور یہ کہ دور فرما دے مجھ سے میرے رنج و غم کو

وَكَرْبِیْ وَتَكْفِیَنِیَ الْمُهِمَّ مِنْ اُمُوْرِیْ وَ

اور میری بے چینی کو اور تو کفایت فرما میرے سخت امور میں میری اور

تَقْضِیَ عَنِّیْ دَیْنِیْ وَتُجِیْرَنِیْ مِنَ الْفَقْرِ وَ

ادا فرما میرے قرض کو اور نجات دے مجھے محتاجی سے اور

تُجِیْرَنِیْ مِنَ الْفَاقَةِ وَتُغْنِیَنِیْ عَنِ الْمَسْئَلَةِ

پناہ دے مجھے فاقہ مستی سے اور غنی کر دے مجھے سوال سے کہ میں

اِلَى الْمَخْلُوْقِیْنَ وَتَكْفِیَنِیْ هَمَّ مَنْ اَخَافُ

مخلوق میں سے کسی سے سوال کروں اور مجھے بچا لے فکر کے خوف سے ایشن کی

هَمَّهٗ وَعُسْرَ مَنْ اَخَافُ عُسْرَهٗ وَحُزُوْنَةَ

جس کا اُس سے خوف ہے اور اُس تنگی سے بچالے جس کا مجھے خوف ہے اور اس رنج سے

مَنْ اَخَافُ حُزُوْنَتَهٗ وَشَرَّ مَنْ اَخَافُ شَرَّهٗ

جس کا مجھے خوف ہے اور اُس شر سے کہ جس شر کا خوف ہے

وَمَكْرَ مَنْ اَخَافُ مَكْرَهٗ وَبَغْيَ مَنْ

اور اُس حیلے سے کہ جس حیلے کا مجھے خوف ہے اور اُس بغاوت سے کہ جس

اَخَافُ بَغْيَهٗ وَجَوْرَ مَنْ اَخَافُ جَوْرَهٗ وَسُلْطَانَ

بغاوت کا خوف ہے اور اُس جور وستم سے جس جور وستم کا خوف ہے اور تسلط سے

مَنْ اَخَافُ سُلْطَانَهٗ وَكَيْدَ مَنْ اَخَافُ

کہ جس تسلط و غلبے کا مجھے خوف ہے اور اس دھوکے سے کہ جس دھوکے کا

كَيْدَهٗ وَمَقْدُرَةَ مَنْ اَخَافُ مَقْدُرَتَهٗ

خوف ہے اور اُس قابو سے کہ جس کا قابو میرے لیے بڑا ہے

عَلَيَّ وَتَرُدَّنِيْ عَنِّيْ كَيْدَ الْكَيْدَةِ وَمَكْرَ

اور رد کردے مجھ سے حیلہ بازوں کے حیلوں کو اور مکاروں

الْمَكْرَةِ ۔ اَللّٰهُمَّ مَنْ اَرَادَنِيْ فَاَرِدْهُ وَ

کے مکر و دھوکے کو ۔ یا اللہ! جو مجھ سے برائی کا ارادہ کرے اسکی خبر لے اور

مَنْ كَادَنِيْ فَكِدْهُ وَاصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهٗ

جو مجھ سے دھوکا کرے اس کو رفع کردے اور پھیر دے مجھ سے اس کے دھوکے کو

وَمَكْرَهٗ وَبَاْسَهٗ وَاَمَانِيَّهٗ وَامْنَعْهُ عَنِّيْ

اور مکر کو ، اور اس کی سختی کو اور اسکی آرزوؤں کو اور روک دے اسکو مجھ سے

كَيْفَ شِئْتَ وَاَنّٰى شِئْتَ ۔ اَللّٰهُمَّ اشْغَلْهُ

جس طرح تو چاہے اور جہاں تو چاہے ۔ یا اللہ! اس کی توجہ کو ہٹادے

عَنِّیْ بِفَقْرٍ لَّا تَجْبُرُهٗ وَبِبَلَاءٍ لَّا تَسْتُرُهٗ وَبِفَاقَةٍ

میری جانب سے ایسے فقر میں مبتلا کر کے جسکا کوئی تدارک نہ ہو اور ایسی بلا میں جو پوشیدہ نہ ہو اور ایسے فاقہ میں

لَّا تَسُدُّهَا وَبِسُقْمٍ لَّا تُعَافِيْهِ وَذُلٍّ لَّا تُعِزُّهٗ وَ

جسکا کوئی دفعیہ نہ ہو اور ایسی بیماری میں جو لا علاج ہو اور ایسی ذلت میں جسکے بعد عزت نہ ہو اور

بِمَسْكَنَةٍ لَّا تَجْبُرُهَا۔ اَللّٰهُمَّ اضْرِبْ بِالذُّلِّ

ایسی مجبوری میں جس سے نجات نہ ہو یا اللہ ! اس کے اوپر ایسی مار دے ذلت

نَصْبَ عَيْنَيْهِ وَاَدْخِلْ عَلَيْهِ الْفَقْرَ فِيْ مَنْزِلِهٖ

جو ہمیشہ اس پر مسلط ہو اور اس پر محتاجی چھا جائے گھر میں داخل ہو جائے

وَالْعِلَّةَ وَالسُّقْمَ فِيْ بَدَنِهٖ حَتّٰى تَشْغَلَهٗ عَنِّیْ

اور اس کے بدن کو طرح طرح کی بیماریوں کا گھر بنا دے یہانتک کہ اسے اپنی مصروفیتوں میں

بِشُغْلٍ شَاغِلٍ لَّا فَرَاغَ لَهٗ وَاَنْسِهٖ ذِكْرِیْ

ایسا مشغول کر دے جس سے اسے میری طرف متوجہ ہونے کی فراغت نہ ہو، اور میری یاد اس کے دل سے بھلا

كَمَا اَنْسَيْتَهٗ ذِكْرَكَ وَخُذْ عَنِّیْ بِسَمْعِهٖ

دے جیسا کہ وہ بھولا ہوا ہے تیرے ذکر کو اور دفع کر دے مجھ سے اس کے کان

وَبَصَرِهٖ وَلِسَانِهٖ وَيَدِهٖ وَرِجْلِهٖ وَقَلْبِهٖ وَ

اور اسکی آنکھ اور اسکی زبان اور اس کے ہاتھ اور اس کے پیروں اور اس کے قلب اور

جَمِيْعِ جَوَارِحِهٖ وَاَدْخِلْ عَلَيْهِ فِيْ جَمِيْعِ

تمام اس کے اعضاء و جوارح کے ضرر کو، اور داخل کر دے اس کے تمام اعضاء میں

ذٰلِكَ السُّقْمَ وَلَا تَشْفِهٖ حَتّٰى تَجْعَلَ ذٰلِكَ

ایسی بیماری کو، کہ جس سے شفا نہ ہو یہانتک کہ اس میں ایسا مشغول

لَهٗ شُغْلًا شَاغِلًا بِهٖ عَنِّیْ وَعَنْ ذِكْرِیْ وَ

کر دے اسکو کہ وہ اس میں مصروف رہ کر مجھ سے اور میرے ذکر سے غافل ہو جائے اور

اكْفِنِي يَا كَافِيَ مَا لَا يَكْفِي سِوَاكَ فَإِنَّكَ

کفایت کر میری اے میری کفایت کرنیوالے اُس چیز کی جسکا کوئی کفیل نہ ہو سوائے تیرے اس لیے کہ تو

الْكَافِي لَا كَافِيَ سِوَاكَ وَمُفَرِّجٌ لَا مُفَرِّجَ

اصلی کفایت کرنیوالا ہے سوائے تیرے میری کفایت اور دل تنگی کا دفع کرنے والا نہیں

سِوَاكَ وَمُغِيثٌ لَا مُغِيثَ سِوَاكَ وَجَارٌ لَا جَارَ

ہے اور سوائے تیرے کوئی اور فریادرس نہیں ہے اور پناہ دینے والا نہیں ہے

سِوَاكَ خَابَ مَنْ كَانَ جَارُهُ سِوَاكَ وَمُغِيثُهُ

سوائے تیرے نامراد ہے وہ شخص جس نے تیرے سوا کسی سے اُمید باندھی اور اس کا فریادرس

سِوَاكَ وَمَفْزَعُهُ إِلَى سِوَاكَ وَمَهْرَبُهُ إِلَى سِوَاكَ

نہیں سوائے تیرے اور جس نے مصیبت میں کسی اور سے سوائے تیرے رجوع کیا اور سوائے تیرے تلاش کیا

وَمَلْجَأُهُ إِلَى غَيْرِكَ وَمَنْجَاهُ مِنْ مَخْلُوقٍ غَيْرِكَ

اور سوائے تیرے جائے پناہ تلاش کی اور تلاش کیا مخلوق میں سے سوائے تیرے کسی اور کو

فَأَنْتَ ثِقَتِي وَرَجَائِي وَمَفْزَعِي وَمَهْرَبِي

پس میرا بھروسہ تجھ پر ہے اور تجھ ہی سے اُمید ہے اور تیری ہی طرف بازگشت ہے اور تو ہی میری

وَمَلْجَائِي وَمَنْجَايَ فَبِكَ أَسْتَفْتِحُ وَبِكَ أَسْتَنْجِحُ

جائے پناہ ہے اور تو ہی میرا مددگار ہے پس تجھ ہی سے کامیابی اور تجھ ہی سے نجات کا طالب ہوں

وَبِمُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ أَتَوَجَّهُ إِلَيْكَ وَأَتَوَسَّلُ

اور محمد و آل محمد سے تیری جانب متوجہ ہوں اور انکے وسیلے

اور وسیلہ

بِهِمْ وَأَسْتَشْفِعُ فَاسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ فَلَكَ

اور شفاعت کا تجھ سے خواستگار ہوں۔ اے اللہ! اے اللہ! اے اللہ! تیرے ہی

الْمَنُّ وَلَكَ الشُّكْرُ وَإِلَيْكَ الْمُشْتَكَى وَأَنْتَ الْمُسْتَعَانُ

لیے احسان ہے اور تیرے ہی لیے شکر ہے اور تجھ ہی سے شکایت ہے اور تو ہی مددگار ہے

جو ہے

فَأَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اَنْ

پس میں تجھ ہی سے سوال کرتا ہوں اے اللہ! اے اللہ! اے اللہ! محمدؐ و آلِ محمدؐ کے حق کا واسطہ، یہ کہ

تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَكْشِفَ عَنِّيْ غَمِّيْ وَهَمِّيْ

تو درود بھیجے محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اور دور کردے مجھ سے میرے غم و رنج

وَكَرْبِيْ فِيْ مَقَامِيْ هٰذَا كَمَا كَشَفْتَ عَنْ نَبِيِّكَ هَمَّهٗ

اور پریشانی کو اسی مقام پر جیسا کہ تو نے دور کیا اپنے نبیؐ سے اُن کے رنج

وَغَمَّهٗ وَكَرْبَهٗ وَكَفَيْتَهٗ هَوْلَ عَدُوِّهٖ فَاكْشِفْ عَنِّيْ كَمَا

اور غم اور پریشانی کو اور انکی کفایت فرمائی دشمن کے خوف سے، پس مجھ سے بھی دور فرما جیسا کہ

كَشَفْتَ عَنْهُ وَفَرِّجْ عَنِّيْ كَمَا فَرَّجْتَ عَنْهُ وَاكْفِنِيْ كَمَا

تو نے دور کیا ان سے اور کشائش فرما میری جیسا کہ تو نے انکی کشائش فرمائی اور کفایت فرما میری جیسا

كَفَيْتَهٗ وَاصْرِفْ عَنِّيْ هَوْلَ مَا اَخَافُ هَوْلَهٗ وَمُؤْنَةَ مَا

کہ تو نے ان کی کفایت فرمائی۔ اور دور فرما دے مجھ سے اس خوف کو جسکا کہ مجھ کو ڈر ہے، اور دل تنگی کو

اَخَافُ مُؤْنَتَهٗ وَهَمَّ مَا اَخَافُ هَمَّهٗ بِلَا مُؤْنَةٍ

جسکا مجھے ڈر ہے، اور رنج کو جس کا کہ مجھے ڈر ہے خطرناک فکروں کو

عَلٰى نَفْسِيْ مِنْ ذٰلِكَ وَاصْرِفْنِيْ بِقَضَاءِ حَوَآئِجِيْ

مجھ سے دور کردے بغیر دشواری کے اور واپسی نصیب فرما مجھے میری قضائے حاجات کے ساتھ

وَكِفَايَةِ مَا اَهَمَّنِيْ هَمُّهٗ مِنْ اَمْرِ اٰخِرَتِيْ

اور فکروں سے نجات کے ساتھ خواہ وہ تفکرات و امور میری آخرت کے ہوں

وَدُنْيَايَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَيَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ

یا دنیا کے اے امیر المومنینؑ! اور اے ابو عبد اللہؑ!

عَلَيْكُمَا مِنِّيْ سَلَامُ اللّٰهِ اَبَدًا مَا بَقِيْتُ وَبَقِيَ

آپ دونوں پر میری طرف سے سلام ہو خدا کا ہمیشہ کیلئے جب تک کہ میں زندہ ہوں اور باقی ہیں

اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَلَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اٰخِرَ الْعَهْدِ

شب و روز اور نہ قرار دے اللہ میری زندگی کی یہ آخری

مِنْ زِيَارَتِكُمَا وَلَا فَرَّقَ اللّٰهُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمَا

آپ دونوں حضرات کی زیارت کو اور نہ تفرقہ ڈالے اللہ میرے اور آپ دونوں کے درمیان

اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ حَيٰوةَ مُحَمَّدٍ وَّذُرِّيَّتِهٖ وَ

یا اللہ! مجھے حیاتِ محمدؐ اور اولادِ محمدؐ کے ساتھ اور

اَمِتْنِيْ مَمَاتَهُمْ وَتَوَفَّنِيْ عَلٰى مِلَّتِهِمْ وَ

میری موت بھی ان کی موت کے ساتھ وابستہ فرما اور مجھے دنیا سے ان کے طریقے پر اٹھانا اور

اَحْشُرْنِيْ فِيْ زُمْرَتِهِمْ وَلَا تُفَرِّقْ بَيْنِيْ وَ

میرا حشر بھی ان حضرات کے گروہ کے ساتھ کرنا اور نہ جدائی ڈالنا میرے اور

بَيْنَهُمْ طَرْفَةَ عَيْنٍ اَبَدًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

ان کے درمیان ایک پلک جھپکنے کے برابر کبھی بھی دنیا اور آخرت میں

يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَيَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَتَيْتُكُمَا

اے امیرالمومنینؑ! اور ابو عبداللہؑ میں آپ دونوں کی خدمت میں

زَآئِرًا وَّمُتَوَسِّلًا اِلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمَا وَ

زیارت اور وسیلے کیلئے بارگاہِ خدا میں جو پروردگار ہے میرا اور آپ دونوں کا ہے اور

مُتَوَجِّهًا اِلَيْهِ بِكُمَا وَمُسْتَشْفِعًا بِكُمَا

توجہ کے ساتھ اس کی بارگاہ میں آپ دونوں کے ذریعے سے اور شفاعت و سفارش سے

اِلَى اللّٰهِ فِيْ حَاجَتِيْ هٰذِهٖ فَاشْفَعَا لِيْ فَاِنَّ

بارگاہِ خدا میں اپنی حاجت کے بارے میں پس میری سفارش کیجیے اس لیے کہ

لَكُمَا عِنْدَ اللّٰهِ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ وَالْجَاهَ

آپ دونوں کا مقام و مرتبہ عند اللہ بہت زیادہ قابلِ تعریف ہے اور مرتبہ

الْوَجِيْهَ وَالْمَنْزِلَ الرَّفِيْعَ وَالْوَسِيْلَةَ اِنِّیْ

بااثر اور منزل بلند اور وسیلہ ہے بیشک میں

اَنْقَلِبُ عَنْكُمَا مُنْتَظِرًا لِّتَنَجُّزِ الْحَاجَةِ وَ

واپس جارہا ہوں آپ دونوں کی خدمت سے یہ انتظار کرتے ہوئے کہ میری حاجت

قَضَائِهَا وَنَجَاحِهَا مِنَ اللّٰهِ بِشَفَاعَتِكُمَا

پوری ہوگی اور مجھے اپنے مقصد میں پوری کامیابی ہوگی اللہ کی جانب آپ دونوں کی شفاعت کی

لِیْ اِلَی اللّٰهِ فِیْ ذٰلِكَ فَلَا اَخِیْبُ وَلَا یَكُوْنُ

کے سبب بارگاہِ خدا میں جس میں مجھے محرومی نہ ہوگی اور نہ ہوگی

مُنْقَلَبِیْ مُنْقَلَبًا خَائِبًا خَاسِرًا بَلْ یَكُوْنُ مُنْقَلَبِیْ

میری واپسی ایسی کہ جس میں محرومی اور گھاٹے کی واپسی کا خیال ہو بلکہ میری واپسی ہو

مُنْقَلَبًا رَاجِحًا مُفْلِحًا مُنْجِحًا مُسْتَجَابًا بِقَضَاءِ

ایسی واپسی ہو جو کہ کامیابی اطمینان کامیابی اور قبولیت دعا کے ساتھ ہو

جَمِیْعِ حَوَآئِجِیْ وَتَشَفُّعًا لِیْ اِلَی اللّٰهِ انْقَلَبْتُ

جملہ حاجات کے پورا ہونے میں اور آپ دونوں کے حق میں اللہ سے سفارش کرنے کی، واپس ہوتا

عَلٰی مَا شَآءَ اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

ہوں اللہ کی مشیت کے مطابق اور نہ کوئی طاقت وقوت ہے سوائے اللہ کی مدد کے

مُفَوِّضًا اَمْرِیْ اِلَی اللّٰهِ مُلْجِاً ظَهْرِیْ اِلَی

سپرد کرتے ہوئے اپنا معاملہ اللہ کی طرف، اس کو اپنا پشت پناہ جانتے ہوئے بارگاہ میں

اللّٰهِ مُتَوَكِّلًا عَلَی اللّٰهِ وَاَقُوْلُ حَسْبِیَ اللّٰهُ وَ

اللہ کی، بھروسہ کرتے ہوئے اللہ پر اور میں کہتا ہوں کہ میرے لیے ہے اللہ

كَفٰی سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ دَعٰی لَیْسَ لِیْ وَرَآءَ

کافی ہے سنا اللہ نے دعا کو قبولیت کے ساتھ نہیں ہے میرے لیے علاوہ

اللّٰهِ وَوَرَآئِكُمْ يَا سَادَتِيْ مُنْتَهَى مَاشَآءَ

اللہ کے اور آپ حضرات کے لے میرے سردارو! آخری درجہ۔ جو چاہا

رَبِّيْ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ وَلَا حَوْلَ

میرے رب نے وہ ہو گیا اور جس کو نہ چاہا وہ ہرگز نہیں ہو سکتا اور نہ کوئی طاقت ہے

وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَسْتَوْدِعُكُمَا اللّٰهَ وَلَا

اور نہ کوئی قوت ہے سوائے اللہ کی مدد کے۔ میں آپ دونوں حضرات کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔ اور نہ

جَعَلَهُ اللّٰهُ اٰخِرَ الْعَهْدِ مِنِّيْ اِلَيْكُمَا اِنْصَرَفْتُ

قرار دے اس حاضری کو اللہ میری زندگی کی آخری میں آپ سے رخصت ہو رہا ہوں

يَا سَيِّدِيْ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَمَوْلَايَ وَ

لے میرے آقا لے امیر المومنین ! اور میرے مولا اور

اَنْتَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ يَا سَيِّدِيْ وَسَلَامِيْ

آپ لے ابو عبد اللہ (الحسین) لے میرے آقا ! اور میرا سلام ہو

عَلَيْكُمَا مُتَّصِلٌ مَّا اتَّصَلَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ

آپ دونوں حضرات پر جو جاری رہے گا جبتک کہ جاری ہیں شب و روز

وَاصِلٌ ذٰلِكَ اِلَيْكُمَا غَيْرُ مَحْجُوْبٍ عَنْكُمَا

اور آپ حضرات کی خدمت میں پہنچتا رہے اس کی رسائی میں کوئی رکاوٹ نہ ہو گی آپ

سَلَامِيْ اِنْشَآءَ اللّٰهُ وَاَسْئَلُهٗ بِحَقِّكُمَا اَنْ

دونوں پر میرے سلام ہیں انشاء اللہ اور میں سوال کرتا ہوں آپ کے حق کے واسطے سے کہ

يَّشَآءَ ذٰلِكَ وَيَفْعَلَ فَاِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

وہ ایسا ہی چاہے اور کرے ایسا ہی اس لیے کہ وہ تو صاحب حمد اور بزرگی والا ہے

اِنْقَلَبْتُ يَا سَيِّدَيَّ عَنْكُمَا تَآئِبًا حَامِدًا لِّلّٰهِ

میں رخصت ہوتا ہوں لے میرے سردارو ! آپ دونوں سے توبہ کے ساتھ اللہ کی حمد کے ساتھ

شَاكِرًا رَاجِيًا لِلْاِجَابَةِ غَيْرَ اٰيِسٍ وَّلَا قَانِطٍ

شکر بجالاتے ہوئے قبولیتِ دعا کی اُمید کرتے ہوئے نہ بغیر مایوسی کے اور نہ بغیر اُمیدی کے

اَئِبًا عَائِدًا رَاجِعًا اِلٰى زِيَارَتِكُمَا غَيْرَ

آپ حضرات کی زیارت کیلئے پھر واپسی کا ارادہ رکھتے ہوئے، دکھ کے ساتھ، بغیر

رَاغِبٍ عَنْكُمَا وَلَا مِنْ زِيَارَتِكُمَا بَلْ

رغبت کے آپ دونوں سے نہیں اور نہ آپ دونوں حضرات کی زیارت سے۔ بلکہ

رَاجِعٌ عَائِدٌ اِنْشَآءَ اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

دوبارہ واپس آؤں گا اگر اللہ نے چاہا۔ اور نہ کوئی طاقت ہے اور نہ قوت ہے

اِلَّا بِاللّٰهِ يَا سَادَتِيْ رَغِبْتُ اِلَيْكُمَا وَاِلٰى

سوائے اللہ کی مدد کے اے میرے سردارو! میں رغبت رکھتا ہوں آپ دونوں حضرات سے اور

زِيَارَتِكُمَا بَعْدَ اَنْ زَهِدَ فِيْكُمَا وَفِيْ

آپ دونوں حضرات کی زیارت کا مشتاق ہوں جبکہ دنیا داروں نے آپ سے کراہت کی ہے اور

زِيَارَتِكُمَا اَهْلُ الدُّنْيَا فَلَا خَيَّبَنِيَ اللّٰهُ

آپ حضرات کی زیارت سے بھی کنارہ کیا ہے اہلِ دنیا نے۔ اللہ مجھے ناکام و نامراد نہ کرے

مَا رَجَوْتُ وَمَا اَمَّلْتُ فِيْ زِيَارَتِكُمَا اِنَّهٗ

اُن اُمیدوں میں جو آپ حضرات کی زیارت سے مجھے حاصل ہوتی ہیں اس لیے کہ وہ

قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ۔

(ہم سے قریب ہے دعا قبول کرنے والا ہے۔)

زیارتِ ناحیہ

یہ زیارت وہ تحفۂ سلام اور مرثیہ ہے جس کو حضرت امامِ عصر علیہ السلام نے حضرت امام مظلوم سید الشہداء علیہ السلام کی خدمت میں نذرانۂ عقیدت کے طور پیش کیا ہے۔ اس زیارت کی سند اکابر علمائے شیعہ، علامہ مجلسیؒ، شیخ ابو جعفر طوسیؒ شیخ مفیدؒ اور سید ابن طاؤسؒ سے ملتی ہے۔ اس لیے یہ زیارت نہایت معتبر ہے۔

اس زیارت کو پڑھنا ایسا ہی ہے گویا امامؑ کا مرثیہ و نوحہ و سلام و نذرانۂ عقیدت بزبانِ امامؑ ہے جس کا ثواب بیحساب ہے۔ روزِ عاشورا کے علاوہ بھی عام ایام میں پڑھنے کا ثواب ہے:۔

اَلسَّلَامُ عَلٰی اٰدَمَ صَفْوَةِ اللّٰهِ مِنْ خَلِيْفَتِهٖ۔

سلام ہو حضرت آدمؑ پر جو برگزیدۂ خدا ہیں اپنی خلافت کے اعتبار سے

اَلسَّلَامُ عَلٰی شِيْثٍ وَّلِيِّ اللّٰهِ وَخِيَرَتِهٖ۔ اَلسَّلَامُ

سلام ہو حضرت شیثؑ پر جو ولیٔ خدا ہیں اپنی پسندیدگی کے سبب سے۔ سلام ہو

عَلٰی اِدْرِيْسَ الْقَائِمِ لِلّٰهِ بِحُجَّتِهٖ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰی

حضرت ادریسؑ پر جو مقیم ہیں (جنت میں) اللہ کیلئے اپنی دلیل کے ساتھ۔ سلام ہو اوپر

نُوْحٍ الْمُجَابِ فِيْ دَعْوَتِهٖ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰی هُوْدٍ

حضرت نوحؑ پر جن کی دعا قبول ہوئی اپنی دعا کے سبب سے۔ سلام ہو حضرت ہودؑ پر جن کی

اَلْمَمْدُوْدِ مِنَ اللّٰهِ بِمَعُوْنَتِهٖ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰی

مدد کی گئی اللہ کی طرف سے اپنی مدد چاہنے کے سبب سے سلام ہو اوپر

صَالِحٍ الَّذِیْ تَوَجَّهَهُ اللّٰهُ بِکَرَامَتِهٖ ۔ اَلسَّلَامُ

حضرت صالحؑ کے جن کو اللہ نے اپنے کرم و مہربانی سے ذی شان بنایا۔ سلام ہو

عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ الَّذِیْ حَبَاهُ اللّٰهُ بِخُلَّتِهٖ ۔ اَلسَّلَامُ

حضرت ابراہیمؑ کے اوپر جن کو اللہ نے اپنا خلیل (دوست) بنایا۔ سلام ہو

عَلٰی اِسْمٰعِیْلَ الَّذِیْ فَدَاهُ اللّٰهُ بِذِبْحٍ عَظِیْمٍ

حضرت اسمٰعیلؑ پر جن کیلئے اللہ نے ذبحِ عظیم کے پیشِ نظر فدیہ بھیجا

مِّنْ جَنَّتِهٖ ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰی اِسْحٰقَ الَّذِیْ جَعَلَ

اپنی جنت سے ۔ سلام ہو حضرت اسحاقؑ پر جن کی ذرّیت (اولاد)

اللّٰهُ النُّبُوَّةَ فِیْ ذُرِّیَّتِهٖ ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰی یَعْقُوْبَ

میں اللہ نے نبوت کا سلسلہ قائم کیا۔ سلام ہو حضرت یعقوبؑ کے اوپر

الَّذِیْ رَدَّ اللّٰهُ عَلَیْهِ بَصَرَهٗ بِرَحْمَتِهٖ ۔ اَلسَّلَامُ

کہ جنکی بصارت چشم اللہ نے اپنی رحمت سے واپس کی۔ سلام ہو

عَلٰی یُوْسُفَ الَّذِیْ نَجَّاهُ اللّٰهُ مِنَ الْجُبِّ

حضرت یوسفؑ کے اوپر کہ جنکو اللہ نے نجات دی کنویں (کی سختی) سے

بِعَظَمَتِهٖ ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰی مُوْسَی الَّذِیْ فَلَقَ اللّٰهُ

اپنی عظمت کے سبب سے۔ سلام ہو حضرت موسیٰؑ کے اوپر کہ اللہ نے شرگاف دیا

الْبَحْرَ لَهٗ بِقُدْرَتِهٖ ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰی هٰرُوْنَ الَّذِیْ

(چاک کیا) دریا کو جنکے لیے اپنی قدرت سے۔ سلام ہو حضرت ہارونؑ کے اوپر کہ جنکو

خَصَّهُ اللّٰهُ بِنُبُوَّتِهٖ ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰی شُعَیْبَ

اللہ نے خصوصیت بخشی اپنی نبوت عطا فرما کر۔ سلام ہو حضرت شعیبؑ کے اوپر

الَّذِیْ نَصَرَهُ اللّٰهُ عَلٰی اُمَّتِهٖ ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰی

کہ جنکو اللہ نے اپنی مدد دیکر اُنکی اُمت پر غلبہ عطا کیا۔ سلام ہو اوپر

دَاوٗدَ الَّذِیْ تَابَ اللّٰہُ مِنْ بَعْدِ خَطِیْٓئَتِہٖ ۔

حضرت داؤد ؑ کے جنکو اللہ نے معاف فرمایا انکے ترکِ اولیٰ کے بعد ۔

اَلسَّلَامُ عَلٰی سُلَیْمَانَ الَّذِیْ ذَلَّتْ لَہُ الْجِنُّ

سلام ہو حضرت سلیمان ؑ پر کہ جنکے لیے قومِ جنّ کو اللہ نے اپنی دی ہوئی

بِعِزَّتِہٖ ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰٓی اَیُّوْبَ الَّذِیْ شِفَاہُ

عزت سے تابع کر دیا ۔ سلام ہو حضرت ایوب ؑ پر کہ جنکو اللہ نے صحت عطا کی

اللّٰہُ مِنْ عِلَّتِہٖ ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰی یُوْنُسَ الَّذِیْ

انکی طویل بیماری سے ۔ سلام ہو حضرت یونس ؑ پر کہ جن کے اس

اَنْجَزَ اللّٰہُ مَضْمُوْنَ عِدَتِہٖ ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰی

وعدے کو اللہ نے پورا کیا جسکی انھوں نے ضمانت دی تھی ۔ سلام ہو اوپر

عُزَیْرٍ الَّذِیْ اَحْیَاہُ اللّٰہُ بَعْدَ مَیْتَتِہٖ ۔

حضرت عزیر ؑ کے کہ جن کو اللہ نے دوبارہ زندگی بخشی انکی موت کے بعد ۔

اَلسَّلَامُ عَلٰی زَکَرِیَّا الصَّابِرِ فِیْ مِحْنَتِہٖ ۔ اَلسَّلَامُ

سلام ہو حضرت زکریا ؑ پر جو اپنی شدید آزمائش پر بھی صابر رہے ۔ سلام ہو

عَلٰی یَحْیٰی الَّذِیْ اَزْلَفَہُ اللّٰہُ بِشَہَادَتِہٖ ۔

حضرت یحییٰ ؑ پر کہ جن کا مرتبہ اور بڑھا دیا اللہ نے انکی شہادت کے بعد ۔

اَلسَّلَامُ عَلٰی عِیْسٰی رُوْحِ اللّٰہِ وَکَلِمَتِہٖ ۔ اَلسَّلَامُ

سلام ہو حضرت عیسیٰ ؑ پر جو روح اللہ اور اُس کے کلمہ ہیں ۔ سلام ہو

عَلٰی مُحَمَّدٍ حَبِیْبِ اللّٰہِ وَصَفْوَتِہٖ ۔ اَلسَّلَامُ

حضرت محمد ﷺ (مصطفیٰ) پر جو محبوبِ خدا اور اسکے برگزیدہ و پسندیدہ ہیں ۔ سلام ہو

عَلٰٓی اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

اوپر مومنوں کے امیر حضرت علی ؑ ابنِ ابی طالب ؑ کے

الْمَخْصُوْصِ بِاُخُوَّتِهٖ ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰی فَاطِمَةَ

جنکو مخصوص فرمایا اللہ نے اُخوتِ پیغمبرؐ سے ۔ سلام ہو حضرت فاطمہؑ

الزَّهْرَآءِ اِبْنَتِهٖ ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰی اَبِیْ مُحَمَّدٍ

زہرا دخترِ رسولِ خدا پر ۔ سلام ہو حضرت ابو محمدؑ

الْحَسَنِ وَصِیِّ اَبِیْهِ وَخَلِیْفَتِهٖ ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰی

امام حسنؑ پر جو جانشین ہیں اپنے پدرِ بزرگوار کے اور انکے خلیفہ ہیں ۔ سلام ہو اوپر حضرت

الْحُسَیْنِ الَّذِیْ سَمَحَتْ نَفْسُهٗ بِمُهْجَتِهٖ ۔

امام حسینؑ کے ، کہ جنھوں نے انتہائی زخمی ہونے کے بعد راہِ خدا میں اپنی باقی ماندہ جان کو قربان کیا

اَلسَّلَامُ عَلٰی مَنْ اَطَاعَ اللّٰهَ فِیْ سِرِّهٖ وَعَلَانِیَتِهٖ ۔

سلام ہو اس پر کہ جس اللہ کی اطاعت کی پوشیدہ طور پر اور کھلم کھلا بھی

اَلسَّلَامُ عَلٰی مَنْ جَعَلَ اللّٰهُ الشِّفَآءَ فِیْ تُرْبَتِهٖ ۔

سلام ہو اس کے اوپر کہ جن کی قبر کی مٹی میں اللہ نے شفا بخشی

اَلسَّلَامُ عَلٰی مَنِ الْاِجَابَةُ تَحْتَ قُبَّتِهٖ ۔ اَلسَّلَامُ

سلام ہو اس کے اوپر ، کہ جس کے مزارِ مقدس کے گنبد کے نیچے دعائیں قبول ہوتی ہیں ۔ سلام ہو

عَلٰی مَنِ الْاَئِمَّةُ مِنْ ذُرِّیَّتِهٖ ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰی

اس پر ، کہ جنکی اولاد میں قیامت تک امام رہیں گے ۔ سلام ہو اوپر

ابْنِ خَاتَمِ الْاَنْبِیَآءِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰی ابْنِ سَیِّدِ

فرزندِ خاتم الانبیاءؐ کے سلام ہو اوپر فرزندِ سیدؐ

الْاَوْصِیَآءِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰی ابْنِ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ ۔

اوصیاءؑ کے سلامتی نازل ہو جناب فاطمہؑ زہرا کے لختِ جگر پر

اَلسَّلَامُ عَلٰی ابْنِ خَدِیْجَةَ الْکُبْرٰی ۔ اَلسَّلَامُ

سلامتی نازل ہو جناب خدیجۃ الکبریٰ کے فرزندِ ارجمند پر سلامتی نازل ہو

عَلَى ابْنِ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ۝ اَلسَّلَامُ عَلَى ابْنِ

سلامتی نازل ہو اس فرزند پر جو

عَلَى ابْنِ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى کے وارث پر

فرزند صاحب سدرۃ المنتہیٰ کے وارث

جَنَّةِ الْمَاوٰى ۝ اَلسَّلَامُ عَلَى ابْنِ زَمْزَمَ وَصَفَا ۝

سلامتی نازل ہو صاحب زمزم وصفا کے وارث پر

وارث ہے، مالک جنت الماویٰ کا۔

اَلسَّلَامُ عَلَى الْمُرَمَّلِ بِالدِّمَاءِ ۝ اَلسَّلَامُ عَلَى

سلامتی نازل ہو اس ذات مقدس پر جو خاک وخون میں لتھڑا ہوا تھا۔ سلامتی نازل ہو اس مظلوم پر

الْمَهْتُوكِ الْخِبَاءِ ۝ اَلسَّلَامُ عَلٰى خَامِسِ اَصْحٰبِ

سلامتی نازل ہو چادر تطہیر والوں کے پانچویں

کہ جس کے خیموں کو پھاڑ ڈالا گیا۔

الْكِسَاءِ ۝ اَلسَّلَامُ عَلٰى غَرِيبِ الْغُرَبَاءِ ۝ اَلسَّلَامُ

سلامتی نازل ہو مسافروں میں سب سے زیادہ بیکس مسافر پر سلام ہو

ساتھی (حسینؑ) پر

عَلٰى شَهِيدِ الشُّهَدَاءِ ۝ اَلسَّلَامُ عَلٰى قَتِيلِ

شہیدوں میں سب سے زیادہ پر درد شہید، سلام ہو اس کے اوپر جس کو قتل کیا

الْاَدْعِيَاءِ ۝ اَلسَّلَامُ عَلٰى سَاكِنِ كَرْبَلَاءِ ۝ اَلسَّلَامُ

بے نسلوں (زنا زادوں) نے۔ سلام ہو کربلا میں مقیم حسین مظلوم پر سلام ہو

عَلٰى مَنْ بَكَتْهُ مَلَائِكَةُ السَّمَاءِ ۝ اَلسَّلَامُ

سلام ہو

اس پر کہ جس کے اوپر آسمان کے فرشتے بھی رو دیے۔

عَلٰى مَنْ ذُرِّيَّتُهُ الْاَزْكِيَاءُ ۝ اَلسَّلَامُ عَلٰى

سلام ہو اس کے اوپر

اس پر جس کی اولادیں پاکیزہ امام ہیں

يَعْسُوبِ الدِّيْنِ ۝ اَلسَّلَامُ عَلٰى مَنَازِلِ الْبَرَاهِيْنِ

سلام ہو ان پر جو منزلوں کی طرف جنتیوں کے خدا ہیں

جو دین کے سردار ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَى الْاَئِمَّةِ السَّادَاتِ ۝ اَلسَّلَامُ عَلٰى

سلام ہو ان

سلام ہو ان اماموں پر جو ملت کے سردار ہیں

الْجُيُوْبِ الْمُضَرَّجَاتِ ۞ اَلسَّلَامُ عَلَى الشِّفَاهِ

گریبانوں پر جو خون سے بھرے ہوئے تھے ، سلام ہو ان ہونٹوں پر جو

الذَّابِلَاتِ ۞ اَلسَّلَامُ عَلَى النُّفُوْسِ الْمُصْطَلَمَاتِ

پیاس سے سوکھے ہوئے تھے ۔ سلام ہو ان شہداء پر جن کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا گیا

اَلسَّلَامُ عَلَى الْاَرْوَاحِ الْمُخْتَلَسَاتِ ۞ اَلسَّلَامُ

سلام ہو ان کی ارواح پر جنکے قتل کے بعد فوراً ہی لوٹ لیا گیا سلام ہو

عَلَى الْاَجْسَادِ الْعَارِيَاتِ ۞ اَلسَّلَامُ عَلَى الْجُسُوْمِ

ان جسدوں پر جو برہنہ کر دیے گئے ۔ سلام ہو ان جسموں پر جو

الشَّاحِبَاتِ ۞ اَلسَّلَامُ عَلَى الدِّمَاءِ السَّائِلَاتِ ۞

بے رنگ و متغیر ہو گئے تھے سلام ہو (زمین کربلا پر) بہنے والے خونِ شہداء پر

اَلسَّلَامُ عَلَى الْاَعْضَاءِ الْمُقَطَّعَاتِ ۞ اَلسَّلَامُ

سلام ہو ان اعضاء پر جن کو جسموں سے کاٹ ڈالا گیا سلام ہو ان مقدس

عَلَى الرُّؤُسِ الْمُشَالَاتِ ۞ اَلسَّلَامُ عَلَى النِّسْوَةِ

سروں پر جن کو نیزوں پر اٹھایا گیا سلام ہو ان مستوراتِ عصمت پر

الْبَارِزَاتِ ۞ اَلسَّلَامُ عَلَى حُجَّةِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ۞

جن کو بے ردا کیا گیا سلام ہو پروردگارِ عالمین کی حجت (امام حسینؑ) پر

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلَى اٰبَائِكَ الطَّاهِرِيْنَ ۞

سلام ہو آپ کے اوپر اور آپکے آبائے پاکیزگان کے اوپر

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلَى اَبْنَائِكَ الْمُسْتَشْهَدِيْنَ

سلام ہو آپ کے اوپر اور آپکے شہید فرزندوں کے اوپر

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلَى ذُرِّيَّتِكَ النَّاصِرِيْنَ ۞

سلام ہو آپ کے اوپر اور آپ کی نصرت کرنے والی اولاد کے اوپر

Scanned with CamScanner

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلَى الْمَلَآئِكَةِ الْمُضَاجِعِيْنَ

سلام ہو آپ کے اوپر اور آپ کے پہلو میں رہنے والے فرشتوں کے اوپر

اَلسَّلَامُ عَلَى الْقَتِيْلِ الْمَظْلُوْمِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰى اَخِيْهِ

سلام ہو ظلم وستم سے قتل کیے جانے والوں کے اوپر۔ سلام ہو ان کے بھائی (حسنؑ)

الْمَسْمُوْمِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰى عَلِيِّ نِ الْكَبِيْرِ ۔ اَلسَّلَامُ

کے اوپر جنکو زہر دیا گیا۔ سلام ہو علی اکبر کے اوپر سلام ہو

عَلَى الرَّضِيْعِ الصَّغِيْرِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَى الْاَبْدَانِ

(دودھ پیتے) صغیر (علی اصغرؑ) کے اوپر۔ سلام ہو اُن بدنوں کے اوپر

السَّلِيْبَةِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَى الْعِتْرَةِ الْقَرِيْبَةِ ۔ اَلسَّلَامُ

جنکو قتل کے بعد لٹکایا گیا۔ سلام ہو (نبیؐ کی) قریب ترین اولاد کے اوپر سلام ہو

عَلَى الْمُجَدَّلِيْنَ فِى الْفَلَوَاتِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰى

ان جسموں کے اوپر جنکو (قتل کے بعد) بیابان میں چھوڑ دیا گیا سلام ہو ان

النَّازِحِيْنَ عَنِ الْاَوْطَانِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَى الْمَدْفُوْنِيْنَ

مسافروں پر جو اپنے وطن سے دور کر دیے گئے۔ سلام ہو ان دفن کیے جانے والوں

بِلَا اَكْفَانٍ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَى الرُّءُوْسِ الْمُفَرَّقَةِ

کے اوپر جو بے کفن تھے سلام ہو اُن پاکیزہ سروں کے اوپر جنکو جدا کیا گیا

عَنِ الْاَبْدَانِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَى الْمُحْتَسِبِ الصَّابِرِ

اُن کے جسموں سے سلام ہو راہِ خدا میں تکلیف اٹھانے والے صابر کے اوپر

اَلسَّلَامُ عَلَى الْمَظْلُوْمِ بِلَا نَاصِرٍ ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰى

سلام ہو ان مظلوموں کے اوپر جنکا کوئی مددگار نہ تھا سلام ہو ان کے اوپر جو

سَاكِنِ التُّرْبَةِ الزَّاكِيَةِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلٰى صَاحِبِ

پاکیزہ تربت میں رہنے والے ہیں سلام ہو ان کے اوپر جو مالک ہیں

الْقُبَّةِ السَّامِيَةِ • اَلسَّلَامُ عَلٰى مَنْ طَهَّرَهٗ

بلند و شاندار گنبد کے سلام ہو اس پر جس کو پاکیزہ رکھا

الْجَلِيْلُ • اَلسَّلَامُ عَلٰى مَنِ افْتَخَرَ بِهٖ جِبْرِيْلُ

خدائے بزرگ نے ۔ سلام ہو اس پر کہ جس پر فخر کیا جبریلؑ نے

اَلسَّلَامُ عَلٰى مَنْ نَّاغَاهُ فِى الْمَهْدِ مِيْكَائِيْلُ

سلام ہو اس پر جسکو لوریاں دیں گہوارے میں میکائیلؑ نے

اَلسَّلَامُ عَلٰى مَنْ نُّكِثَتْ ذِمَّتُهٗ • اَلسَّلَامُ عَلٰى

سلام ہو اس پر جس کے بارے میں عہد و پیمان توڑا گیا ۔ سلام ہو اس پر

مَنْ هُتِكَتْ حُرْمَتُهٗ • اَلسَّلَامُ عَلٰى مَنْ اُرِيْقَ

جس کی حرمت کو ضائع کیا گیا ۔ سلام ہو اس پر جس کا بہا دیا گیا

بِالظُّلْمِ دَمُهٗ • اَلسَّلَامُ عَلَى الْمُغَسَّلِ بِدَمِ الْجِرَاحِ

ظلم سے خون سلام ہو اس پر جسکو زخموں کے بہتے ہوئے خون میں نہلایا گیا

اَلسَّلَامُ عَلَى الْمُجَرَّعِ بِكَاْسَاتِ الرِّمَاحِ • اَلسَّلَامُ

سلام ہو اس پر جس کو ہر طرف سے نیزے لگائے گئے ۔ سلام ہو

عَلَى الْمُضَامِ الْمُسْتَبَاحِ • اَلسَّلَامُ عَلَى الْمَنْحُوْرِ

اس پر جس پر ہر طرح کا ظلم روا رکھا گیا سلام ہو اس پر جس کو لوگوں نے

فِى الْوَرٰى • اَلسَّلَامُ عَلٰى مَنْ دَفَنَهٗ اَهْلُ الْقُرٰى

گھیر کر قتل کیا ۔ سلام ہو اس پر جس کو گاؤں کے لوگوں نے دفن کیا

اَلسَّلَامُ عَلَى الْمَقْطُوْعِ الْوَتِيْنِ • اَلسَّلَامُ عَلٰى

سلام ہو اس پر جس کی شہ رگ کو بیدردی سے کاٹا گیا ۔ سلام ہو اس پر جو

الْمُحَامِىْ بِلَا مُعِيْنٍ • اَلسَّلَامُ عَلَى الشَّيْبِ الْخَضِيْبِ

یکہ و تنہا دشمنوں کی یلغار کو ہٹا رہا تھا ۔ سلام ہو اس ریشِ اقدس پر جو خون سے سُرخ تھی

اَلسَّلَامُ عَلَى الْخَدِّ التَّرِيْبِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَى

سلام ہو خاک آلودہ رخساروں پر سلام ہو

الْبَدَنِ التَّرِيْبِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَى الثَّغْرِ الْمَقْرُوْعِ

غبار آلودہ جسم اقدس پر سلام ہو ان دانتوں پر جن کے اوپر لکڑی

بِالْقَضِيْبِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَى الرَّأْسِ الْمَرْفُوْعِ ۔ اَلسَّلَامُ

چھڑی چلائی گئی سلام ہو اس سر اقدس پر جو نیزے پر بلند کیا گیا سلام ہو

عَلَى الْاَجْسَامِ الْعَارِيَةِ فِى الْفَلَوَاتِ تَنْهَشُ

ان جسموں پر جو برہنہ پڑے تھے جن کو امت کے ستمگر بھیڑیوں کی طرح جنگل

الذِّئَابُ الْعَادِيَاتُ وَتَخْتَلِفُ اِلَيْهَا السِّبَاعُ

میں دوڑ دوڑ کر جھنجھوڑ رہے تھے اور کاٹ کھانے والے درندوں کی طرح ان کے

الضَّارِيَاتُ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَوْلَاىَ وَعَلَى

اوپر ظلم وستم کر رہے تھے ۔ سلام ہو آپ پر اے میرے آقا اور ان

الْمَلٰٓئِكَةِ الْمَرْفُوْفِيْنَ حَوْلَ قُبَّتِكَ الْحَآفِّيْنَ

فرشتوں پر بھی سلام ہو جو آپکے قبے کے گرد جمع رہتے ہیں اور جو آپ کی تربت مبارک

بِتُرْبَتِكَ الطَّآئِفِيْنَ بِعَرْصَتِكَ الْوَارِدِيْنَ

کو گھیرے رہتے ہیں اور آپکے صحن اقدس کا طواف کرتے ہیں اور حاضر ہوتے رہتے ہیں

لِزِيَارَتِكَ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ فَاِنِّىْ قَصَدْتُّ اِلَيْكَ

آپ کی زیارت کیلئے ۔ سلام ہو آپ پر پس میں نے آپکی طرف قصد کیا ہے

وَرَجَوْتُ الْفَوْزَ لَدَيْكَ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ سَلَامَ

اور امیدوار ہوں کامیابی کا آپکی بارگاہ سے ۔ سلام ہو آپ کے اوپر اسکا سلام

الْعَارِفِ بِحُرْمَتِكَ الْمُخْلِصِ فِىْ وِلَايَتِكَ

جو آپکی حرمت کو پہچانتا ہے جو بالکل خالص ہے آپکی ولایت کے بارے میں

الْمُتَقَرِّبِ اِلَى اللّٰهِ بِمَحَبَّتِكَ الْبَرِیْٓءُ مِنْ

تقرب چاہتا ہے بارگاہِ خدا میں آپ کی محبت کے ذریعے، جو بیزار ہے

اَعْدَآئِكَ سَلَامٌ مَنْ قَلْبُهٗ بِمُصَابِكَ مَقْرُوْحٌ

آپ کے دشمنوں سے۔ سلام ہو اس کا، جس کا دل آپکی مصیبتوں کے باعث زخمی ہے

وَّدَمْعُهٗ عِنْدَ ذِكْرِكَ مَسْفُوْحٌ ۔ سَلَامٌ

اور جس کے آنسو آپ کے ذکر کے وقت جاری رہتے ہیں سلام ہو اس کا

الْمَفْجُوْعِ الْحَزِيْنِ الْوَالِهِ الْمُسْتَكِيْنِ ۔ سَلَامٌ

جو آپ کے مصائب کے باعث نہایت دردمند، رنجیدہ وملول اور بے حال ہے، اسی کا سلام ہو

مَنْ لَّوْ كَانَ مَعَكَ بِالطُّفُوْفِ لَوَقَاكَ بِنَفْسِهٖ

جو اگر آپ کے ساتھ میدانِ کربلا میں قریب بھی ہوتا تو اپنی جان کو ڈال دیتا

حَدَّ السُّيُوْفِ وَبَذَلَ حَشَاشَتَهٗ دُوْنَكَ

تلواروں کی باڑھ کے اوپر اور قربان کر دیتا اپنے خون کا آخری قطرہ آپ کے

لِلْحُتُوْفِ وَجَاهَدَ بَيْنَ يَدَيْكَ وَنَصَرَكَ

اوپر اور جہاد میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتا آپ کے سامنے اور آپ کی مدد کرتا

عَلٰى مَنْ بَغٰى عَلَيْكَ وَفَدَاكَ بِرُوْحِهٖ وَ

آپ کے دشمنوں کی خاطر میں اور آپ کے اوپر فدا کر دیتا اپنی روح کو اور

جَسَدِهٖ وَمَالِهٖ وَوَلَدِهٖ وَرُوْحُهٗ لِرُوْحِكَ

اپنے جسم کو اور اپنے مال اور اپنی اولاد کو اور اسکی روح تک آپ کی روحِ پاک پر

فِدَاءٌ وَّاَهْلُهٗ لِاَهْلِكَ وِقَآءٌ فَلَئِنْ اَخَّرَتْنِي

فدا ہوتی اور اس کے اہل وعیال آپ کے اہلبیت پر فدا ہوتے۔ اب جبکہ مجھے مؤخر کر دیا ہے

الدُّهُوْرُ وَعَاقَنِيْ عَنْ نَّصْرِكَ الْمَقْدُوْرُ وَ

زمانوں کے الٹ پھیر نے اور مجھے پیچھے کر دیا اور روک دیا ہے آپکی مدد سے میرے مقدر نے اور

لَمْ اَكُنْ لِّمَنْ حَارَبَكَ مُحَارِبًا وَّلِمَنْ

نہیں لڑ سکا میں اُن سے جو آپ سے لڑنے والے تھے اور آپ کے

نَصَبَ لَكَ الْعَدَاوَةَ مُنَاصِبًا فَلَاَنْدُبَنَّكَ

دشمنوں کے مقابلے کیلئے میں کھڑا نہ ہو سکا تو میں آنسو ہی بہاتا رہوں گا

صَبَاحًا وَّمَسَاءً وَّلَاَبْكِيَنَّ لَكَ بَدَلَ

صبح و شام اور روتا ہی رہوں گا آپ کے لیے بجائے

الدُّمُوْعِ دِمَاءً حَسْرَةً عَلَيْكَ وَتَاَسُّفًا عَلٰى

آنسوؤں کے خون کے آنسوؤں سے۔ یہ آپ کا غم آپ کے مصائب پر رنج و ملال

مَا دَهَاكَ وَتَلَهُّفًا حَتّٰى اَمُوْتَ بِلَوْعَةِ الْمُصَابِ

اور آہِ پُر درد کبھی جانے والی نہیں یہانتک کہ اسی سوزشِ غم، اسی رنج و مصیبت

وَغُصَّةِ الْاِكْتِئَابِ ۝ اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ

اور غم و غصہ کو لیکر دنیا سے اٹھ جاؤں گا۔ (مولا!) میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً

اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتَ الزَّكٰوةَ وَاَمَرْتَ

آپ نے نماز کو قائم کیا اور زکوٰۃ دی آپ نے، اور حکم دیا آپ نے

بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْعُدْوَانِ

نیکیوں کا اور روکا آپ نے برائیوں اور سرکشی سے

وَاَطَعْتَ اللّٰهَ وَمَا عَصَيْتَهٗ وَتَمَسَّكْتَ بِهٖ

اور آپ نے اللہ کی اطاعت کی اور کبھی اسکی نافرمانی نہ کی اور اپنا رابطہ اُس سے قائم رکھا

فَاَرْضَيْتَهٗ وَخَشِيْتَهٗ وَرَاقَبْتَهٗ وَاسْتَجَبْتَهٗ

اور اسکو انتہائی راضی رکھا اور اس سے ڈرتے رہے اور اس کی طرف متوجہ رہے اور اسکی رضا پر خوش رہے

وَسَنَنْتَ السُّنَنَ وَاَطْفَاْتَ الْفِتَنَ وَ

اور آپ نے سنتِ ہدیٰ کو قائم کیا اور خاموش کر دیا فتنوں کی آگ کو اور

دَعَوْتَ اِلَى الرَّشَادِ وَاَوْضَحْتَ سُبُلَ السَّدَادِ

لوگوں کو حق کی طرف بلایا اور حق کے راستوں کو واضح و ظاہر کیا

وَجَاهَدْتَ فِي اللّٰهِ حَقَّ الْجِهَادِ وَكُنْتَ لِلّٰهِ

اور آپ نے خدا کی راہ میں جہاد کا پورا پورا حق ادا کیا اور آپ اللہ کے لیے

طَائِعًا وَلِجَدِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

بیحد مطیع ثابت ہوتے اور اپنے جدِ امجد حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ (درود ہو آپ اور آپ کی آل پر)

تَابِعًا وَّلِقَوْلِ اَبِيْكَ سَامِعًا وَّاِلٰى وَصِيَّةِ اَخِيْكَ

کے پیرو رہے اور اپنے پدر بزرگوار کے تابع رہے اور اپنے بھائی حسن کی وصیت کو

مُسَارِعًا وَّلِعِمَادِ الدِّيْنِ رَافِعًا وَّلِلطُّغْيَانِ قَامِعًا

جلد پورا کیا - اور آپ دین کے ستون کو بلند کرنے والے ہیں اور سرکشی کی بنیاد کو کھودنے والے ہیں

وَّلِلطُّغَاةِ مُقَارِعًا وَّلِلْاُمَّةِ نَاصِحًا وَّفِي غَمَرَاتِ

اور سرکشوں کے سروں کو کچل دینے والے ہیں اور اُمت پیغمبرؐ کے ناصح ہیں اور مصیبتوں

الْمَوْتِ سَابِحًا وَّلِلْفُسَّاقِ مُكَافِحًا وَّبِحُجَجِ اللّٰهِ

موت کے پیرنے والے ہیں اور فاسقوں کا مردانہ وار مقابلہ کرنے والے ہیں اور خدا کی دلیلوں کے

قَائِمًا وَّلِلْاِسْلَامِ وَلِلْمُسْلِمِيْنَ رَاحِمًا وَّلِلْحَقِّ

ساتھ قائم رہنے والے ہیں اور اسلام اور مسلمانوں کیلئے دل میں رحم رکھنے والے ہیں اور حق کیلئے

نَاصِرًا وَّعِنْدَ الْبَلَاءِ صَابِرًا وَّلِلدِّيْنِ قَالِعًا وَّ

مددگار ہیں اور سخت آزمائشوں میں صابر ہیں اور دین کے لیے محافظ ہیں اور

عَنْ حَوْزَتِهٖ مُرَامِيًا تَحُوْطُ الْهُدٰى وَتَنْصُرُهٗ

اس پر حملہ کرنے والوں کا منہ پھیرنے والے ہیں، ہدایت کی حفاظت اور اسکی نصرت کرتے رہے

وَتَبْسُطُ الْعَدْلَ وَتَنْشُرُهٗ وَتَنْصُرُ الدِّيْنَ وَتُظْهِرُهٗ

اور عدل و انصاف کی نشر و اشاعت کرتے رہے اور دین کی نصرت اور اسکو اظہار کرتے رہے

وَتَكُفُّ الْعَابِثَ وَتَزْجُرُهُ وَتَأْخُذُ لِلدَّنِيِّ

اور دین کو چھیڑ جاننے والوں کی روک ٹوک اور ڈانٹ ڈپٹ کرتے رہے اور طاقتور سے کمزوروں

مِنَ الشَّرِيفِ وَتُسَاوِي فِي الْحُكْمِ بَيْنَ الْقَوِيِّ

کا حق دلاتے رہے اور مساوی و برابر تھے آپ کی نظر میں حکم کے بارے میں طاقتور

وَالضَّعِيفِ كُنْتَ رَبِيعَ الْأَيْتَامِ وَعِصْمَةَ الْأَنَامِ

اور کمزور، اور بہار تھے یتیموں کیلئے اور پناہ گاہ تھے مخلوق کیلئے

وَعِزَّ الْإِسْلَامِ وَمَعْدِنَ الْأَحْكَامِ وَحَلِيفَ

اور عزت تھے اسلام کیلئے اور سرمایہ تھے احکامِ الٰہی کا اور عزم رکھتے تھے حاجتمندوں

الْإِنْعَامِ سَالِكًا طَرَآئِقَ جَدِّكَ وَأَبِيكَ

کو انعامات دینے کا، آپ چلنے والے تھے اپنے جدِ امجد اور اپنے پدر بزرگوار کے طریقوں پر

مُشْبِهًا فِي الْوَصِيَّةِ لِأَخِيكَ وَفِي الذِّمَمِ رَضِيَّ

اپنے بھائی (حسن) کی طرح امرِ خیر کی ہدایت کرنیوالے تھے اور اپنی ذمے داریوں کو بخوشی اور

الشِّيَمِ ظَاهِرَ الْكَرَمِ مُتَهَجِّدًا فِي الظُّلَمِ قَوِيمَ

رغبت پورا کرنیوالے تھے۔ اپنی سخاوت میں جانے پہچانے تھے، پردۂ شب میں تہجد گذار تھے۔ مضبوط تھا

الطَّرَآئِقِ كَرِيمَ الْخَلَآئِقِ عَظِيمَ السَّوَابِقِ

آپ کا ہر طریقہ کریم تھے مخلوقِ خدا کے درمیان، عظیم تھے ہر سبقت میں

شَرِيفَ النَّسَبِ مُنِيفَ الْحَسَبِ رَفِيعَ الرُّتَبِ

شریف تھے نسب میں آپ کے کمالات انتہائی بلندی پر تھے اعلیٰ تھے مراتب میں

كَثِيرَ الْمَنَاقِبِ مَحْمُودَ الضَّرَآئِبِ جَزِيلَ

بہت زیادہ تھے آپکے فضائل پسندیدہ تھے آپکے خصائل، نہایت ہی

الْمَوَاهِبِ حَلِيمٌ رَشِيدٌ مُنِيبٌ جَوَادٌ شَدِيدٌ

قیمتی تھیں آپکی بخششیں۔ حلیم و بردبار، ہدایت والے عطا بخشش والے تھے بہت زیادہ

عَلِيْمٌ اِمَامٌ شَهِيْدٌ اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ حَبِيْبٌ

عالم امام شہید خدا سے بہت لو لگانے والے محبوب خدا

مُّهِيْبٌ كُنْتَ لِلرَّسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

لوگوں کو اللہ سے ڈرانے والے (اور) رسولِ خدا (درود ہو اللہ کا آنحضرت اور انکی آل پر)

وَلَدًا وَّ لِلْقُرْاٰنِ سَنَدًا وَّ لِلْاُمَّةِ عَضُدًا وَّ

کے فرزند ہیں اور قرآن کے لیے سند اور امت کیلئے دست و بازو اور

فِي الطَّاعَةِ مُجْتَهِدًا حَافِظًا لِّلْعَهْدِ وَ الْمِيْثَاقِ

اطاعتِ خدا میں بہت کوشش کرنیوالے ہیں، حفاظت کرنے والے عہد اور پیمان کے

نَاكِبًا عَنْ سُبُلِ الْفُسَّاقِ بَازِلًا لِّلْجُهُوْدِ طَوِيْلَ

الگ رہنے والے فاسقوں کے راستوں سے، عطا کرنے والے مصیبت زدوں کو، دیر تک

الرُّكُوْعِ وَ السُّجُوْدِ زَاهِدًا فِي الدُّنْيَا زُهْدَ

رکوع اور سجدے کرنیوالے، دنیا سے اس طرح بے تعلق جیسے آپ دنیا سے

الرَّاحِلِ عَنْهَا نَاظِرًا اِلَيْهَا بِعَيْنِ الْمُسْتَوْحِشِيْنَ

جلد رخصت ہونیوالے ہیں۔ آپ نے دنیا کو ہمیشہ نفرت بھری نظروں سے

مِنْهَا اٰمَالُكَ عَنْهَا مَكْفُوْفَةٌ وَّ هِمَّتُكَ

دیکھا۔ آپ کی آرزوئیں اس سے ہٹی ہوئی تھیں اور بہت ہی دور تھے آپ

عَنْ زِيْنَتِهَا مَصْرُوْفَةٌ وَّ الْحَاظُكَ عَنْ

اس کی زینت و آرائش سے، اور اسکی رونق سے

بَهْجَتِهَا مَطْرُوْفَةٌ وَّ رَغْبَتُكَ فِي الْاٰخِرَةِ

حالانکہ دنیا جانتی ہے کہ آپ کی رغبت صرف آخرت کی

با لکل ایک طرف، مَعْرُوْفَةٌ حَتّٰى اِذَا الْجَوْرُ مَدَّ بَاعَهٗ وَ اَسْفَرَ

طرف ہے، یہانتک کہ جب ستم و جور اپنے ہاتھ بڑھانے لگا اور تو ہلکا سا

الظُّلْمُ قَنَاعَهٗ وَدَعَى الْغَيَّ اَتْبَاعَهٗ وَاَنْتَ

پردہ ظلم کے چہرے پر پڑا ہوا تھا وہ نہ رہا اور ہر طرف سے اپنے چیلوں کو بلا لیا، تو اُس وقت آپ

فِیْ حَرَمِ جَدِّكَ قَاطِنٌ وَّ لِلظَّالِمِیْنَ مُبَایِنٌ

اپنے جدِّ امجد کے حرم پاک میں مقیم تھے، اور ظالموں سے قطعاً دور تھے

جَلِیْسُ الْبَیْتِ وَالْمِحْرَابِ مُعْتَزِلٌ عَنِ

گوشہ نشین اور محرابِ عبادت میں محوِ عبادت تھے، کنارہ کش تھے آپ

اللَّذَّاتِ وَالشَّهَوَاتِ تُنْكِرُ الْمُنْكَرَ بِقَلْبِكَ

دنیاوی لذتوں اور خواہشوں سے، اور ہر بُری بات سے اپنے دل

وَلِسَانِكَ عَلٰی حَسَبِ طَاقَتِكَ وَ اِمْكَانِكَ

اور اپنی زبان کو اپنی طاقت و ارکان کے مطابق آپ نے اپنی ذات کو محفوظ رکھا

ثُمَّ اقْتَضَاكَ الْعِلْمُ لِلْاِنْكَارِ وَلَزِمَكَ اَنْ

پھر آپ نے اپنے حق شناس علم کے ذریعے سے (بیعتِ یزید سے) انکار کیا اور لازم کر لیا کہ

تُجَاهِدَ الْفُجَّارَ فَسِرْتَ فِیْ اَوْلَادِكَ وَاَهَالِیْكَ

فاسقوں اور فاجروں سے جہاد کریں، پس فوراً آپ اپنی اولاد اور اہلِ خاندان

وَشِیْعَتِكَ وَمَوَالِیْكَ وَصَدَعْتَ بِالْحَقِّ

اور اپنے فرمانبرداروں اور دوستوں کی جماعت کو لیکر چل پڑے آپ حق کیساتھ

وَالْبَیِّنَةِ وَدَعَوْتَ اِلَی اللّٰهِ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ

اور دلائلِ واضح و روشن کیساتھ اور آپ نے لوگوں کو بلایا اللہ کی طرف حکمت اور نصیحتِ

الْحَسَنَةِ فَاَمَرْتَ بِاِقَامَةِ الْحُدُوْدِ وَالطَّاعَةِ

پسندیدہ سے پس آپ نے حکم دیا قیامِ حدود و احکاماتِ شریعت اور اطاعتِ

لِلْمَعْبُوْدِ وَنَهَیْتَ عَنِ الْخَبَائِثِ وَالطُّغْیَانِ

معبود کا اور لوگوں کو روکا خباثت و محرّمات کے ارتکاب سے اور سرکشی سے

وَوَاجَهُوكَ بِالظُّلْمِ وَالْعُدْوَانِ فَجَاهَدْتَهُمْ

لیکن ستمگاروں نے ظلم و عدوان سے آپ کا مقابلہ کیا پس آپ نے جہاد شروع کیا

بَعْدَ الْإِيعَازِ إِلَيْهِمْ وَتَأْكِيدِ الْحُجَّةِ عَلَيْهِمْ

اور پہلے تو انکو غضب خدا سے ڈرایا اور تاکید کی اپنی حجت ان پر ہر طرح قائم کی

فَنَكَثُوا إِذِمَامَكَ وَبَيْعَتَكَ وَأَسْخَطُوا رَبَّكَ

لیکن اسکے باوجود انھوں نے آپ کے بارے میں عہد اور آپ سے کی ہوئی بیعت کو توڑ دیا اور انھوں نے غضب کیا

وَجَدَّكَ وَبَدَءُوكَ بِالْحَرْبِ فَنَبَتَّ

آپ کے رب اور آپ کے جدِ امجد کو اور آپ سے لڑنے کی ابتدا کر دی پس آپ بھی تیار ہو گئے

لِلطَّعْنِ وَالضَّرْبِ وَطَحَنَتْ جُنُودَ الْفُجَّارِ

نیزہ و شمشیر اور حرب و ضرب کیلئے اور آپ نے فاجروں کے لشکر کو پیس ڈالا

وَاقْتَحَمْتَ قَسْطَلَ الْغُبَارِ مُجَادِلًا بِذِي الْفِقَارِ

اور آپ جنگ کے گہرے غبار میں دھنسے ہوئے ذوالفقار سے جنگ کرتے ہوئے آپ

كَأَنَّكَ عَلِيُّ الْمُخْتَارُ فَلَمَّا رَأَوْكَ ثَابِتَ

اسطرح قتال کر رہے تھے گویا حیدر کرار جنگ کر رہے ہیں۔ پس اعداء نے جب آپکو دل کا

الْجَاشِ غَيْرَ خَائِفٍ وَلَا خَاشٍ نَصَبُوا لَكَ

مضبوط اور بے خوف و ہراس دیکھا تو وہ آپ کے لیے

غَوَائِلَ مَكْرِهِمْ وَقَاتَلُوكَ بِكَيْدِهِمْ وَ

مکر و فریب کے جال بچھانے لگے اور آپ سے لڑنے لگے اپنے مخصوص سفیانی مکاریوں

شَرِّهِمْ وَأَمَرَ اللَّعِينُ جُنُودَهُ فَمَنَعُوكَ

اور شرارتوں کے ساتھ اور حکم دیا عمر بن سعد ملعون نے اپنے مکار لشکر کو کہ بند کر دو حسین

الْمَاءَ وَوُرُودَهُ وَتَاجَزُوكَ الْقِتَالَ وَ

کے لیے پانی کو اور سب کے سب پے در پے آپ سے لڑنے لگے اور

عَاجَلُوْكَ النِّزَالَ وَسَرْشَقُوْكَ بِالسِّهَامِ وَالنِّبَالِ

بڑی سے بڑی جلدی کر کے آپ پر حملہ آور ہوئے اور آپ کو تیروں سے چھلنی کر دیا اور سرے

وَبَسَطُوْا اِلَيْكَ اَكُفَّ الْاِصْطِلَامِ وَلَمْ

ظلم کے ہاتھ آپ کی طرف بڑھا دیے ۔ اور نہ

يَرْعَوْا لَكَ ذِمَامًا وَّلَا رَاقَبُوْا فِيْكَ اٰثَامًا

انھوں نے آپ کے بارے میں اپنی ذمے داریوں کو دیکھا اور نہ یہ کہ آپ اور

فِيْ قَتْلِهِمْ اَوْلِيَآئَكَ وَنَهْبِهِمْ رِحَالَكَ

آپ کے دوستوں کو قتل کرنے میں (کچھ تامل کیا) اور آپ کے سامان کو لوٹنے میں

اَنْتَ مُقْدِمٌ فِي الْهَبَوَاتِ وَمُحْتَمِلٌ لِّلْاَذِيَّاتِ

وہ کس قدر سخت گناہ کے مرتکب ہوئے۔ آپ جنگ کی اذیتوں کو بڑے صبر و تحمل سے برداشت

قَدْ عَجِبَتْ مِنْ صَبْرِكَ مَلَآئِكَةُ السَّمٰوٰتِ

کر رہے تھے کہ ملائکہ آسمان آپ کے صبر و تحمل پر انگشت بدنداں محو حیرت تھے

فَاَحْدَقُوْا بِكَ مِنْ كُلِّ الْجِهَاتِ وَاَثْخَنُوْكَ

پس ظالموں نے آپ کو ہر چہار جانب سے گھیر لیا اور آپ پر زخم

بِالْجِرَاحِ وَحَالُوْا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الرَّوَاحِ وَلَمْ

پر زخم لگانے لگے اور آپ کو مضمحل کر دیا اور حائل ہو گئے آپ کے اور مقامات کے درمیان اور

يَبْقَ لَكَ نَاصِرٌ وَّاَنْتَ صَابِرٌ مُّحْتَسِبٌ تَذُبُّ

نہ رہا باقی آپ کا کوئی ناصر و مددگار لیکن آپ صبر و ضبط کے ساتھ ہجوم کو ہٹا رہے تھے

عَنْ نِّسْوَتِكَ وَاَوْلَادِكَ حَتّٰى نَكَسُوْكَ عَنْ

اپنی عورتوں کی طرف سے اور اولاد کی طرف سے ۔ یہاں تک کہ آپ کو انھوں نے

جَوَادِكَ فَهَوَيْتَ اِلَى الْاَرْضِ جَرِيْحًا تَطَؤُكَ

آپ کے گھوڑے سے گرا دیا اور آپ زمین پر تشریف لائے زخموں سے چور ہو کر اور آپکو کچل رہے تھے

الْخُيُوْلُ بِحَوَافِرِهَا وَتَعْلُوْكَ الطُّعَاةُ بِبَوَاتِرِهَا

دشمن کے گھوڑے اپنے سموں سے اور سرکش ستمگار اپنے تلوار چلائے آپ پر ٹوٹ پڑے

قَدْ رَشَحَ لِلْمَوْتِ جَبِيْنُكَ وَ اخْتَلَفَتْ

اور موت کا پسینہ آپ کی جبین مبارک پر آیا ہوا تھا اور ادھر ادھر

بِالْاِنْقِبَاضِ وَالْاِنْبِسَاطِ شِمَالُكَ وَيَمِيْنُكَ

آپ کے دست و بازو سمٹتے اور پھیلتے تھے کبھی آپکی بائیں جانب اور کبھی دائیں طرف

تُدِيْرُ طَرْفًا خَفِيًّا اِلٰى رَحْلِكَ وَبَنِيْكَ وَ

آپ چشمہائے نیم وا سے اپنے سامان خیموں وغیرہ کو اور اپنی اولاد کو دیکھ رہے تھے کہ

قَدْ شُغِلَتْ بِنَفْسِكَ عَنْ وُلْدِكَ وَاَهَالِيْكَ

جبکہ اُس وقت آپکی ذات کو اپنی تمکالیف کیوجہ سے اپنے بچوں اور اپنے اہلبیت کا بھی ہوش نہ تھا

وَاَسْرَعَ فَرَسُكَ شَارِدًا اِلٰى خِيَامِكَ مُحْمَحِمًا

اور اس وقت بڑی تیزی سے آپ کا گھوڑا آپ کے خیام کی طرف ہنہناتا ہوا

بَاكِيًا فَلَمَّا رَاَيْنَ النِّسَاءُ جَوَادَكَ فَخْزِيًا

روتا ہوا دوڑا ۔ پس جب آپ کے اہل حرم نے آپ کے رہوار کو بے سوار آتے دیکھا

وَّسَرَجُكَ عَلَيْهِ مَلْوِيًّا بَرَزْنَ مِنَ الْخُدُوْرِ

اور آپکے گھوڑے کی زین کو پیچے کی طرف ڈھلکا ہوا دیکھا تو بیقرار ہوکر خیموں سے نکل

نَاشِرَاتِ الشُّعُوْرِ عَلَى الْخُدُوْدِ لَاطِمَاتِ

پڑے ، اس حالت میں کہ بال بکھرائے اور طمانچے مارتے ہوئے

الْوُجُوْهِ سَافِرَاتٍ وَّبِالْعَوِيْلِ دَاعِيَاتٍ وَّ

اپنے چہروں پر بے پردہ نوحہ و بکا کرتے ہوئے ، اپنے بزرگوں اور واروں کو پکارتے ہوئے

بَعْدَ الْعِزِّ مُذَلَّلَاتٍ وَاِلٰى مَصْرَعِكَ مُبَادِرَاتٍ

بعد اپنی عزت و شان کے ، اس ذلت و حقارت کے ساتھ لٹے ہوئے اور سب سے آپکی قتل گاہ کیطرف تیزی سے جا رہے تھے

وَالشِّمْرُ جَالِسٌ عَلٰى صَدْرِكَ وَمُوْلِغٌ سَيْفَهٗ

اور ہائے افسوس، کہ شمر ملعون اس وقت آپ کے سینۂ اقدس پر سوار تھا اور اپنا خنجر

عَلٰى نَحْرِكَ قَابِضٌ عَلٰى شَيْبَتِكَ بِيَدِهٖ

آپ کی گردن پر پھیر رہا تھا اور آپ کی ریشِ مبارک وہ ظالم اپنے ہاتھ میں پکڑے ہوئے

ذَابِحٌ لَّكَ بِمُهَنَّدِهٖ قَدْ سَكَنَتْ حَوَاسُّكَ

اپنی ہندی تلوار سے آپ کو ذبح کر رہا تھا۔ آپ نے اپنے دست و پا ساکن کر لیے تھے

وَخَفِيَتْ اَنْفَاسُكَ وَرُفِعَ عَلَى الْقَنَاةِ رَاْسُكَ

اور آپ کی سانسیں رُکنے لگی تھیں یہاں تک کہ سرِ اقدس کو قطع کر کے نیزے پر اٹھا لیا

وَسُبِيَ اَهْلُكَ كَالْعَبِيْدِ وَصُفِّدُوْا فِي

اور آپ کے اہلِ حرم کو غلاموں کی طرح قید کر لیا اور آہنی زنجیروں میں بری طرح

الْحَدِيْدِ فَوْقَ اَقْتَابِ الْمَطِيَّاتِ تَلْفَحُ

جکڑ کر اونٹوں پر بٹھا دیا گیا۔ دن کو دوپہر کی گرمی سے

وُجُوْهُهُمْ حَرُّ الْهَاجِرَاتِ يُسَاقُوْنَ فِي الْبَرَارِيْ

اُن کے چہرے جھلسنے لگے اور وہ غریب الدیار کشاں کشاں بیابانوں

وَالْفَلَوَاتِ اَيْدِيْهِمْ مَّغْلُوْلَةٌ اِلَى الْاَعْنَاقِ

اور جنگلوں میں پھرائے جا رہے تھے۔ انکے ہاتھ انکی گردنوں سے باندھ دیے گئے تھے

يُطَافُ بِهِمْ فِي الْاَسْوَاقِ فَالْوَيْلُ لِلْعُصَاةِ

اس طرح ان کو بازاروں میں پھرایا جا رہا تھا۔ پس وائے ہو ان نافرمان

الْفُسَّاقِ لَقَدْ قَتَلُوْا بِقَتْلِكَ الْاِسْلَامَ وَ

فاسقوں کے اوپر کہ جنھوں نے آپکو قتل کر کے اسلام کو بھی قتل کر دیا اور

عَطَّلُوا الصَّلَوَاتِ وَالصِّيَامَ وَنَقَضُوا السُّنَنَ

معطل کر دیا نمازوں اور روزوں کو اور توڑ دیا سنتوں کو

وَالْاَحْكَامَ وَهَدَمُوْا قَوَاعِدَ الْاِيْمَانِ وَ

اور احکام شریعت کو اور ڈھا دیا ایمان کی عمارات کو اور

حَرَّقُوْا اٰيَاتِ الْقُرْاٰنِ وَهَجَمُوْا فِي الْبَغْيِ

جلا دیا آیات قرآن کو اور بڑی تیزی سے وہ لوگ بغاوت

وَالْعُدْوَانِ ۰ لَقَدْ اَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

اور سرکشی میں گھس پڑے ۔ یقیناً مظلوم ہو گئے رسول خدا (درود ہو

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ مِنْ اَجْلِكَ مَوْتُوْرًا وَّعَادَ

اللہ کا ان حضرت پر اور انکی آل پر) آپ کی موت سے کہ آپ کے خون کا بدلہ نہ لے سکے اور لاوارث

كِتَابُ اللّٰهِ مَهْجُوْرًا وَّغُوْدِرَ الْحَقُّ اِذْ قُهِرْتَ

ہو گئی کتاب خدا آپ کے قتل سے اور آپ کے ستائے جانے سے اصل میں حق

مَقْهُوْرًا وَفُقِدَ بِفَقْدِكَ التَّكْبِيْرُ وَالتَّهْلِيْلُ

ستایا گیا اور آپ کے نہ ہونے سے اللہ اکبر اور لا الٰہ الا اللہ کی آوازیں

وَالتَّحْرِيْمُ وَالتَّحْلِيْلُ وَالتَّنْزِيْلُ وَالتَّاْوِيْلُ

بے روح ہو گئیں اور حرمت و حلت (حرام و حلال) کا امتیاز نہ رہا قرآن اور قرآن کے معانی و تاویل قرآن

وَظَهَرَ بَعْدَكَ التَّغْيِيْرُ وَالتَّبْدِيْلُ وَالْاِلْحَادُ

باقی رہا ۔ اور ظہور ہو گیا آپ کے بعد شریعت میں کھلم کھلا تبدیلیوں سے اور خاموشی نہ رہی کسی

وَالتَّعْطِيْلُ وَالْاَهْوَآءُ وَالْاَضَالِيْلُ وَالْفِتَنُ

اور شریعت میں تعطل اور خواہشات نفسانی کا زور ہو گیا اور گمراہیوں اور فتنہ و فساد

وَالْاَبَاطِيْلُ فَقَامَ نَاعِيْكَ عِنْدَ قَبْرِ جَدِّكَ

اور باطل چیزوں کا ظہور ہو گیا ۔ الغرض آپ کی ستائی سنانے والا آپ کے جد امجد

الرَّسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ فَنَعَاكَ اِلَيْهِ

رسول اللہ کی قبر (درود ہو اللہ کا آنحضرت اور انکی آل پر) کے پاس آکر سنانے لگے

بِالدَّمْعِ الْهَطُوْلِ قَائِلًا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قُتِلَ

اپنے برستے ہوئے آنسو کے ساتھ، یہ کہتے ہوئے کہ یا رسول اللہ! افسوس کہ قتل کر دیا گیا

سِبْطُكَ وَفَتَاكَ وَاسْتُبِيْحَ اَهْلُكَ وَحِمَاكَ

آپ کے نواسے کو اور آپ کے بچے کو اور آپ کے اہل بیت اور جاں نثاروں کو ستایا اور

وَسُبِيَتْ بَعْدَكَ ذَرَارِيْكَ وَوَقَعَ الْمَحْذُوْرُ

مار دیا گیا، اور قید کر لیا گیا آپ کے بعد آپکی ذرّیت کو اور آپ کی پردہ دار

بِعِتْرَتِكَ وَذَوِيْكَ فَانْزَعَجَ الرَّسُوْلُ وَ

عترت اور ذوی القربیٰ و ذرّیت کو بہت دکھ دیے گئے۔ پس رسول اللہ کو انتہائی قلق ہوا اور

بَكَتْ قَلْبُهُ الْمَهُوْلُ وَعَزَّاهُ بِكَ الْمَلَائِكَةُ

آنحضرتؐ کا قلب نازک گریہ کناں ہوا اور اُن حضرتؐ کو پرسہ دیا آپ کا فرشتوں

وَالْاَنْبِيَاءُ وَفُجِعَتْ بِكَ اُمُّكَ الزَّهْرَاءُ وَ

اور انبیاء نے اور بے چین ہو گئیں آپ کے قتل کیوجہ سے آپکی مادر گرامی زہرا اور

اخْتَلَفَتْ جُنُوْدُ الْمَلَائِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ تُعَزِّيْ

اُترنے لگے ملائکہ مقربین کے لشکر پر لشکر (آسمان سے) اور تعزیت پیش

اَبَاكَ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاُقِيْمَتْ لَكَ الْمَاتِمُ

کرنے لگے آپ کے بابا امیر المومنینؑ سے اور آپ کا ماتم شروع ہو گیا

فِيْ اَعْلٰى عِلِّيِّيْنَ وَلَطَمَتْ عَلَيْكَ الْحُوْرُ الْعِيْنُ

ملاءِ اعلیٰ (آسمانوں) میں اور منہ پیٹنے لگیں آپ کے غم میں حوران جنت

وَبَكَتِ السَّمَاءُ وَسُكَّانُهَا وَالْجِنَانُ وَخُزَّانُهَا

اور گریہ کرنے لگا آسمان اور آسمان کے رہنے والے اور جنت اور جنت کے رہنے والے

وَالْهِضَابُ وَاَقْطَارُهَا وَالْبِحَارُ وَحِيْتَانُهَا

اور پہاڑ و قطار در قطار رو پڑے اور سمندر اور اس کی مچھلیاں رونے لگیں

وَمَكَّةَ وَبُنْيَانُهَا وَالْجِنَانُ وَوِلْدَانُهَا وَ

اور مکہ اور اسکی عمارتیں اور جنت اور اس کے ولدان اور

الْبَيْتُ وَالْمَقَامُ وَالْمَشْعَرُ الْحَرَامُ وَالْحِلُّ وَ

اور مقام ابراہیمؑ اور مشعر الحرام اور حل اور

الْاِحْرَامُ ۔ اَللّٰهُمَّ فَبِحُرْمَةِ هٰذَا الْمَكَانِ

حرم سے پکار رونے لگے ۔ یا اللہ ! تجھے واسطہ اس مکان کی حرمت کا جو بہت

الْمُنِيْفِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاحْشُرْنِيْ

بلند مرتبہ ہے ، تو درود نازل فرما محمدؐ اور آل محمدؐ کے اوپر اور مجھے محشور فرما

فِيْ زُمْرَتِهِمْ وَاَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِهِمْ

ان حضرات کے ساتھ اور مجھے داخل فرما جنت میں ان حضرات کی سفارش سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ يَا اَسْرَعَ الْحَاسِبِيْنَ

یا اللہ ! میں وسیلہ پکڑتا ہوں تیری بارگاہ میں ، اے بہت تیزی سے محاسبہ کرنے والے

وَيَا اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ وَيَا اَحْكَمَ الْحَاكِمِيْنَ

اور اے بزرگوں میں سب سے زیادہ بزرگ و کریم اور اے حاکموں میں سب سے زیادہ بڑے حاکم

بِمُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ رَسُوْلِكَ اِلَى الْعٰلَمِيْنَ

وسیلے سے حضرت محمدؐ کے جو خاتم الانبیاء ، تیرے رسول ہیں تمام عالمین

اَجْمَعِيْنَ ۔ وَبِاَخِيْهِ الْاَنْزَعِ الْبَطِيْنِ الْعَالِمِ

کی طرف اور واسطہ انکے بھائی کا جو بزرگ شکم معدن علم و حکمت

الْمَكِيْنِ عَلِيِّ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَبِفَاطِمَةَ

ہیں یعنی علیؑ امیر المومنین (کا واسطہ) اور واسطہ فاطمہؑ کا جو

سَيِّدَةِ نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ وَبِالْحَسَنِ الزَّكِيِّ عِصْمَةِ

سردار ہیں خواتین عالمین کی اور واسطہ امام حسنؑ کا جو پاکیزہ ہیں پناہ گاہ ہیں

الْمُتَّقِيْنَ وَ بِاَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ اَكْرَمِ الْمُسْتَشْهَدِيْنَ

پرہیزگاروں کی اور واسطہ ابی عبداللہ الحسینؑ کا جو سب سے زیادہ مکرم ہیں تمام شہیدوں میں

وَ بِاَوْلَادِهِ الْمَقْتُوْلِيْنَ وَ بِعِتْرَتِهِ الْمَظْلُوْمِيْنَ

اور واسطہ اُن کی اولاد کا جو آپکے ساتھ قتل کیے گئے اور واسطہ انکی اولادِ مظلمین کا

وَ بِعَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ زَيْنِ الْعَابِدِيْنَ وَ بِمُحَمَّدٍ

اور واسطہ علیؑ ابن الحسینؑ امام زین العابدین کا اور واسطہ محمدؑ

بْنِ عَلِيٍّ قِبْلَةِ الْاَوَّابِيْنَ وَ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ

ابنِ علیؑ کا جو عبادت گذاروں کے مرکز ہیں اور واسطہ جعفر ابن محمدؑ کا جو

اَصْدَقِ الصَّادِقِيْنَ وَ مُوْسَى بْنِ جَعْفَرٍ مُظْهِرِ

سب سے زیادہ سچے ہیں تمام سچوں میں اور موسیٰؑ ابن جعفرؑ کا واسطہ جو ظاہر کرنیوالے

الْبَرَاهِيْنَ وَ عَلِيِّ بْنِ مُوْسَى نَاصِرِ الدِّيْنِ وَ

ہیں دلائل حق کو اور علیؑ ابنِ موسیٰؑ کا واسطہ جو دین کی مدد کرنیوالے ہیں اور

مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ قُدْوَةِ الْمُهْتَدِيْنَ وَ عَلِيِّ بْنِ

محمدؑ ابنِ علیؑ کا واسطہ جو اہلِ حق کے پیشوا ہیں اور علیؑ ابنِ

مُحَمَّدٍ اَزْهَدِ الزَّاهِدِيْنَ وَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ

محمدؑ کا واسطہ جو زاہدوں میں سب سے زیادہ زہد والے ہیں اور حسنؑ ابنِ علیؑ کا واسطہ جو

وَارِثِ الْمُسْتَخْلَفِيْنَ وَ الْحُجَّةِ عَلَى الْخَلْقِ

وارث ہیں تمام ائمہؑ کے اور اس ذاتِ گرامی کا واسطہ جو حجتِ خدا ہیں تمام مخلوق

اَجْمَعِيْنَ ۝ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

کے اوپر۔ یہ کہ تو درود نازل فرما حضرت محمدؐ و آلِ محمدؐ کے اوپر

الصَّادِقِيْنَ الْاَبَرِّيْنَ اٰلِ طٰهٰ وَ يٰسٓ وَ اَنْ

جو سچے ہیں جو بہترین نیکیوں کے حامل ہیں جنکا لقب آلِ طٰہٰ و آلِ یٰسٓ ہے اور یہ کہ

تَجْعَلَنِیْ فِی الْقِیَامَةِ مِنَ الْاٰمِنِیْنَ الْمُطْمَئِنِّیْنَ

تو، مجھے قرار دے قیامت میں (قیامت کے دن) امن پانے والوں میں، مطمئن رہنے والوں میں

الْفَائِزِیْنَ الْفَرِحِیْنَ الْمُسْتَبْشِرِیْنَ اَللّٰهُمَّ اكْتُبْنِیْ

کامیاب رہنے والوں میں، خوش وخرم رہنے والوں میں سے۔ یا اللہ! میرا نام لکھ لے

فِی الْمُسْلِمِیْنَ وَاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ وَاجْعَلْ

اپنے فرمانبرداروں میں اور مجھے صالح بندوں کے ساتھ وابستہ رکھ اور میرا ذکر

لِّیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی

نیکی اور بھلائی سے ہو میرے بعد آنے والوں میں اور میری مدد فرما مقابلے میں

الْبَاغِیْنَ وَاكْفِنِیْ كَیْدَ الْحَاسِدِیْنَ ۝ وَ

سرکشوں اور باغیوں کے اور مجھے بچالے حاسدوں کی بُری تدابیر سے اور

اصْرِفْ عَنِّیْ مَكْرَ الْمَاكِرِیْنَ ۝ وَاقْبِضْ عَنِّیْ

میرے طرف سے مکاروں کے مکر وفریب کا رُخ پھیر دے اور روک دے مجھ سے

اَیْدِیَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ وَاجْمَعْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ السَّادَةِ

ظالموں کے دستِ تطاول کو اور جمع کردے یکجا مجھے اور میرے پیشواؤں کو

الْمُیَامِیْنَ فِیْ اَعْلٰی عِلِّیِّیْنَ مَعَ الَّذِیْنَ

جو بابرکت ہیں جنتی لوگوں کے بلند ترین مقام میں جگہ دے ساتھ ان لوگوں کے جن

اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَ الصِّدِّیْقِیْنَ

کے اوپر تو نے اپنی نعمتیں نازل فرمائیں، جو انبیاء اور صدیقین

وَ الشُّهَدَآءِ وَ الصّٰلِحِیْنَ ۝ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ

اور شہداء اور صالحین میں سے ہیں۔ تجھے واسطہ تیری رحمت کا اے سب سے زیادہ رحم کرنیوالے

الرّٰحِمِیْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُقْسِمُ عَلَیْكَ بِنَبِیِّكَ

تمام رحم کرنیوالوں میں۔ یا اللہ! میں تجھے قسم دیتا ہوں تیرے نبیؐ کی

الْمَعْصُوْمِ وَبِحُكْمِكَ الْمَحْتُوْمِ وَنَهْيِكَ

جو معصوم ہیں اور تیرے حکم کی جو حتمی و آخری ہے اور گناہ سے بچنے کی

الْمَكْتُوْمِ وَبِهٰذَا الْقَبْرِ الْمَلْمُوْمِ الْمُوَسَّدِ

تیرے مقررہ ارشادات کے مطابق، اور اس قبر مطہر کی جسکی زیارت کیلئے ہر طرف سے جن و انس

فِيْ كَنَفِهِ الْاِمَامُ الْمَعْصُوْمُ الْمَقْتُوْلُ الْمَظْلُوْمُ

اور ملک پہنچتے ہیں جس کے پہلو میں امام معصوم شہید ظلم و ستم آرام فرما رہے ہیں

اَنْ تَكْشِفَ مَا بِيْ مِنَ الْغُمُوْمِ وَتَصْرِفَ

کہ تو دور فرما دے میرے رنج و غم کو اور ہٹا دے

عَنِّيْ شَرَّ الْقَدَرِ الْمَحْتُوْمِ وَتُجِيْرَنِيْ مِنَ النَّارِ

میرے مقدر کی برائی کو جو حتمی ہے اور مجھے پناہ دے جہنم کی آگ سے

ذَاتِ السَّمُوْمِ ۔ اَللّٰهُمَّ جَلِّلْنِيْ بِنِعْمَتِكَ وَ

جو جلا دینے والی ہے۔ یا اللہ! میرے چاروں طرف اپنی نعمتوں کا انبار لگا دے اور

رَضِّنِيْ بِقَسْمِكَ وَتَغَمَّدْنِيْ بِجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ

اتنا عطا فرما دے کہ میں خوش رہوں اور چھپا لے مجھے اپنے جود و بخشش و کرم میں

وَبَاعِدْنِيْ مِنْ مَكْرِكَ وَنَقِمَتِكَ ۔ اَللّٰهُمَّ

اور دور رکھ مجھے اپنے عذاب اور سزا و عقاب سے یا اللہ!

اعْصِمْنِيْ مِنَ الزَّلَلِ وَسَدِّدْنِيْ فِي الْقَوْلِ وَ

مجھے بچا لے ہر لغزش سے اور درستی فرما دے میرے قول اور

الْعَمَلِ وَافْسَحْ لِيْ فِيْ مُدَّةِ الْاَجَلِ وَاعْفِنِيْ

عمل کے اندر اور مجھے عطا فرما عمر طویل اور مجھے بچا لے

مِنَ الْاَوْجَاعِ وَالْعِلَلِ وَبَلِّغْنِيْ بِمَوَالِيَّ وَبِفَضْلِكَ

امراض و بیماری و دکھ سے اور پہنچا دے مجھے میرے آقاؤں کے وسیلے سے اور اپنے فضل سے

اَفْضَلِ الْاَمَلِ ۰ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ

میری بہترین تمناؤں تک یا اللہ ! درود بھیج محمدؐ و آلِ

مُحَمَّدٍ وَّ اَقْبَلْ تَوْبَتِیْ وَارْحَمْ عَبْرَتِیْ وَاَقِلْنِیْ

محمدؐ کے اوپر اور میری توبہ قبول فرما اور رحم فرما مجھے روتا دیکھ کر اور بخش دے

عَثْرَتِیْ وَنَفِّسْ كُرْبَتِیْ وَاغْفِرْ لِیْ خَطِیْٓئَتِیْ

میرے گناہوں کو اور دور فرما دے میری تکلیف کو اور معاف فرما دے میری خطاؤں کو

وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ۰ اَللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ لِیْ فِیْ

اور میری اولاد کو نیک بنا دے یا اللہ ! نہ باقی چھوڑ میرے لیے

هٰذَا الْمَشْهَدِ الْمُعَظَّمِ وَالْمَحَلِّ الْمُكَرَّمِ ذَنْبًا

اس مقامِ معظم شہادت گاہ اور بزرگ مرتبہ جگہ کے بامت میرے کسی گناہ کو

اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا عَيْبًا اِلَّا سَتَرْتَهٗ وَلَا غَمًّا

مگر تو نے اسے بخش دیا ہو اور نہ کسی عیب کو مگر تو نے اسے چھپا لیا ہو اور نہ کسی غم و رنج

اِلَّا كَشَفْتَهٗ وَلَا رِزْقًا اِلَّا بَسَطْتَهٗ وَلَا جَاهًا

کو مگر اسکو تو نے دور فرما دیا ہو اور نہ کسی متوں رزق کو مگر اسمیں تو نے کشادگی فرما دی ہو اور نہ کسی مرتبے کو

اِلَّا عَمَّرْتَهٗ وَلَا فَسَادًا اِلَّا اَصْلَحْتَهٗ وَلَا اَمَلًا

مگر تو نے اسکو بڑھا دیا ہو اور نہ کسی بگڑے کام کو مگر یہ کہ تو نے اسکی اصلاح کر دی ہو اور نہ کسی اُمید کو

اِلَّا بَلَّغْتَهٗ وَلَا دُعَآءً اِلَّا اَجَبْتَهٗ وَلَا مُضَيِّقًا

مگر یہ کہ اسکو پورا کر دیا ہو اور نہ کسی دعا کو مگر یہ کہ اسکو قبول فرما لیا ہو اور نہ کسی تنگی و پریشانی کو

اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا شَمْلًا اِلَّا جَمَعْتَهٗ وَلَا اَمْرًا

مگر یہ کہ اسکو دور کر دیا ہو اور نہ کسی انتشار کو مگر تو نے اسے اطمینان سے بدل دیا ہو اور نہ کسی کام کو

اِلَّا اَتْمَمْتَهٗ وَلَا مَالًا اِلَّا كَثَّرْتَهٗ وَلَا خُلُقًا

مگر یہ کہ تو نے اسکو مکمل کر دیا ہو اور نہ کسی مال کو مگر یہ کہ تو نے اسکو زیادہ کر دیا ہو اور نہ کسی خلق و اخلاق کو

إِلَّا حَسَّنْتَهُ وَلَا إِنْفَاقًا إِلَّا أَخْلَفْتَهُ وَ

مگر یہ کہ تو نے اسکو بہتر بنا دیا ہو، اور نہ کسی خرچ میں مگر یہ کہ تو نے اسکی کمی کو پورا کر دیا ہو اور

لَا حَالًا إِلَّا آخَرْتَهُ وَلَا سُوْءً إِلَّا أَصْلَحْتَهُ

نہ کسی حال و خوال کو مگر یہ کہ تو نے اسکو بہتر بنا دیا ہو اور نہ کسی برائی کو مگر یہ کہ تو نے اسکی اصلاح

وَلَا حُسُودًا إِلَّا قَمَعْتَهُ وَلَا عَدُوًّا إِلَّا أَرْدَيْتَهُ

دی ہو، اور نہ کسی حساد کو مگر یہ کہ تو نے اسکو تباہ کر دیا ہو، اور نہ کسی دشمن کو مگر یہ کہ تو نے اسکو ہلاک کر دیا

وَلَا شَرًّا إِلَّا كَفَيْتَهُ وَلَا مَرَضًا إِلَّا شَفَيْتَهُ

اور نہ کسی شر کو مگر یہ کہ تو نے اس سے بچا لیا ہو، اور نہ کسی مرض کو مگر یہ کہ تو نے اس سے شفا دیدی

وَلَا بَعِيدًا إِلَّا أَدْنَيْتَهُ وَلَا شَعْثًا إِلَّا لَمَمْتَهُ

اور نہ کسی بعید و دور رہنے والے کو مگر یہ کہ تو نے اسے قریب کر دیا ہو، اور نہ کسی پریشانی کو مگر یہ کہ تو نے اسکو درست کر دیا

وَلَا سُؤْلًا إِلَّا أَعْطَيْتَهُ ۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّي

اور نہ کسی سوال کو مگر یہ کہ تو نے اسکو پورا کر دیا ہو۔ یا اللہ! یقیناً میں

أَسْئَلُكَ خَيْرَ الْعَاجِلَةِ وَثَوَابَ الْآجِلَةِ

تجھ سے سوال کرتا ہوں دنیا کی بہتری کیلئے اور آخرت کے ثواب کے لیے

اَللّٰهُمَّ أَغْنِنِي بِحَلَالِكَ عَنِ الْحَرَامِ وَ

یا اللہ! مجھے حلال کی روزی اتنی عطا فرما کہ میں حرام سے بے نیاز ہو جاؤں اور

بِفَضْلِكَ عَنْ جَمِيعِ الْأَنَامِ ۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّي

اپنا فضل اتنا میرے شاملِ حال رکھ، کہ میں کسی تیری مخلوق سے حاجت نہ رکھوں۔ یا اللہ! یقیناً میں

أَسْئَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَقَلْبًا خَاشِعًا وَيَقِينًا

تجھ سے سوال کرتا ہوں فائدے مند علم کا اور تجھ سے ڈرنے والے دل کا اور اس یقین کا کہ

شَافِيًا وَعَمَلًا زَاكِيًا وَصَبْرًا جَمِيلًا وَ

جس میں شک نہ ہو اور اس عمل کا جو پاکیزہ و خالص ہو اور اس صبر کا جو عمدہ و بہتر ہو اور

اَجْرًا جَزِيْلًا ۝ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ شُكْرَ نِعْمَتِكَ

اس اجر کا جو فراوانی سے ہو یا اللہ! تو مجھے توفیق عطا فرما کہ میں تیری اُن نعمات کا شکر ادا کروں

عَلَيَّ وَ زِدْ فِيْ اِحْسَانِكَ وَ كَرَمِكَ اِلَيَّ وَ

جو مجھ پر ہیں اور اضافہ فرما اپنے احسانات میں اور اپنی مہربانیوں میں میرے لیے، اور

اجْعَلْ قَوْلِيْ فِي النَّاسِ مَسْمُوْعًا وَّ عَمَلِيْ عِنْدَكَ

قرار دے میری باتوں کو لوگوں کے اندر کہ وہ ان کو سنکر مان لیں اور میرے عمل کو اپنی بارگاہ میں

مَرْفُوْعًا وَّ اَثَرِيْ فِي الْخَيْرَاتِ مَتْبُوْعًا وَّ عَدُوِّيْ

بلندی والا اور میری نیکیاں ایسی ہوں کہ جنکی پیروی کی جاتے، اور میرے دشمن کو

مَقْمُوْعًا ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

برباد ہو جانیوالا۔ یا اللہ! درود نازل فرما محمدؐ اور آلِ محمدؐ کے اوپر کہ جو

الْاَخْيَارُ فِيْ اَنَاءِ اللَّيْلِ وَ اَطْرَافِ النَّهَارِ وَ

تمام مخلوق میں بہتر ہیں، اور یہ سلسلۂ درود جاری و ساری رکھ ان حضرات کے اوپر شب و روز میں، اور

اكْفِنِيْ شَرَّ الْاَشْرَارِ وَ طَهِّرْنِيْ مِنَ الذُّنُوْبِ

میری حفاظت فرما شریروں کے شر سے اور مجھے پاکیزہ بنا دے گناہوں سے

وَ الْاَوْزَارِ وَ اَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ وَ اَحِلَّنِيْ دَارَ

اور ان کے بوجھ سے، اور پناہ دے مجھے دوزخ کی آگ سے اور آباد کر مجھے آخرت کے گھر

الْقَرَارِ وَ اغْفِرْ لِيْ وَ لِجَمِيْعِ اِخْوَانِيْ فِيْكَ وَ

جنت میں اور بخش دے مجھے اور تمام میرے بھائیوں کو جنت میں جگہ دے اور

اَخَوَاتِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ بِرَحْمَتِكَ

میری بہنوں کو، جو مومنین اور مومنات ہوں سب کو، واسطہ تیری رحمت کا

وَ كَرَمِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝

اور تیرے کرم کا اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے تمام رحم کرنے والوں میں

نمازِ شب کا طریقہ

چونکہ حضرت صاحب الامر علیہ السلام عجز نے نمازِ شب پڑھنے کی تاکید فرمائی ہے اِس لیے یہ خاص نماز قدرے تفصیل کے ساتھ درج کی جاتی ہے۔ خداوندِ عالم مومنین کو اس کے پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

واضح ہو کہ اس نماز کا وقت آدھی رات گذرنے کے بعد داخل ہوتا ہے، جتنا نمازِ فجر کے وقت داخل ہونے کے قریب ہو زیادہ بہتر ہے۔ مسافر اور وہ شخص جس کے لیے نمازِ شب (تہجّد) کا پڑھنا آدھی رات کے بعد مشکل ہو تو وہ ابتدائے رات میں انھیں پڑھ سکتا ہے۔ ان نمازوں کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے:

پہلے دو دو رکعت کرکے آٹھ رکعت صبح کی نماز کی طرح پڑھے اگر وقت کم ہے یا عجلت مطلوب ہے تو سورۂ اَلْحَمْدُ کے بعد کوئی دوسرا سورہ نہ پڑھے ان آٹھ رکعت نمازوں کے بعد نمازِ شفع جو دو رکعت ہے بغیر دعائے قنوت کے پڑھے۔ بعد ازاں ایک رکعت نمازِ وتر ہے۔ اس نماز میں اگر وقت وسیع ہے تو سورۂ اَلْحَمْدُ کے بعد کوئی بڑا سورہ بھی پڑھ سکتا ہے ورنہ سورۃ الاخلاص یا کوئی مختصر سورہ پڑھے، اور صرف سورۂ اَلْحَمْدُ پر بھی اکتفا کیا جا سکتا ہے قرأت کے بعد دعائے قنوت میں ہاتھ اٹھا کر کلماتِ فَرَج پڑھے (کلماتِ فَرَج کا ذکر آگے آئے گا) اس کے بعد چالیس مومنوں کے لیے نام بنام (اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِفُلَان) لِفُلَان کی جگہ ہر مومن مُردہ یا زندہ کا نام لے۔ پھر ستّر مرتبہ کہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ۔ پھر سات دفعہ کہے: ھٰذَا مَقَامُ الْعَآئِذُ بِکَ مِنَ النَّارِ۔ پھر یہ کہے رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ۔ گریہ وزاری کی کوشش کرے تو زیادہ مناسب ہے۔

نمازِ شب کا تفصیلی طریقہ

پہلے عطر لگائے پھر قبلہ رو بیٹھ کر حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی یہ دعا پڑھے

اِلٰهِیْ غَارَتْ نُجُوْمُ سَمَآئِكَ وَنَامَتْ عُیُوْنُ

اے میرے معبود! ڈوب گئے ستارے تیرے آسمان کے اور نیند چھا گئی آنکھوں پر

اَنَامِكَ وَهَدَأَتْ اَصْوَاتُ عِبَادِكَ وَاَنْعَامِكَ

تیری مخلوق کی اور سکوت طاری ہو گیا آوازوں پر تیرے بندوں اور تیرے چوپایوں کی

وَغَلَّقَتِ الْمُلُوْكُ عَلَيْهَا اَبْوَابَهَا وَطَافَ

اور بند کر لیے ہیں بادشاہوں نے بھی اپنے اپنے دروازے اور اب چکر لگا رہے ہیں

عَلَيْهَا حُرَّاسُهَا وَاحْتَجَبُوْا عَمَّنْ يَّسْئَلُهُمْ

اُن پر اُن کے پہرے دار اور وہ باز رکھتے ہیں اُن تک پہنچنے کیلئے سوال کرنیوالوں

حَاجَةً اَوْ يَنْتَجِحُ مِنْهُمْ فَائِدَةً وَّاَنْتَ اِلٰهِیْ

حاجتمندوں اور مزدرتمندوں کو اُن سے فائدہ حاصل کرنے کیلئے۔ مگر تو اے میرے معبود

حَیٌّ قَیُّوْمٌ لَّا تَاْخُذُكَ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ وَّلَا

ہمیشہ زندہ اور قائم رہنے والا ہے، تجھ تک نہ تو اونگھ کا گذر ہے اور نیند آسکتی ہے اور نہ

يَشْغَلُكَ شَیْءٌ عَنْ شَیْءٍ اَبْوَابُ سَمَآئِكَ

تجھے ایک چیز دوسری چیز کی طرف توجہ کرنے سے روک سکتی ہے۔ تیرے آسمان کے دروازے بھی

لِمَنْ دَعَاكَ مُفَتَّحَاتٌ وَّخَزَآئِنُكَ غَیْرُ

ہر دعا کرنے والے کے لیے کھلے رہتے ہیں اور تیرے خزانے کبھی (بھی کسی پر)

مُغَلَّقَاتٍ وَّاَبْوَابُ رَحْمَتِكَ غَیْرُ مَحْجُوْبَاتٍ

بند نہیں کیے جاتے اور تیری رحمت کے دروازوں پر کبھی حاجب و دربان نہیں بٹھائے جاتے

وَفَوَاٰئِدُكَ لِمَنْ سَئَلَكَ غَيْرُ مَحْظُوْرَاتٍ

اور تیری بخشش و کرم کا جو بھی تجھ سے سوال کرے اس کو محروم نہیں کیا جاتا

بَلْ هِيَ مَبْذُوْلَاتٌ ۰ اِلٰهِيْ اَنْتَ الْكَرِيْمُ الَّذِيْ

بلکہ اس کو عطا کیا جاتا ہے ۔ اے میرے معبود ! تو ہی تو ایسا کریم ہے کہ جو

لَا تَرُدُّ سَائِلًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ سَاَلَكَ وَلَا

نہیں رد کرتا کسی سوال کرنے والے بندۂ مومن کو جس نے تجھ سے سوال کیا ہو اور نہ

تَحْتَجِبُ عَنْ اَحَدٍ مِّنْهُمْ اَرَادَكَ وَلَا عِزَّتِكَ

تو کبھی اُن میں سے کسی ایک سے بھی جو تیرا ارادہ کرے چھپ جاتا ہے اور نہیں ہرگز نہیں

وَجَلَالِكَ لَا تُجْتَذَلُ حَوَآئِجُهُمْ دُوْنَكَ

قسم ہے تیری عزت و جلال کی ان لوگوں کی حاجتیں تیرے سامنے کوئی حقیقت نہیں رکھتیں ۔

وَلَا يَقْضِيْهَا اَحَدٌ غَيْرُكَ ۰ اَللّٰهُمَّ وَقَدْ

اور نہ ان حاجتوں کو سوائے تیرے کوئی دوسرا پورا کر سکتا ہے ۔ یا اللہ ! اور یقیناً

تَرَانِيْ وَقُوْفِيْ وَذُلَّ مَقَامِيْ بَيْنَ يَدَيْكَ

تو مجھے دیکھتا ہے کہ میں تیرے سامنے کس پست و کمتر مقام پر کھڑا ہوں

تَعْلَمُ سَرِيْرَتِيْ وَتَطَّلِعُ عَلٰى مَا فِيْ قَلْبِيْ وَمَا

تو جانتا ہے میرے رازوں سے اور جو کچھ میرے دل میں ہے اس کو اور جو

يَصْلَحُ بِهٖ اَمْرُ اٰخِرَتِيْ وَدُنْيَايَ ۰ اَللّٰهُمَّ

بہتر ہے میری آخرت اور دنیا کے امور میں اس پر تو مطلع ہے ۔ یا اللہ !

اِنَّ ذِكْرَ الْمَوْتِ وَاَهْوَالَ الْمُطَّلَعِ وَالْوُقُوْفِ

بیشک موت کی یاد اور تیری اطلاع کا خوف اور تیرے سامنے کھڑے

بَيْنَ يَدَيْكَ نَغَّصَنِيْ مَطْعَمِيْ وَمَشْرَبِيْ وَ

ہونے کے خوف نے حرام کر دیا ہے میرا کھانا اور میرا پینا، اور

اَغَصَّنِیْ بِرِیْقِیْ وَاَقْلَقَنِیْ عَنْ وِسَادِیْ

میرے منہ کا لعاب (تھوک) کہ خشک کر دیا ہے اور میں اپنے بستر پر تڑپتا

وَمَنَعَنِیْ رُقَادِیْ کَیْفَ یَنَامُ مَنْ یَّخَافُ

اور اس بات نے میری نیند بھی حرام کر دی ہے۔ بھلا اس شخص کو کیسے نیند آئے گی جسے خوف

مَلَکَ الْمَوْتِ فِیْ طَوَارِقِ اللَّیْلِ وَطَوَارِقِ

ہو ملک الموت کا کہ معلوم وہ کب آجائے رات میں یا وہ

النَّھَارِ بَلْ کَیْفَ یَنَامُ الْعَاقِلُ وَمَلَکُ الْمَوْتِ

دن میں آجائے اور واقعتاً ایک عقل والا انسان کیسے سو سکتا ہے جبکہ فرشتہ موت

لَا یَنَامُ لَا بِاللَّیْلِ وَلَا بِالنَّھَارِ وَیَطْلُبُ رُوْحَہٗ

کبھی نہیں سوتا نہ رات میں اور نہ دن میں اور وہ چاہتا ہے کہ اسکی روح

بِالْبَیَاتِ وَفِیْ اَنَاءِ السَّاعَاتِ ۔

(انھیں اوقات میں سے کسی ساعت قبض کرلے۔

جب حضرت اِس دُعا سے فارغ ہوتے تو سجدے میں جاکر یہ فرماتے تھے

اَسْئَلُکَ الرَّوْحَ وَالرَّاحَۃَ عِنْدَ الْمَوْتِ وَ

(یا اللہ!) میں تجھ سے سوال کرتا ہوں راحت اور آسانی کا موت کے وقت اور

الْعَفْوَ حِیْنَ الْقَاکَ ۔

عفو و بخشش کا جب تجھ سے ملاقات کروں۔

اِس کے بعد جب نماز کیلئے کھڑا ہو تو یہ کہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّکَ نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ

یا اللہ! بیشک میں نے تجھ ہی سے لو لگائی ہے۔ تیرے نبی نبیٔ رحمت کے واسطے سے

وَاٰلِهٖ وَاُقَدِّمُهُمْ بَيْنَ يَدَيْ حَوَآئِجِيْ

اور انکی آل کیواسطے سے اور ان حضرات کو پیش پیش رکھا ہے اپنی حاجات کے لیے

فَاجْعَلْنِيْ بِهِمْ وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

پس مجھے قرار دے ان حضرات کے صدقے میں سرخرو دنیا کے اندر اور آخرت میں بھی

وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۔ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ بِهِمْ وَ

اور اپنے مقرب بندوں میں ، یا اللہ ! مجھ پر رحم فرما ان حضرات کیواسطے سے اور

لَا تُعَذِّبْنِيْ بِهِمْ وَاهْدِنِيْ بِهِمْ وَلَا تُضِلَّنِيْ

مجھ پر عذاب نہ کرنا ان کے واسطے سے اور میری ہدایت فرما ان کیواسطے سے اور مجھے گمراہ نہ ہونے دے

وَارْزُقْنِيْ بِهِمْ وَلَا تَحْرِمْنِيْ بِهِمْ وَاقْضِ لِيْ

اور مجھے رزق عطا فرما ان کیواسطے سے اور مجھے محروم نہ کرنا تجھ کو ان ہی حضرات کا واسطہ اور پوری فرما میری

حَوَآئِجَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۔ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ

حاجتوں کو دنیا اور آخرت کی ۔ بیشک تو ، اوپر ہر

شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّبِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۔

چیز کے قدرت رکھتا ہے اور ہر چیز کا جاننے والا ہے ۔

اس کے بعد نیت کرے کہ نمازِ شب پڑھتا ہوں قُرْبَةً اِلَى اللہ دونوں ہاتھ کانوں تک لیجائے ۔ دونوں ہتھیلیاں قبلہ رُخ ہوں ۔ پہلے تین تکبیریں سنّت کے قصد سے کہے ، پھر یہ دعاء پڑھے :۔ (یہ تکبیریں اور دعائیں نمازِ پنجگانہ میں بھی پڑھ سکتے ہیں)

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ۔ لَآ اِلٰهَ

یا اللہ ! تو ہی مالک ہے حق ظاہر کرنے والا ہے ۔ نہیں ہے کوئی معبود

اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ عَمِلْتُ سُوْٓءً

وَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ اِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ

اور ظلم کیا میں نے اپنے نفس پر۔ پس تو میرے گناہوں کو بخشدے۔ اس لیے کہ نہیں معاف

الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ ۔

کر سکتا ہے کوئی گناہوں کو سوائے تیرے۔

پھر دو تکبیریں اور کہہ کر یہ دعا پڑھے

لَبَّیْكَ وَ سَعْدَیْكَ وَ الْخَیْرُ فِیْ یَدَیْكَ وَ الشَّرُّ

(یا اللہ) میں حاضر ہوں تیری بارگاہ میں اور تجھ سے سعادت کا خواہاں ہوں، اور خیر تو تیرے ہی ہاتھوں میں ہے اور شر

لَیْسَ اِلَیْكَ وَ الْمَهْدِیُّ مَنْ هَدَیْتَ عَبْدُكَ

تیری طرف سے نہیں ہے اور ہدایت یافتہ تو وہی ہے جس کی تو نے ہدایت فرمائی، تیرا عبد

وَ ابْنُ عَبْدَیْكَ ذَلِیْلٌ بَیْنَ یَدَیْكَ مِنْكَ وَ

اور فرزند تیرے دو بندوں کا جو ذلیل ہے تیری بارگاہ میں، تجھ سے ہے اور

لَكَ وَ اِلَیْكَ۔ لَا مَلْجَاَ وَ لَا مَنْجٰی وَ لَا

تیری وجہ سے ہے اور تیرے لیے ہے اور تیری طرف بازگشت ہے۔ سوائے تیرے اسکی نہ کوئی پناہ ہے نہ جائے نجات اور نہ

مَفَرَّ وَ لَا مَهْرَبَ مِنْكَ اِلَّا اِلَیْكَ سُبْحَانَكَ

بھاگ سکتا ہے اور نہ کوئی راہ فرار ہے کہ تجھ سے بچ سکے سوائے تیرے۔ تو پاک اور منزہ ہے

وَ حَنَانَیْكَ تَبَارَكْتَ وَ تَعَالَیْتَ سُبْحَانَكَ

اور تجھ سے رحم کی التجا ہے، تو بابرکت ہے اور تیری ذات بلند و بالا ہے تو پاک و منزہ ہے

رَبَّنَا وَ رَبَّ الْبَیْتِ الْحَرَامِ ۔

اے ہمارے پروردگار اور بیت الحرام (کعبہ) کے پروردگار۔!

پھر ایک تکبیر کہے اور نماز کی نیت کر کے تکبیرۃ الاحرام کہکر یہ دعا پڑھے:

إِنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوٰتِ

میں نے اپنا رُخ کیا ہے اس ذات کی طرف جس نے پیدا کیا آسمانوں

وَالْأَرْضَ عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ حَنِيفًا

اور زمین کو، جو جاننے والا ہے پوشیدہ و ظاہر کا (اس حالت میں کہ میں) یکسو

مُّسْلِمًا وَّمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ إِنَّ صَلَاتِي

مسلمان (فرمانبردار) ہوں اور میں مشرکوں میں سے نہیں ہوں ۔ یقیناً میری نماز

وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ

اور میری عبادت اور میری حیات اور میری موت اللہ کیلئے ہے جو پالنے والا ہے عالمین کا ۔

لَا شَرِيكَ لَهُ وَبِذٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا مِنَ

نہیں ہے کوئی شریک اس کا اور اسی کا مجھے حکم دیا گیا ہے اور میں اُن میں سے ہوں

الْمُسْلِمِينَ ۝

(جو فرمانبردار ہیں ۔ (اللہ کے)

اس کے بعد نماز اس طرح شروع کرے کہ پہلی رکعت میں سورۃ اَلْحَمْدُ کے بعد تین مرتبہ سورۃ الاخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ) اور دوسری رکعت میں سورۃ اَلْحَمْدُ کے بعد سورۃ کٰفِرُوْنَ (قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝) پڑھے ۔ اور باقی چھ رکعتوں میں بڑی بڑی سورتیں، جیسے سورۃ الانعام، سورۃ الکہف، سورۃ یٰسین وغیرہ پڑھے اگر یہ سورے یاد نہ ہوں تو دیکھ کر پڑھ سکتا ہے لیکن اگر وقت تنگ ہو تو صرف سورۃ اَلْحَمْدُ اور سورۃ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پر اکتفا کرے ۔ پھر رکوع میں جائے اور سنت ہے کہ اس دعا کو پڑھے:

اَللّٰهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ

یا اللہ! تیرے ہی لیے میں نے رکوع کیا اور تیرے ہی لیے سرِ تسلیم خم ہے اور تجھ ہی پر میں ایمان رکھتا ہوں

وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَأَنْتَ رَبِّي خَشَعَ لَكَ

اور تجھ ہی پر میں بھروسہ کرتا ہوں اور تو ہی تو میرا رب ہے - جھکے ہوتے ہیں تیرے ہی لیے

سَمْعِي وَبَصَرِي وَشَعْرِي وَبَشَرِي وَلَحْمِي وَ

میرے کان اور میری آنکھیں اور میرے بال اور میری جلد اور میرا گوشت اور

دَمِي وَمُخِّي وَعَصَبِي وَعِظَامِي وَمَا أَقَلَّتْهُ

میرا خون اور میرا مغز اور میرے اعصاب اور میری ہڈیاں اور بغیر کسی کمی کے

قَدَمَايَ غَيْرَ مُسْتَنْكِفٍ وَّلَا مُسْتَكْبِرٍ وَّلَا مُسْتَحْسِرٍ ۔

میرے پاؤں بغیر کسی غرور و تکبر اور گھمنڈ کے ۔

اِس دعاء کے بعد کم از کم تین مرتبہ کہے

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ وَبِحَمْدِهٖ ۔

پاک و منزہ ہے میرا پروردگار جو عظمت والا ہے اور اس کیلیے ہی سب تعریفیں ہیں ۔

اور رکوع سے فارغ ہو کر سجدے میں جائے اور یہ دعاء پڑھے

اَللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُّ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ

یا اللہ ! میں تیری بارگاہ میں سجدہ کیا ہے اور تجھ پر ہی ایمان رکھتا ہوں اور تیرے ہی لیے

اَسْلَمْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَأَنْتَ رَبِّيْ

سر تسلیم خم کیا ہے اور تجھ ہی پر میرا بھروسہ ہے اور تو ہی میرا پالنے والا ہے

سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ

جھک گیا ہے میرا چہرہ اس ذات کیلیے کہ جس نے اسکو پیدا کیا ہے اور شگاف دیے اس میں کانوں کے

وَبَصَرَهٗ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ تَبَارَكَ

اور اس میں آنکھوں کے اور تمام تعریفیں اللہ ہی کیلیے ہیں جو عالمین کا پالنے والا ہے برکت والا ہے

اَللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ۔

(وہ) اللہ (جو) سب سے بہتر خلق کرنے والا ہے۔

پھر کم از کم تین مرتبہ کہے

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی وَبِحَمْدِہٖ۔

پاک و منزہ ہے میرا پروردگار جو بلند و بالا ہے اور اسی کی حمد ہے

اور دونوں سجدوں سے فارغ ہو کر دوسری رکعت کے لیے کھڑا ہو جائے اور سورۂ اَلْحَمْدُ اور کوئی دوسرا سورہ پڑھے۔ پھر دعائے قنوت کے لیے ہاتھ اُٹھائے اور یہ دُعا پڑھے جو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے:۔

اِلٰھِیْ کَیْفَ اَدْعُوْکَ وَقَدْ عَصَیْتُکَ وَکَیْفَ

اے میرے معبود! میں کیسے تجھے پکاروں جبکہ میں تیری معصیت کر چکا ہوں اور کیسے

لَا اَدْعُوْکَ وَقَدْ عَرَفْتُ حُبَّکَ فِیْ قَلْبِیْ وَاِنْ

تجھے نہ پکاروں کیونکہ تو جانتا ہے کہ تیری محبت میرے دل میں ہے اگرچہ

کُنْتُ عَاصِیًا مَدَدْتُ اِلَیْکَ یَدًا بِالذُّنُوْبِ

میں گنہگار ہوں، پس میں اپنا ہاتھ پھیلائے ہوئے ہوں تیری طرف جو گناہوں سے

مَمْلُوْءَۃً وَّعَیْنًا بِالرَّجَاءِ مَمْدُوْدَۃً مَوْلَایَ

بھرا ہوا ہے اور میری پُر امید آنکھیں تجھ سے لگی ہوئی ہیں اے میرے مالک!

اَنْتَ عَظِیْمُ الْعُظَمَاءِ وَاَنَا اَسِیْرُ الْاُسَرَاءِ

تو ہر عظیم سے عظیم تر ہے اور میں ہر اسیر سے اسیر تر ہوں

اَنَا الْاَسِیْرُ بِذُنُوْبِیْ اَلَمْ تَھُنْ بِجُرْمِیْ اِلٰھِیْ

اس لیے کہ میں اپنے گناہوں کا اسیر و قیدی ہوں اپنے جرائم کا رہین و اسیر ہوں۔ اے میرے معبود!

Scanned with CamScanner

لَئِنْ طَالَبْتَنِیْ بِذَنْبٍ لَاُطَالِبَنَّكَ بِكَرَمِكَ

اگر تو نے مجھے طلب کیا ہے میرے گناہوں کیوجہ سے تو میں تجھ سے تیرا کرم و بخشش طلب کرونگا

وَلَئِنْ طَالَبْتَنِیْ بِذَنْبٍ لَاُطَالِبَنَّكَ بِعَفْوِكَ

اور اگر تو نے مجھے طلب کیا ہے میرے گناہوں کے سبب سے تو میں تجھ سے تیرے درگذر و عفو کو چاہونگا

وَلَئِنْ اَمَرْتَ بِیْ اِلَی النَّارِ لَاُخْبِرَنَّ اَهْلَهَا

اور اگر تو نے حکم دیا ہے میرے لیے جہنم کا تو میں اہل جہنم کو بتاؤں گا۔ کہ

اِنِّیْ كُنْتُ اَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ

میں تو قائل تھا لا الہ الا اللہ محمد

رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّ الطَّاعَةَ تَسُرُّكَ

رسول اللہ کا۔ (پھر بھی مجھ پر رحم نہ کیا)۔ یا اللہ! بیشک اطاعت سے تو خوش ہوتا ہے

وَالْمَعْصِيَةَ لَا تَضُرُّكَ فَهَبْ لِیْ مَا يَسُرُّكَ

مگر کسی کی نافرمانی تجھے کوئی ضرر نہیں پہنچاتی، پس مجھے وہ چیز عطا فرما جس سے تو خوش ہوتا ہے

وَاغْفِرْ لِیْ مَا لَا يَضُرُّكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۔

اور میری وہ چیز معاف فرما دے جو تجھ کو ضرر نہیں پہنچاتی۔ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے رحم کرنیوالوں میں

قنوت سے فارغ ہو کر رکوع و سجود کو پہلی رکعت کی طرح بجالائے اور بہتر ہے کہ یہ تشہد پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَخَيْرُ الْاَسْمَآءِ كُلُّهَا لِلّٰهِ ۔

نام سے اللہ کے اور مدد سے اللہ کی اور تمام بہترین نام تو اللہ ہی کے لیے ہیں۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ

میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے جو یکتا ہے نہیں ہے کوئی شریک

لَهٗ ۔ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ۔

اس کا۔ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک محمدؐ اس کے بندے ہیں اور اس کے رسول ہیں

اَرْسَلَهٗ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّ نَذِيْرًا ۔ بَيْنَ يَدَيِ

جنھیں بھیجا ہے اس نے ساتھ حق کے خوشخبری دینے والا اور جہنم سے ڈرانے والا ۔ اس وقت (قیامت)

السَّاعَةِ ۔ وَ اَشْهَدُ اَنَّ رَبِّيْ نِعْمَ الرَّبُّ وَ

کے لیے بھی ۔ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک میرا پروردگار بہترین پالنے والا ہے اور

اَنَّ مُحَمَّدًا نِعْمَ الرَّسُوْلُ ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

بیشک محمدؐ بہترین رسول ہیں ۔ یا اللہ ! درود نازل فرما اوپر

مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ تَقَبَّلْ شَفَاعَتَهٗ فِيْ

محمدؐ و آلِ محمدؐ کے اور قبول فرما آنحضرتؐ کی شفاعت کو

اُمَّتِهٖ وَ ارْفَعْ دَرَجَتَهٗ ۔

(انکی امت کیلیے اور آنحضرتؐ کے درجے کو بلندی عطا فرما ۔)

پھر بعد تشہد کے سلام پڑھے اور دو رکعت نماز ختم کرے ۔ اور اسی طرح دو دو رکعت کرکے باقی چھ رکعتیں کو بھی انھیں آداب و دعاؤں کے ساتھ بجالائے لیکن سات تکبیروں اور ان کے درمیان کی دعاؤں کی ضرورت نہیں ہے ۔ صرف تکبیرۃ الاحرام کافی ہے لیکن سنّت ہے کہ ہر دو رکعت کے بعد تسبیح جناب فاطمہ زہرا صلوات اللہ علیہا پڑھے اور یہ دعا پڑھے :۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ وَلَمْ يُسْئَلْ مِثْلُكَ

یا اللہ ! بیشک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور نہ کہ سوال کیا گیا ہے تیرے مثل سے

اَنْتَ مَوْضِعُ مَسْئَلَةِ السَّآئِلِيْنَ وَ مُنْتَهٰى

تو ہی تو مرکز ہے تمام سوال کرنیوالوں کے سوال کا اور تو انتہا ہے

رَغْبَةِ الرَّاغِبِيْنَ ۔ اَدْعُوْكَ وَلَمْ يُدْعَ

تمام رغبت کرنیوالوں کی رغبت کا میں تجھے پکارتا ہوں اور نہ کہ پکارا گیا ہے

مِثْلُكَ وَاَرْغَبُ اِلَيْكَ وَلَمْ يُرْغَبْ

کسی تیرے مثل کو اور میں رغبت کرتا ہوں تیری طرف اور کبھی رغبت نہیں کی گئی

اِلٰى مِثْلِكَ وَاَنْتَ مُجِيْبُ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ

تیرے مثل کسی اور کیطرف اور تو ہی تو قبول کرنیوالا ہے پریشان حال لوگوں کی دعاؤں کا

وَاَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ۝ اَسْئَلُكَ بِاَفْضَلِ الْمَسَائِلِ

اور سب سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے رحم کرنیوالوں میں ۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں واسطے سے افضل ترین مسئلے

وَاَنْجَحِهَا وَاَعْظَمِهَا يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ

کے اور مقبول ترین اور بزرگ ترین (مسئلے کے) ۔ اے اللہ اے مہربان اے رحم کرنے والے

وَبِاَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰى وَاَمْثَالِكَ الْعُلْيَا وَ

اور تجھ کو واسطہ تیرے اچھے ناموں کا اور تیری اعلیٰ مثالوں کا اور

نِعَمِكَ الَّتِىْ لَا تُحْصٰى وَبِاَكْرَمِ اَسْمَآئِكَ

تیری اُن نعمتوں کا جن کا شمار نہیں کیا جاسکتا ۔ اور واسطہ ان اسماء کا جو زیادہ مکرّم ہیں

عَلَيْكَ وَاَحَبِّهَا اِلَيْكَ وَاَقْرَبِهَا مِنْكَ

تیرے نزدیک اور جو تجھے سب سے زیادہ محبوب ہیں اور جو سب سے زیادہ قریب (وسیلہ ہیں) تجھ تک

وَسِيْلَةً وَّاَشْرَفِهَا عِنْدَكَ مَنْزِلَةً وَّاَجْزَلِهَا

پہنچنے کا اور جو شریف ترین ہیں تیرے نزدیک منزلت کے اعتبار سے اور جو سب سے بڑے ہیں

لَدَيْكَ ثَوَابًا وَّاَسْرَعِهَا فِى الْاُمُوْرِ اِجَابَةً

تیرے نزدیک از روئے ثواب اور جن کا واسطہ سب سے زیادہ تمام کاموں میں قبول ہونے والا ہے

وَّبِاسْمِكَ الْمَكْنُوْنِ الْاَكْبَرِ الْاَعَزِّ الْاَجَلِّ

اور تیرے اس نام کا واسطہ جو پوشیدہ ہے سب سے بڑا ہے سب سے معزّز سب سے زیادہ بزرگ

الْاَكْرَمِ الْاَعْظَمِ الَّذِىْ تُحِبُّهٗ وَتَهْوَاهُ وَتَرْضٰى

و مکرّم ہے سب سے زیادہ عظیم ہے جس سے تو محبت کرتا ہے اور جس کو تو چاہتا ہے اور خوش ہوتا ہے

بِهٖ عَمَّنْ دَعَاكَ وَاسْتَجَبْتَ لَهٗ دُعَآءَهٗ وَ

اس سے جو تجھ سے دعا کرتا ہے اور تو قبول فرما لیتا ہے اس سے اس کی دعا کو اور

حَقٌّ عَلَيْكَ اَنْ لَّا تَرُدَّ سَآئِلَكَ وَبِكُلِّ

تو نے اپنے اوپر لازم کر لیا ہے کہ نہ رد کرے اپنے سائل کو اور واسطہ تجھ کو تیرے ہر

اِسْمٍ هُوَ لَكَ فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَ

اسم کا جو تیرے ہی ہیں، اندر تورات کے اور انجیل کے اور

الزَّبُوْرِ وَالْقُرْقَانِ الْعَظِيْمِ ۔ وَبِكُلِّ اِسْمٍ

زبور کے اور فرقانِ (قرآنِ) عظیم کے اور تجھ واسطہ ہر اس تیرے اسم کا

دَعَاكَ بِهٖ حَمَلَةُ عَرْشِكَ وَمَلَآئِكَتُكَ

جس کے ذریعے سے پکارتے ہیں تجھے حاملین تیرے عرش کے اور تیرے فرشتے

وَاَنْبِيَآؤُكَ وَرُسُلُكَ وَاَهْلُ طَاعَتِكَ مِنْ

اور تیرے انبیاء اور تیرے رسول اور تیرے مطیع و فرمانبردار بندے تیری

خَلْقِكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ

مخلوق میں سے، یہ کہ تو درود بھیجے محمدؐ و آلِ محمدؐ کے اوپر اور

اَنْ تُعَجِّلَ فَرَجَ وَلِيِّكَ وَتُعَجِّلَ خِزْيَ

یہ کہ تو جلدی فرما کشائش ظہور میں لانے ولی کے، اور تو جلدی فرما مایوس کرنے میں

اَعْدَآئِهٖ وَاَنْ تَفْعَلَ بِيْ ۔ (كَذَا وَكَذَا)

ان حضرت کے دشمنوں کو اور یہ کہ تو میرے لیے بھی یہ کر (مثلاً میرے ایمان میں اضافہ فرما)

بجائے (كَذَا وَكَذَا) کے حاجت طلب کرے سجدۂ شکر کرے۔ پھر یہ دعا پڑھے

يَا اَللّٰهُ ۔ دس مرتبہ کہے۔ پھر یہ کہے صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ! . . . دس مرتبہ . . . (اے اللہ درود بھیج محمدؐ و آلِ محمدؐ کے اوپر)

وَارْحَمْنِیْ وَثَبِّتْنِیْ عَلٰی دِیْنِكَ وَدِیْنِ نَبِیِّكَ

اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے ثابت قدم رکھ اوپر اپنے دین کے اور اپنے نبیؐ کے دین کے اوپر

وَلَا تُزِغْ قَلْبِیْ بَعْدَ اِذْ هَدَیْتَنِیْ وَهَبْ لِیْ

اور پھیر دی سے روک دے میرے قلب کو درآنحالیکہ تو نے میری ہدایت فرما دی ہے اور مجھے عطا فرما

مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۔

اپنی بارگاہ سے رحمت ۔ بیشک تو ہی تو بہت عطا کرنے والا ہے ۔

پس ان نمازوں کے ختم کرنے کے بعد دو رکعت نمازِ شفع اور ایک رکعت نمازِ وتر باقی رہتی ہے۔ اگرچہ ان کی فضیلت کا وقت صبح کاذب اور صبح صادق کے درمیان ہے لیکن نمازِ شب کی آٹھویں رکعت کے بعد بھی بجالائے تو کچھ مضائقہ نہیں ہے جس وقت نمازِ شفع شروع کرے تو بعد سورۃ اَلْحَمْدُ کے سورۃ اَلْاِخْلَاص یعنی (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) پڑھے، اور یا سورہ اَلْفَلَقِ بھی پڑھ سکتا ہے اور دوسری رکعت میں بعد سورۃ اَلْحَمْدُ کے سورۃ وَالنَّاسِ پڑھے۔ اِس نماز میں دعائے قنوت نہیں ہے۔ باقی نماز مثل نمازِ صبح کے پڑھے۔ جب فارغ ہو تو یہ دعا پڑھے۔

اِلٰهِیْ تَعَرَّضَ لَكَ فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلِ الْمُتَعَرِّضُوْنَ

اے میرے معبود! عرض کرتے ہیں تجھ سے اس شب کے اندر عرض کرنے والے (مانگنے والے)

وَقَصَدَكَ فِیْهِ الْقَاصِدُوْنَ ۔ وَاَمَّلَ فَضْلَكَ

اور قصد و ارادہ کیا ہے اس میں قصد کرنے والوں نے اور امید واری کی تیرے فضل کی

وَمَعْرُوْفَكَ الطَّالِبُوْنَ ۔ وَلَكَ فِیْ هٰذِهِ

اور تجھ سے نیکیوں کے لیے دعائیں کرتے ہیں اور تیرے لیے اندر اس

اللَّیْلِ نَفَحَاتٌ وَّجَوَائِزُ وَعَطَایَا وَمَوَاهِبُ

شب کے لطف و کرم اور انعام اور عطائیں اور بخششیں ہیں

تَمُنُّ بِهَا عَلٰى مَنْ تَشَآءُ مِنْ عِبَادِكَ وَ

کہ جن کو تو، عطا کرتا ہے جسے چاہتا ہے اپنے بندوں میں سے اور

تَمْنَعُهَا مَنْ لَّمْ تَسْبِقْ لَهُ الْعِنَايَةُ مِنْكَ

تو منع کر دیتا ہے اس کو کہ جس پر تیری نظرِ عنایت نہ ہو

وَهَآ اَنَا ذَا عَبْدُكَ الْفَقِيْرُ اِلَيْكَ الْمُؤَمِّلُ

اور یہ میں ہوں ایک تیرا بندہ فقیر جو تجھ ہی سے امیدوار ہے

فَضْلَكَ وَمَعْرُوْفَكَ فَاِنْ كُنْتَ يَا مَوْلَايَ

تیرے فضل و کرم کا پس اے میرے آقا اگر تو،

تَفَضَّلْتَ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْ

کسی ایک کے اوپر فضل و کرم فرمائے اس شب میں

خَلْقِكَ وَعُدْتَ عَلَيْهِ بِعَآئِدَةٍ مِّنْ عَطْفِكَ

اپنی مخلوق میں سے اور تو اپنی مہربانی سے اس کے اوپر انعام و اکرام دے تو

فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ

پس تو درود نازل فرما محمدؐ اور انکی اولادِ پاک و پاکیزگان کے اوپر

الْخَيِّرِيْنَ الْفَاضِلِيْنَ ۞ وَجُدْ عَلَيَّ بِطَوْلِكَ

جو نیک ہیں صاحبانِ فضیلت ہیں اور مجھ پر بھی اپنا احسان

وَمَعْرُوْفِكَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۞ وَصَلَّى اللّٰهُ

اور کرم فرما اے عالمین کے پالنے والے ۔ اور درود ہو اللہ کا

عَلٰى مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ ۞

حضرت محمدؐ خاتم الانبیاء اور انکی اولادِ پاکیزگان کے اوپر

اَذْهَبَ اللّٰهُ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهَّرَهُمْ تَطْهِيْرًا ۞

دور ہی رکھا ہے اللہ نے جن حضرات سے رجس و ناپاکی کو اور انھیں حقِ طہارت تک پاکیزہ رکھا ہے

إِنَّ اللّٰهَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَدْعُوْكَ

بیشک اللہ لائق حمد اور صاحب بزرگی ہے۔ یا اللہ! میں نے تجھ سے دعا کی

كَمَا أَمَرْتَ فَاسْتَجِبْ لِيْ كَمَا وَعَدْتَّ

جیسا کہ تو نے حکم دیا تھا پس اسے قبول فرما میرے لیے جیسا کہ تو نے وعدہ فرمایا ہے

إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ

یقیناً تو نہیں خلاف کرتا اپنے وعدے کے

بعد اس کے نمازِ وتر کی ایک رکعت میں مشغول ہو۔ اس کو بھی صرف سورۂ اَلْحَمْدُ پڑھ کر بغیر کسی دوسرے سورے اور قنوت کے رکوع و سجود اور تشہد و سلام بجالا کر ختم کر سکتے ہیں لیکن بہتر یہ ہے کہ جب شروع کرے تو ساتوں تکبیریں جن میں سے ایک تکبیرۃ الاحرام ہے، مع تینوں دعاؤں کے بجالائے اور سورۂ اَلْحَمْدُ پڑھ کر تین مرتبہ سورہ اَلْاِخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) اور تین مرتبہ سورہ الفلق (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ) اور تین مرتبہ سورہ وَالنَّاسِ (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ) پڑھے اور مستحب ہے کہ ہاتھوں اُٹھا کر گریہ وزاری کے ساتھ قنوت میں مشغول ہو دعائے فَرج اس طرح پڑھے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے جو بردبار بخشش والا ہے۔ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے

الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ

جو بلند مرتبہ عظمت والا ہے۔ ہر طرح پاک و منزہ ہے اللہ جو پروردگار ہے آسمانوں کا

السَّبْعِ وَرَبِّ الْاَرَضِيْنَ السَّبْعِ وَمَا فِيْهِنَّ

جو سات ہیں اور پالنے والا ہے زمینوں کا جو سات ہیں اور جو اُنکے اندر ہے

وَمَا بَيْنَهُنَّ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَسَلَامٌ

اور جو ان کے درمیان ہے اور پروردگار ہے عرش کا بڑی عظمت والا ہے اور سلام ہو

عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

رسولوں پر اور ہر طرح کی تعریف اللہ کیلئے ہے جو پالنے والا ہے کل عالمین کا

پھر چالیس مومنوں کیلئے خواہ زندہ ہوں یا مُردہ اس طرح طلبِ مغفرت کرے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِجَعْفَرٍ حُسَيْنٍ وغیرہ وغیرہ

یا اللہ! بخش دے جعفر حسین (کے گناہوں) کو۔ اسی طرح ہر مومن کیلئے دعا کرے

پھر ستر مرتبہ کہے: اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

(میں معافی کا خواہاں ہوں اللہ سے جو میرا پالنے والا ہے اور میری توبہ اسی کیطرف ہے)

پھر سات مرتبہ کہے: هٰذَا مَقَامُ الْعَآئِذِ بِكَ مِنَ النَّارِ

(پروردگارا!) اس جگہ وہ کھڑا ہے جو پناہ چاہتا ہے تیری، عذاب جہنم سے

اِس کے بعد رُکوع و سجود بجالا کر نماز کو ختم کرے۔

متفرقات

استخارہ حضرت قائم علیہ السلام

شیخ بہاؤ الدین رح حضرت صاحب الامر علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ تین مرتبہ محمدؐ و آلِ محمدؐ پر صلوات بھیجے اور تسبیح کے دو دو دانے گنے۔ پس اگر ایک دانہ باقی رہے تو خوب ہے اور دو دانے باقی رہیں تو اچھا نہیں ہے۔

دوسرا طریقہ

علامہ حلیؒ حضرت صاحب الزمان علیہ السلام عج سے روایت کرتے ہیں کہ جب کوئی کسی کام کے لیے چاہے کہ تسبیح کا استخارہ کرے تو چاہیے کہ تسبیح خاک شفا کی لے اور پہلے سورۂ فاتحہ دس مرتبہ یا تین مرتبہ یا ایک مرتبہ پڑھے، اور دس مرتبہ سورۂ قدر پڑھے۔ بعد اس کے تین مرتبہ یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ بِعَوَاقِبِ

یا اللہ! میں تجھ سے خیر و بہتری کا طلبگار ہوں اس لیے کہ تجھ ہی کو علم ہے انجام کا

الْاُمُوْرِ وَاَسْتَشِیْرُكَ لِحُسْنِ ظَنِّیْ بِكَ فِیْ

تمام کاموں کے اور تجھ سے مشورہ چاہتا ہوں کیونکہ مجھے تجھ سے حسن ظن ہے، میں اس وقت

الْمَاْمُوْلِ وَالْمَحْذُوْرِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ

اُمید میں ہوں اور بیم و خوف کے عالم میں ہوں۔ یا اللہ اگر ہے اس

اَلْاَمْرُ یہاں پر اپنا مطلب بیان کرے مِمَّا قَدْ نِیْطَتْ
کام کا جو وقت و مدت کے اعتبار سے

بِالْبَرَکَۃِ اَعْجَازُہٗ وَبَوَادِیْہِ وَحُفَّتْ بِالْکَرَامَۃِ
بابرکت ہے اپنے آغاز اور اپنے انجام میں اور پُر از کرامت ہیں

اَیَّامُہٗ وَلَیَالِیْہِ فَخِرْ لِیْ فِیْہِ خِیَرَۃً تَرُدُّ
اس کے روز و شب پس تو اس میں مجھے ایسا اختیار عطا فرما کہ اس کا

شَمُوْسُہٗ ذَلُوْلًا وَّتَقْعُصُ اَیَّامُہٗ سُرُوْرًا
ہر سورج مطیع ہو کر طلوع ہو اور اس کا ہر دن مائل بسرور و مسرت ہو۔

اَللّٰھُمَّ اِنْ اَمْرٌ فَاتِمِرْ وَاِنْ نَھْیٌ فَانْتَھِیْ
یا اللہ! اگر (اس کام کو کرنے کا) حکم ہے تو مجھے حکم دے اور اگر انکار ہے تو منع کر دے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِرَحْمَتِکَ خِیَرَۃً
یا اللہ! بیشک میں تجھ سے امید رکھتا ہوں تیری رحمت سے بھلائی کا

فِیْ عَافِیَۃٍ۔
جس کے اندر عافیت ہو۔

پھر قصد کرے کہ اگر یہ امر میرے لیے بہتر ہے تو دانۂ تسبیح طاق آئے اور اگر بد ہے تو جفت دانے آئیں پس چند دانۂ تسبیح مٹھی میں لے اور شمار کرے پھر جیسا حکم ہو اس پر عمل کرے۔

دعائے حضرت حجتؑ برائے استخارہ قضائے حاجت

سید رحمت اللہ نے محمد بن مظفر سے روایت کی ہے کہ آخری توقیع مبارک حضرت صاحب الامر علیہ السلام جو ناحیہ مقدسہ سے برآمد ہوئی یہ دعائے استخارہ تھی لہٰذا

اس پر عمل کیا جائے اور ہر امرِ دشوار شروع کرنے سے پہلے اس دعاء کو پڑھنا چاہیے۔ نیز نمازِ حاجات میں اس کو پڑھنا بہتر ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ عَزَمْتَ

یا اللہ! بیشک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں واسطے سے تیرے اُس اسم کے جس کو تو نے دم کیا

بِهٖ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَقُلْتَ لَهُمَا

اوپر آسمانوں اور زمین کے پس تو نے ان دونوں کو حکم دیا کہ

اِئْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ۔ قَالَتَا اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ وَ

تم دونوں ادھر آؤ خواہ خوشی سے یا ناخوشی سے تو ان دونوں نے عرض کیا کہ ہم خوشی سے آئے اور

بِاسْمِكَ الَّذِیْ عَزَمْتَ بِهٖ عَلٰى عَصٰى مُوْسٰى

واسطے سے تیرے اس اسم کے جس کو تو نے دم (قصد) کیا اوپر عصائے موسیٰؑ کے

فَاِذَا هِیَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ۔ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ

پس وہ یک بیک ان جادوگروں کے شعبدوں کو نگلنے لگا۔ اور میں تجھ سے تیرے اس اسم کے واسطے سے سوال

الَّذِیْ صَرَفْتَ بِهٖ قُلُوْبَ السَّحَرَةِ اِلَيْكَ حَتّٰى

کرتا ہوں کہ جس کے ذریعے سے تو نے موڑ دیا دلوں کو اپنی طرف جادوگروں کے، یہاں تک کہ

قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔ رَبِّ مُوْسٰى وَ

وہ بول اُٹھے کہ ہم ایمان لائے عالمین کے پروردگار پر یعنی پروردگار پر موسیٰؑ اور

هٰرُوْنَ ۔ اَنْتَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ ۔ وَ

ہارونؑ کے تو ہی تو اللہ پروردگارِ عالمین ہے اور

اَسْئَلُكَ بِالْقُدْرَةِ الَّتِیْ تُبْلِیْ بِهَا كُلَّ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری اس قدرت کے واسطے سے کہ جس کے ذریعے سے تو بنا دیتا ہے پرانا، ہر

جَدِيْدٍ وَّتُجَدِّدُ بِهَا كُلَّ بَالٍ وَّاَسْئَلُكَ

نئی چیز کو اور نیا بنا دیتا ہے جس کے ذریعے سے ہر پرانے کو، اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

بِكُلِّ حَقٍّ هُوَ لَكَ وَبِكُلِّ حَقٍّ جَعَلْتَهٗ عَلَيْكَ

واسطے سے ہر حق کے جو تیرے ہی لیے ہے اور واسطے سے ہر اُس حق کے جس کو تو نے لازم کر لیا ہے اپنے اوپر

اِنْ كَانَ هٰذَا الْاَمْرُ خَيْرًا لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَ

کہ اگر یہ کام میرے لیے اچھا ثابت ہو میرے دینی معاملے میں یا

دُنْيَايَ وَاٰخِرَتِيْ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ

میرے دنیاوی اور میرے آخرتی امور میں، تو یہ کہ تو (پہلے) درود بھیج اوپر محمدؐ اور

اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّتُسَلِّمَ عَلَيْهِمْ تَسْلِيْمًا وَّتُهَيِّئَهٗ

آلِ محمدؐ کے اور سلامتی عطا فرما انکے اوپر، جو حق ہے سلامتی کا، تو پھر تو مہیا فرما اس

لِيْ وَتُسَهِّلَهٗ عَلَيَّ وَتُلَطِّفْ لِيْ فِيْهِ بِرَحْمَتِكَ

کو میرے لیے اور مجھ پر اس کو آسان بنا دے اور لطف پیدا کر دے اس میں میرے لیے، اپنی رحمت سے

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝ وَاِنْ شَرًّا لِّيْ فِيْ

اے سب سے زیادہ رحم کرنیوالے، رحم کرنے والوں میں۔ اور اگر یہ کام میرے لیے بُرا ثابت ہو

دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ وَاٰخِرَتِيْ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى

میرے دین اور دنیا اور میری آخرت میں، تو پھر بھی تو، درود بھیج اوپر

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّتُسَلِّمَ عَلَيْهِمْ تَسْلِيْمًا

محمدؐ و آلِ محمدؐ کے اور سلامتی نازل فرما اُن کے اوپر، جو سلامتی کا حق ہے

وَّاقْدُرْ لِيْ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ رَضِّنِيْ بِهٖ

اور یہ کہ تو، پھیر دے اس کے رُخ کو میری طرف سے، جس طرح چاہے اور جیسے

وَاَنْ تَصْرِفَهٗ عَنِّيْ بِمَا شِئْتَ وَكَيْفَ

شِئْتَ تُرَضِّيَنِيْ بِقَضَائِكَ وَتُبَارِكَ لِيْ

تو چاہے اور تو، مجھے راضی و خوش رکھ اپنے فیصلے پر، اور برکت عطا فرما میرے لیے

فِي قَدَرِكَ حَتّٰى لَا اُحِبَّ تَعْجِيلَ شَيْءٍ

اس میں جو تو نے میرے لیے مقدر فرمایا ہے۔ تاکہ نہ خواہش کروں میں اس چیز میں جلدی کرنے کی

اَخَّرْتَهٗ وَلَا تَاْخِيرَ شَيْءٍ عَجَّلْتَهٗ فَاِنَّهٗ

جسے تو نے مؤخر کیا ہے اور نہ خواہش کروں تاخیر کی اس چیز میں جس میں تو نے جلدی کی ہے اس لیے کہ بیشک

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ يَا عَظِيمُ يَا ذَا الْجَلَالِ

نہیں ہے کوئی حرکت اور نہیں ہے کوئی قوت مگر صرف تیری اعانت کردہ۔ اے عظمت والے اے جلالت والے

وَالْاِكْرَامِ

اور بزرگی والے!

وقتِ خواب یہ دعا پڑھے

(روایت میں ہے کہ اس شب مرجائے تو داخلِ بہشت ہوگا)

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُشْهِدُكَ اَنَّكَ اِفْتَرَضْتَ عَلَيَّ

یا اللہ! بیشک میں تجھے گواہ بناتا ہوں کہ یقیناً تو نے فرض کیا ہے میرے اوپر

طَاعَةَ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْطَالِبٍ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ

اطاعت کو حضرت علیؑ ابنِ ابی طالبؑ کی اور امام حسنؑ و امام حسینؑ کی

وَعَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ وَجَعْفَرِ بْنِ

اور علیؑ ابن الحسین کی اور محمدؑ باقر ابنِ علیؑ کی اور جعفرؑ صادق ابنِ

مُحَمَّدٍ وَمُوْسَى بْنِ جَعْفَرٍ وَعَلِيِّ بْنِ مُوْسٰى وَمُحَمَّدٍ

محمدؑ اقر کی اور موسیٰ کاظمؑ ابنِ جعفر صادقؑ کی اور علی الرضاؑ ابنِ موسیٰ کاظم کی اور محمدؑ تقیؑ

بْنِ عَلِيٍّ وَعَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ وَالْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ وَالْحُجَّةِ

ابنِ علی الرضا کی اور علی نقیؑ ابنِ محمدؑ تقیؑ کی اور حسن عسکریؑ ابنِ علی نقیؑ کی اور حجت (اللہ)

الْقَائِمِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ.

قائمؑ (امام مہدیؑ) پر درحمتیں نازل ہوں اللہ کی جانب سے ان سب حضرات کے اوپر

کلمہ شہادت تعلیم کردہ حضرت حجتؑ۔

کتاب غیبت مؤلفہ ملا مجلسی علیہ الرحمہ میں ہے کہ خلیفہ بغداد نے جعفر ابن علیؑ کی سراغ رسانی پر سلیمان بن اعمش کو معہ تین سواروں کے حضرت صاحب الامر کی گرفتاری پر مامور کیا۔ وہ چاروں سوار شریعت کدہ حضرت امام زمان علیہ السلام میں داخل ہوئے، دیکھا کہ ایک نورانی صورت صاحبزادے ایک مصلّے پر مشغولِ نماز ہیں۔ مصلّا سطح آب پر ہے۔

دالان ایک حوض کی حیثیت رکھتا ہے۔ دو نے یکے بعد دیگرے ہاتھ بڑھا کر حضرتؑ کو گرفتار کرنا چاہا۔ دونوں پانی میں گر کر غرق ہو گئے اور لاپتہ ہو گئے۔ تیسرے نے سلیمان بن اعمش پر تلوار کھینچ لی۔ وہ ایک طرف تلوار، دوسری طرف پانی دیکھکر خوفزدہ ہو کر حضرتؑ سے پناہ کا ملتجی ہوا۔ حضرتؑ نے فرمایا کہ ایمان لا۔ اس نے "کلمۂ شہادت" پڑھا۔ حضرتؑ نے فرمایا کہ نہیں اسطرح پڑھ [1] . . . .

. . . . . .

چنانچہ سلیمان بن اعمش، نے وہ کلمہ وردِ زبان کیا۔ بلاء سے نجات ملی۔ جب خدمتِ خلیفہ میں واپس پہونچا، کل واقعہ بیان کیا خلیفہ نے اس واقعہ کو مخفی رہنے کی تاکید کی۔ اور ساتھ ہی یہ بھی کہا کہ اگر اس واقعہ کو کسی سے بیان کر دیا تو میں تجھے قتل کر دوں گا۔ اس نے اخفائے راز کا وعدہ کیا۔

---

[1] تمام تلاش و جستجو کے باوجود نہ تو مذکورہ کتاب ہی مل سکی۔ نہ ہی کسی اور کتاب میں یہ واقعہ ملا، اس لئے اس اشاعت میں اس کی جگہ چھوڑی جاتی ہے۔ (جزائری)

Scanned with CamScanner